تعبیر نامہ وفالنامہ

سچا خواب نامہ

حضرت یوسف علیہ السلام

مرتب: محمد حسین آزاد اجمیر

کرماں والا بک شاپ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

Marfat.com


تعبیر نامہ و فال نامہ
سچا خواب نامہ
حضرت یوسف علیہ السلام
مرتب: محمد حسین آزاد اجمیر
کرمان والا بک شاپ

Marfat.com

بفیضانِ کرم

حضرت سیّد السادات پیر محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

المعروف

حضرت کرماں والے

آستانہ عالیہ
حضرت کرمانوالہ شریف
اوکاڑہ

84713

شمیمِ باغِ ولایت

حضرت سیّد محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

منظرِ بدرِ طریقت

حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت پیر سید عضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

بمیقضائے نظر

حضرت پیر

سید صمصام علی شاہ بخاری مدظلہ العالی

سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف

بمیقضائے نظر

حضرت پیر

سید میر طیب علی شاہ بخاری مدظلہ العالی

سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف



الحاج صوفی

برکت علی رحمۃ اللہ علیہ

زیرِ اہتمام

سمیع اللہ برکت

زیرِ پرستی

حاجی پیر انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اشاعت 21 فروری 2010

قیمت روپے

Marfat.com

فہرست مضامین

عنوانات	صفحہ نمبر
خواب	9
خواب کی حقیقت جاننے کے فہم انسانی کی کوشش	10
حقیقت خواب احکامات الٰہی کی روشنی میں	11
خواب کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کے ارشادات	12
خواب کے متعلق بزرگان دین کے ارشادات	13
تعبیر خواب کے متعلق مسلمان علماء کی کوشش	14
سچے روحانی خواب، یعنی رویائے صادقہ	15
خواب کے متعلق علامہ ابن خلدونؒ کے خیالات	15
سچے خواب کیوں آتے ہیں	16
رویائے صادقہ کے متعلق ابن حزمؒ کے خیالات	17
روحانی خوابوں کے درجات	18
حقیقت خواب امام غزالیؒ کے نقطہ نظر سے	18
خواب ابن حزمؒ کی نگاہ میں	20
فلسفہ خواب علامہ ابن خلدون کے نقطہ نگاہ سے	20
قرآن مجید اور دیگر کتب مقدسہ میں خوابوں کا ذکر	21
حضرت یوسفؑ کا خواب اور حضرت یعقوب کا ارشاد	22
حضرت یعقوبؑ کی تعبیر	23
حضرت یوسفؑ نے خواب کی تعبیر بتائی	24
قیدیوں کے خواب کا بیان	24
تعبیر کے رموز و اسرار	26
شاہ مصر کا خواب	26
تعبیر کے بعد حضرت یوسفؑ کی تدبیر	28
بزرگان دین کے روحانی خواب	29
امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا خواب	29
خواب میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا تذکرہ	29
مُلّا وجیہ الدین کا خواب	30
حضرت عبداللہ بن مبارک کا خواب	31
مولانا حسام الدین بدیوانیؒ کا خواب	32
خواب کی تعبیر ماہرین طب جدید کے نزدیک	32
خواب اور تعبیر ماہرین نفسیات کی نظر میں	35
تعبیر خواب کے عالم	37
متقدین کی کتابیں	37
تعبیر کرنے والے کے لئے کن کن	

Marfat.com

علوم کا ماہر ہونا ضروری ہے 38
معبر کے لئے ہدایات خواب کی تعبیر بتانے والے کو حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیے 38
اچھا نام 40
بُرا نام 40
نیک وقت 40
منحوس وقت 40
ہدایات برائے صاحب خواب 41
خواب کی قسمیں 43
فلسفیانہ قسمیں 43
تعبیر بتانے والوں کی قسمیں 43
خواب کی اصل 43
اصنغاث کی قسمیں 44
جناب کرمانیؒ کا قول 44
جناب مغربیؒ کا قول 44
خواب کی قسمیں 44
جھوٹے خواب کی قسمیں 45
تعبیر بتانے والے کے لئے اہم ہدایات 46
جھوٹے اور بے بنیاد خواب 46
ڈراؤنے اور خطرناک خواب 48
خواب کا فرق مرتبہ کے لحاظ سے 48
خواب پر وقت کے تاثرات 49
خواب پر تاریخوں کا اثر 50
روزانہ ساعتوں کا نقشہ 51
سعد و نحس ساعتوں کا نقشہ 53
بھولے ہوئے خواب کو یاد کرنے کا طریقہ
خواب دیکھ کر بھول جانے کے سبب 54
پہلا طریقہ 54
دوسرا طریقہ 55
عجوبہ خواب 56
دوسرے کو اپنے حسب منشا خواب دکھانا 57
خود اپنے حسب منشا خواب دیکھنا 57
اپنے حسب منشا خواب دیکھنے کا طریقہ کار 57
خواب میں کام کرنا 58
غیر واضح خواب اور اس کی تعبیر 59
خواب میں خدائے تعالیٰ کی زیارت 60
قرآنی سورتیں خواب میں پڑھنے کی تعبیرات 62
ملائکہ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیرات 68
خواب میں پیغمبروں کو دیکھنے کی تعبیرات 71
حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کو خواب میں دیکھنا 73
صحابہ کبارؓ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیرات 75
خواب کی تعبیر دیکھنے کے لئے حروف تہجی کے لحاظ سے فہرست 76
(آ) ممدورہ 76
(ا) الف مقصورہ 83
(ب) بائے موحدہ 90
(پ) بائے فارسی 101
(ت) تائے تازی 110

Marfat.com

(ٹ) ٹائے ہندی 115
(ث) ثائے مثلثہ 118
(ج) جسیم تازی 118
(چ) جسیم فارسی 124
(ح) حائے حطی 131
(خ) خائے معجمہ 135
(د) دال مہلہ 139
(ڈ) دال ہنڈی 153
(ذ) ذال معجمہ 156
(ر) رائے مہملہ 158
(ز) زائے معجمہ 166
(س) سین مہملہ 172
(ش) شین معجمہ 185
(ص) صاد مہملہ 193
(ض) ضاد معجمہ 199
(ط) طائے مہمد 200
(ظ) ظائے معجمہ 205
(ع) عین مہملہ 206
(غ) عین معجمہ 211
(ف) ردیف خائے 213
(ق) ردیف قاف 216
(ک) کاف تازی 221
(گ) کاف فارسی 231
(ل) ردیف لام 239
(م) ردیف میم 244
(ن) نون مواحدہ 252
(و) ردیف واؤ 258
(ہ) ہائے ہوز 261
(ی) یائے تحتانی 265
فالنامہ حضرت امام جعفر صادقؑ 267
نقشہ حروف فالنامہ 267
فال نامہ 274
وسطے دیکھے اس امر کے لڑکا ہوگا یا لڑکی 274
نقشہ 274
فالنامہ قرآن مجید 274
نقشہ 274
فالنامہ حافظ شیرازؒ 278
اشعار حافظ شیراز 278
نقشہ فالنامہ حافظ شیرازیؒ یہ ہے 279
فالنامہ سولہ سوال 279
تقدیر کی تصویر کا عجیب وغریب فالنامہ 280
آئینہ تقدیر 281
سوالات کے مخفی سوالات 281
عمل مجرب 293
انسانی جسم سے قیافہ تقدیر 293
اعضاء کے پھڑکنے کا قیافہ 294
مرد کے اعضاء پر خال یعنی تل کا قیافہ 296
عورت کے جسم پر خال کا قیافہ 297
مردانہ اعضاء سے قیافہ 298
قد 298
رفتار 299
بال 299

Marfat.com

سر، ماتھا	300	پنڈلی	312
چہرہ	301	پاؤں	312
بھنویں یعنی ابرو، آنکھ	302	زنانہ اعضاء سے قیافہ	314
ناک، نتھنے	304	جسم	314
کان، رخسار، ہونٹ	305	قد	314
ہنسی، منہ، دانت، زبان	306	رفتار	314
آواز	307	رنگ	314
گفتار	307	سر کے بال	315
مونچھیں	307	سر	315
داڑھی	308	پیشانی	315
تھوڑی	308	آنکھیں	315
گردن	308	کان	316
گلا	309	رخسار	316
کندھے	309	ہونٹ	317
بازو	309	منہ	317
ہاتھ	309	دانت	317
انگلیاں	310	زبان	317
ناخن	310	تالو	318
سینہ	310	ٹھوڑی	318
پستان	311	مونچھیں	318
شکم	311	داڑھی	318
پہلو	311	گردن اور گلا	319
ناف	311	سینہ	319
کمر	312	پستان	319
ٹانگیں	312	ہتھیلی	319
ران	312		

Marfat.com

خواب

جب سے یہ دنیا پیدا ہوئی ہے۔ اور جہاں جہاں بھی آدم زاد آباد ہیں دنیا کے ہر حصے میں بسنے والے انسانوں' ہر قوم کے افراد اور تقریباً ہر آدمی کو کبھی نہ کبھی خواب ضرور آتے ہیں۔ بعض لوگوں کو کثرت سے' اور بعض کو کبھی کبھار۔

جس طرح سینما کے پردے پر ہم بے جان تصویروں کو مختلف حالتوں میں متحرک دیکھتے ہیں۔ اور جس طرح ہمیں اس پردہ پر مختلف نظارے' اور مختلف کردار اپنی اصلی اور حقیقی صورت میں نظر آتے ہیں اسی طرح سوتے میں پردۂ دماغ پر ہمیں بعض وقت دل خوش کن بعض وقت درد ناک و خطرناک' اور بعض وقت عجیب و غریب نظارے نظر آتے ہیں۔ بعض وقت مردہ بزرگوں' عزیزوں اور دوستوں سے ملاقات اور گفتگو ہوتی ہے۔ چنانچہ نیند کے عالم میں ہم جو واقعات و حادثات دیکھتے ہیں اسے خواب کہتے ہیں۔

خواب کے متعلق تمام روئے زمین اور عالم انسانی میں دو قسم کے نظریات پائے جاتے ہیں ایک گروہ کہتا ہے۔ کہ خواب بعض پیش آمدہ واقعات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ صرف وہم اور ذہنی بیماری کی دلیل ہیں۔

مگر دراصل یہ دونوں نظریات ایک حد تک درست و بجا ہیں' کیونکہ بعض اوقات ذہنی پریشانی' دماغی خلل' بے خوابی اور پراگندہ خیالی کی وجہ سے ہی خواب آتے ہیں۔ جن کی حقیقت خیالاتِ پریشان یا وہم کے سوا کچھ بھی نہیں۔

لیکن یہ حقیقت بھی اپنی جگہ اٹل ہے۔ کہ اکثر خواب سچے بھی ہوتے ہیں۔ جن کے ذریعہ انسان کو پیش آمدہ واقعات کی حقیقی تصویر دکھائی جاتی ہے' یعنی انہیں مستقبل میں پیش آنے والے واقعات سے آگاہ کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

خواب کی حقیقت جاننے کے لئے فہم انسانی کی کوشش

دانشوران عالم، اور ہر قوم کے مفکرین نے خواب کی حقیقت و ماہیت کو مختلف انداز سے سمجھنے اور سمجھانے کی کامیاب کوششیں کی ہیں اور ہر شخص نے جس نے علم خواب کے متعلق تحقیق کرنے کی کوشش کی ہے۔ اپنی اپنی عقل اور اپنے اپنے فہم و دانش کے مطابق مختلف نظریات کو ہمارے سامنے پیش کیا ہے مگر یہ مسئلہ پوری طرح حل نہ ہو سکا۔ موجودہ دور میں جبکہ کہا جاتا ہے کہ فکر انسانی انتہائی عروج تک پہنچ چکا ہے۔ انسانی افکار و خیالات اپنے نقطۂ کمال کو پہنچ جانے کے باوصف قدرت کے بہت سے بھیدوں میں سے بعض بھیدوں کو دریافت کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ مگر پھر بھی وہ اس مسئلہ کو پوری طرح حل نہیں کر سکتے کیونکہ

ع وہیں تک دیکھ سکتا ہے نظر جس کی جہاں تک ہے

دورِ جدید کے ماہرین نے خوابوں کے متعلق بھی قدیم توہمات اور مذہبی روایات سے ہٹ کر خالص سائنسی انداز سے اس مسئلہ پر روشنی ڈالی اور چھان پھٹک کی ہے جس کے نتیجہ میں ماہرین نفسیات بہت ہی دور کی کوڑیاں ڈھونڈ کر لائے ہیں۔ تاہم خوابوں کے متعلق واضح اور واشگاف طریقہ سے کوئی بات سامنے نہیں آ سکی۔ البتہ اس ضمن میں مختلف مفکرین کے فراہم کردہ نظریات سے دور جدید کے ماہرین کو خوابوں کے متعلق جاننے اور سمجھنے کے لئے بہت سی مدد ملی ہے۔

حضرت علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ، ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ، حضرت دانیال رحمۃ اللہ علیہ، ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ، ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ، اسماعیل بن اشعت رحمۃ اللہ علیہ، ابن فرحون مدنی رحمۃ اللہ علیہ، افلاطون، جالینوس، ارسطو، آرٹمیڈ راس برگستان، ڈیکارٹ لاک، ابرکسرابلسی، شولرسٹریل، کونٹ، اور فرائیڈ وغیرہ سینکڑوں ماہرین نے علم خواب سے متعلق جن اسرار کا سراغ لگایا ہے اور تعبیر خواب کے سلسلہ میں جن حقیقتوں سے پردہ اٹھایا ہے اور جو جو اصول اور قواعد وضع کئے ہیں، ان کی طفیل خوابوں کو بڑی حد تک سمجھا اور جانا جا چکا ہے۔ اور خوابوں کی حقیقت اب پہلے کی طرح ڈھکی چھپی نہیں رہی ہے۔

Marfat.com

عہد حاضر میں جہاں یہ سمجھا جا چکا ہے' کہ خواب محض دماغی افکار' اور نفسی رجحان کا مظہر ہوتے ہیں' وہاں انہیں سمجھنے اور جاننے کے لیے باضابطہ اصول مدون کئے گئے ہیں۔ قدیم توہمات اور دیگر مابعد الطبعیہ خیالات سے ہٹ کر خالص سائنسی انداز سے خوابوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ نفسیاتی اور عضویاتی نقطۂ نظر سے خواب کی تشریح اور اس کی تاویل کی جاتی ہے۔

ع نظر اپنی اپنی ..... پسند اپنی اپنی

حقیقت خواب احکاماتِ الٰہی کی روشنی میں

علم تعبیر کی فضیلت یہ ہے' کہ خود خداوند تعالیٰ نے اسے خاص انعام سے تعبیر فرمایا ہے اور جس علم کو باری تعالیٰ نے اپنا فضل و کرم ظاہر کیا ہے' وہ علم کتنا افضل و مبارک ہوگا۔ ارشاد الٰہی کی ایک مثال یہ ہے' کہ سورۃ یوسف علیہ السلام میں ارشاد فرمایا ہے کہ ''اسی طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک (مصر) میں سلطنت عطا فرمائی' اور اس کو علم تعبیر سکھایا۔''

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعہ معراج شریف کے بعد ایک خواب دیکھا اور اس خواب کا اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس طرح ذکر کیا ہے۔

''کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کو سچ کر دکھایا''

اس ارشادِ باری تعالیٰ سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے' کہ خواب ایک نعمت ہے' جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے احکامات بندوں پر ظاہر ہوتے ہیں' یہ علم ایسا افضل و اشرف ہے' جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے' نہ صرف اس پر یقین اور ایمان رکھتے ہیں' بلکہ وہ معبود برحق کے حکم پر سرِ تسلیم خم کرتے ہیں۔ خواہ وہ احکام عالم بیداری میں ہوں' یا عالم خواب میں جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں یہ بشارت ہوئی' کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں۔ اور ان باپ بیٹوں نے اس حکم الٰہی کی عملاً تعمیل کر ڈالی۔ اس کے متعلق قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اس طرح فرمایا ہے کہ

''اے ابراہیم علیہ السلام! بے شک تو نے اپنے خواب کو سچ کر دکھایا ہے' اور ہم اپنے نیک بندوں کو اسی طرح اجر دیا کرتے ہیں۔''

Marfat.com

ان احکامات الٰہی اور قرآن پاک کی ان مثالوں سے خواب کی فضیلت اور صداقت کا زبردست ثبوت ملتا ہے جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ خواب صرف وہم وخیالات پر ہی مبنی نہیں ہوتے' بلکہ اسرار واحکاماتِ الٰہی کا ذریعہ اظہار بھی ہیں۔ البتہ یہ بات ضرور ہے کہ خدا کے نیک بندے جس طرح عالم بیداری میں احکامات الٰہی پر کاربند رہتے ہیں' اسی طرح عالم خواب میں بھی' جب ان پر احکام واسرار الٰہی کا انکشاف ہوتا ہے' تو وہ پوری مستعدی سے ان پر کاربند ہوتے ہیں' جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام عالم خواب میں ہی احکام الٰہی سے مطلع ہوکر اپنے عزیز فرزند کی قربانی کے لئے بخوشی تیار ہوگئے تھے۔

خواب کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

''آثار نبوت میں سے اب کوئی شے باقی نہیں رہی' لیکن مبشرات یعنی میرے بعد نبوت ختم ہو جائے گی' اور آئندہ' ظہور میں آنے والے واقعات کو معلوم کرنے کا طریقہ مبشرات کے سوا اور کوئی نہ ہوگا۔''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبشرات کیا ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اچھے یا سچے خواب!

''سچا خواب ایک قسم کی وحی ہے' تاکہ خواب دیکھنے والا خدا کے حکم سے غافل نہ رہے''

- جب تک خواب بیان نہ کیا جائے' وہ پرندے کے پاؤں پر ہوتا ہے۔ یعنی (غیر منتقل) جب اسے بیان کر دیا جائے' تو وہ واقع ہو جاتا ہے۔
- سب سے بڑا بہتان یہ ہے کہ' آدمی اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے' جو آنکھوں نے نہیں دیکھی' یعنی آنکھوں پر بہتان باندھے' اور جھوٹا خواب بیان کرے''
- جب خواب میں شیطان کسی کے ساتھ کھیلے' تو چاہئے' کہ وہ اس خواب کو دوسروں کے سامنے بیان نہ کرتا پھرے۔

Marfat.com

- مومن کا خواب نبوت کا چھیالسواں حصّہ ہے۔
- دوست' یا دانا آدمی کے سوا' اور کسی سے خواب بیان نہ کرو۔
- تم میں سے جو زیادہ سچ بولتا ہے وہ خواب بیان کرنے میں بھی زیادہ سچا ہے۔
- زیادہ سچا خواب صبح کے وقت کا ہے۔
- اچھا خواب خدا کی طرف سے ہے' چنانچہ جو شخص کوئی اچھا خواب دیکھے تو صرف اسی سے بیان کرے' جس سے وہ محبت کرتا ہے' (ہر آدمی سے خواب بیان نہ کرتا پھرے) اور جو شخص بُرا خواب دیکھے' وہ کسی کو نہ سنائے اس لئے کہ اس طرح وہ خواب اُسے نقصان نہ پہنچائے گا۔
- جو شخص بُرا خواب دیکھے' اسے چاہئے کہ (جاگ اٹھنے پر' تین بار بائیں جانب تھتکار دے' اور اللہ تعالیٰ کے ذریعہ تین مرتبہ شیطان سے پناہ مانگے') اور جس کروٹ پر اُس نے خواب دیکھا تھا' اسے بدل دے۔
- فرمایا:۔ جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا' اس نے مجھ ہی کو دیکھا' اس لئے شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔

خواب کے متعلق بزرگانِ دین کے ارشادات

- امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:۔

''اگر مومن کوئی خواب دیکھے' یا کوئی شخص اسے خواب میں دیکھے' تو اس کی تعبیر جاننی اس پر واجب ہے تا کہ نیک خواب سے خوشی حاصل ہو۔ اور بُرے خواب سے امن میں رہے۔

- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

''خواب ایک نعمت ہے' اسی نعمت کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت کی بشارت' اور جبرائیل علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوئی۔''

Marfat.com

- ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کا بیان یہ ہے: ''جب نفس انسانی' جسمانی مصروفیت سے فارغ ہوتا ہے' تو وہ روحانیت کی طرف مائل ہو جاتا ہے' اس موقعہ پر خواب میں جو صورت حال پیدا ہوتی ہے' وہ رویائے صادقہ کہلاتی ہے۔
- حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔ ''جو بھی خواب دیکھا جائے' وہ محض خیالی اور بے مطلب' نہیں ہوتا بلکہ اس کے اندر کوئی نہ کوئی حقیقت ضرور ہوتی ہے۔
- جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''اللہ کے نیک اور برگزیدہ بندوں کو دنیا ہی کے اندر خوابوں کے ذریعہ بشارت ہوتی رہتی ہے۔
- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔

''جب روح کو حجاب سے فرصت ملتی ہے' اور حجاب دُور ہو جاتے ہیں تو اس میں یہ استعداد پیدا ہو جاتی ہے' کہ کمال علم اور اسرار الٰہی اس پر بے نقاب ہوں یہ کیفیت خواب کے عالم میں رونما ہوتی ہے' اور ایک قسم کی خدائی تعلیم کہلاتی ہے۔''

تعبیر خواب کے متعلق مسلمان علماء کی کوشش

اگرچہ دنیا کے ہر حصے میں' اور ہر قوم کے دانشوروں نے خواب اور اس کی تعبیر کے متعلق اپنی اپنی عقل و دانش کے مطابق علم کے موتی بکھیرے ہیں' مگر علماء و حکماءِ اسلام نے اس ضمن میں جتنی محنت و تجسس اور تحقیق و تدقیق سے کام لیا ہے۔ وہ اپنی مثال آپ ہے' مسلمان فلاسفروں نے اس موضوع پر بہت سی کارآمد و مفید کتب لکھی ہیں' قرآن مجید میں بھی کئی جگہ سچے خوابوں کا ذکر موجود ہے۔

مسلمان علماء مفکرین اور ماہرین علم خواب نے اپنی تصانیف میں خواب اور فلسفہ تعبیر پر سیر حاصل تبصرے کئے ہیں' اور ٹھوس دلائل دیئے ہیں' حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ' امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ' امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ' حکیم سنائی' ابن حزم' ابن خلدون' حضرت دانیال علیہ السلام

Marfat.com

اور ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ جیسے بلند پایۂ علماء حکماء اور دانشوروں نے خوابوں کے متعلق جو فلسفیانہ نظریات پیش کئے ہیں وہ اس کتاب میں آپ کو جا بجا نظر آئیں گے۔

سچّے روحانی خواب، یعنی رویائے صادقہ

روحانی خواب یعنی رویائے صادقہ، جن کی وجہ سے حال یا مستقبل میں ظاہر ہونے والے واقعات ہو بہو یا اشارات کے ذریعہ سے معلوم ہو جاتے ہیں۔

مسلمان صوفیوں، عالموں، فلسفیوں اور محدثوں نے رویائے صادقہ کے متعلق سیر حاصل بحث کی ہے، حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ، امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ، احاخطہ، حکیم سنائی، ابن حزم، ابن خلدون، جیسے مورخوں، محدثوں اور فلاسفروں نے اس بارے میں تحقیق کے قیمتی موتی بکھیرے ہیں، اور جو جو نقطہ آفرینیاں کی ہیں، وہ نہایت عمدہ توضیحات پر مبنی ہیں۔ ان تمام علماء و مفکرین کے ارشادات و افکار کی روشنی میں رویائے صادقہ کا فلسفہ صاف اور واضح طور پر سامنے آ جاتا ہے اور اس حقیقت کو سمجھنے کے لئے کوئی دقت پیش نہیں آتی۔

خواب کے متعلق علامہ ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کے خیالات

خواب کی ماہیت اور اس کی حقیقت (عضویاتی نقطہ نظر سے) بیان کرتے ہوئے علامہ ابن خلدون نے حواس خمسہ سے متعلق بحث شروع کی ہے، اور بتایا ہے کہ حواس خمسہ کو انسان کے نفس روحانیہ میں حجاب اور پردے کی حیثیت حاصل ہے، اور پھر حجاب اور حواس کے اُٹھ جانے والے نفس روحانیہ کے ظاہر ہونے کے متعلق دلائل دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

> ''نفس ناطقہ، یعنی ذات روحانی، آنے والے واقعات کو کسی وقت جان لیتا ہے، اور یہی خواب کی حقیقت ہے۔''

حضرت علامہ لکھتے ہیں۔

> ''نفس ناطقہ اپنی روحانیت کی وجہ سے آنے والے واقعات کا بخوبی مطالعہ کر لیتا ہے، اپنی قوت ادراک سے کام لیتا ہے، بعض وقت یہ علم کمزور ہوتا ہے یعنی خیالی تمثیل اور محاکات

Marfat.com

کے باعث زیادہ صاف اور واضح نہیں ہوتا' اور ایسی حالت میں خواب کے لئے تعبیر کی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر بعض اوقات یہ علم قوی ہوتا ہے۔ محاکات کی بندشوں سے پاک ومبرا' ایسی صورت میں اس کے لئے تعبیر کی حاجت نہیں ہوتی' بلکہ ہر بات اپنی جگہ واضح اور صاف ہوتی ہے۔ ایسے خوابوں کا سبب وقوع کیا ہے؟ اس کی وضاحت علامہ ابن خلدون نے یوں فرمائی ہے۔

○ اس کے وقوع النفس پر ایسے لمحہ گزرنے کا سبب یہ ہے کہ نفس بذاتِ خود ایک روحانی چیز ہے' اور جسم کے مدارک سے مل کر اس کی تکمیل ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ عقل بن جاتا ہے۔ پھر وہ ایسی روحانی ذات بن جاتا ہے کہ اعضاء اور جسم کے بغیر از خود ادراک کرنے لگ جاتا ہے' لیکن اس کی روحانیت ان فرشتوں کی روحانیت کی طرح نہیں ہوتی' جن کی ذاتی تکمیل کا تعلق جسمانی یا غیر جسمانی قویٰ سے نہیں ہوتا۔ بلکہ نفس کی یہ استعداد اس وقت تک قائم رہتی ہے جب تک کہ جسم کے ساتھ اُس کا تعلق موجود رہے' پھر بعض ان میں سے اولیاء اللہ کی طرح خالص نفوس ہوتے ہیں' اور بعض عام آدمیوں جیسے۔''

سچّے خواب کیوں آتے ہیں

علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں کہ:

''عام انسانوں اور انبیاء کے خواب میں فرق کی وجہ اپنی اپنی روحانی استعداد ہے' عام لوگوں کی روحانی استعداد میں سب سے بڑی رکاوٹ خود حواس ظاہرہ ہیں۔''

انبیاء کے خواب کے متعلق لکھتے ہیں:۔

''وہ اس استعداد کا کام ہے' جس میں انسان بشریت چھوڑ کر ملکوتیت جیسے بلند اور روحانی مقام میں جذب ہو جاتا ہے۔''

مقصد یہ ہے کہ انسان میں جس قدر روحانی استعداد زیادہ ہوگی' اسی قدر اس کے خواب زیادہ سچے ہوں گے' اور ظاہر ہے کہ انبیاء کی روحانی استعداد تمام دوسرے انسانوں سے زیادہ بلند

Marfat.com

ہوتی ہے' اس لئے ان کے خواب سو فیصد سچے اور الہامی ہوتے ہیں۔

پیغمبروں پر یہ حالت اس وقت طاری ہوتی ہے' جب وحی کے نازل ہونے کا وقت آتا ہے' تو ایسے موقعہ پر انہیں نیند کی طرح اِدراک ہوتا ہے نیند اور وحی کی اس مشابہت ہی کے باعث آنحضرت ﷺ نے خواب کو نبوت کا' چھیالیسواں حصّہ قرار دیا ہے۔

○ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں:

''پس خدا نے یہ بات انسان کی فطرت میں ڈال دی ہے' کہ وہ نیند کی حالت میں حواس کا پردہ اپنی ذات سے علیحدہ کر دیتا ہے' اور اس پردہ کے اُٹھ جانے کے بعد نفس عالم حق کے مشاہدات سے معرفت حاصل کرتا ہے' بعض اوقات اس پر معرفت کا ایسا لمحہ بھی آتا ہے جب اسے اپنی آرزوؤں کی تکمیل کا علم ہو جاتا ہے' یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے مبشرات کہا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ ''نبوت باقی نہ رہے گی' مگر مبشرات رہ جائیں گے۔''

رُؤیائے صادقہ کے متعلق ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کے خیالات

اب رُؤیائے صادقہ کے متعلق علامہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کی توضیحات سنئے' علامہ موصوف تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

''جب انسان کا نفس فاسد' اور بُرے خیالات سے پاک وصاف ہو جاتا ہے' یعنی وہ اخلاق کے اعلیٰ مدارج طے کر لیتا ہے' تو وہ اپنے باطنی محاسن کے درجات کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسرار و رموز سے بذریعہ خواب آگاہی حاصل کرتا ہے۔''

Marfat.com

رُوحانی خوابوں کے درجات

چنانچہ آنحضرت ﷺ کی حدیث ہے کہ ''خواب، یعنی مبشرات، نبوت کا نبوت ہیں'' کی توضیح کرتے ہوئے علامہ موصوف نے فرمایا کہ:

''صداقت، اور رضاحت اور تمام آمیزشوں سے پاک وصاف رہنے کے اعتبار سے خوابوں کی جس باہمی فضیلت کا ہم ذکر کرتے ہیں، اس پر یہ کھلی اور واضح نص ہے۔''

اس توضیح کے بعد علامہ موصوف لکھتے ہیں۔

''صاحب خواب کے مفائد باطن کے متعلق اس کے خوابوں کے درجے ہوتے ہیں، یعنی بعض خواب نبوت کے زیادہ قریب اور بعض کم نزدیک ہوتے ہیں۔''

حقیقتِ خواب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے نقطۂ نظر سے امام غزالی کی تشریح

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جن کی قابلیت اور علم کا لوہا تمام دنیا نے مانا ہے، اور جن کی تصانیف نے ہر صاحب علم سے خراج تحسین حاصل کیا ہے، اور جن کے علم کی روشنی سے لوگ قیامت تک مستفید ہوتے رہیں گے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وقت میں علم نفس کے بہت بڑے ماہر اور محقق تھے۔ انہوں نے علم نفسیات میں گرانقدر اضافے کئے ہیں۔ وہ خواب کا فلسفہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں انسان کا تعلق روحوں سے ہے، حیوانی روح اور انسانی روح۔''

حیوانی روح کا خاصہ یہ ہے کہ اعضاء اپنا اپنا کام کرتے ہیں۔ آنکھوں کو بصارت نصیب ہوتی ہے کان سنتے ہیں۔ ناک سونگھنے کی حس حاصل کر لیتی ہے۔ دماغ سوچتا ہے۔ غرض جس طرح چراغ کی روشنی دیوار پر ظاہر ہو کر اسے روشن کر دیتی ہے اور ہمیں اس کی روشنی نظر آتی

Marfat.com

ہے اس طرح حیوانی روح اپنی کارکردگی کا جو مظاہرہ کرتی ہے وہ واضح شکل وصورت میں ہمارے سامنے آجاتا ہے۔

انسانی روح حیوانی روح سے بالکل جدا' اور اس سے لاتعلق ہوتی ہے جسم کی کارکردگی سے اس کا تعلق نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ حیوانی روح کے فناء ہو جانے کے بعد اپنی اصل صورت میں ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔ یہ روح ایک قسم کا نُور ہے۔ جو چراغ کی لُو سے زیادہ لطیف ہے۔ حیوانی روح کے ضمن میں جس چراغ کا ذکر کیا گیا ہے وہ اپنی روشنی کا منبع تھا۔ اس کی روشنی کا اس پر دارومدار تھا مگر انسانی روح کے نُور کا دارومدار چراغ پر نہیں۔ بلکہ چراغ اس کے نور پر انحصار رکھتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اسے معرفت الٰہی کہہ لیں۔

روح انسانی کا انسان کے دل سے نہایت قریب کا تعلق ہے بلکہ بعض تو اس روح کو دل ہی قرار دیتے ہیں۔ جب یہ روح دماغ کی طرف ظہور کرتی ہے یعنی اس پر دباؤ یا اثر ڈالتی ہے۔ تو وہاں سے مختلف خیالات جنم لیتے ہیں یا حرکت میں آتے ہیں پھر اس کے اثرات اعصاب یا سارے جسم میں پہنچتے ہیں۔ جب نیند کے عالم میں یہ عمل کارفرما ہوتا ہے تو انسانی روح ایسی چیزوں کا مشاہدہ کرتی ہے۔ جو بیداری کی حالت میں ممکن نہیں ہوتیں۔ یعنی بیداری کی حالت میں انسان انہیں نہیں دیکھ سکتا۔

سویا ہوا آدمی خواب میں جو کچھ دیکھتا ہے وہ اس کی آنکھوں کے سامنے موجود ہوتا ہے مگر سوئے ہوئے آدمی کے پاس ہی بیدار آدمی بیٹھا ہو تو وہ ان چیزوں کو نہیں دیکھ سکتا۔ جنہیں صاحب خواب دیکھ رہا ہے مثلاً صاحب خواب کو سانپ نظر آرہا ہے۔ مگر اس کے پاس سوئے ہوئے آدمی کو کہیں سانپ دکھائی نہیں دیتا۔

خواب میں جو چیز دیکھی جاتی ہے' وہ موجود ہو تو دیکھی جاسکتی ہے' اگر موجود نہ ہو' تو صاحبِ خواب کو وہ کیونکر نظر آسکتی ہے' حاصل یہ ہوا کہ خواب میں جو کچھ نظر آتا ہے' وہ موجود ہوتا ہے' لہٰذا خواب بے معنی اور بے حقیقت نہیں ہوتے' بلکہ ان کی حقیقت ہوتی ہے۔

Marfat.com

خواب ابن حزم کی نگاہ میں

حضرت علامہ ابن حزم نے خواب اور اس کے اسباب تخلیق پر بحث اور تبصرہ کرتے ہوئے خواب کی کئی قسمیں بیان کی ہیں' آپ تحریر فرماتے ہیں' کہ ایک قسم کے خواب وہ ہیں جن کا تعلق انسان کے ذاتی مشاغل سے ہوتا ہے' یعنی عالم بیداری میں انسان جن کاموں میں مشغول رہتا ہے' انہیں وہ سوتے ہوئے بھی دیکھتا ہے' یعنی دوستوں سے ملاقات' دشمنی کا ڈر' اور خوف سے رہائی وغیرہ۔

علامہ موصوف نے ایک قسم کے خواب کو طبیعت کے غلبہ کا نتیجہ قرار دیا ہے' ان کا بیان ہے کہ ''بعض خواب غلبہ طبیعت کے مطابق دیکھنے میں آتے ہیں' مثلاً جس شخص میں خون کی زیادتی ہو' اسے روشنی' چمک' سرخی اور خوشی کے مناظر نظر آتے ہیں۔ جس پر صفرا کا غلبہ ہو' اُسے برف اور پانی نظر آتا ہے' اور جس پر سودا کا غلبہ ہو اُسے خوف اور ظلم کے مناظر دکھائی دیتے ہیں۔''

فلسفہ خواب علامہ ابن خلدون کے نقطۂ نگاہ سے

عرب کے مایۂ ناز اور بلند پایہ فلسفی و مورخ حضرت علامہ ابن خلدون نے فلسفہ خواب پر بڑی تفصیل و شرح کے ساتھ روشنی ڈالی ہے' مگر ان کے افکار میں زیادہ تر روحانی خوابوں پر عالمانہ بحثیں ملتی ہیں۔ خواب کے نظام تخلیق کی وضاحت کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں کہ'

جب روح ظاہری حواس سے الگ ہو کر باطنی قوتوں کی طرف رجوع کرتی ہے جو اس کے ذہن یا حافظہ میں ہے' تو ترکیب و تحلیل سے بعض خیالی صورتیں سامنے آتی ہیں۔ مگر ان میں سے بیشتر معمولی ہوتی ہیں۔ کیونکہ وہ مدرکات قریبہ سے اخذ کی گئی ہوتی ہیں۔ پھر وہ مشترک حس جو سارے ظاہری حالات کی جامع ہے۔ اپنا کام کرتی ہے اور نفس قوائے کی کشمکش کے ساتھ کبھی اپنی ذات روحانی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اور اپنے روحانی ادراک کی مدد سے معلومات حاصل کرتا ہے۔ اور اس وقت ایسی اشیاء کی صورتیں اقتباس کرتا ہے۔ جو اس کی ذات سے متعلق ہوتی ہیں۔ بعد ازاں خیال ایسی متعلق صورتوں کو حقیقت یا محاکات کی شکل میں سامنے لا کر پیش کرتا

Marfat.com

ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُسے حافظے میں قائم ہونے والی صورتوں کے متعلق تعبیر کی ضرورت پیش آتی ہے اور اگر اس سے قبل کہ نفس خود کسی نتیجہ پر پہنچے اس کے حافظہ کے نقوش کی تمثیل و ترتیب بدخوابی کہلائے گی۔

قرآن مجید اور دیگر کتب مقدسہ میں خوابوں کا ذکر

خوابوں کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے' اور دیگر مقدس روحانی کتابوں میں بھی ان میں سے بعض خوابوں کو تاریخی حیثیت اور عالمگیر شہرت حاصل ہے۔ اس لئے ان الہامی خوابوں کی نوعیت کو سمجھنے' اور پیغمبروں کی تعبیر خواب کے انداز جاننے کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب بڑی اہمیت رکھتے ہیں' جو ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:۔

ضعیف العمری میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اولاد کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگیں' چنانچہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک بیٹا (حضرت اسمٰعیل علیہ السلام) عطا فرمایا۔ جب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سیانے ہو گئے' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مسلسل تین روز رات کو خواب میں دیکھا' کہ اللہ تعالیٰ انہیں حکم دیتا ہے کہ ''اپنے اکلوتے بیٹے کی قربانی دو''

چونکہ انبیاء علیہم السلام کے خواب سچے اور وحی الٰہی ہوتے ہیں' اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام منشائے الٰہی کے مطابق بیٹے کی قربانی کے لئے بخوشی تیار ہو گئے چنانچہ انہوں نے اپنا خواب بیٹے سے بیان کیا' تو بیٹے نے فوراً سر تسلیم خم کر دیا' اور کہا کہ ''اے میرے باپ! آپ خدا کا حکم پورا کریں' خدا نے چاہا تو آپ مجھے صابر پائیں گے۔''

چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو ساتھ لے کر جنگل کی طرف چل دیئے۔ چھری تیز کی' اور بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا کر ذبح کرنے لگے' تو فوراً خدا تعالیٰ کی طرف سے حکم آیا کہ ''اے ابراہیم علیہ السلام تو نے اپنا خواب سچا کر دکھایا۔ اب لڑکے کو چھوڑ دے اور تمہارے پاس جو مینڈھا کھڑا ہے' بیٹے کے بدلے اسے قربان کر دے۔

آپ نے پیچھے مڑ کر دیکھا' تو ایک جھاڑی کے قریب مینڈھا کھڑا تھا' حضرت ابراہیم علیہ السلام

Marfat.com

نے خدا کا شکر ادا کیا' اور حکم خداوندی کے مطابق مینڈھے کے گلے پر چھری پھیر دی۔

اس واقعہ کو قرآن مجید نے اس طرح بیان کیا ہے۔

"(اور ابراہیم علیہ السلام کہنے لگے) اے میرے رب! مجھے ایک نیک بیٹا دے' سو ہم نے ان کو ایک حلیم المزاج فرزند کی بشارت دی۔ سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا' کہ ابراہیم کے ساتھ چلنے پھرنے لگا' تو ابراہیم نے فرمایا' کہ بیٹا! میں خواب میں تمہیں اللہ کے حکم سے ذبح کر رہا ہوں۔ سو تم سوچ لو! تمہاری کیا رائے ہے؟ انہوں نے کہا "ابا جان! آپ کو جو حکم ہوا ہے' (بلا تامل) تعمیل کیجئے! انشاء اللہ آپ مجھے صابروں میں سے پائیں گے۔"

غرض جب دونوں (باپ بیٹا' نے اللہ کے حکم کو) تسلیم کر لیا' اور باپ نے بیٹے کو (ذبح کرنے کے لئے) کروٹ پر لٹایا' اور چاہتے تھے' گلا کاٹ ڈالیں' تو اس وقت ہم نے ان کو آواز دی' کہ اے ابراہیم! شاباش ہے تم نے خواب کو سچ کر دکھایا" وہ وقت بھی عجیب تھا" اور ہم مخلصین کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ حقیقت میں یہ امتحان تھا۔ اور ہم نے ایک بہت بڑا ذبیحہ اُن کے لئے دیا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب اور حضرت یعقوب علیہ السلام کا ارشاد

حضرت یوسف علیہ السلام چھوٹے سے ہی تھے' کہ ایک دن خواب میں دیکھا کہ "گیارہ ستارے' اور چاند اور سورج انہیں سجدہ کرتے ہیں۔" بچپن کا زمانہ' اور یہ حیران کن خواب جب آنکھ کھلی تو آپ نے یہ خواب اپنے والد حضرت یعقوب علیہ السلام کو سنایا' تو یہ خواب سن کر باپ نے بیٹے کو نصیحت کی' کہ "یہ خواب اپنے بھائیوں کو نہ سنانا' مبادا وہ تمہیں ضرر پہنچانے کے درپے ہو جائیں۔" پھر ارشاد فرمایا کہ تمہارا خدا تمہیں منتخب کرے گا' اور تمہیں علم دقیقہ بھی عطا فرمائے گا' یعنی تمہیں خوابوں کی تعبیر کا علم بھی دے گا۔

84713

Marfat.com

چنانچہ جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تھا' بعد میں ہُو' بہُو سچ ثابت ہوا' یعنی نہ صرف حضرت یوسف علیہ السلام کا اپنا خواب سچا نکلا' بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں خوابوں کی تعبیر کا علم بھی دیا۔ چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک موقعہ پر خدا تعالیٰ کی عنایتوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا اے پروردگار! تو نے مجھے سلطنت کا بڑا حصہ دیا' اور نیز مجھے خوابوں کی تعبیر بتانے کی تعلیم دی' جو کہ علم عظیم ہے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام کی تعبیر!

حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب کی تعبیر حضرت یعقوب علیہ السلام نے یوں کی تھی کہ گیارہ ستاروں سے مراد حضرت یوسف علیہ السلام کے گیارہ بھائی ہیں' اور ان کے سجدہ کرنے کا مطلب یہ ہے' کہ وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے سامنے سرنگوں ہوں گے۔ اور اس وجہ سے حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کو متنبہ کر دیا تھا' کہ یہ خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا۔

وقت گزرتا گیا' اور آخر وہ گھڑی آ پہنچی' جب یوسف علیہ السلام کے خواب' اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی تعبیر کی صداقت کا ظہور ہوا' اور حضرت یوسف علیہ السلام کے گیارہ بھائیوں نے ان کے سامنے اپنے سر جھکا دیئے' یعنی جب حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین کو مصر کے تخت شاہی پر اپنے ساتھ بٹھایا' تو تمام درباری تعظیم کی خاطر ان کے سامنے جھک گئے اور اس کے ساتھ ہی خاندان یوسف علیہ السلام کے سب افراد نے بھی آپ کی تعظیم کی' تو حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے بچپن کا خواب یاد آ گیا۔ اور اپنے باپ سے مخاطب ہو کر فرمایا' قرآن مجید نے اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا ہے۔

"اے باپ! یہ ہے تعبیر اس خواب کی جو مدت سے میں نے دیکھا تھا میرے پروردگار نے اسے سچ کر دکھایا' یہ اس کا احسان ہے کہ مجھے قید سے رہائی دی تم سب کو صحرا سے نکال کر میرے پاس پہنچا دیا اور یہ سب کچھ اس کے بعد ہوا' کہ شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں اختلاف پیدا

Marfat.com

کر دیا۔ بلاشبہ میرا رب ان باتوں کے لئے جو وہ کرنا چاہے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔ اور وہ سب کچھ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔''

اس خواب سے اس بات کی تائید ہوتی ہے' کہ دور خیال خوابوں کے ذریعہ انسان کو راہِ ہدایت ملتی ہے' پیغمبروں اور صالحین کے خوابوں کی یہی کیفیت ہوتی ہے' اسی قسم کے الہامی خوابوں سے صاحبِ خواب کے کردار پر روشنی پڑتی ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب کی تعبیر بتائی

حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ کے کچھ خواب ایسے بھی ہیں' جن کو الہامی تو نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن ان کے ذریعہ چند پیش آئندہ واقعات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے علم تعبیر کی مدد سے خوابی علامات کا مقصد معلوم کر کے ان خوابوں کی تعبیریں بیان کی ہیں۔'' چنانچہ تعبیر خواب کے سلسلہ مین ان سے بہت کچھ راہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

قیدیوں کے خواب کا بیان

حضرت یوسف علیہ السلام جب عزیز مصر کے حکم سے قید خانہ میں ڈال دیئے گئے' تو اسی قید خانہ میں ان کے ساتھ دو اور نوجوان قیدی بھی تھے ان میں سے ایک بادشاہ کا ساقی اور دوسرا شاہی باورچی خانہ کا داروغہ تھا۔ قرآن مجید اور تورات دونوں میں اس کا ذکر موجود ہے' ان قیدیوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے اپنے خواب سنائے اور حضرت یوسف علیہ السلام نے ان کے خوابوں کی جو تعبیر بتائی' وہ بالکل صحیح اور درست نکلی تورات میں ان خوابوں کو پوری تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے' لہٰذا آپ کی آگاہی کے لئے تورات کا بیان ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

اور شاہ مصر کے ساقی اور نان بائی نے جو جیل خانہ میں نظر بند تھے' ایک ہی رات میں ایک خواب دیکھا' جب یوسف علیہ السلام صبح کے وقت اندر داخل ہوا تو انہوں نے اس سے کہا کہ ''اس جگہ دو آدمی اور بھی ہیں۔ اور اس نے شاہ کے حاکموں سے (جو ان کے ساتھ ہی اس کے آقا

Marfat.com

کے گھر میں نظر بند تھے) سے دریافت کیا' کہ آج تم کیوں اداس نظر آتے ہو؟ انہوں نے اس سے کہا کہ ہم نے ایک خواب دیکھا ہے جس کی تعبیر بتانے والا کوئی نہیں۔ یوسف علیہ السلام نے ان سے کہا' کیا تعبیر کی قدرت خدا کو نہیں؟ مجھے ذرا وہ خواب تو بتاؤ تب سردار ساقی نے اپنا خواب یوسف علیہ السلام سے بیان کیا۔ اس نے کہا' میں نے خواب میں دیکھا ہے' کہ انگور کی بیل میرے سامنے ہے' اور اس بیل مین تین شاخیں ہیں اور ایسا دکھائی دیا' کہ اس میں کلیاں لگیں پھول آئے' اور اس کے سب گچھوں میں پکے پکے انگور لگے' اور شاہ کا پیالہ میرے ہاتھ میں ہے' اور میں نے ان انگوروں کو لے کر شاہ کے پیالے میں نچوڑا اور وہ پیالہ میں نے شاہ کے ہاتھ میں دے دیا۔

یوسف علیہ السلام نے اس سے کہا کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ تین شاخیں تین دن ہیں۔ سو اب سے تین دن کے اندر شاہ تجھے سرفراز فرمائے گا۔ اور پہلے کی طرح جب کہ تو اس کا ساقی تھا۔ پیالہ شاہ کے ہاتھ میں دیا کرے گا۔ لیکن جب تو خوشحال ہو جائے' تو مجھے یاد کرنا اور ذرا مجھ سے مہربانی سے پیش آنا اور شاہ سے میرا ذکر کرنا' اور مجھے اس گھر سے چھٹکارا دلانا' کیونکہ عبرانیوں کے ملک سے مجھے چُرا کر لے آئے ہیں' اور یہاں بھی میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا' جس کے سبب سے قید خانہ میں ڈالا جاؤں۔

جب داروغہ باورچی خانہ نے دیکھا کہ تعبیر اچھی نکلی' تو یوسف علیہ السلام سے کہا:۔

، کہ میں نے بھی ایک خواب دیکھا ہے' کہ میرے سر پر سفید روٹیوں کی تین ٹوکریاں ہیں اور اوپر کی ٹوکری میں ہر قسم کا پکا ہوا کھانا شاہ مصر کے لئے ہے اور پرندے میرے سر پر ٹوکریوں سے کھا رہے ہیں۔

یوسف علیہ السلام نے اس سے کہا: ''اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ تین ٹوکریاں تین دن ہیں' سو اب سے تین دن کے اندر شاہ تیرا سر تن، سے جدا کر دے گا اور تجھے ایک درخت پر ٹنگوا دے گا۔ اور پرندے تیرا گوشت نوچ نوچ کر کھائیں گے' اور تیسرے دن جو شاہ کی سالگرہ کا دن تھا' یوں ہوا کہ اس نے اپنے سب نوکروں کی ضیافت کی' اور اس نے سردار ساقی اور سردار نانبائی کو اپنے نوکروں کے ساتھ یاد فرمایا۔ اور اس نے سردار ساقی کو پھر اپنی خدمت پر بحال کر لیا۔ اور وہ شاہ کے ہاتھ

Marfat.com

میں پیالہ دینے لگا۔ مگر اس نے سردار نانبائی کو پھانسی دلوائی جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے تعبیر کر کے اسے بتایا تھا۔ (کتاب پیدائش باب ۴۰ آیات ۵ تا ۲۲)

تعبیر کے رُموز و اسرار

یہ خواب جو اوپر بیان کئے گئے ہیں' ان کی تعبیریں جو حضرت یوسف علیہ السلام نے بیان کی ہیں' ان میں سے تین شاخوں کو تین دن سے تعبیر کیا گیا ہے' اور دوسرے خواب میں تین ٹوکریوں کو بھی تین دن سے تعبیر کیا گیا ہے' اور یہ دونوں تعبیریں سو فیصد صحیح نکلیں' اس سے یہ ظاہر ہوا کہ خواب کی تاویل کے سلسلہ میں یہ ضروری نہیں کہ ایک مخصوص مطلب کے لئے کسی خاص علامت کا ہمیشہ کے لئے تعین کر لیا جائے۔ مثلاً ہم دن کی تعبیر کے لئے خواب میں ٹوکری کی علامت کو واحد علامت قرار نہیں دے سکتے' کیونکہ اس کے لئے شاخیں بھی علامت ہو سکتی ہیں۔ جیسا کہ مندرجہ بالا خوابوں سے ظاہر ہے تاہم کسی ایک علامت کے متعلق ایک مخصوص تعبیر کا اغلب گمان کیا جا سکتا ہے۔

شاہِ مصر کا خواب

ایک جگہ قرآن مجید میں شاہِ مصر کے خواب کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس خواب کی تعبیر بھی حضرت یوسف علیہ السلام نے ہی فرمائی تھی۔ یہ خواب اس لئے قابل غور ہے کہ اس میں آئندہ پیش آنے والے واقعات کی نشاندہی کی گئی تھی' جو حضرت یوسف علیہ السلام کی تعبیر کے مطابق ہُو بہُو بھی نمایاں طور پر سامنے آ جاتا ہے' کہ اگر صاحب خواب چاہے تو پیش آمدہ واقعات کا تدارک کر کے محفوظ بھی رہا جا سکتا ہے۔ یعنی خواب کی صحت کے ساتھ حسن تدبر سے اس کی عملی طور پر نفی بھی کی جا سکتی ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام کی تعبیر کے مطابق شاہ مصر نے خواب میں دیکھ لیا' کہ اس کے ملک میں عنقریب تباہی آئے گی۔ مگر حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کے ساتھ ہی شاہ مصر کو اس تباہی و بربادی سے بچاؤ کی تدبیریں بھی بتا دی تھیں' جس پر عمل پیرا ہو کر وہ اس تباہی سے پوری

Marfat.com

طرح محفوظ رہا۔ اس واقعہ کو قرآن مجید نے اس طرح بیان کیا ہے کہ:

حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا کہ ''تم کھیتی کرو گے' سات برس جم کر سو جو تم کاٹو گے اسے چھوڑ دو اس کے بالوں میں' مگر تھوڑا جو تم کھاؤ' پھر آئیں گے اس کے بعد سات برس سختی کے تو کھا جاؤ گے' جو رکھا تم نے ان کے لئے مگر تھوڑا جو روک رکھو گے تم بیج کے لئے' پھر آئے گا ایک سال کے بعد اس میں مینہ برسے گا لوگوں پر اور اس میں رس نچوڑیں گے۔

تورات میں شاہ مصر کے خواب کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ

تب فرعون نے یوسف علیہ السلام سے کہا۔ ''میں نے خواب میں دیکھا' کہ دریا کے کنارے کھڑا ہوں' اور اس دریا میں سے سات موٹی اور خوبصورت گائیں نکل کر نیستان میں چرنے لگیں' ان کے بعد سات خراب اور نہایت بدشکل دبلی گائیں نکلیں' اور وہ اس قدر بُری تھیں' کہ سارے ملک مصر میں ایسی کبھی نہیں دیکھیں چنانچہ وہ دبلی اور بدشکل گائیں ان پہلی سا توں موٹی گائیوں کو کھا گئیں اور ان کے کھا جانے کے بعد یہ معلوم بھی نہیں ہوتا تھا' کہ انہوں نے ان کو کھا لیا ہے۔ بلکہ وہ پہلے کی طرح جوں کی توں بدشکل رہیں۔ تب میں جاگ پڑا''

اور خواب میں' میں نے دیکھا کہ

''ایک ڈنٹھی میں سات بھری بھری اور اچھی اچھی بالیں نکلیں۔ اور ان کے بعد سات سوکھی پتلی پتلی اور پوربی ہوا کی ماری ہوئی بالیں نکلیں' اور یہ پتلی بالیں ان ساتوں اچھی اچھی بالوں کو نگل گئیں۔''

اور میں نے ان جادوگروں سے ان کا بیان کیا پر ایسا کوئی نہ نکلا' جو ان کا مطلب بتاتا

تب یوسف علیہ السلام نے فرعون سے کہا کہ آپ کا خواب ایک ہی ہے' جو کچھ اللہ کرنے کو ہے اُسے اس نے فرعون پر ظاہر کیا ہے۔ وہ سات اچھی اچھی گائیں سات برس ہیں۔ اور وہ سات اچھی

Marfat.com

اچھی بالیں بھی سات برس ہیں' خواب ایک ہی ہے اور وہ سات بدشکل اور دُبلی گائیں جوان کے بعد نکلیں' اور وہ پوربی ہوا کی ماری اور مرجھائی ہوئی بالیں بھی سات برس ہی ہیں مگر کال (قحط) کے سات برس' یہ وہی بات ہے' جو میں فرعون سے کہہ چکا ہوں کہ جو خدا کرنے کو ہے' وہ اس نے فرعون پر ظاہر کیا ہے''

دیکھ سارے ملک مصر میں سات برس تو پیداوار کے کثیر ہوں گے' ان کے بعد سات برس کال کے ہوں گے' اور یہ کال ملک کو تباہ کر دے گا' اور ارزانی ملک میں یاد بھی نہیں رہے گی۔ کیونکہ کال جو بعد میں پڑے گا' وہ نہایت ہی سخت ہوگا۔ اور فرعون نے جو خواب دو رُخہ دیکھا ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ یہ بات اللہ کی طرف سے مقدر ہو چکی ہے' اور اللہ تعالیٰ اسے جلد پورا کرے گا۔ (کتاب پیدائش باب ۴۱ آیات ۱۷ تا ۳۲)

تعبیر کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام کی تدبیر

اس کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے اس تعبیر کا توڑ بھی بتلا دیا۔ یعنی فرعون (شاہِ مصر کو مشورہ دیا کہ ایک صاحب فہم و فراست آدمی کو تلاش کرے' اور اسے ملک مصر پر مختار بنا دے فرعون یہ کرے' تا کہ اس آدمی کو اختیار ہو کہ وہ ملک میں ناظروں کو مقرر کرے' اور ارزانی کے سات برسوں میں سارے ملک مصر کی پیداوار جمع کریں اور شہر میں جو غلہ فرعون کے اختیار میں ہو' خورش کے لئے فراہم کر کے بقایا کی حفاظت کریں ''غلہ ملک کے لئے ذخیرہ ہوگا' تا کہ قحط کی وجہ سے ملک برباد نہ ہو جائے۔ (کتاب پیدائش باب ۴۱ آیات ۳۳ تا ۳۶)

فرعون (شاہ مصر) نے حضرت یوسف علیہ السلام کے مشورہ ہدایت کے مطابق ہر ممکن احتیاطی تدابیر اختیار کر لیں۔ مختار مقرر کرنے کے لیے بھی اس کی نگاہ انتخاب حضرت یوسف علیہ السلام پر ہی پڑی' اور آپ کو مختار مقرر کر لیا' اس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کی مساعی حسنہ سے مصر ایک زبردست قحط کی تباہی سے بچ گیا۔

Marfat.com

بزرگانِ دین کے رُوحانی خواب

تاریخی کتب اور بعض تذکروں میں بزرگان اسلام کے بعض رُوحانی اور سچے خوابوں کا ذکر آتا ہے، جن کی صداقت پر کسی قسم کا شک وشبہ نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ مثال کے طور پر ذیل میں چند خوابوں کا ذکر کیا جاتا ہے، تاکہ علم خواب کے متعلق آپ کی معلومات میں اضافہ ہو۔

امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا خواب

عبادت وریاضت، زہد واتقاء اور دینداری و پرہیز گاری میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا مرتبہ بہت بلند اور اعلیٰ وارفع ہے۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے، کہ ان کی ایک کنیز نے آ کر بیان کیا کہ ''میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ قیامت برپا ہوگئی ہے، دوزخ کے انگارے سلگ رہے ہیں، لوگ پُل صراط پر سے گزر رہے ہیں کیا دیکھتی ہوں، کہ لوگ خلیفہ عبدالملک بن مروان کو لائے اور وہ پُل صراط سے گزرتے ہوئے دوزخ میں گر گیا۔ اس کے بعد ولید بن عبدالملک کو لایا گیا، وہ بھی پُل صراط سے نہ گزر سکا، اور لڑھک کر دوزخ میں جا گرا۔ اس کے بعد امیر المومنین میں نے آپ کو دیکھا، کنیز اتنا ہی کہنے پائی تھی، کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز بے ہوش ہو گئے۔ کنیز چلائی ''امیر المومنین میں نے دیکھا کہ آپ پُل صراط سے بخیریت گزر گئے۔

خواب میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ

شیخ المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

''خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مرید جس کا نام رئیس احمد تھا، بڑا ہی متقی اور پرہیز گار تھا۔ ایک مرتبہ اُس نے خواب میں دیکھا، کہ ایک بہت بڑا محل ہے، اور اس کے گرد لوگ باگ ہجوم کی صورت میں کھڑے ہیں، انہوں نے آگے جا کر دیکھا، تو ایک نورانی صورت بزرگ نظر آئے، جو

Marfat.com

لوگوں کا پیغام اندر لے جاتے اور پھر اندر سے جواب لاتے ہیں۔

دریافت کرنے پر معلوم ہوا' کہ یہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں۔ رئیس احمد نے آگے بڑھ کر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ: ''میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہونا چاہتا ہوں آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرے اندر آنے کی اجازت طلب فرمائیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اندر تشریف لے گئے' اور پھر واپس آ کر کہا کہ ''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں' کہ ابھی تم میری زیارت، کے قابل نہیں ہوئے' نیز تم خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کو میرا اسلام کہہ دو' اور کہو کہ جو تحفہ تم مجھے بھیجا کرتے تھے' وہ تین راتوں سے میرے پاس نہیں آ رہا۔''

مُلّا وجہیُہ الدین کا خواب

مُلّا وجہیہ الدین بڑے پارسا اور دیندار آدمی تھے' جو اوچہ شریف کے نواح کے کسی قصبہ میں رہتے تھے۔ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ بہت سے لوگوں کے مجمع میں ایک بزرگ وعظ و نصیحت کر رہے ہیں اور وہ فرما رہے ہیں کہ ''جس نے دنیا کا کام آخرت کے کام پر مقدم رکھا' اس کے دونوں کام بگڑ جاتے ہیں۔

جب ملا وجہیہ الدین کی آنکھ کھلی' تو سوچ میں پڑ گئے۔ انہوں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں اطراف میں کوئی شخص وعظ و نصیحت کرتا ہے لوگوں نے مخدوم جہانیاں جہان گشت جلال الدین حسین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا نام لیا جوان دنوں اوچہ شریف میں وعظ و نصیحت فرماتے تھے ملا وجہہ الدین اوچہ شریف پہنچے' تو مخدوم جہانیاں رحمۃ اللہ علیہ کی صورت دیکھتے ہی پہچان گئے کہ یہ ہی وہ بزرگ ہیں' جو خواب میں نظر آئے تھے چنانچہ انہوں نے اپنا سر مخدوم صاحب کے قدموں میں رکھ دیا مخدوم صاحب نے فرمایا۔

''دنیا کا کام آخرت پر مقدم نہیں کرنا چاہیے۔''

Marfat.com

یہ سن کر ملا وجیہ الدین مخدوم صاحب کے مرید ہو گئے۔

حضرت عبداللہ بن مُبارک کا خواب

حج کے بعد حضرت عبداللہ بن مُبارک حرم کعبہ میں سو گئے۔ خواب میں آپ کیا دیکھتے ہیں کہ آسمان سے دو فرشتے اترے' ایک نے دوسرے سے پوچھا: اس برس کتنے آدمیوں نے حج کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا ''چھ لاکھ آدمیوں نے پہلے نے پھر دریافت کیا' کہ ان میں سے کتنے لوگوں کا حج قبول ہوا؟ دوسرے نے کہا کسی کا بھی نہیں۔ حضرت عبداللہ بن مبارک کو یہ سن کر سخت پریشانی ہوئی' کہ ابھی خلقت دُور دُور نہ ہوئی تھی' کہ دوسرے فرشتے نے اپنے ساتھی سے کہا کہ دمشق میں ایک موچی رہتا ہے جس کا نام علی بن موفق ہے' اگرچہ وہ یہاں حج کرنے نہیں آیا' مگر اس کا حج قبول ہو گیا ہے' اور خدا نے محض اس آدمی کی خاطر ان سب کو بخش دیا ہے۔''

حضرت عبداللہ بن مبارک کی آنکھ کھلی' تو جی میں آیا کہ چلو دمشق جا کر اس شخص کی زیارت کریں' چنانچہ دمشق پہنچے اور علی بن موفق کے گھر کا سراغ لگایا' دروازے پر پہنچ کر دستک دی' علی بن موفق باہر آیا۔ آپ نے اپنی آمد کا مقصد بیان کیا' تو علی نے کہا کہ تیس برس سے حج کی تمنا میرے دل میں چٹکیاں لے رہی تھی۔ چنانچہ چمڑا سی سی کر میں نے رقم جمع کی' اور اس سال حج کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا' اسی اثناء میں میری بیوی نے کہا کہ پڑوسی کے ہاں سے سالن لے آؤ چنانچہ میں گیا' اور ان سے سالن مانگا' پڑوسی نے کہا کہ ''یہ گوشت تم پر حلال نہیں'' میں نے پوچھا کیوں؟ کہنے لگا' ہم سات دن سے فاقوں سے ہیں۔ آج بچوں کی بھوک برداشت نہ ہوئی' تو تھوڑا سا مردار پکایا ہے۔

پڑوسی سے یہ بات سن کر میں حیران رہ گیا اور میرے ہوش اڑ گئے' میں وہاں سے چلا' اور اپنے گھر آیا' اور جو رقم میں نے حج کے لیے جمع کی تھی' لے جا کر اسے دیدی کہ اپنے اہل و عیال پر خرچ کرو۔ عبداللہ بن مبارک نے جب یہ بات سنی تو فرمایا واقعی فرشتوں نے سچ کہا تھا۔

Marfat.com

مولانا حسام الدین بدایونی کا خواب

مولانا حسام الدین اپنے وقت کے مشہور و معروف بزرگ تھے۔ اور شیخ صدر الدین عارف کے مریدوں میں آپ کا مرتبہ بہت بلند ہے' ایک روز آپ نے خواب میں دیکھا' کہ کسی جگہ بیٹھے وضو کر رہے ہیں' جب جاگ آئی' تو آپ اسی جگہ تشریف لے گئے اور دیکھا کہ وہ جگہ واقعی تر ہے آپ نے فرمایا'' مجھے وفات کے بعد اسی جگہ دفن کرنا۔ چنانچہ بدایون میں آپ اسی جگہ دفن ہوئے۔

خواب کی تعبیر ماہرین طب جدید کے نزدیک

خواب حقیقت سے قطعاً بے تعلق اور محض بد ہضمی کا نتیجہ ہوتے ہیں' ان کے خیال میں انسان جب کھانا ہضم ہونے سے پیشتر سو جاتا ہے' یا رات کو معمول سے زیادہ کھا لیتا ہے تو معدے کو معمول سے زیادہ کام کرنا پڑتا ہے۔ رات کو انسان محو خواب ہوتا ہے' لیکن اس کا معدہ مصروف کار رہتا ہے اور اس طرح معدے میں ہضم ہوتی ہوتی غذا سے جو انجرات اٹھتے ہیں وہ اس کے دل و دماغ پر چھا کر مختلف انواع کی خوابوں کا موجب بنتے ہیں۔ لیکن فلسفہ خواب کے عمیق مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خواب محض نظام ہاضمہ کے انتشار کا نتیجہ نہیں' بعض اوقات تندرست اور صحت مند انسان بھی عالم رؤیا میں عجیب و غریب واقعات اور حالات کا نظارہ کرتے ہیں۔ جن کا بظاہر حقیقت کی دنیا سے کوئی تعلق نہیں ہوتا' اور بعض اوقات ایسے لوگ بھی بھیانک خوابوں سے چونک اٹھتے ہیں' جو دنیاوی مصائب و آلام یا فکر و تردد سے قطاً آزاد ہوتے ہیں۔ پھر انسان حسب مرضی کوئی خواب نہیں دیکھ سکتا۔ یہ انسانی اختیار سے قطعاً باہر ہیں۔ ہم اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کر سکتے' کہ خواب اکثر زمان و مکان کی قیود سے آزاد اور توجیہ و انتصابی سے بے نیاز ہوتے ہیں۔

خوابوں کی حقیقت کو بنظر تشکیک تو بڑی آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے لیکن ان شکر کرنے والوں نے بھی بارہا ایسے خواب دیکھے ہوں گے' جو انہیں چند لمحوں کے لئے اس جنت و دوزخ کی

Marfat.com

دنیا سے دُور لے گئے ہوں' اور خوابوں کو خواہ فلسفہ کی کیسی ہی موہوم مشقوں میں کیوں نہ الجھایا جائے' اور خواہ کتنے ہی متخالف نظروں سے کیوں نہ دیکھا جائے' خواب کی حقیقت سے انکار نہیں ہمیں زندگی میں سینکڑوں ایسی مثالیں مل جائیں گی' کہ کسی شخص نے کسی آنے والے واقعہ کا عکس پیش از وقت عالم رؤیا میں دیکھ لیا اور اپنے آپ کو مستقبل کا مقابلہ کرنے کے قابل بنالیا۔

اس سلسلہ میں ایک خاتون کی مثال بے جا نہ ہوگی۔ یہ خاتون ڈاکٹری ایسے شریف پیشے سے تعلق رکھتی ہے' اور جو کوئی وجہ نہیں ہم اس کے بیان کو شک کی نظر سے دیکھیں اس خاتون کا بیان ہے کہ جن دنوں وہ میڈیکل کالج میں زیر تعلیم تھی' اور امتحان سر پر آ رہے تھے' تو اسے ہر وقت اپنی ناکامی کا اندیشہ لگا رہتا تھا۔ اس کی ہمیشہ یہ خواہش ہوتی تھی' کہ کوئی مافوق البشر ہستی اس کے پاس آئے' اور اسے امتحانی پرچہ کے تمام سوال بتا جائے۔ امتحان سے ایک روز پیشتر وہ محو خواب تھی' کہ اُس نے اپنے آپ کو کلاس روم میں تنہا پایا۔ اتنے میں اسے دروازے کی طرف سے ایک بھاری بھرکم سایہ تختہ سیاہ کی طرف جاتا نظر آیا سایہ تختہ سیاہ کے پاس پہنچ کر رُک گیا۔ اور چاک اُٹھا کر تختہ سیاہ پر سوال حل کرنے شروع کر دیئے خاتون نے عالم خواب میں وہ تمام سوال رٹ لئے' صبح کو جب وہ بیدار ہوئی تو اس نے اپنی ہم جماعتوں کو رات کا واقعہ بتایا لیکن کسی کو اعتبار نہ آیا' خود خاتون کو بھی یقین نہیں آتا تھا' کہ یہی سوال امتحان کے پرچہ میں آئیں گے' لیکن اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ جب کہ امتحانی پرچہ کے سارے سوال لفظ بہ لفظ وہی تھے' جو اس نے گزشتہ شب خواب میں تختہ سیاہ پر حل ہوتے دیکھے تھے' خاتون امتحان میں اوّل آئی' اسے گولڈ میڈل ملا جواب بھی اس کے پاس ہے' اور جب کبھی وہ اپنے خواب کی روئیداد سناتی ہے۔ تو ثبوت کے طور پر وہ طلائی تمغہ بھی دکھاتی ہے' اس میں شک نہیں کہ ایسے واقعات آئے روز پیش نہیں آتے' لیکن ایسے واقعات کی حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

ایسے خواب القاء والہام کا درجہ رکھتے ہیں' اور عموماً اس وقت آتے ہیں جب روحانی طاقتیں کسی انسان کو اس کے منتخب مستقبل پر گامزن کرنا چاہتی ہوں۔ اکثر خواب کچھ مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں' ان کی تعبیر علامتی یا نشیبی نوعیت کی ہوتی ہے۔ عام عقیدہ یہ ہے کہ جو کچھ خواب میں

Marfat.com

نظر آئے' اکثر اس کا اُلٹ ہوا کرتا ہے۔ لیکن اس طریقہ تعبیر میں غلطی کا احتمال ہے۔ خوابوں کے متعلق مختلف کتب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ خوابوں کی سینکڑوں قسمیں ہیں' اور اس کے متعلق تحقیق و تفتیش کی گئی ہے۔ ماہرین نفسیات کی رائے میں خواب ہمارے ذہن کی دبی ہوئی اُمنگوں کا عکس ہوتے ہیں' اور ان سے کسی شخص کی ذہنی کیفیات اور عملی صلاحیتوں کا بخوبی جائزہ لیا جا سکتا ہے۔

فن تعبیر کے علماء کی رائے کے مطابق خواب میں ملبوسات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص اپنے آپ کو دلآویز اور دیدہ زیب کپڑوں میں ملبوس دیکھے' تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ اپنے رفقائے کار میں ممتاز حیثیت حاصل کرے گا' اور معالات محبت میں کامیابی اس کے قدم چومے گی۔ داغ دھبوں والے کپڑے بدنامی اور رسوائی کے مظہر ہوتے ہیں اور پھٹے پرانے ملبوسات نکبت و افلاس اور ناکامی و بدبختی ظاہر کرتے ہیں۔

ملبوسات کا رنگ بھی زبردست اہمیت کا حامل ہے۔ سرخ رنگ رنج و غصہ' زرد رنگ' حسرت و عناد' سفید رنگ' مسرت و کامرانی' سبز رنگ' تکمیل آرزو' نیلا رنگ' خلوص و محبت ظاہر کرتا ہے۔

خواب دیکھنے والے کی ذہنی حالت کا پتہ پانی سے بھی چلتا ہے' اگر وہ خواب میں صاف اور ٹھہرا ہوا پانی دیکھے' تو یہ صدق دلی اور نیک نیتی کا مظہر ہے۔ گدلا پانی' ذہنی انتشار اور تذبذب ظاہر کرتا ہے اُبلتا ہوا پانی' غیظ و غضب اور فقدانِ ضبط کی علامت ہے۔

اگر کوئی شخص خواب میں بخیر و عافیت دریا عبور کرے' تو اس کا مطلب یہ ہے' کہ وہ مشکلات پر قابو پانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ غرقابی' کم ہمتی اور ناکامی کی علامت ہے۔ اگر وہ دریا کی مخالف سمت میں تیرے' تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اسے صبر آزما مشکلات کا سامنا کرنے کے بعد کامیابی نصیب ہوگی۔

اگر کوئی شخص اپنے آپ کو دریا یا سمندر کی تند و پر پیچ موجوں میں گھرا ہوا دیکھے تو سمجھنا چاہیے کہ اسے آئندہ زندگی میں شدید مشکلات و مواقع کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہر قسم کی تعبیر مختلف انداز سے کی جاتی ہے۔ مثلاً کوئی بھی شخص اگر عالمِ رؤیا میں خوابوں کے لامتناہی سلسلہ میں اُلجھ کر رہ

Marfat.com

جائے' تو اس کا مطلب عموماً بیماری' یا خویش و اقارب سے علیحدگی لیا جاتا ہے' خواب میں گرنا یا بلندی سے اترنا اچھا نہیں۔

مصر' بابل' نینوا' روم' ہندوستان الغرض ہر قدیم تہذیب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ زمانہ قدیم کے حکمران اور اعلیٰ طبقہ ہمیشہ خوابوں میں دلچسپی لیتا رہا ہے۔ اگر فراعنہ مصر اور بابل و نینوا کے تاجداروں کے درباروں میں تعبیر گو موجود تھے' تو ہندوستان کے قدیم مہاراجے جوتشیوں اور پنڈتوں سے خواب کی تعبیر دریافت کرتے تھے' وہ خواب کو بے حقیقت متصور نہیں کرتے تھے' ان کے نزدیک خواب آنے والے واقعات کی علامت یا نشانی ہوتے تھے' اور ان کے مناسب تجزیہ سے مستقبل کے بارے میں پیش بینی و پیشگوئی کی جاسکتی تھی' ہندوستان کی قدیم کتابوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی مہاراجہ کوئی خواب دیکھتا تھا' تو وہ درباری جوتشیوں پنڈتوں اور وزیروں و مشیروں کے رُوبرو اپنا خواب بیان کرتا' جس کے بعد اس خواب پر بحث ہوتی اور متفقہ طور پر کوئی نتیجہ اخذ کر کے اس کے مطابق عمل کیا جاتا۔ زمانہ قدیم میں خواب بڑے بڑے حکمرانوں اور تاجداروں کے نظریئے بدل دیا کرتے تھے' اور لوگ اپنی روزمرہ کی زندگی کو اپنے خوابوں کی تعبیر کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے تھے۔

خواب اور تعبیر ماہرین نفسیات کی نظر میں

خوابوں کی تعبیر کرنا نہایت پرانا فن ہے' اور ہر ملک و قوم کے ممتاز علماء نے اس کے متعلق تحقیق و تفتیش کی ہے' ماہرین نفسیات کی رائے میں خواب ہمارے ذہن کی دبی ہوئی اُمنگوں کا عکس ہوتے ہیں' اور ان سے کسی شخص کی ذہنی کیفیات اور عملی صلاحیتوں کا بخوبی جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

فن تعبیر کے علماء کی رائے کے مطابق خواب میں ملبوسات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے' مثلاً اگر کوئی شخص اپنے آپ کو دلآویز اور دیدہ زیب کپڑوں میں ملبوس دیکھے' تو اس کی تعبیر یہ ہوگی' کہ وہ اپنے رفقائے کار میں ممتاز حیثیت حاصل کرے گا۔ اور معاملات محبت میں کامیابی اس کے

Marfat.com

قدم چومے گی۔ داغ دھبوں والے کپڑے بدنامی اور رسوائی کے مظہر ہوتے ہیں۔ اور پھٹے پرانے ملبوسات نکبت و افلاس اور ناکامی و بدبختی ظاہر کرتے ہیں۔

ملبوسات کا رنگ بھی زبردست اہمیت کا حامل ہے۔ سرخ رنگ رنج و غصہ زرد رنگ' حسرت و عناد' سفید رنگ' مسرت و کامرانی' سبز رنگ' تکمیل آرزو' نیلا رنگ' خلوص و محبت ظاہر کرتا ہے۔

خواب دیکھنے والے کی ذہنی حالت کا پتہ پانی سے بھی چلتا ہے' اگر وہ خواب میں صاف اور نتھرا ہوا پانی دیکھے' تو یہ صدق دلی اور نیک نیتی کا مظہر ہے۔ گدلا پانی' ذہنی انتشار اور تذبذب ظاہر کرتا ہے اُبلتا ہوا پانی' غیظ و غضب اور فقدانِ ضبط کی علامت ہے۔

اگر کوئی شخص خواب میں بخیر و عافیت دریا عبور کرے' تو اس کا مطلب یہ ہے' کہ وہ مشکلات پر قابو پانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ غرقابی' کم ہمتی اور ناکامی کی علامت ہے۔ اگر وہ دریا کی مخالف سمت میں تیرے' تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اسے صبر آزما مشکلات کا سامنا کرنے کے بعد کامیابی نصیب ہوگی۔

اگر کوئی شخص اپنے آپ کو دریا یا سمندر کی تند و پر پیچ موجوں میں گھرا ہوا دیکھے تو سمجھنا چاہیے کہ اسے آئندہ زندگی میں شدید مشکلات و مواقع کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور اگر اس عالم میں اپنی کشتی نذر طوفان ہوتی نظر آئے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اسے حریف کے ہاتھوں شکست کھا جانے کا خطرہ ہے غرض خواب کے دوران میں طوفان دیکھنے والا جس قسم کا طرزِ عمل اختیار کرے گا' وہ اس کی آئندہ زندگی کے لائحہ عمل کا آئینہ ہوگا۔

پھول خواب میں دیکھنے والے کی جذباتی اور دماغی زندگی کے مظہر ہوتے ہیں تازہ اور شاداب پھول مسرت و کامیابی کا پیغام لاتے ہیں' لیکن پژمردہ اور باسی ناکامی محبت آشکارا کرتے ہیں۔ اگر کوئی شخص خواب میں کسی سے پھولوں کے ہار کا تحفہ پائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ دوسرا شخص اس کی محبت کی قدر کرتا ہے' اور اس کے دل میں بھی خلوص و موٴدت کے جذبات بھی موج زن ہیں۔

اگر کوئی شخص خواب میں پھول توڑے' تو یہ ظاہر کرتا ہے' کہ اس کے اپنے دل میں

Marfat.com

چاہت کے ارمان کروٹیں لے رہے ہیں' سرخ گلاب محبت کی گہرائی اور شدت ظاہر کرتا ہے۔ سفید گلاب حیاء وحجاب کا آئینہ دار ہوتا ہے۔اس کے برعکس زرد گلاب مکر دریا اور نمائشی خلوص ظاہر کرتا ہے۔

تعبیر خواب کے عالم

یہ بات اظہر من الشمس ہے' کہ تعبیر خواب بنیادی حیثیت کا علم وفن ہے جس میں انبیاء صلحاء اور اکابرین نے درجہ کمال حاصل کیا۔ چنانچہ ان میں سے بعض اصحاب گرامی کے نام نامی ذیل میں درج کیئے جاتے ہیں:۔

حضرت حکیم دانیال رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت یوسف علیہ السلام ' حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ ' حضرت محمد ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت اسمٰعیل بن اشعت رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت حافظ ابن اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت خالد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت محمد بن شاہ رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت علامہ ابوالفضل حسین بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ ' حضرت محمد طلسی رحمۃ اللہ علیہ۔

متقدمین کی کتابیں

متقدمین نے اس فن میں فارسی وعربی میں جو اچھی اچھی کتابیں تصنیف کیں جن میں سے بعض ہمارے مطالعہ میں بھی آئی ہیں وہ یہ ہیں:۔

کتاب اصول' کتاب تقسیم دستور' کتاب جامع ارشاد' کتاب التعبیر (حافظ) کتاب التعبیر (اسمٰعیل) منہاج التعبیر' کتاب مرجین' بیان التعبیر' دستور الروس' حمل الدلائل والمناقات' کنزو پانی' انفاس التعبیر' مبادی التعبیر' کافی الروَیا' حقائق الروَیا' کتاب تعبیر ابن سیرین' مفرح الروَیا' مقدمتہ التعبیر' تحفتہ الملوک' تعبیر الروَیا۔

Marfat.com

تعبیر کرنے والے کے لئے کن کن علوم کا ماہر ہونا ضروری ہے

علم تعبیر میں دسترس حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید اور حدیث شریف کا مطالعہ بنیادی شرط ہے علاوہ ازیں علم قیافہ، فن استدلال، لغت، صرف نحو، ضرب المثال، فنون لطیفہ، اور علم وادب کی مہارت بھی ہونی چاہیے معبر کے لئے ظاہری و باطنی پاکیزگی بھی لازمی ہے لہذا جب تک کوئی ان علوم وصفات کا حامل نہ ہو علم تعبیر کا ماہر ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔ کیونکہ یہ علم اسرار الٰہی سے وابستہ ہے۔ جو جلیل القدر پیغمبروں کو ہی خدا نے عطا کیا ہے، اس لئے مقربین الٰہی کے مقابلہ میں یہ علم فطری ذہانت، روحانی قوت، اور عطائے الٰہی کے بغیر حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔

معبر کے لئے ہدایات

خواب کی تعبیر بتانے والے کو حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیے

- معبر کو چاہیے کہ وہ شوق وذوق سے خدا تعالیٰ کی عبادت کرے، علم حاصل کرنے میں مصروف رہے، زیادہ باتیں نہ کرے، تعبیر بتاتے وقت مستعد رہے، خواب کے واقعات شروع سے آخر تک نہایت احتیاط وغور کے ساتھ سنے، اور صاحب خواب کے مرتبہ اور مقام کا بھی خیال رکھے، پھر اصول فن کے مطابق صحیح تعبیر بتائے، اگر غور وفکر سے کچھ کام نہ چلے، تو خاموش رہے، اس فن میں تجربہ اور مشق ضروری ہے۔
- خواب سخت قسم کا ہونے کی صورت میں موقعہ کے مطابق تعبیر بتائے، لغو اور فضول حصہ چھوڑ دے سارا خواب ہی فضول ہو، تو خاموش رہے۔ اگر صاحب سے تعبیر کا پوچھنا مدنظر ہو تو اس نوع کے سوالات کرے، جن کے جوابات سے اس کی ناخوشی کا پتہ چل جائے۔ پھر مقتضائے حال کے مطابق تعبیر بتادے اور اگر اس طریق سے بھی کچھ پتہ نہ چلے، یا وہ نہ بتائے، تو پھر اس کے نام، طبیعت، شکل اور صورت اور بات چیت کی راستی یا ناراستی کا خیال رکھ کر تعبیر بتائے، مگر نا خوشگوار تعبیر کا چھپانا ہی بہتر ہے۔

Marfat.com

- جنس، طبیعت اور صفت کا بھی خیال رکھنا چاہیے جنس سے ہر قسم کے جانور اور درخت مراد ہیں، اور ان کی تعبیر مذکر ہوتی ہے۔ صفت اسے کہتے ہیں کہ معبر دریافت کرے، کہ درخت کونسا اور جانور کس نوع اور جنس وصفت کا ہے۔ مثلاً آم کے درخت کی تعبیر عربی نژاد نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ درخت عرب میں نہیں پایا جاتا، اس لئے عجمی بلکہ ہندی نژاد تعبیر ہوگی۔
- اسی طرح ہاتھی کی تعبیر ہندی نژاد اور گھوڑے کی تعبیر عربی نژاد ہوگی۔ طبیعت سے قسم مراد ہے۔ مثلاً پھل والے درخت کی تعبیر دولت مند ہے، لیکن اخروٹ ہو تو دولت مند کنجوس بدمعاملہ اور بُرامُر اد ہوگا۔ اگر صاحب خواب کو پرندہ اڑتا نظر آئے تو یہ اس کے نذر دینے کی دلیل ہوگی۔ پرندے کے مزاج کا خیال رکھنا چاہیے مثلاً کتے کی تعبیر، باوفا مرد، اور کوّے کی تعبیر، چلتا پُرزہ اور وعدہ خلاف مراد ہوگا۔
- تعبیر بتانے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ باطہارت ہوکر بڑی نرمی، حلیمی اور آہستگی سے خواب سُنے عجلت سے کام نہ لے، اور کافی دیر تک اس پر غور وخوض کرے صاحب خواب کا عقیدہ اور مذہب دریافت کرے، اور جھوٹ یا سچ پرکھنا بھی ضروری ہے۔
- اگر کسی شخص کو اپنا خواب یاد نہ رہے تو تعبیر بتانے والے کو چاہیے کہ تعبیر پوچھنے والے سے دماغ پر زور نہ ڈالنے کے لیے کہے۔ کیونکہ بھول جانا مصیبت کی دلیل ہے، اس لئے کہ فرشتہ لوح محفوظ سے انسان کو خواب دکھاتا ہے۔
- تعبیر بتانے والے کو چاہیے کہ وہ پہلے خواب دیکھنے والے کا نام، حیثیت، درجہ، مذہب دریافت کرے، اور اس کے اخلاق وکردار اور عقل وادراک کا اندازہ کرے، پھر خواب دیکھنے کا وقت معلوم کرکے پوچھے، کہ خواب دن کو نظر آیا، یا رات کو، اور خواب دیکھنے والے کا خواب بیان کرنے کا انداز کیا ہے، تعبیر بتانے والے کو چاہیے کہ عربی مہینے کا دن اور فارسی مہینے کی فصل معلوم کرنے کے بعد ٹھیک تعبیر بتائے۔

Marfat.com

اچھا نام:

اگر خواب دیکھنے والے کے نام یا اس کے والد کے نام میں کسی پیغمبر کا نام آ جائے (مثلاً عیسیٰ علیہ السلام یا ابراہیم علیہ السلام) وغیرہ تو تعبیر بتانے والے کو چاہیے کہ اس کی فال اور حساب سے مبشر تعبیر کرے۔

بُرا نام:

اگر بُرا نام ہو تو اس کی تعبیر فتنہ و شر پر قائم ہو گی۔

نیک وقت:

معبر کو چاہیے کہ اتوار یا پیر کے حصہ اوّل میں تعبیر بتائے کیونکہ یہ وقت مبارک ہے' جمعرات اور جمعہ کا حصہ اوّل بھی مبارک ہے۔

منحوس وقت:

منگل کے اوّل حصہ میں تعبیر بتانا ٹھیک نہیں' کیونکہ یہ وقت منحوس ہے' اور بدھ کو اوّل حصہ بھی منحوس ہے۔

○ تعبیر بتانے والا اسی صورت میں کامیاب ہو سکتا ہے' کہ وہ بہت زیادہ علم و فضل اور عقل و دانش کا مالک ہونے کے علاوہ تجربہ بھی وسیع رکھتا ہو۔ مختلف امور کے تمام پہلوؤں پر اس کی نظر ہو' کہتے ہیں کہ ایک دفعہ خلیفہ مہدی کو خواب آیا' کہ اس کے سارے چہرے پر سیاہی چھا گئی ہے۔ درباری معبروں میں سے کوئی اس کی تعبیر نہ بتا سکا لیکن حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تعبیر بیان کی' کہ خلیفہ کے محل میں لڑکی پیدا ہو گی۔ درباری معبروں نے ثبوت لیا۔ تو حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید کی کچھ آیات پڑھ کر سنائیں۔ جن کی معنی یہ ہیں کہ۔

> ''خواب میں ان لوگوں کو جب لڑکی پیدا ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے' تو ان کے چہرے پر غم کی سیاہی چھا جاتی ہے۔
> یہ تعبیر سچی ثابت ہوئی' اور خلیفہ کے ہاں صاحبزادی تولد ہوئی' خلیفہ نے حضرت کرمانی

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ کو انعام واکرام سے مالا مال کر دیا۔ حقیقت یہ ہے' کہ اگر کسی کے پاس ایک سیر علم ہو تو اس کو عقل بھی ایک من چاہیے۔

ایک آدمی کو خواب میں نظر آیا' کہ اسے خصّی کر دیا گیا ہے۔ اس نے تعبیر پوچھی تو معبروں نے اس طرح قیاس آرائی کی۔

☆ تم جلدی مر جاؤ گے۔

☆ تمہیں اپنے بیٹے کی جدائی دیکھنی پڑے گی۔

☆ تیزی اور قوت میں خرابی ہو گی۔

☆ نسل کا سلسلہ ٹوٹ جائے گا۔ اور تم اپنی بیوی کو طلاق دے دو گے۔

چند دن کے بعد وہ شخص اپنی بیوی کو طلاق دے کر اپنے بیٹے کو ساتھ لئے بحری سفر پر روانہ ہوا' لیکن اس کا جہاز غرق ہو گیا۔ اسی دوران میں مچھلی نے اس کا عضو مخصوص اور خصیے کھا لیے اور اس کا بیٹا اور مال تباہ برباد ہو گیا۔ اور اسی طرح ساری تعبیریں درست ثابت ہو گئیں۔

○ تعبیر بتانے والے کو چاہئے کہ وہ قبرستان میں خواب کی تعبیر نہ بتائے۔

ہدایات برائے صاحبِ خواب

○ اس بات کا خیال رکھنا ہر شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ بستر پر لیٹتے وقت باوضو ہو سونے سے پہلے دعا مانگے' اور اپنے آپ کو اس کے حوالے کر کے پناہ و امان کا طالب ہو' اور برکت مانگے' اس کی تعریف اور شکر کرے' عجز و انکساری کا اظہار کرے' بخشش طلب کرے اور تائب ہو۔ اچھا خواب دیکھنے کی توفیق چاہے' تو داہنی کروٹ اور اسی کروٹ جاگے اور آنکھ کھلتے ہی خدا کو یاد کرے۔

○ اچھا خواب آئے' تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجالا کر خیرات کرے حدیث شریف میں لکھا ہے کہ اس قسم کا خواب برادران اسلام اور احباب سے بیان کرے۔

○ بُرا خواب آئے' تو فی الفور آعوذ باللہ اور لاحول ولاقوۃ کا ورد کرے' اور خواب کسی کو نہ

Marfat.com

بتائے۔تا کہ گزند سے بچا رہے' اور قل ہو اللہ احد پڑھے' اور بائیں جانب دم کرے' پھر یوں دعا مانگے کہ اے اللہ! اگر یہ خواب اچھا ہے' تو اس کا انجام اچھا دکھا' ورنہ ضرر اور گزند سے بچائے رکھ۔

- صاحب خواب کو لازم ہے کہ وہ تعبیر بتانیوالے کے سامنے من وعن اپنا خواب بیان کرے کسی قسم کی کمی بیشی نہ کرے' ورنہ تعبیر ٹھیک نہ نکلے گی' بلکہ الٹا ضرر پہنچے گا' کیونکہ خواب خدا اور بندے کے درمیان امانت ہے۔
- خواب کو اپنی طرف سے گھڑ کر کچھ کا کچھ بیان نہیں کرنا چاہیے' کیونکہ یہ گناہِ عظیم ہے اس سے بچنا ضروری ہے۔
- اگر خواب یاد نہ رہے تو توبہ کرنی چاہیے' تا کہ صاحبِ خواب اللہ کے عذاب سے بچا رہے۔
- غیر مسلموں' اَن پڑھ لوگوں' بد خواہوں اور عورتوں سے خواب کی تعبیر دریافت کرنا مناسب نہیں۔
- جس دن مطلع ابر آلود ہو' اور مینہ برس رہا ہو' یا برف پڑ رہی ہو تو خواب کی تعبیر دریافت نہیں کرنی چاہیے۔
- طلوع آفتاب' یا غروب آفتاب کا وقت بھی تعبیر پوچھنے کے لئے درست نہیں۔
- صحیح خواب دیکھنے کے لئے مناسب یہ ہے کہ کھانا زیادہ نہ کھایا جائے' تا کہ بخارات دماغ کی طرف صعود نہ کر سکیں' لیکن بہت کم بھی نہ کھانا چاہیے' کیونکہ اس صورت میں پریشان خواب نظر آتے ہیں۔
- اگر کوئی آدمی اس نیت سے لیٹ جائے کہ اسے سونے میں خواب نظر آئے' اور اسے خواب میں بکری یا حلال جانور دکھائی دے' تو اس کی تعبیر تباہی و بربادی ہے۔اور اگر وہ کوئی لذیذ و پُر لطف کھانا کھائے' یا اس کے لیے بند دروازہ کھول دیا جائے' تو اس کی تعبیر اچھی ہے' یعنی وہ نفع حاصل کرے۔

Marfat.com

- جب خواب نظر آئے، تو اس کے بعد سونا نہیں چاہیے ورنہ تعبیر اور کی جائے گی۔
- رات کے وقت خواب کی تعبیر کسی سے نہ پوچھنی چاہیے۔

خواب کی قسمیں

فلسفیانہ قسمیں:

① طبعی ② غیر طبعی

تعبیر بتانے والوں کی قسمیں:

① آمر (حکم دینے والا)

② زاجر (بات سے روکنے والا

③ مبذر (خوف دلانے والا)

④ مبشر (خوشخبری دینے والا)

حدیث شریف میں خواب کی تین قسمیں لکھی گئی ہیں۔

① زندگی میں مومنوں کو خوشخبری سنانے والے خواب

② غم والم میں مبتلا کرنے والے خواب

③ پریشان کن خواب

خواب کی اصل:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''خواب کی اصل تین قسموں پر قائم ہے۔

① محکمہ

② متشابہ

③ اضغاث احلام (یعنی خواب ہائے پریشان)

اس طرح کے خواب انہیں نظر آیا کرتے ہیں، جو شرابی، فسادی، یا نابالغ بچے ہیں۔ یا مسور بینگن وغیرہ سودا پیدا کرنے والی چیزیں کھائیں، اضغاث کے معنی ہیں، گھاس کے کھٹے مٹھے

Marfat.com

پس یہ خواب بھی ایسے ہی پریشان ہوا کرتے ہیں۔

حضرت محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے خواب کو دو قسموں پر مشتمل کیا ہے ایک محکمہ یعنی درست خواب دوسرے اضغاث۔

اضغاث کی قسمیں:

① شیطانی نمائش سے خواب آنا

② خواہشات

③ طبیعت یا ہوا کے غلبہ سے۔

جناب کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

خواب کی تین قسمیں ہیں۔

① اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوشخبری

② شیطانی وسوسہ

③ اپنا خیال

جناب مغربی رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

خواب کی دو قسمیں ہیں۔

① سچا خواب

② جھوٹا خواب

خواب کی قسمیں:

① تبشیر

② تہدید

③ الہام

Marfat.com

① تبشیر:۔

اس خواب کا فرشتہ جو اس کا مؤکل ہے۔ خواب دیکھنے والے کو لوح محفوظ کی خبر دیتا ہے۔

② تہدید:۔

خواب کا فرشتہ انسان کو اندر آنے والی تکلیف سے خبردار کرتا ہے تا کہ وہ گناہوں سے توبہ کر کے فتنہ و شر سے بچا رہے۔

③ الہام:۔

اللہ تعالیٰ خواب کے فرشتے کو حکم دیتا ہے' کہ انسان کو خواب دکھائے۔ تا کہ صدقہ دے' جہاد کرے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے' اور گناہوں سے توبہ کرے نیز لوگوں کے ساتھ انصاف سے پیش آئے۔

جھوٹے خواب کی قسمیں:

① ہمت

② علت

③ شیطانی' یعنی خواب پریشان

① ہمت:۔

جاگنے میں جو خیال ہو' وہی خواب بن کر نظر آئے۔ یہ بے بنیاد ہوتا ہے اور اس کی تعبیر صحیح نہیں ہوتی۔

② علت:۔

بیماری کی حالت میں خواب آنا۔ اس خواب کو بھی بے بنیاد و بے تعبیر سمجھنا چاہیے۔

③ شیطانی:۔

ناممکن چیز خواب میں نظر آنا' یا غسل واجب ہو جانا' یہ بھی بے بنیاد اور بے تعبیر ہوتا ہے۔

Marfat.com

تعبیر بتانے والے کے لئے اہم ہدایات

① خواب دیکھنے والے کا نام اچھا ہونا کامیابی کی نشانی ہے۔ احمد، اسمٰعیل، فضل، وغیرہ مبارک نام ہیں خواب دیکھنے والے کو نیکی اور راحت میسر آئے گی۔

② بُرا نام بدشگونی، یعنی غم والم فتنہ فساد کی علامت ہے۔

③ اگر خواب دیکھنے والا بیان تعبیر کے وقت گھوڑے یا خچر کے پاس کھڑا ہو تو پھر نیک شگونی مگر سفر کرنا پڑے گا۔ خصوصاً جب گھوڑ سواری کے لیے ساز وسامان سے آراستہ ہو۔

④ اگر بیان تعبیر کے وقت کوا تین دفعہ کائیں کائیں کرے، تو یہ اچھا شگون ہے مگر دو دفعہ کائیں کائیں کرنا فتنہ وفساد کی علامت ہے۔ پانچ دفعہ بولنا بھی اچھا نہیں ہے چار بار آواز نکالنا نیک فال ہے بالعموم طاق تعداد اچھی، اور جفت بُری ہے۔

⑤ غلام کا خواب اس کے آقا پر اچھا یا بُرا اثر ڈالتا ہے۔

جُھوٹے اور بے بنیاد خواب

① اگر کسی خواب میں کسی کو کوئی رنگ دکھائی دے یا وہ فصد کھلوا رہا ہو یا اپنے آپ کو عیش وعشرت میں مصروف دیکھے تو تعبیر بتانے والے کو لازم ہے کہ وہ خواب دیکھنے کے چہرے کو غور سے دیکھے، اور اس سے مفصل حالات دریافت کرے، اگر اس میں خون کا غلبہ نظر آئے اور وہ گوشت کھانے یا شراب پینے کا عادی ہو، تو غلبہ خون ہی اس کے خواب کا باعث ہوگا۔ اسے بے تعبیر خواب سمجھنا چاہیے۔

② اگر صاحب خواب کو آگ یا گرم موسم وغیرہ نظر آئے، اور اس کے چہرے اور جسم کا رنگ زرد ہو، بدن لاغر ہو، وہ زیادہ باتیں کرے، اور طبیعت میں تیزی ہو، تو خواب لغو ہے کیونکہ وہ غلبہ صفرا کا نتیجہ ہے، اور اس آدمی کو مصالحہ جات، پیاز، لہسن وغیرہ گرم چیزیں کھانے کی عادت ہے۔

Marfat.com

③ اگر کسی کو خواب میں بارش برف وغیرہ سرد اشیاء نظر آئیں' اور وہ دودھ' دہی وغیرہ زیادہ کھائے' تو یہ غلبہ بلغم کا اثر ہے' اور خواب کی تعبیر بھی معتبر نہیں۔

④ اگر کوئی آدمی سانپ' بچھو یا کسی سیاہ چیز کو دیکھ کر ڈر جائے' تو اس کے خواب کی تعبیر بھی صحیح نہ ہوگی۔ کیونکہ یہ غلبہ سودا کا اثر ہے' اور پیاز' بینگن اور گوشت کھانے کا نتیجہ ہے۔

⑤ اگر کوئی خواب دیکھنے والا سوچ اور فکر میں ہو' چہرہ سیاہی مائل ہو' اور وہ داڑھی اور منہ پر ہاتھ پھیرتا چلا جائے' تو یہ بھی سودائی علامتیں ہیں' اور خواب کی تعبیر معتبر نہ ہوگی۔

⑥ اگر کوئی شخص خواب دیکھے' کہ بارش' برف اور سردی میں کھڑا ہے' اور آنکھ کھلنے پر بھی اپنے آپ کو سردی میں پائے' یعنی اس کے اوپر سے کپڑا اترا ہوا ہو تو اس کا خواب بھی بے بنیاد سمجھنا چاہیے کیونکہ اس کا باعث صرف سردی ہے۔

⑦ اگر کسی کو خواب میں حرارت' دھوپ یا گرمی محسوس ہو اور جاگنے پر بھی اپنے آپ کو گرم کپڑوں پر لپیٹا ہوا پائے' تو اس کے خواب کی تعبیر بھی معتبر نہ ہوگی

⑧ اگر صاحب خواب نے بائیں کروٹ لے رکھی ہے' یا چت سو رہا ہے' اور ہاتھ سینے کے اوپر ہو۔ اور خواب میں بڑبڑائے اور ڈر جائے' تو وہ خواب بھی معتبر نہ ہوگا۔

⑨ اگر مریض کو خواب میں کوئی درد یا تکلیف محسوس ہو تو اس کا خواب بھی بے بنیاد ہوگا۔

⑩ اگر کسی آدمی کو ایسا معلوم ہو' کہ خواب میں پیشاب کر رہا ہے' اور جاگنے پر اس کے کپڑے پیشاب میں بھیگے ہوں' تو اس کا خواب بے بنیاد ہوگا۔ خواب میں پیشاب کا غلبہ ہونا بھی اسی حکم کے تحت آتا ہے۔

⑪ اگر کسی پیشہ ور کو خواب میں اپنے اوزار نظر آئیں' تو اس کے خواب کی تعبیر بیان کرنے سے پیشتر یہ معلوم کر لینا چاہیے' کہ وہ دن کے وقت کس کام میں مصروف رہا تھا۔ اور رات کو سوتے وقت کس خیال میں تھا۔

Marfat.com

ڈراؤنے اور خطرناک خواب!

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

بُرا خواب شیطان کی طرف سے ہوتا ہے چنانچہ صاحب خواب کو چاہیے کہ جب اس کی آنکھ کھل جائے تو تین مرتبہ بائیں طرف تھتکار دے' اور شیطان سے پناہ مانگے پھر اس خواب کا کسی سے ذکر نہ کرے' اس طرح خواب کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔"

مزید فرمایا کہ "بیدار ہونے پر کروٹ بدل لے"

حضرت ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ:۔

انسان عالم بیداری میں جو شغل رکھتا ہے' عموماً خواب میں اسی قسم کے مشاہدات سے واسطہ پڑتا ہے۔ چنانچہ بُرے' خطرناک' اور ڈراؤنے خواب انسان کی اسی قسم کی سرگرمیوں کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ جو بیداری کی حالت میں اس کا معمول ہوتی ہیں۔

علاوہ ازیں ایسے خواب غلبہ طبیعت کا بھی نتیجہ ہوتے ہیں۔ سودا کے مریض کو خوف کے مناظر نظر آتے ہیں۔

خواب کا فرق مرتبہ کے لحاظ سے

① بالعموم بادشاہ کا خواب نسبتاً سچا ہوتا ہے اور بنی کا بالکل سچا۔

② مفتی' قاضی' عالم اور فقیر کا خواب بھی عوام کے خواب سے درست تر ہوتا ہے۔

③ آزاد کا خواب غلام کے خواب سے معتبر ہوتا ہے۔

④ مرد کا خواب عورت کے خواب پر فضیلت رکھتا ہے۔

⑤ عورت اور غلام کا خواب برابر ہوتا ہے۔

Marfat.com

⑥ نیک آدمی کا خواب بدکار کے خواب سے معتبر ہوتا ہے۔

⑦ امیر کا خواب غریب کے خواب پر ترجیح رکھتا ہے' امیر کے خواب کا نتیجہ جلد اور غریب کا دیر میں ظاہر ہوتا ہے۔

⑧ مومن کا خواب کافر کے خواب سے معتبر ہوتا ہے۔

⑨ بھکاری کا خواب معتبر نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ پریشان دل ہوتا ہے' اس کا اچھا خواب دیر میں' اور بُرا جلد اثر کرتا ہے۔

⑩ بالغ کا خواب نابالغ کے خواب پر فضیلت رکھتا ہے۔

⑪ نابالغ کا خواب اچھا یا بُرا اثر اس کے والدین پر ظاہر کرتا ہے' بچوں کا خواب بعض عالموں کے نزدیک درست اور بعض کے خیال میں غلط ہوتا ہے۔

⑫ مست کا خواب معتبر ہوتا ہے۔

⑬ حائضہ کا خواب تعبیر رکھتا ہے۔

⑭ عقل مند کے خواب کو بیوقوف کے خواب پر ترجیح ہوتی ہے۔

⑮ بوڑھے کا خواب بچے کے خواب پر فوقیت رکھتا ہے۔

⑯ آزاد عورت کا خواب لونڈی کے خواب سے معتبر ہوتا ہے۔

خواب پر وقت کے اثرات!

① دن کا خواب رات کے خواب پر فضیلت رکھتا ہے۔ رات کے پہلے حصّہ کا خواب غیر معتبر اور نصف شب کا پریشان ہے' البتہ صبح کے وقت جو خواب آئے' وہ قابل اعتبار ہوتا ہے۔

② رات کے خواب کی تعبیر پانچ سال' اور آدھی رات کے خواب کی تعبیر چھ ماہ بعد نکلتی ہے مگر صبح کے خواب کا نتیجہ دس ہی دن کے اندر اندر ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور خواب کا وقت دن کے جس قدر نزدیک ہوتا ہے اسی قدر خواب کی تعبیر جلد نکلتی ہے۔

Marfat.com

③ خواب وقت کے لحاظ سے اثر انداز ہوتا ہے مثلاً اگر کسی کو رات کے وقت یہ خواب آئے کہ وہ سبیل پر بیٹھا ہے' تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسے نفع اور ترقی حاصل ہوگی۔ لیکن اگر یہی خواب دن کے وقت آئے' تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بیوی کو طلاق دے گا۔ اور اگر دن کو یہ خواب آئے' کہ مرغ نے کتے کو پکڑ لیا' تو اس کی یہ تعبیر ہے' کہ صاحب خواب بیماری میں مبتلا ہوگا۔ اور اگر یہی خواب رات کو آئے' تو اسے کسی بیوقوف کے ساتھ پالا پڑے گا۔

④ خواب کی تعبیر صبح سے نصف شب تک دریافت کرنا بلند اقبال کی علامت ہے اور اگر اس کو خواب اس وقت آئے' کہ آفتاب طلوع ہو کر اونچا ہو جائے' تو وہ خواب قابل اعتبار ہے۔

⑤ سردی کے موسم میں خواب آئے' تو اس کی تعبیر ضعیف ہوتی ہے۔

⑥ بہار کے موسم میں جو خواب آئے' وہ برکت والا ہوتا ہے مگر اس کی تعبیر عرصے کے بعد نکلتی ہے۔

⑦ گرمیوں میں خواب آئے' تو اس کی تعبیر قوی اور جلد ظاہر ہوتی ہے۔

⑧ خزاں کی فصل میں جو خواب آئے' اس کی تعبیر صحیح نہیں ہوتی۔

خواب پر تاریخوں کا اثر

جو خواب مندرجہ ذیل تاریخوں میں آئیں' وہ درست ہوتے ہیں۔

۶' ۷' ۸' ۹' ۱۰' ۱۵' ۱۶' ۱۹' ۲۶' ۲۷' ۳۰

اور ان تاریخوں میں جو خواب آئیں' ان کی تعبیر دیر سے نکلتی ہے۔

۳' ۵' ۱۱' ۱۲' ۱۷

نیز ان تاریخوں میں جو خواب آئیں' وہ اچھے اور بُرے دونوں درست ہیں۔

Marfat.com

روزانہ ساعتوں کا نقشہ

کسی خاص وقت پر کسی خاص ستارے کی ساعت معلوم کرنا نہایت اہم اور مفید ہے لہٰذا نیچے دیئے ہوئے ایک نقشہ سے مختلف وقتوں کی ساعتیں معلوم کرنے میں سہولت رہتی ہے' ہر دن کے سامنے پہلے ستارے کا جو نام لکھا گیا ہے' وہ صبح چھ بجے سے سات بجے تک عامل واثر انداز رہتا ہے پھر علی الترتیب دوسرے ستاروں کا اثر ہوتا ہے جس کی معیاد ایک گھنٹہ یعنی ہر ساٹھ منٹ کے بعد تبدیل ہو جاتی ہے۔ گویا بارہویں خانے کے ستارے کا عمل واثر پانچ بجے شام سے چھ بجے شام تک رہتا ہے' اور ساری رات یہی صورت قائم رہتی ہے۔ یہاں تک کہ پھر صبح کے ستارے کا دور دورہ شروع ہوتا ہے۔

نام دن	۶ بجے سے ۷ تک	۷_۸	۸_۹	۹_۱۰	۱۰_۱۱	۱۱_۱۲	۱۲_۱	۱_۲	۲_۳	۳_۴	۴_۵	۵_۶
ہفتہ دن	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
ہفتہ رات	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
اتوار دن	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
اتوار رات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر دن	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس

Marfat.com

پیر رات	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل دن	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	قمر	عطارد	قمر
منگل رات	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	زہرہ	شمس	زہرہ
بدھ دن	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
بدھ رات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات دن	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
جمعرات رات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ دن	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
جمعہ رات	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

Marfat.com

سعد و نحس ساعتوں کا نقشہ

خواب کی تعبیر نیک ساعتوں میں معلوم کرنی چاہیے۔ نیک و بد ساعتوں کے متعلق تعبیر بتانے والے سے بھی پوچھا جا سکتا ہے، لیکن یہاں ہم آپ کی سہولت کے لیے سعد و نحس ساعت معلوم کرنے کے لئے ذیل میں نقشہ دے رہے ہیں۔

دن کے علیحدہ علیحدہ بارہ گھنٹے اور چار پہر ہوئے ہیں۔ یعنی تین گھنٹے کا ایک پہر ہوا نقشے میں قمری تاریخوں کے سلسلے میں سعد نحس کا حال پہروں کے حساب سے درج کیا جاتا ہے۔

قمری تاریخ	دن کے چار پہر				رات کے چار پہر			
	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۱	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	نحس	سعد	سعد
۲	نحس	سعد	سعد	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس
۱۲_۱۳	نحس	سعد	سعد	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد
۴_۲۴	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	نحس	سعد	نحس
۷_۲۹	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس
۸	س	ن	س	ن	س	س	ن	ن
۲۹_۷	س	س	س	ن	س	س	ن	ن
۸	س	س	س	ن	ن	ن	ن	ن
۲۱_۹	س	س	س	ن	س	ن	س	ن
۲۴_۱۰	س	س	ن	ن	ن	ن	س	س
۲۵_۱۱	س	س	ن	س	س	س	س	س
۱۲	ن	س	س	س	ن	ن	ن	س

Marfat.com

۱۳	ن	ن	ن	ن	ن	س	ن	س
۱۴	س	ن	س	ن	ن	ن	س	ن
۲۶	س	س	ن	ن	س	س	ن	ن
۱۶	ن	س	س	ن	س	س	ن	ن
۱۷_۲۷	س	س	س	ن	س	س	ن	س
۱۸_۲۸	ن	ن	س	س	س	ن	ن	ن
۲۹	س	س	ن	س	ن	س	س	س
۳۰	نس	ن	ن	س	ن	ن	س	س

بُھولے ہوئے خواب کو یاد کرنے کا طریقہ

خواب دیکھ کر بُھول جانے کے چار سبب ہیں

① گناہ کی کثرت

② مختلف کاروبار میں مصروف رہنا

③ ضعف نیت

④ طبیعت کا اختلاف اور تغیر

پہلا طریقہ

جب کوئی آدمی تعبیر بتانے والے کے پاس آ کر کہے کہ اسے اپنا خواب یاد نہیں رہا' تو معبر اس سے اپنے کسی عضو پر ہاتھ رکھنے کے لیے کہے اور اس سے اس کا خواب معلوم کرے۔

- اگر خواب دیکھنے والا سر پر ہاتھ رکھے' تو معبر سمجھے کہ اسے خواب میں پہاڑ نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا آنکھ پر ہاتھ رکھے' تو معبر سمجھے کہ اس نے خواب میں کڑوے پانی کا چشمہ دیکھا ہے۔

Marfat.com

- اگر خواب دیکھنے والا ناک پر ہاتھ رکھے' تو معبر سمجھے' کہ اسے خواب میں پہاڑ کا دامن نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا منہ پر ہاتھ رکھے تو معبر سمجھے' کہ اسے خواب میں عمدہ چشمہ نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا کان پر ہاتھ رکھے' تو معبر سمجھے کہ اسے خواب میں خاردار شگاف نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا داڑھی پر ہاتھ رکھے' تو سمجھے کہ اسے خواب میں گھاس نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا پیٹ پر ہاتھ رکھے' تو سمجھے کہ اس نے خواب میں دریا دیکھا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا عضو مخصوص پر ہاتھ رکھے' تو معبر سمجھے' کہ اسے شراب خانہ نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا کندھے پر ہاتھ رکھے' تو اسے خواب میں محل اور بلندی نظر آئی ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا ہاتھ کی انگلیوں پر ہاتھ رکھے' تو اسے خواب میں پھل دار درخت نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا پاؤں کی انگلیوں پر ہاتھ رکھے' تو اسے خواب میں درخت کی چھوٹی شاخیں نظر آئیں۔
- اگر خواب دیکھنے والا مقعد پر ہاتھ رکھے' تو اُسے خواب میں غلاظت نظر آئی ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا ٹخنے پر ہاتھ رکھے' تو اسے خواب میں ٹیلہ نظر آیا ہے۔
- اگر خواب دیکھنے والا پنڈلی پر ہاتھ رکھے' تو اس کو خواب میں بے پھل درخت نظر آیا ہے۔

دوسرا طریقہ:

جس آدمی کو اپنا خواب یاد نہ رہا ہو' اس سے اس کا نام دریافت کرو' اور ابجد کے حساب

Marfat.com

سے اس کے عدد جمع کر کے' حاصل جمع نو پر تقسیم کر دو۔ جو باقی بچے' اس پر مندرجہ ذیل حکم لگاؤ' اگر حاصل جمع نو پر پورا تقسیم ہو جائے' اور کوئی باقی نہ بچے' تو اسے کوئی بُرا خواب نظر آیا ہے۔

- اگر ۸ عدد بچے تو اسے خواب میں یہ اشارہ ہوا کہ اسے کوئی سفر درپیش ہے' یا کسی عورت سے نکاح کر رہا ہے' جس کی تعبیر مبارک ہے۔
- اگر ۷ عدد بچے' تو اسے خواب میں کتا یا درندہ نظر آیا ہے' جس کی تعبیر جنگ ہے۔
- اگر ۶ عدد بچے اور خواب دیکھنے والا شریف ہو' اور اُسے نیک فرشتے خواب میں نظر آئے ہیں' جس کی تعبیر ترقی ہے۔
- اگر چھ کا عدد بچے' اور خواب دیکھنے والا شریر ہے' تو شیطان خواب میں نظر آیا ہے' جس کی تعبیر فتنہ و شر اور زوال و بربادی ہے۔
- اگر ۵ کا عدد باقی بچے' تو اسے گھوڑا اور ہتھیار خواب میں نظر آئے ہیں جس کی تعبیر مضر ہے۔
- اگر ۴ کا عدد بچے' تو آسمان پر ستارہ اسے خواب میں نظر آیا ہے' جس کی تعبیر بلندی ہے۔
- اگر ۳ کا عدد باقی بچے' تو اُسے خواب میں یہ نظر آیا ہے' کہ اس نے کسی کو نیک کام کرنے کے لیے کہا ہے' جس کی تعبیر فائدہ اور منفعت ہے۔
- اگر ۲ کا عدد باقی بچے' تو اسے خواب میں یہ نظر آیا ہے' کہ اس نے کسی کو نیک کام کرنے کو کہا ہے' جس کی تعبیر بلند مرتبہ ہے۔
- اگر ایک کا عدد باقی بچے تو اسے خواب میں یہ نظر آیا ہے' کہ اس نے کسی کو نیک کام کرنے کے لئے کہا ہے جس کی تعبیر خوف کا دُور ہونا ہے۔

عجوبہ خواب:

① بعض آدمیوں کا ذہن کُند اور حافظہ ایسا کمزور ہوتا ہے کہ جاگنے میں وہ ایک معمولی شعر تک ٹھیک نہیں پڑھ سکتے' لیکن سوتے میں مشکل اشعار پڑھتے ہیں' اور پھر جاگ اٹھنے کے بعد بھی صحیح شعر پڑھنے لگتے ہیں۔

Marfat.com

اکثر ان پڑھ آدمی خواب میں اچھے اور مہذب الفاظ بولتے ہیں' اور فلسفہ کے نکات بیان کرتے ہیں' اور پھر جاگنے کے بعد بھی ان کا اعادہ کرتے ہیں۔

② بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آدمی کو خواب میں نادرست یا مصنوعی بات نظر آتی ہے' مگر اس کی تعبیر ہُو بہُو اس کے بیٹے یا بھائی کے حق میں پوری ہو جاتی ہے۔

حضرت رسول کریم ﷺ کو خواب آیا' کہ ابو جہل مسلمان ہو گیا ہے' مگر اس کی تعبیر یہ نکلی کہ عکرمہ بن ابو جہل نے اسلام قبول کر لیا۔ کسی کو خواب آیا' کہ مکہ کا امیر اسد اسلام لے آیا۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ اس کا بیٹا عباس دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔

③ اگر چھوٹے بچے کو خواب آئے' تو اس کی تعبیر اس کے والدین کے حق میں پوری طرح ہوتی ہے۔

④ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں'' خواب ایک عجیب و غریب چیز ہے کہ جو کچھ نیند کی حالت میں مصنوعی طور پر نظر آتا ہے' وہی جاگنے میں درست ثابت ہوتا ہے۔

دوسرے کو اپنے حسب منشا خواب دکھانا

سر سید مرحوم اپنی تفسیر القرآن میں سورۂ یوسف ؑ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ:۔

'' بعض آدمی دوسرے لوگوں کو اپنے حسب منشاء خواب دکھانے پر قادر ہوتے ہیں چنانچہ سوئے ہوئے آدمی کے پاس بیٹھ جاتے ہیں اور اس طریق پر کہ وہ جاگ نہ اُٹھے اس کی قوت متخیلہ یا سامعہ پر مطلوبہ اثر ڈالتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے' کہ وہ مطلوبہ خواب دیکھنے لگتا ہے۔''

خود اپنے حسبِ منشا خواب دیکھنا

اپنے حسب منشاء خواب دیکھنے کا طریق کار یہ ہے

کہ جب موسم اعتدال پر ہو' یعنی نہ زیادہ سردی ہو' نہ گرمی ایک صاف ستھرے اور

Marfat.com

قدرے ہوادار مکان میں چارپائی بچھا کر صاف اور سفید اجلے بستر پر لیٹ جائیں' وہاں کوئی اور آدمی موجود نہ ہو۔ بالخصوص اس رات کو آپ وہاں بالکل تنہا ہوں۔

یہ بھی ضروری ہے کہ خواب دیکھنے والا خوش وخرم اور اس کا مزاج اعتدال پر ہو دماغ درست ہو' خوراک ہلکی اور زود ہضم کھاتا ہو' سوتے وقت نہ اس کا پیٹ خالی ہو' اور نہ زیادہ بھرا ہوا ہو لیٹنے سے پہلے لازم ہے کہ وہ نہا دھو کر پاکیزہ لباس پہنے بتی دھیمی کر کے پرے رکھ دے' اور چارپائی پر لیٹ جائے' پھر دونوں ایڑیوں کے درمیانی مقام کی طرف خوب نظر جما کر دیکھے' اور مطلوبہ آدمی یا جگہ کا تصور باندھے' اس طرح تھوڑی دیر کے بعد نیند آ جائے گی' اور مطلوبہ خواب دیکھنے کے علاوہ عجیب وغریب مناظر بھی نظر آئیں گے جو درست ہوں گے اگر ایسی حالت میں سونے والے سے کوئی سوال کیا جائے تو وہ صحیح جواب دے گا۔ لیٹنے سے پہلے کسی کو تاکید کر دینی چاہیے کہ وہ صبح سویرے آ کر جگا دے' مگر یونہی آنکھ نہ کھلے' تو کپڑا بھگو کر چہرے پر پھیرے یا دماغ پر ٹھنڈا پانی ڈالے۔ یہ عمل پُر اسرار ہے۔ لہٰذا نہایت قابل قدر ہے۔

خواب میں کام کرنا

نہایت حیرت انگیز بات یہ ہے' کہ انسان خواب میں بھی کام کرتا ہے' ایک یورپین ڈاکٹر نے جس نے دماغ کا علاج کرنے میں مہارت خصوصی حاصل کی تھی' خواب میں کام کرنے کے بہت سے واقعات قلمبند کیے ہیں جن میں سے بعض دلچسپی کے لئے درج کیے جاتے ہیں۔

ایک مصور لیڈی بیداری کے حالت میں حسبِ منشاء تصویر بنانے سے قاصر رہی بہت دفعہ کوشش کی' مگر کامیاب نہ ہو سکی' ایک رات وہ سو رہی تھی' کہ اسی حالت میں اُٹھ بیٹھی اور دو گھنٹے کے اندر اندر تصویر تیار کر دی۔

کسی اخبار کے ایڈیٹر نے ایک مضمون نگار سے مضمون لکھنے کی فرمائش کی۔ مگر وہ اس کی تعمیل سے قاصر رہا اس نے مضمون لکھنے کا ارادہ ترک کر دیا۔ لیکن جب ایک ہفتہ بعد اس کا مضمون اخبار میں [illegible] ایڈیٹر نے بے حد شکریہ کے ساتھ مضمون کے متعلق تعریفی الفاظ بھی لکھے' تو

Marfat.com

اسے سخت تعجب ہوا۔ ایڈیٹر نے اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا مسودہ اسے دکھایا تو وہ بہت حیران ہوا تاہم اسے مضمون لکھنا اور ڈاک میں ڈالنا کچھ بھی یاد نہیں تھا کیونکہ اس نے یہ دونوں کام حالت خواب میں کئے تھے۔

ایک نوجوان کو خواب آیا' کہ وہ کسی پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا وہاں سے ایک عقاب کا گھونسلا اُتار رہا ہے جب اس کی آنکھ کھلی تو اُس نے یہ خواب سمجھا مگر وہ گھونسلا اس کی چارپائی کے نیچے پڑا تھا۔ اگرچہ اس نے یہ چیز خواب میں دیکھی تھی' مگر اس کا خواب محض خیال نہیں بلکہ عملی خواب تھا۔

فوج کے کسی کپتان کو خواب آیا' کہ وہ اپنی محبوبہ کی فرمائش کے مطابق پھول لایا ہے۔ اور وہی پھول اس کی چارپائی پر پڑے تھے۔

انگلستان کے ایک لارڈ نے خواب کی حالت میں ایک پُر لطف ناول تصنیف کیا تھا' اور جرمنی کے ایک شاعر نے خواب میں ایک مقبول و موثر نظم لکھی تھی۔

غیر واضح خواب اور اُس کی تعبیر!

اگر کوئی آدمی ایسا خواب بیان کرے' جو واضح نہ ہو اور جس کی تعبیر نہ نکل سکے' تو تعبیر بتانے والے کو چاہیئے' کہ وہ صاحب خواب کا نام دریافت کر کے ابجد کے حساب سے اس کے اعداد جمع کرے' پھر حاصل کو گیارہ پر تقسیم کر کے جو باقی بچے' اس پر مندرجہ ذیل حکم لگائے۔

- اگر ایک عدد باقی بچے تو ناکامی ہوگی۔
- اگر دو عدد باقی بچیں' تو غم اور ضرر پہنچے گا' مگر انجام اچھا ہوگا۔
- اگر ۳ عدد باقی بچیں' تو تین اشخاص کی مدد ملے گی۔
- اگر ۴ عدد باقی بچیں تو علم نجوم حاصل ہوگا۔
- اگر ۵ عدد باقی بچیں تو کوئی فوجی عہدہ ملے گا' اور غیب سے ہتھیار دستیاب ہونگے۔
- اگر ۶ عدد باقی بچیں' تو ۶ دن ۶ ماہ' ۶ سال کے بعد روپیہ ملے گا' یا ترقی ہوگی۔
- اگر ۷ عدد باقی بچیں' تو مویشیوں سے نفع حاصل ہوگا۔

Marfat.com

○ اگر ۸ عدد باقی بچیں تو حادثہ پیش آنے کا خوف ہے۔ اس لئے نہایت احتیاط کرنی چاہئے۔

○ اگر ۹ عدد باقی بچیں، تو بُرا شگون ہے، مگر آخر میں کامیابی ہوگی۔

○ اگر ۱۰ عدد باقی بچیں، تو وہ پرہیز گار اور ثواب کا حقدار ہوگا۔

اور اگر پورا تقسیم ہو جائے، اور باقی نہ بچے، تو کامیابی اور سرداری ملے گی۔

دوسرا طریقہ:

تعبیر بتانیوالے کو چاہیے کہ خواب دیکھنے والے کا کلام نہایت غور وخوض سے سُنے اور جو کلمہ اس کی زبان سے نکلے، اس کا پہلا حرف ذہن میں رکھے، پھر اس کے مطابق مندرجہ ذیل قاعدے سے اس کے خواب کی تعبیر بتائے۔

اگر پہلا حرف الف ہو تو امن اور سلامتی نصیب ہوگی اور گھوڑا یا اونٹ میسر ہوگا۔

(ب) بلا نازل ہوگی (ت) تائید الٰہی نصیب ہوگی (ج) جلال و جمال (ح) حیات و درجہ (خ) خیر وخوبی میسر ہوگی (د) دولت ونعمت ملے گی اور خاتمہ بالخیر ہوگا (ذ) خوش وخرم رہے گا (ر) رُتبے میں ترقی ہوگی (ز) دولت میں اضافہ یا نقصان ہوگا (س) عمر دراز ہوگی، یا ترقی ملے گی، (ش) شمادی، شرک، شر شہادت، شماتت، شرکت (ص) صعوبت، صبر وغیرہ (ض) تکلیف رنج وغیرہ (ط) خوشی وشادمانی (ظ) ظلم (ع) علم عرفان (غ) غم وغصہ (ف) ترقی یافتہ (ق) قوت وطاقت (ک) کفایت کمال (ل) لطف مہربانی (م) محبت، دوستی (ن) نعمت وفتح (و) وفا، وقار (ہ) ہدایت یا پُھول ہلاکت (ی) یمین ویسار۔

خواب میں خدائے تعالیٰ کی زیارت

حضرت دانیال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "جو بندہ مومن خدائے تعالیٰ کو خواب میں بے چون و بے چگون دیکھتا ہے، تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوگا۔ اور اس کی سب مرادیں بر آئیں گی۔

Marfat.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ''اگر کسی کو خواب آئے' کہ خدائے تعالیٰ اس سے راز کی بات کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ آدمی خدا کے نزدیک بزرگی والا ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے ﴿ وَ قَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا ﴾ اور ہم نے اس کو سرگوشی کے قریب کیا۔''

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ''اگر کسی شخص کو خواب میں اللہ تعالیٰ شہر یا گاؤں کے اندر نظر آئے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہاں کے نیک آدمیوں کو عزت' بزرگی و مرتبہ ملے گا۔ اور اس مقام سے ظلم دور ہو جائے گا۔''

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ ''کہ اگر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ بے چون و بے چگون حالت میں نظر آئے' تو وہ خوف و اندیشہ سے پناہ میں رہے گا۔ اور اگر مسلمان ہے' تو اسے آخرت میں دیدار الٰہی نصیب ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' کہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھنے کی تاویل سات وجوہات پر ہے' جو درج ذیل ہیں۔

① معافی و بخشش

② بلا اور مصیبت سے امن

③ نورِ ہدایت اور دین میں مضبوطی

④ ظالموں پر فتح

⑤ بلا اور آخرت کے عذاب سے امن

⑥ اس ملک میں آبادی ہوگی' اور بادشاہ امن و انصاف پسند ہوگا۔

⑦ عزت و بزرگی' اور دنیا و عقبےٰ میں بلند مرتبہ ہوگا۔

یہ وجوہات نظر رحمت کی صورت میں ہیں۔ اگر خدانخواستہ نظر قہر ہے' تو اس کے برعکس ہوگا۔

ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ تمام خوابوں سے درست یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں بے چون و بے چگون دیکھے۔

Marfat.com

قرآنی سورتیں خواب میں پڑھنے کی تعبیرات

خواب	تعبیر
سورۃ فاتحہ پڑھنا	دشمنوں سے محفوظ رہے' اور دین میں شاد ہو۔
سورۃ البقرہ پڑھنا	اگر بیمار ہو' تو شفا پائے' غریب ہو' تو نگر ہو جائے' قید سے رہائی پائے' اور غم سے نجات ملے۔
سورۃ آلِ عمران پڑھنا	قرض سے خلاصی پائے' لوگوں میں عزت و بزرگی حاصل ہو۔
سورۃ النساء پڑھنا	اہل و عیال میں برکت ہو' کاروبار میں ترقی پائے' دشمن زیر ہو۔
سورۃ المائدہ پڑھنا	دنیا میں عزت اور بزرگی حاصل ہو' نیک انجام ہو۔
سورۃ الانعام پڑھنا	مویشی حاصل ہوں' اور مال میں برکت ہو۔
سورۃ الاعراف پڑھنا	لوگوں میں ہر دلعزیز ہو۔ امانت دار ثابت ہو۔
سورۃ الانفال پڑھنا	دنیا میں خیر و برکت حاصل کرے۔ اپنوں سے فائدہ ہو۔
سورۃ التوبہ پڑھنا	گناہوں سے توبہ کرے' نیکی کی طرف راغب ہو۔
سورۃ یونسؑ پڑھنا	سحر اور جادو کا اثر نہ ہوگا' بلکہ دشمنوں پر غالب ہو۔
سورۃ ہودؑ پڑھنا	زراعت' کاشت' دکانداری سے رزق حاصل ہو۔
سورۃ یوسفؑ پڑھنا	صادق القول' راست گو' اور امانت دار ثابت ہو۔
سورۃ الرعد پڑھنا	کار خیر کرے' اور اطاعت ایزدی اختیار کرے۔
سورۃ ابراہیم پڑھنا	اعمال نیک و اطاعت الٰہی میں مصروف ہو' خاتمہ بالایمان ہو۔
سورۃ الحجر پڑھنا	علم دین حاصل ہو' اور علم اسلام کی اشاعت کرے۔
سورۃ النحل پڑھنا	محنت و آفت دنیاوی سے محفوظ رہے' زندگی آرام سے بسر ہو۔

Marfat.com

سورۃ بنی اسرائیل پڑھنا	دنیا میں عزت حاصل کرے، نیک نام ہو۔
سورۃ کہف پڑھنا	درازی عمر کی نشانی ہے، اور دلی مراد حاصل کرے۔
سورۃ مریم پڑھنا	سنت رسولؐ اللہ کی پابندی ثابت ہو، دین میں کامل ہو۔
سورۃ طٰہٰ پڑھنا	دشمن پر فتح حاصل کرے، رنج سے آزاد ہو۔
سورۃ الانبیاء پڑھنا	دنیا و عقبیٰ (یعنی دونوں جہانوں) میں عزت حاصل کرے۔
سورۃ الحج پڑھنا	زاہد و متقی ہو، اور خادم دین ثابت ہو۔
سورۃ المؤمنون پڑھنا	ایمان پر خاتمہ ہو، عاقبت میں مرتبہ بلند ہو۔
سورۃ الفرقان پڑھنا	راہ باطل سے پرہیز کرے، صداقت اختیار کرے۔
سورۃ نور پڑھنا	دل علم و عرفان سے معمور ہو، حکمت و دانائی حاصل ہو۔
سورۃ الشعراء پڑھنا	گناہوں سے نجات پائے۔ توبہ قبول ہو۔
سورۃ صٓ پڑھنا	دنیا میں صاحب مال و متاں اور دین میں بزرگ ہو۔
سورۃ النحل پڑھنا	دولت دنیا نصیب ہو، اور راحت ہاتھ آئے۔
سورۃ القصص پڑھنا	ذکر حق میں مشغول رہ کر دنیا کی نعمتوں میں سرفراز ہو۔
سورۃ العنکبوت پڑھنا	لوگوں میں دین اسلام کی اشاعت کرے۔
سورۃ الروم پڑھنا	دین الٰہی میں جہاد کرنے کی کوشش کرے، نیک انجام ہو۔
سورۃ السجدہ پڑھنا	گناہ سے توبہ کرے، سر بسجدہ اس دنیا سے رحلت کرے۔
سورۃ الاحزاب پڑھنا	احکام الٰہی کی متابعت کرے، پرہیز گار رہو، اور خاتمہ بالخیر ہو۔
سورۃ السباء پڑھنا	عابد و زاہد ہو، پرہیز گاری اختیار کرے، بزرگ دین ہو۔
سورۃ فاطر پڑھنا	دنیا میں شادکام ہو، اور عاقبت بخیر ہو۔
سورۃ یٰسین پڑھنا	دل میں رسولؐ کی محبت قائم ہو، نیک انجام ہو۔

Marfat.com

سورۃ الصّافات پڑھنا	نیک راستہ پر چلے' اور نیکی کی تلقین کرے۔
سورۃ الزمر پڑھنا	دین میں ثابت قدم ہو' سلامتی حاصل ہو' راحت و آرام پائے۔
سورۃ مومن پڑھنا	ایماندار ہو' صاحب اخلاص ثابت ہو۔
سورۃ حم السجدہ پڑھنا	دل و جان سے دین پر فریفتہ ہو' نیک نام اور بزرگی حاصل کرے۔
سورۃ حمٓ عسق پڑھنا	عمر دراز ہو شاد کام رہے' رنج سے خلاصی پائے۔
سورۃ الزخرف پڑھنا	عبادتِ الٰہی میں مصروف ہو' دنیا سے بیگانہ رہے۔
سورۃ الدخان پڑھنا	جھوٹ سے نفرت ہو' سچائی کی طرف راغب ہو۔
سورۃ الجاثیہ پڑھنا	گناہوں سے تائب ہو' سچائی کی طرف راغب ہو۔
سورۃ الاحقاف پڑھنا	والدین کا فرمانبردار ہو' سعادتمندی حاصل ہو۔
سورۃ محمد ﷺ پڑھنا	دنیا میں خیر و برکت حاصل کرے' عاشقِ رسول ہو' حج کرے اور زیارت مدینہ منورہ نصیب ہو' نیک انجام ہو۔
سورۃ الفتح پڑھنا	فتح و نصرت حاصل کرے' اقبال بلند ہو۔
سورۃ الحجرات پڑھنا	گناہ سے بچے' غیبت اور عیب جوئی سے پرہیز کرے۔
سورۃ قٓ پڑھنا	کسب و ہنر سے فائدہ حاصل کرے
سورۃ الذاریات پڑھنا	سخاوت کرے' اور احسان سے لوگوں میں ہر دلعزیز ہو۔
سورۃ الطّور پڑھنا	دشمن پر غالب ہو۔ بے فکری میں عمر بسر کرے
سورۃ القمر پڑھنا	سحر اور جادو کا اثر نہ ہو' امان پائے۔
سورۃ الرحمٰن پڑھنا	کذب و افترا (جھوٹ اور بہتان) سے پرہیز کرے۔
سورۃ الواقعہ پڑھنا	اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو' شرک سے پرہیز کرے۔
سورۃ الحدید پڑھنا	اسلام کا خادم بننے کی نشانی ہے' اور عزت پائے۔

Marfat.com

سورۃ المجادلہ پڑھنا	عورتوں کے جھگڑوں میں مصروف ہو۔ پریشانی حاصل ہو۔
سورۃ الحشر پڑھنا	دینداروں کی صحبت حاصل ہو' آخرت کی فکر ہو۔
سورۃ ممتحنہ پڑھنا	ایسی محنت و مشقت میں مبتلا ہو' کہ اس میں جان بھی دے دے۔
سورۃ الصّف پڑھنا	راہ خدا میں جہاد کرے' شہید یا غازی کا رتبہ حاصل ہو۔
سورۃ الجمعہ پڑھنا	خیر و برکت حاصل کرے' اور دین کا خادم ہو۔
سورۃ المنافقون پڑھنا	منافق' ثابت ہو' ریا کارانہ عبادت کرے۔
سورۃ التغابن پڑھنا	صدقہ و خیرات کا درجہ حاصل کرے۔
سورۃ طلاق پڑھنا	حق و صداقت پر عامل ہو دین میں کامل ہو۔
سورۃ التحریم پڑھنا	گھر میں نفاق پڑنے کا باعث ہے' پریشانی میں مبتلا ہو۔
سورۃ ملک پڑھنا	دنیا میں بزرگی کا شرف حاصل ہو' علم دین بڑھے۔
سورۃ القلم پڑھنا	مخلوق خدا کا محسن ثابت ہو' ہر دلعزیز ہو جائے۔
سورۃ الحاقۃ پڑھنا	احکام الٰہی کی متابعت کرے' دنیاوی دولت کے حصول سے فکر مند ہو' خاتمہ باایمان ہو۔
سورۃ المعارج پڑھنا	خوف و دہشت سے دنیا میں امن حاصل کرے۔
سورۃ نوحؑ پڑھنا	آخرت میں نجات حاصل کرے' دنیا میں رتبہ بلند ہو۔
سورۃ الجن پڑھنا	جنات اور سحر سے نجات ملے۔
سورۃ المزمل پڑھنا	عبادت خداوندی میں مشغول ہو' دنیا سے بیزار ہو۔
سورۃ المدثر پڑھنا	نیک عمل سرزد ہوں برائی سے بچے۔
سورۃ الصیامتہ پڑھنا	بُرے کاموں سے توبہ کرے' خوشنودی حق تعالیٰ حاصل ہو۔
سورۃ الدہر پڑھنا	درویشوں سے محبت کرنے سے رضائے الٰہی حاصل کرے۔

Marfat.com

سورۃ المرسلات پڑھنا	کشائش رزق حاصل ہو، پریشانی دور ہو۔
سورۃ النبار پڑھنا	دنیا و دین کے نیک کام سرزد ہوں۔
سورۃ النازعات پڑھنا	بحالت نزع اسے کوئی خوف نہ ہوگا، قبر میں آرام پائے۔
سورۃ عبس پڑھنا	راہ حق میں خیرات دے، نیکی کی راہ پر گامزن ہو۔
سورۃ التکویر پڑھنا	بجانب مشرق طویل سفر پیش آئے۔
سورۃ انفطار پڑھنا	دل میں خوفِ خدا پیدا ہو، نیک کاموں میں مشغول ہو۔
سورۃ المطففین پڑھنا	دنیا میں عادل و انصاف پسند ہو نیک نامی حاصل کرے۔
سورۃ انشقاق پڑھنا	روزِ محشر پرسشِ اعمال سے سرخروئی حاصل ہو۔
سورۃ البروج پڑھنا	ہر قسم کے تفکرات دنیاوی سے نجات حاصل کرے۔
سورۃ الطارق پڑھنا	فرزند صالح پیدا ہو جس سے دل خوش ہو۔
سورۃ الاعلیٰ پڑھنا	ذکر خدائے تعالیٰ میں مشغول رہے۔
سورۃ انعاشیہ پڑھنا	دنیاوی عزت، اور اعلیٰ مراتب حاصل کرے۔
سورۃ الفجر پڑھنا	نیک اعمال سرانجام دے، دنیا میں شہرت حاصل کرے۔
سورۃ البلد پڑھنا	انسانوں کے ساتھ احسان کرے مگر خود فائدہ سے محروم رہے۔
سورۃ الشمس پڑھنا	دنیاوی بلاؤں سے نجات حاصل کرے، دین میں سربلند ہو۔
سورۃ الضحیٰ پڑھنا	سائلوں کے سوال پورے کرنے کا ثواب حاصل کرے۔
سورۃ الم نشرح پڑھنا	دونوں جہان کی مرادیں حاصل کرے۔
سورۃ التین پڑھنا	دنیا میں خیر و برکت حاصل ہو، عاجزی میں وقت بسر ہو۔
سورۃ علق پڑھنا	دنیا میں متواضع اور نیک خصلت ہو۔
سورۃ القدر پڑھنا	انجام نیک ہو، کارِ خیر سے ثواب عظیم حاصل کرے۔

Marfat.com

سورۃ بینہ پڑھنا	خلقِ خدا کو راہ ہدایت پر لگائے' خوف خدا میں مستغرق رہے۔
سورۃ زلزال پڑھنا	مشرک لوگوں کو تلقین کرے' خدا کے خوف سے لوگوں کو ڈرائے۔
سورۃ العادیات پڑھنا	اپنے قبیلہ کا سردار ہو' اہل وعیال میں محبوب و مقتدر ہو۔
سورۃ القارعۃ پڑھنا	لوگوں میں قدر و منزلت اور بزرگی حاصل ہو۔
سورۃ التکاثر پڑھنا	بزرگوں کی زیارت حاصل کرے' نیک راستہ اختیار کرے
سورۃ العصر پڑھنا	تجارت میں فائدہ ہو' مشہور عام ہو
سورۃ الہمزہ پڑھنا	لوگوں میں شناسا ہونے کا باعث ہو۔
سورۃ الفیل پڑھنا	دشمن پر فتح حاصل کرے' شادکام ہو' نیک نام ہو۔
سورۃ قریش پڑھنا	کسی کی صحبت بد کے باعث دین میں رسوا ہو۔
سورۃ الماعون پڑھنا	دشمن پر فتح پائے' عزت حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔
سورۃ الکوثر پڑھنا	بزرگوں کا ہم جلیس ہو' نیک راہ اختیار کرے' مگر دنیا سے کم فائدہ حاصل کرے۔
سورۃ الکافرون پڑھنا	موت کی نشانی ہے' باعث پریشانی ہے۔
سورۃ النصر پڑھنا	متوکل علی اللہ ہو۔ صابروں کی صف میں شمار ہو۔
سورۃ لہب پڑھنا	زنا کاری و بدکاری میں مبتلا ہو۔
سورۃ اخلاص پڑھنا	دین و دنیا میں سرفراز ہو' دولت مندوں میں شمار ہو۔
سورۃ الفلق پڑھنا	جادو وغیرہ کا اثر نہیں ہوسکتا' شیطانی اثرات سے محفوظ رہے' اور حاسدوں کے حسد سے بچے۔
سورۃ الناس پڑھنا	فراخی رزق و نظر بد سے محفوظ رہے' دین میں دسترس حاصل ہو۔

Marfat.com

ملائکہ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیرات

خواب	تعبیر
حضرت جبرائیلؑ کو ہنستے دیکھنا	دشمن پر فتح یاب ہو۔ شر شیطان سے محفوظ رہے، رزق میں فراخی پائے، دین میں مشہور ہو، غیب دان ہو۔
حضرت جبرائیلؑ کو غصہ میں دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو، کسی آسمانی بلا میں گرفتار ہو، بدنام ہو اور عیش وعشرت میں حصہ لینے کی کوشش کرے، مگر بدنام ہو، اور اسلام سے بے بہرہ رہے، بُروں کی صحبت حاصل کرے۔
حضرت جبرائیلؑ سے خوشخبری سننا	غیب سے نصرت الٰہی نصیب ہو، دین و دنیا میں خیر و برکت پائے، خویش واقارب میں بزرگ ہو، والدین کا تابعدار بنے۔
حضرت جبرائیلؑ سے نصیحت حاصل کرنا	دین میں بزرگ ہو، برے کاموں سے نفرت کرے، حرام سے پرہیز اور عبادت خداوندی میں مشغول ہو۔
حضرت جبرائیلؑ سے کوئی چیز حاصل کرنا	غیب سے خزانہ ہاتھ آئے، کاروبار میں ترقی ہو شہرت عام ہو، مگر فکرمند رہے۔
حضرت میکائیلؑ کو اپنی صورت میں دیکھنا	خیر و برکت سے دل مطمئن ہو نیکوں کی صحبت حاصل ہو بیوی نیک خصال ملے دشمن پریشان ہوں۔
حضرت میکائیلؑ سے ملنا یا کچھ لینا	رزق میں اس قدر فراخی ہو، کہ غنی بن جائے، اور بڑے مالداروں میں شامل ہو۔
حضرت میکائیلؑ سے ملاقات کرنا	دنیا میں مشہور ہو، اور اولاد کو خوشحال دیکھے، مگر دشمنوں سے گزند پہنچے آخرت نیک ہو۔
حضرت میکائیلؑ کو	ملک میں وبا پڑنے کی علامت ہے۔ قحط پڑ جانے سے اکثر لوگ

Marfat.com

پر غضب دیکھنا	پریشان ہوں' اگر امیر خواب دیکھے' تو غریب ہو مصیبت میں مبتلا ہو۔
حضرت اسرافیلؑ کو غصہ میں صور پھونکتے دیکھنا	اگر بادشاہ دیکھے' تو ملک میں وبا پھیل جائے' موت عام ہو۔ اور رعیت بے چین ہو' یا غنیم حملہ آور ہوا گر غریب دیکھے تو موت آئے
حضرت اسرافیلؑ کو خندہ رُو دیکھنا۔	جو شخص یہ خواب دیکھے' اس کی موت واقع ہو۔
حضرت اسرافیل کو مہر لگاتے دیکھنا۔	اگر بادشاہ دیکھے' تو ملک و سلطنت میں ترقی ہو اگر غریب دیکھے تو امیر ہو۔ صاحب توقیر و باعزت ہو بادشاہ کا نزدیکی ہو۔
حضرت عزرائیلؑ کو خندہ رُو دیکھنا	درازی عمر کا باعث ہے' راحت و آرام پائے بے فکری میں عمر گزرے' اور نیک انجام ہو۔
حضرت عزرائیلؑ کو سلام کرتے دیکھنا	شہید ہونے کی دلیل ہے اگر شہید نہ ہو تو موت میں شہادت کا درجہ حاصل ہو۔
حضرت عزرائیلؑ سے شیرینی لینا' یا کھانا	سکرات موت میں آسانی ہو' نیکوں میں داخل ہو' قبر کو روشن و فراخ پائے' دنیا میں راحت نصیب ہو۔
حضرت عزرائیلؑ کو غصہ میں دیکھنا	بیمار ہو' سخت پریشانی اٹھائے' جان کنی میں سختی ہو اور انجام بُرا ہو۔
حضرت عزرائیلؑ کو آسمان سے اترتے دیکھنا	کسی بادشاہ وقت سے کام پڑے' یا کسی امیر و رئیس سے ملاقات ہو۔ سفر دراز درپیش ہو۔
حضرت عزرائیلؑ کو آسمان پر چڑھتے دیکھنا	اچانک موت واقع ہو۔ دل پریشان ہو' صدمہ عظیم ہو اور اگر بادشاہ دیکھے تو آسمانی بلائیں نازل ہوں۔
	اگر بیمار ہو' تو شفا پائے' راحت ہاتھ آئے' اور اگر غریب ہو تو مالدار ہو جائے' اگر بادشاہ دیکھے تو رعیت کو خوشحال پائے۔

Marfat.com

کراماً کاتبین[1] کو دیکھنا	دین و دنیا کی فلاح پائے' اگر مفلس دیکھے تو راحت حاصل ہو۔
فرشتوں کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھنا	دین و دنیا کی کامرانی کا سبب ہے' عاقبت نیک ہو۔
فرشتوں کو عورتوں کی شکل میں دیکھنا	خدا تعالیٰ پر بہتان لگائے' بے دین ہو' شریر لوگوں میں داخل ہو عاقبت خراب دیکھے۔
فرشتوں کو اڑتے دیکھنا	دولت ہاتھ آئے' دین و دسترس حاصل ہو بخت بلند ہو۔
فرشتوں کے ساتھ اڑنا فرشتوں کو دیکھنا	افعال بد سے تائب ہو' موت کو قریب سمجھے' آخرت نیک ہو۔ اگر دور ہو تو مصیبت میں مبتلا ہو۔ اگر نزدیک ہو تو آرام پائے۔
فرشتوں کو ہدایت کرتے دیکھنا	اگر نیک دیکھے' تو خوشی حاصل ہو' اور آرام پائے' اور اگر بد دیکھے تو رنج و پریشانی اٹھائے توبہ کرے تو نیک ہے۔
فرشتے سے بشارت سننا	بزرگی کی دلیل ہے خوشی حاصل ہو۔
فرشتے کو استقبال کرتے دیکھنا	دین میں کامل ہو' بزرگی ملے' راحت پائے' اور قبیلہ یا شہر کا سردار ہو
فرشتے سے سفید یا سبز کپڑا لیتے دیکھنا	موت وارد ہو' یا قریبی رشتہ دار' یا عزیز فوت ہو جائے اور رنج و غم بے اندازہ اٹھائے۔
حاملانِ عرش کو دیکھنا	بادشاہ بننے کی بشارت ہے' اگر غریب ہے تو دولت مند ہو۔
حاملانِ[2] عرش سے ملاقات ہو	کسی بادشاہ سے عزت و توقیر حاصل ہو' دینداروں اور بزرگوں کی صحبت حاصل کرے' اور فریضہ حج ادا کرے۔
حاملانِ عرش کو حمد و ثناء تسبیح کرتے دیکھنا	اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو' اولیاء اللہ کی صف میں شامل ہو عاقبت نیک ہو' اپنی موت کو قریب سمجھے۔

Marfat.com

خواب میں پیغمبروں کو دیکھنے کی تعبیرات

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں، کہ پیغمبروں کی تین قسمیں ہیں:۔

① اولوالعزم

② مرسل

③ نبی اولوالعزم

چھ پیغمبر ہیں:۔

① حضرت آدم علیہ السلام

② حضرت نوح علیہ السلام

③ حضرت ابراہیم علیہ السلام

④ حضرت موسیٰ علیہ السلام

⑤ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

⑥ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُرسَل:

مُرسَل پیغمبر وہ ہیں جن پر حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لائے۔ ان کی تعداد تین سو تیرہ ہے۔

نبی:

نبی وہ ہیں، جن پر حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لائے۔

اُولوالعزم:

اگر کسی شخص کو خواب میں کوئی اولوالعزم پیغمبر نظر آئے، تو اس امر کی یہ دلیل ہے کہ عزت بزرگی اور درجہ بلند ملے گا۔

Marfat.com

مُرسَل:

اگر کوئی شخص کسی مرسل کو خواب میں دیکھے، تو اسے دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

نبی:

حضرت کرمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، اگر کسی شخص کو خواب میں کوئی نبی بہ خندہ پیشانی اور خوش و خرم نظر آئے، تو اسے عزت و مرتبہ اور امدادِ الٰہی حاصل ہوگی، اور اگر غصے کی حالت میں نظر آئے تو وہ بدحالی، غم اور سختی اٹھائے گا۔

خواب	تعبیر
حضرت آدمؑ کو دیکھنا	بزرگی اور ولایت حاصل ہو، نیکی کی بشارت ہو توبہ قبول ہو۔
حضرت حواؑ کو دیکھنا	مال و دولت پائے عمر دراز ہو، دولت و رزق میں ترقی ہو۔
حضرت نوح علیہ السلام کا دیکھنا	درازی عمر ہو، دشمن کی سختی میں مبتلا ہو لیکن آخر رہائی پائے، مسرت و خوشی حاصل ہونے سے آرام پائے۔
حضرت ادریسؑ کو دیکھنا	دنیا میں سرخروئی حاصل ہو نیک نام ہو اور عاقبت بخیر ہو۔
حضرت ہودؑ کو دیکھنا	دشمن پر غلبہ حاصل ہو رنج سے آزاد ہو۔
حضرت لوطؑ کو دیکھنا	درستی اعمال، اور دلی مراد بر آنے کی نشانی ہے۔
حضرت صالحؑ کو دیکھنا	خیر و برکت حاصل ہو، بیوی سے راحت ملے، اولاد سے آزردہ ہو
حضرت ابراہیمؑ کو دیکھنا	بادشاہ کے ظلم میں مبتلا ہو، والدین سے برائی سے پیش آئے۔
حضرت اسمٰعیلؑ کو دیکھنا	فتح اور مالِ غنیمت حاصل ہو، نیک دل، نیک خو، اور نیک انجام ہو۔
حضرت یعقوبؑ کو دیکھنا	غم اولاد میں مبتلا ہو بعد میں مسرت سے تبدیل ہو۔
حضرت یوسفؑ کو دیکھنا	تہمت میں مبتلا ہو۔ آخر میں سعادت حاصل ہو، نیک کام ہو۔
حضرت شعیبؑ کو دیکھنا	دشمن سے مغلوب ہو بعد میں فتح پائے، راحت ہاتھ آئے۔

Marfat.com

حضرت موسیٰؑ کو دیکھنا	بادشاہ وقت ہلاک ہو اور خود اہل و عیال میں مبتلا ہو۔
حضرت داؤدؑ کو دیکھنا	عزت و بزرگی، مال و دولت حاصل ہو کوئی نئی چیز ایجاد کرے۔
حضرت زکریاؑ کو دیکھنا	اطاعت الٰہی میں توفیق پانے کی دلیل ہے۔
حضرت یحییٰؑ کو دیکھنا	نیک کاموں کو سرانجام دے، دنیا سے فائدہ نہ ہو۔
حضرت خضرؑ کو دیکھنا	درازی عمر ہو، طوالت سفر و ترقی رزق کا باعث ہو۔
حضرت یونسؑ کو دیکھنا	غم و آلام کی تاریکی، خوشی اور فارغ البالی کی روشنی سے مبدل ہو
حضرت ایوبؑ کو دیکھنا	نا اُمیدی میں اُمید ہو، سخاوت کرے۔
حضرت عیسیٰؑ کو دیکھنا	عبادت خداوندی میں مشغول ہو، دنیا سے کنارہ کش ہو۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو دیکھنا

فی الحقیقت آنحضرت ﷺ کو ہی خواب میں دیکھنا ہے کیونکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا ''حضور پُرنور ﷺ نے، جس نے مجھے (خواب میں) دیکھا، اس نے حق دیکھا، کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اور جو شخص مجھے خواب میں دیکھے گا، اس سے رنج دور رہے گا، حیران نہ ہوگا مجھے خواب میں دیکھنے کی تعبیر زیادہ تر عقبیٰ کی بھلائی ہے۔

نوٹ: جو شخص حضور ﷺ کی زیارت پاک خواب میں کرے، پس وہ سمجھے کہ میں نے آپ ﷺ کو عالمِ بیداری میں دیکھا ہے، اور جس طرح خواب میں دیکھے، اور آپ ﷺ سے کوئی ارشاد پائے۔ یا حکم سنے تو بیدار ہو کر اس پر عمل کرے آپ ﷺ کی زیارت ہر مسلمان کے لیے عین راحت ہے اور جنتی ہونے کی دلیل ہے۔

حضرت کرمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''اگر کوئی شخص آنحضرت ﷺ کو خواب میں کسی شہر کے اندر دیکھے، تو وہاں نعمت و دولت میں ترقی ہوگی، لوگوں کو اطمینان قلب نصیب ہوگا اور اس مقام کے باشندے دشمن پر غالب آئیں گے۔

Marfat.com

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت نیک لوگوں کو ہوتی ہے اور آپ انہیں ان چیزوں کی خوشخبری سناتے ہیں، جو انہیں ملنے والی ہوتی ہیں۔ اور بُرے لوگوں کو جرم و گناہ سے بچاتے ہیں، تا کہ انہیں عذاب سے رہائی ملے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''اگر کسی شخص کو آنحضرت ﷺ خواب میں نظر آئیں، تو اُسے نعمت و دولت اور ولایت ملے گی اور اگر کسی کو حضور ﷺ کا جنازہ خواب میں نظر آئے، اس ملک پر آفات و حوادث کی گھٹائیں چھا جائیں گی۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں'' کہ پیغمبروں کو خواب میں دیکھنے کی تاویلات دس وجوہات پر ہیں۔

① رحم و کرم
② نعمت
③ عزت
④ عظمت
⑤ مال
⑥ فتح
⑦ نیک بختی
⑧ جمعیت
⑨ طاقت
⑩ فلاح دارین

اور جہاں خواب نظر آئے، وہاں کے باشندوں کی فلاح و بہبود

Marfat.com

صحابہ رضی اللہ عنہم کبار کو خواب میں دیکھنے کی تعبیرات

خواب	تعبیر
حضرت ابوبکرؓ کو دیکھنا	عظمت اور خوشی حاصل ہو دین میں بزرگی پائے۔
حضرت عمرؓ کو دیکھنا	عادل اور انصاف پسند ہو دین کا حامی اور مددگار رہو اور صاحب عزت ہو
حضرت عثمانؓ کو دیکھنا	زہد و تقویٰ اختیار کرے، علم دینی حاصل کرے، اور شہید ہو۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھنا	عادل اور منصف ہو، دنیا میں بھلائی پھیلائے، بہادری میں نام پیدا کرے کسی کے ہاتھ سے موت ہو یا اولیاء اللہ میں شمار ہو۔
حضرت امام حسنؓ و حسینؓ کو دیکھنا	خیر و برکت حاصل کرے، دین کا مددگار ہو مگر دنیاداروں کی نظروں میں حقیر ہو۔ ادنیٰ درجہ کی شہادت حاصل ہو۔
حضرت جعفرؓ طیار کو دیکھنا	حج اور جہاد کا ثواب حاصل ہو، دولت مندوں میں شامل ہو۔
حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت انسؓ کو دیکھنا	علم شریعت پر عمل کرے، اور سنت رسول اللہ ادا کرے متقی ہو پرہیز گاری اختیار کرے، نیکوں کی مجلس میں رہے۔
حضرت سلمان فارسیؓ کو دیکھنا	علم القرآن حاصل ہو، حضور پاکؐ کی زیارت ہو، دین دنیا کی دولت ہاتھ آئے نیک نام ہو اور فرزند صالح پیدا ہو۔
حضرت عبداللہ بن عباسؓ و ابن مسعودؓ کو دیکھنا	محدث ہو، علم فقہ حاصل کرے، مجتہدین کا مرتبہ ملے۔ اگر بے علم ہو تو دنیا کا مال ہاتھ آئے، زندگی آرام سے بسر ہو۔
حضرت بلال حبشیؓ کو دیکھنا	موذن کی عزت و درجہ ملے، عاشق رسول ہو دنیا سے کنارہ کش ہو۔
حضرت اویس قرنیؒ کو دیکھنا	گوشہ نشینی اختیار کرے، اور آبادی کی بجائے جنگل میں رہنا پسند کرے

Marfat.com

حضرت غوث الاعظمؒ کی زیارت کرنا	مرشد کامل ملے، نیک راستہ اختیار کرے، کسی بزرگ سے کچھ ملے دولت منداور سخاوت اختیار کرے۔

نوٹ: اصحاب کبار رضی اللہ عنہم میں تمام اکثر اصحاب عاشقِ رسول اللہ ﷺ تھے اس لئے اگر صاف و پاک ہو، اور باوضو سوئے، اور خواب میں کسی صحابی کو دیکھے، اور وہ جس امر کا حکم دیں، اگر قرآن وحدیث کے مطابق ہو تو اس پر عمل کرے، اگر اسلام کے مطابق نہ پائے، تو خواب کو غلط سمجھے۔

(شیخ محمد حسین آزاد)

خواب کی تعبیر دیکھنے کے لئے حروف تہجی کے لحاظ سے فہرست

(آ) الف ممدودہ

خواب	تعبیر
آباد مسجد دیکھنا	دیندار ہو، اسلام کا خادم ہو، عقبیٰ میں نجات پائے۔
آباد خانقاہ دیکھنا	غیب سے مدد ملے، دولت ہو۔ بزرگوں کی خدمت کرے
آباد جگہ کو غیر آباد دیکھنا	مصیبت و آفت نازل ہونے کی نشانی ہے، باعث پریشانی ہے۔
آباد مکان گرتے دیکھنا	گھر کے مالک کی موت واقع ہو، مصیبت پیش آئے۔
آب جاری دیکھنا	جو کام کرنا ہو، یا ارادہ ہو، با انتظام ہو، انجام بخیر ہو۔
آب چاہ دیکھنا	فائدہ مند ہو، فتنہ و فساد سے دور رہے۔
آبِ شور دیکھنا	فکر و اندیشہ لاحق ہو، مبتلائے رنج ہو، خلائق سے خائف ہو۔
آب گینہ دیکھنا	غم و اندیشہ سے بے قرار ہو، دشمن سے بے خبر ہو۔
آب مصفا دیکھنا	درازیٔ عمر، حصول خوشی و عیش و نعمت غیر مترقبہ ملے، بیمار ہو، تو شفا پائے

Marfat.com

آب مکدرّ دیکھنا (گدلا پانی)	عمر کوتاہ ہو، یا رنج و ملال ہو یا عورت بدخصلت ملے، مجامعت سے گھبرائے۔
آبلہ سفید دیکھنا	زیادتی مال، اور تجارت میں نفع ہو۔
آبلہ سفید دیکھنا	دلی مراد پوری ہو، شادی جلد ہو جائے، اولاد پیدا ہو۔
آباد مدرسہ دیکھنا	ملک میں تعلیم عام ہو، علم حاصل کرنے کی کوشش کرے۔
آبنوس دیکھنا	محنت و مشقت میں کامیاب ہو۔ اور مال و منال حاصل کرے۔
آبنوس گھر میں دیکھنا	لیکن بخیل ہوگا۔
آتشدان دیکھنا	خوبصورت عورت سے شادی ہو، مال ہاتھ آئے۔
آتشدان مٹی کا دیکھنا	لوہے کا آتشدان ہو، تو اپنے خاندان کی عورت سے شادی کرے
آتشین شعلہ دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو کوئی بیرونی مصیبت درپیش آئے۔
آتشین شعلہ شہر میں یا محلّہ میں دیکھنا	جنگ و جدل اور فتنہ و فساد ہونے کی دلیل ہے۔
آتشکدہ دیکھنا	گمراہ ہونے کا اندیشہ ہو، فکر و رنج میں مبتلا ہو۔
آتشکدہ سے کچھ لینا	ذلت و رسوائی ہو دنیا میں بدنام ہو بدانجام ہو۔
آٹا گندم اڑتا دیکھنا	مال حلال حاصل ہو، کام میں ترقی ہو غیب سے مدد ملے۔
آٹا جو کا دیکھنا	ترقی دین کا باعث ہو، نیک نام ہو غم دور ہوں۔
آٹا چھنتا دیکھنا	عورت سے دوستی ہو، دنیا میں مشہور ہو۔
آٹا بکتا دیکھنا	جس شخص کو بیچتے دیکھے وہ دین کو دنیا کے عوض فروخت کرے۔
آدمی موٹا دیکھنا	تونگر ہو دولت مندوں میں شامل ہو۔
آدمی لاغر دیکھنا	تنگدستی ہو، درویشی اختیار کرے۔

Marfat.com

آدمی لوہے کا دیکھنا	زیادتی مال اور فارغ البالی ہو اور درازی عمر ہو۔
آدمی تانبے کا دیکھنا	دولت مند، مگر بخیل ہونے کی علامت ہے۔
آدمی کانچ کا دیکھنا	موت آئے اور گھر میں خرابی دیکھے۔
آدمی ورم آلود دیکھنا	بیمار ہو، مگر صحت پائے۔
آرہ درخت پر چلانا	مفارقت کی دلیل ہے، پریشانی حاصل ہو۔
آرہ کسی عزیز پر چلانا	اس کے ملنے کی دلیل ہے خوشی نصیب ہو راحت ہاتھ آئے۔
آرہ خریدنا	فرزند پیدا ہو یا مویشی خریدے۔
آڑو کا درخت دیکھنا	مال و دولت ملنے کی بشارت ہے، لڑکی پیدا ہو۔
آڑو زرد دیکھنا	بیماری آنے کی علامت ہے۔
آڑو میٹھا دیکھنا	مال و نعمت حاصل ہو، نیک بخت فرزند پیدا ہو۔
آزاد ہوتا دیکھنا	قید ہو تو رہائی پائے، غلامی سے نجات حاصل ہو گناہوں سے توبہ کرے۔
ازار بند[1] دیکھنا	عورت یا کنیز ہاتھ آئے، عیش و آرام حاصل ہو۔
ازار بند خریدنا	عورت یا کنیز ہاتھ آئے، عیش و آرام حاصل ہو۔
ازار بند گم ہونا	عورت یا کنیز چھوٹ جائے۔
ازار بند نیا دیکھنا	قوت مردی زیادہ ہو، اگر ازار بند پرانا دیکھے تو نامردی ہو۔
آسمان سفید دیکھنا	دنیا میں وبا پھیلے
آسمان سرخ دیکھنا	ملک میں خونریزی ہو جنگ چھڑنے سے تکلیف درپیش آئے۔
آسمان سیاہ دیکھنا	ملک میں قحط پڑے، بھوک سے لوگ پریشان ہوں۔

[1] تہبند کمر بند

Marfat.com

آسمان سے بارش ہوتے دیکھنا	ملک میں خوشحالی ہو' لوگ آرام پائیں' مال و دولت عام ہو نعمت حاصل ہو۔ راحت ہو۔
آسمان روشن دیکھنا	کاروبار میں ترقی ہو' اگر اڑتا دیکھے' تو کاروبار سیع ہو عزت حاصل ہو۔
آسمان سے گرنا	کسی مصیبت میں مبتلا ہو' رنج و بلا میں گرفتار ہو۔
آسمان دیکھنا	بلند مرتبہ ہو' اور فرزند ارجمند پیدا ہو۔
آسمان کی طرف جانا	سفر درپیش لاریب' ہو جس سے حاصل فتوح غیب ہو۔
آسمان کے قریب پہنچنا	دارین کی بزرگی اور حصول رفعت و شان ہو' فرحت کا سامان ہو۔
آستانہ[1] سلامت دیکھنا	عزت و بزرگی ملے' قبیلہ میں سردار ہو۔
آستانہ گرتے دیکھنا	اگر اوپر کا گرے' تو صاحبِ خانہ پر وبال آئے' یا موت وارد ہو۔
آستانہ بوسیدہ دیکھنا	نیچے گرے' یا خراب دیکھے' تو عورت پر وبال آئے یا موت وارد ہو۔
آستانہ مرمت کرنا	عورت و مرد میں نفاق اور مفارقت ہو' باعثِ پریشانی ہو۔
آستانہ بدلتے دیکھنا	پہلی عورت کو چھوڑ دے' اور نئی شادی کرے۔
آستانہ خوشنما دیکھنا	عزت پائے' دولت بے اندازہ ہاتھ آئے' دولت مند ہو جائے۔
آفتابہ (کوزہ) دیکھنا	عورت ملے' طہارت اختیار کرے' درازی عمر کی دلیل ہے۔
آفتابہ خریدنا	خادم' کنیز' مال و نعمت خیرات و برکت پائے' پرہیز گار ہو۔
آفتاب روشن دیکھنا	ترقی مدارج جلیل ہے' بہتری جان و مال کی دلیل ہے۔
آفتاب پر اَبر دیکھنا	غمگین و ملول ہو فکر و اندیشہ حصول ہو۔
آفتاب طلوع ہوتا دیکھنا	نئی زندگی کا آغاز ہو یعنی حصول دولت و عزت' اور سرداری ملے اور آرام پائے

[1] دہلیز کو کہتے ہیں اوپر کی دہلیز صاحب خانہ کو صادق آتی ہے' اور نیچے کی دہلیز اہل خانہ (یعنی عورت) کو صادق آتی ہے

Marfat.com

آفتاب نصف النہار پر دیکھنا	کمال عروج حاصل ہو، سرداروں میں شامل ہو، عادل ہو اور دولت مند ہو
آفتاب بے روشن دیکھنا	عصیاں میں غرقاب ہو، توبہ قبول نہ ہو جوابازی، مکاری اختیار کرے
آگ یا آتش دیکھنا	عورت مالدار صاحبِ حشمت پائے، یا بارش ہو جس سے خوشحالی ہو۔
آگ روشن دیکھنا	جس قدر روشن دیکھے بہتری ہو، دولت مند ہو ترقی حاصل ہو۔
آگ کی روشنی میں چلنا	دولت ملے، عزت حاصل ہونے کا راستہ اختیار کرے۔
آگ کو بجھتا دیکھنا	اگر گھر میں دیکھے، تو خاندان میں فساد ہو، حقارت و نفرت پیدا ہو۔
آگ کی پوجا کرنا	ظالم حاکم کا محکوم ہو، رنج و تکلیف سے مغموم ہو۔
آگ تنور میں دیکھنا	عورتوں کی صحبت اختیار کرے، بے عزت ہو مگر مالدار ہو۔
آگ اٹھانا	مال حرام پائے، بیہودہ خرچ میں صرف کرے۔
آگ پر کچھ پکاتا دیکھنا	منفعت بے حساب ہو صرف بیجا سے اجتناب کرے۔
آگ میں کپڑا جلتا دیکھنا	آنکھوں کا نقصان ہو، مال کے لئے سرگردان ہو۔
آلت[1] اپنا کٹا ہوا دیکھنا	ترقی سے تنزل ہو، یا اولاد کا غم اٹھائے، یا لڑکا پیٹ میں مر جائے۔
آلتدار عورت آپ کو دیکھنا	اگر حاملہ ہو تو لڑکا جنے اور سردار قبیلہ ہو، اگر حاملہ نہ ہو، تو بانجھ ہو۔
آلو سرخ یا سیاہ دیکھنا	مال و دولت حاصل ہو، کاروبار میں ترقی ہو، نعمت پائے۔
آلو زرد دیکھنا	بیماری میں مبتلا ہو، پریشانی اٹھائے۔
آلو کھاتے دیکھنا	باعث آسائش ہے، مال و دولت ہاتھ آئے، آرام پائے۔
آلو بخارا دیکھنا	موسم میں دیکھے، تو حسب مراد ترقی ہو، مال و منال ہاتھ آئے۔ اور اگر بے موسم ہو تو تکلیف اٹھائے اور بیماری میں مبتلا ہو۔

[1] عضو خاص

Marfat.com

آلوچہ دیکھنا	نیک ہونے کی علامت ہے' دولت مند ہو نیا کام شروع کرے۔
آلوچہ خشک دیکھنا	دفن شدہ مال ملنے کی علامت ہے یا کسی یتیم کا مال کھائے۔
آم دیکھنا	فرزند پیدا ہو' خوشی حاصل ہو۔
آم کھاتے' دیکھنا	روزگار میں ترقی ہو غیب سے مدد ملے' پریشانی دور ہو۔
آم کا درخت دیکھنا	مالدار ہو نعمت ہاتھ آئے' اولاد زیادہ ہو' سفر اختیار کرے۔
آم کا درخت سوکھا دیکھنا	باعث پریشانی ہے' تمام امیدوں پر پانی پھر جائے۔
آم گرتا دیکھنا	بے روزگاری کی دلیل ہے۔
آم کسی کو دیتا دیکھنا	جس کو دے' اس سے فیض حاصل ہو۔
آنسو بہتے دیکھنا	شادی یا کسی خوشی کا موجب ہے غم دور ہوں راحت ہوں۔
آنسو گرم بہتے دیکھنا	رنج والم میں مبتلا ہو' پریشانی حاصل ہو۔
آنسو بغیر روئے بہنا	طعنہ زنی میں بدنام ہو' مبتلائے رنج وآلام ہو۔
آنکھوں میں گرد پڑنا	بغیر مشقت وتکلیف کے مال حلال پائے۔
آنکھیں روشن دیکھنا	کسی بزرگ سے فیض ہو' متقی وپرہیز گار ہو عاقبت نیک ہو۔
آنکھ ایک اندھی دیکھنا	نصف دین یا نصف مال' یا نصف جسم کو نقصان ہو۔
آنکھیں دونوں اندھی دیکھنا	تمام دین یا مال ضائع ہو فرزند کی موت لاحق ہو۔
آنکھوں میں سرمہ لگانا دیکھنا	دین پر عامل ہونے کی دلیل ہے نیک لوگوں میں شمار ہو
آنکھیں زیادہ جسم پر دیکھنا	علم میں ترقی ہو ہر دلعزیز ہو' مشہور عام ہو' نیک نام ہو۔
آنکھ نکالتے دیکھنا	دُکھ اٹھاتے راحت چھٹ جائے' تکلیف میں مبتلا ہو۔
آنکھ اپنی ہتھیلی پر دیکھنا	مال ودولت حاصل ہو' باعثِ عشرت ہو زندگی آرام سے بسر ہو۔
آنکھ میں سفیدی دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو جس قدر سفیدی زیادہ دیکھے اسی قدر پریشان ہو۔

Marfat.com

آواز مرد کی سننا	بزرگی حاصل ہو اور نیک بخت ہو
آواز عورت کی سننا	اگر آواز پست ہو تو بہتری کی دلیل ہے اور اگر آواز بھاری ہو تو پریشانی اٹھائے۔
آواز جانوروں کی سننا	باعثِ پریشانی ہے مصیبت پیش آنی ہے۔
آواز خوش سننا	اگر داہنی جانب یا سامنے سے سنے تو راحت ہو اور اگر بائیں جانب یا پشت سے سُنے تو تکلیف و رنج اٹھائے۔
آہو (ہرن) دیکھنا	جتنا خوبصورت دیکھے اسی قدر مالدار ہو اور آرام و راحت پائے۔
آہو کا شکار کرنا	عورت یا کنیز حاصل ہو عیش و عشرت میں زندگی بسر ہو۔
آہو کو مارنا (ہلاک کرنا)	عورت کی ہلاکت کا سبب ہو گھر ویران ہو۔
آہو کا گوشت یا چربی دیکھنا	منکوحہ عورت سے نال ملے یا مال دار عورت سے شادی کرے اور اولاد پیدا ہو۔
آہو پکڑنا	عورت، کنیز، فرزند سے فائدہ اٹھائے اور مالدار بن جائے
آندھی دیکھنا	وبا پھیلے لوگ تکلیف پائیں باعثِ پریشانی ہو۔
آندھی میں اپنے آپ کو گرفتار دیکھنا	کسی سخت مصیبت میں گرفتار ہو رنج و بلا میں مبتلا یا قید ہو جائے جس سے تکلیف اٹھائے۔
آندھی سرخ دیکھنا	جنگ و جدال ہو باعثِ رنج و ملال ہو فتنہ و فساد عام ہو۔
آلہ دیکھنا	جس قسم کا آلہ اوزار دیکھے اسی خاصیت کے مطابق تعبیر سمجھے۔
آئینہ دیکھنا	دوست یا خدمت گار رفیق ملے تمنا دلی بر آئے فکر و اندیشہ دور ہو۔
آئینہ میں اپنی صورت دیکھنا	لڑکا ہو یا کلام سے معزول ہو یا جورو سے ملول ہو۔ اگر اپنے تئیں خوش وضع دیکھے تو حصول عزت کی نشانی ہے اور دولتمند ہو۔

Marfat.com

آئینہ پانا' یا ملنا	مرتبہ بلند ہو' ولایت و نعمت پائے صاحب جاہ و حشمت ہو۔
آئینہ دینا	اگر کسی کو آئینہ دیتا دیکھے' تو علم سکھائے' اور مال و متاع کسی کو دیدے۔
آئینہ زنگ آلود دیکھنا	دشمن سے خطرہ لاحق ہو' یا عورت نافرمان ہو جائے۔
آئینہ چمکتا دیکھنا	سرداری ملے یا عزت و توقیر ہو' شہرت پائے' دولت ہاتھ آئے۔

(ا) الف مقصورہ

خواب	تعبیر
ابابیل دیکھنا	عقل و دولت میں ترقی کا باعث ہے۔
ابابیل ہاتھ سے اُڑنا	عورت سے مفارقت ہو' رنج و ملال اٹھائے۔
ابابیل ہاتھ میں مرنا	کسی عزیز کی موت واقع ہو۔
ابابیل پکڑنا	غموں سے نجات حاصل ہو' آرام نصیب ہو۔
اَبر آسمان پر دیکھنا	بادشاہ مہربان ہو' یا خود عالم و حکیم بے مثیل دوراں ہو۔
ابر کا ٹکڑا پانا	علم و حکمت حاصل اس فن طبیہ میں کامل ہو۔
ابر کا ٹکڑا کھانا	بادشاہ یا حاکم وقت کا نزدیکی ہو' فائدہ بے انداز پائے۔
ابر سیاہ دیکھنا	رنج و عذاب درپیش آئے' فکر و اندیشہ میں مبتلا ہو۔
ابر برستا دیکھنا	خیر و برکت اور زیادتی رزق کا سبب ہو' آرام و آسائش عام ہو۔
ابر گرجتا دیکھنا	باعثِ پریشانی ہے۔ توبہ کرے' نیک ہو' خوف خدا دل میں پیدا ہو
ابر اڑتا دیکھنا	نیکی کی دلیل ہے علم و عرفان حاصل ہو' خدمت خلق شامل ہو۔
ابر محیط آسمان پر دیکھنا	آفت میں مبتلا ہو' رنج و مصیبت کا سامنا ہو۔

Marfat.com

ابرک اڑانا	مال و دولت ضائع کرے، بے آبرو ہو۔
ابرک جمع کرنا	مال و زر حاصل کرے، بے آبرو ہو۔
ابرک جمع کرنا	مال و زر حاصل کرے، امیروں میں داخل ہو۔
ابرک دیکھنا	تنگ دستی علامت ہے باعثِ فکر و الم ہے۔
اجوائن دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو، اور تکلیف اٹھائے۔
اجوائن کسی کو دینا	غم و اندوہ سے نجات حاصل ہو، اگر ہاتھ سے گرتی دیکھے تو غم سے بچے
اجوائن کھانا	نقصان ہونے کا اندیشہ ہو۔
اخبار پڑھنا	علم و عمل میں ترقی ہو، دولت علم کی بدولت ہاتھ آئے۔
اخبار بیچنا	عیب یا بہتان لگے، مگر نیکی اختیار کرے۔
اخبار لکھنا	دولت مند ہونے کی دلیل ہے عہدہ یا نوکری ملے۔
اخبار طبع کرنا	کامیابی کی دلیل ہے مشہور عام ہو، کاروبار وسیع ہو۔
اخروٹ کھیلنا	دنگا و فساد ہو، بدنام ہو اور بہت خرابی پیدا ہو۔
اخروٹ کڑوا کھانا	مال حرام پائے، بیجا خرچ کرے، اور نقصان اٹھائے۔
اخروٹ سے تیل نکالنا	کام سے نفع پہنچے، کسی شوم یا کنجوس سے کچھ ملے۔
اخروٹ کا درخت دیکھنا	نخل تمنا بر لائے، مسرت ہاتھ آئے۔
اخروٹ دیکھنا	تجارت میں منفعت ہو، حاصل ثروت ہو۔
اذان سننا	پرہیز گاری اختیار کرے، نمازی ہو، خوشی حاصل ہو۔
اذان بے وقت کہنا	ظلم و جفا کا شیوہ پسند آئے، خلقت کو تکلیف پہنچائے۔
اذان بے مقام کہنا	ریا کاری اختیار کرے، ظاہر دار ہو مکار ہو دھوکہ فریب سے کام لے

Marfat.com

اذان مسجد میں کہنا	مال بے حساب ملے' انجام بخیر ہو حج و زیارت نصیب ہو۔
اذان لشکر میں کہنا	سفر درپیش آئے' مال حاصل ہو' تجارت میں فائدہ ہو۔
اذان قید میں کہنا	قید سے رہائی پائے' یا مصیبت سے آزاد ہو۔
اذان پہاڑ پر کہنا	کسی مصیبت میں گرفتار ہو کر رہائی پائے' مرتبہ بلند ہو۔
ارگن پانا یا بجانا	افسر فوج یا حاکم شہر ہو جائے یا قوم میں امتیاز پائے یا مشیر با توقیر ہو
اڑتا اپنے آپ کو دیکھنا	عزت و بزرگی پائے' دولت مندوں میں شامل ہو۔
اڑتا پروں سے دیکھنا	بیماری' یا موت واقع ہو۔
اڑ کر دوسری جگہ جانا	شادی کرے' یا کنیز خریدے' یا بلند مرتبہ حاصل ہو۔
اژدہا دیکھنا	بزرگوں سے فیض حاصل ہو' دولت مندوں میں شامل ہو۔
اژدہا سے جنگ کرنا	دشمن سے لڑائی ہو جائے' باعث پریشانی ہے۔
اژدہا کو زیر کرنا	دشمن پر فتح پائے' دولت ہاتھ آئے رنج و غم کا دور ہو جانا۔
اژدہا پر بیٹھنا	دشمن سے صلح ہو' رنج والم دور ہوں۔
اژدہا کو مار ڈالنا	دشمن کو ہلاک کرے' اندیشہ دور ہو۔
استاد بننا	اگر بچوں کو پڑھائے' تو دنیا میں راست گو ثابت ہو' عزت حاصل ہو۔
اسبغول دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو' آفت میں گرفتار ہو۔
استغفار (توبہ) کرنا	دلی مراد بر آئے' توبہ قبول ہو دولت' فرزند زن حاصل ہو۔
اشرفی ملتے دیکھنا	فرزند نیک طالع ہو' یا مال و دولت بڑھے نفع کثیر ہو۔
اشرفی گم ہونا	کسی عزیز کی موت واقع ہو' یا دولت کی چوری ہو جائے۔
اَبرو (بھنویں) گھنے دیکھنا	ترقی دین کا باعث ہے' علم حاصل کرے' ہدایت' پند و نصیحت کہے۔
ابرو خم دار دیکھنا	حسین و جمیل عورت ملے' مجامعت سے دل شاد ہو۔

Marfat.com

ابر دخم دار دیکھنا	نقصان اٹھانے' بے عزت ہو غم دامنگیر ہو۔
ابر وسفید دیکھنا	بزرگ دین ہو' علم وعرفان ملے' لیکن دولت کی کمی کا باعث ہو۔
افیون دیکھنا	غم واندیشہ درپیش ہو مصیبت میں مبتلا ہو۔
اقامت کہنا	بزرگی حاصل ہو' نیکوں میں شمار ہو عزت ومرتبہ بلند ہو۔
اَلسی دیکھنا	مال حلال پائے' تجارت سے منفعت اٹھائے۔
اَلسی کھانا	سامان دنیا اکٹھا کرے' عیش وعشرت میں مشغول ہو۔
اُلو دیکھنا	گمراہی کی دلیل ہے' مصیبت پیش آئے۔
اُلو پکڑنا	چور کو گرفتار کرے' یا پکڑے نیک نام ہو فائدہ مند ہو۔
اُلو کو جھپٹا مارتے دیکھنا	کسی سے لڑائی جھگڑا ہو' یا دشمن سے جنگ ہو۔
اُلو کا بچہ دیکھنا	چور کے شاگرد یا لڑکے کو پکڑے۔
امام بننا	قوم کا سردار ہو قبیلہ کا امیر مقرر ہو عزت حاصل ہو۔
امام لوگ بنائیں	شہر کا حاکم مقرر ہو' بادشاہ سے عہدہ ملے' لوگوں میں مشہور ہو۔
امام سے ملاقات کرنا	حکومت' عدل' انصاف' علم' بزرگی' امن وراحت پائے۔
امرود کھانا	اگر موسم میں کھائے' تو مال حلال حاصل ہو' اور خوشی نصیب ہو۔
امرود ترش کھانا	غم والم میں مبتلا ہو' اگر بدمزہ ہو' تو بدبختی کی علامت ہے۔
امرود درخت سے توڑنا	نرینہ پیدا ہو' مال وزر زیادہ ہاتھ آئے۔
انار توڑ کر کھانا	حسین عورت ملے' مال ملنے کی بشارت ہے۔
انار ترش کھانا	کام میں ناکامی' باعثِ پریشانی ہے۔
انار میٹھا کھانا	مال جمع کرے' نیک عورت ملے' باعثِ آبادی ہے۔
انار کا درخت دیکھنا	لونڈی باکرہ ہاتھ آئے' یا منکوحہ بیوی حاملہ ہو۔

Marfat.com

انار پانا	روپیہ ملے' یا اولاد نیک نہاد ہو۔
اناج خشک کھانا	فکر واندیشہ کا سامان ہونا حق حیران ہو۔
اناج شیریں کھانا	دولت دنیا سے مالا مال ہو' سرور فی الحال ہو۔
اناج ترش کھانا	جسم آبلہ دار ہو جائے' تکلیف اٹھائے۔
انسان کا گوشت کھانا	مال حرام ہاتھ آئے اور اندیشہ کھائے۔
انتڑی کھانا	زیادتی اسباب' مال ومتاع خانگی ہو۔ فارغ البالی حاصل ہو۔
انجیر کا پتہ کھانا	اندیشہ و بیماری کی علامت ہے باعث پریشانی وملامت ہے۔
انجیر کھانا' یا جمع کرنا	اندوہ وملال کا باعث ہے' حرص وطمع زیادہ کرے' مگر فائدہ نہ ہو
اندھا اپنے تئیں دیکھنا	منفعت سے محروم رہے قصد سفر سے مغموم ہو رنج اٹھائے۔
اندھا دیکھنا	دین کی کاموں سے چشم پوشی ہو' بھوک سے گرم جوشی ہو۔
انجن دیکھنا	طاقتور ہونے کی دلیل ہے۔
انجن خود چلانا	ملازمت ملے' یا کاروبار وسیع ہو۔
انجیل شریف پڑھنا	خود آرائی اور باطل پرستی کی طرف راغب ہو بے دین ہو۔
اندھیرا دیکھنا	دین میں گمراہی کا باعث ہے' ظلمت میں گرفتار ہو۔
اندھیرے سے روشنی دیکھنا	توبہ کرے' دین کی محبت ہو ہدایت پائے اور نیک ہو جائے۔
انڈا دیکھنا' یا پانا	عورت یا کنیز ملنے کی خبر پائے' مسرت ہاتھ آئے۔
انڈا پختہ کھانا	رنج ومشقت سے مال ودولت پیدا کرے۔
انڈا نیم پختہ کھانا	مال حرام اکٹھا کرے۔
انڈا لیتے دیکھنا	عورتوں کی محبت میں مبتلا ہو' زنا کرے' اور خوار ہو۔
انڈے زیادہ دیکھنا	ترقی اولاد کا باعث ہے۔

Marfat.com

انڈا بطخ کا دیکھنا	درویشی اختیار کرے، دنیا سے بیزار ہو، عاقبت نیک ہو۔
انڈا چڑیا کا دیکھنا	خوشی کی علامت ہے مگر بہت کم۔
انگلیاں دائیں ہاتھ کی دیکھنا	پنجگانہ نماز کی پابندی کرے، یا کچھ لکھے یا تصنیف کرے۔
انگلیاں بائیں ہاتھ کی دیکھنا	برادر یا فرزند پیدا ہو کوئی نیا کام ہوا ہو۔
انگلیاں متفرق دیکھنا	تنگدستی ہو جائے، فکر و اندیشہ سے گھبرائے
انگلیاں پاؤں کی دیکھنا	زیب و زینت حاصل ہو، لونڈی یا اولاد سے خوشی حاصل کرے۔
انگوٹھی پہنتے دیکھنا	حکومت مرتبہ، بزرگی کی نشانی ہے، جلد مسرت ثروت ہاتھ آئے
انگوٹھی بیچتے دیکھنا	عورت سے فراق ہو، جدائی شاق ہو، یا جائیداد فروخت کرے۔
انگوٹھی گرتے دیکھنا	قدر و منزلت زائل ہو پریشانی حاصل ہو، مشکلات میں مبتلا ہو۔
انگوٹھی ٹوٹتے دیکھنا	اہل و عیال سے مفارقت کا باعث ہو۔
انگور سیاہ کھانا	باعثِ مصیبت ہے رنج و بلا میں مبتلا ہو۔
انگور سفید کھانا	نعمت و برکت حاصل ہو، فائدہ کثیر ہو صاحب تدبیر ہو۔
انگور نچوڑتے دیکھنا	حاکم وقت سے فائدہ حاصل ہو فرحت بے حساب پائے۔
انگور کی بیل دیکھنا	نیک اور خوش خو عورت سے شادی کرے، آرام پائے۔
انگور کی بیل سوکھی دیکھنا	تکلیف اور پریشانی اٹھائے، رنج و بلا میں گرفتار ہو۔
انگیا (سینہ بند) دیکھنا	اگر اپنی عورت کی دیکھے تو راحت پائے، بیوی سے محبت کرے۔
انگیا غیر عورت کی دیکھنا	عیاش و بدمعاش ہو، بدنام عام ہو، غیر مستورات سے محبت کرے
انگیٹھی دیکھنا	نیک نام عورت زینت مقام ہو باعث راحت و آرام ہو۔
انگیٹھی لوکی دیکھنا	کنیز یا غلام کھو جانے کے مترادف ہے۔
اولیاء اللہ کو خوش دیکھنا	بزرگی ملنے کی دلیل ہے، جاہ و اقبال د[illegible] بلند ہ[illegible]

Marfat.com

اولیاء اللہ کو غصہ میں دیکھنا	باعث پریشانی ہے' ذلالت اٹھائے' بدنام ہو' گمراہ ہو جائے۔
اوپر چڑھنا' یا جانا	پہاڑ یا چھت یا کسی بلند مقام پر چڑھنا کامیابی کی دلیل ہے۔ عزت و بزرگی پائے' بلند مرتبہ ہو' باعث خوشی ہو۔
اوجھری صاف دیکھنا	اگر حلال جانور کی دیکھے' تو مال حلال حاصل ہو۔
اوجھری گوبر سے بھری دیکھنا	مال حرام ملنے کی دلیل ہے باعث پریشانی ہے۔
اوجھری پختہ دیکھنا	اگر اوجھری پختہ دیکھے یا کھائے' تو خیر و برکت ہاتھ آئے آرام پائے۔
اوڑھنی دیکھنا	دین دار عورت ملے' اور باعثِ فرحت ہو۔
وڑھنی پھٹی دیکھنا	منکوحہ بیوی مر جائے' یا کسی عزیز و اقارب کی موت واقع ہو۔
اوڑھنی پر قرآن مجید کی آیت دیکھنا	عورت دیندار ملے جس سے خود بھی ہدایت پائے باعث آرام و راحت ہو' اور موجب برکت ہو۔
اوکھلی دیکھنا	اگر اوکھلی میں شیریں چیز کوٹی جائے' تو نفع ہو' رنج و غم فرار ہو' اور اگر کڑوی چیز کوٹی جائے' تو نقصان ہو' اور غم و اندوہ زیادہ دیکھے
اونٹ پر سوار ہونا	باعث مسرت ہے' مالدار ہو تجارت' بیوپار سے نفع اٹھائے۔
اونٹ کا گوشت کھانا	مال پاکیزہ ملے بزرگی حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔
اونٹ خریدنا	عورت یا لونڈی ملنے کی توقع ہے' دولت مند ہو' مرتبہ بلند ہو۔
اونٹ کو اپنا دشمن دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو' دشمن سے مغلوب ہو پریشانی اٹھائے۔
اونٹ کو مطیع دیکھنا	دولت مندی' آرام پائے' دشمن پر غالب آئے۔
اولے برستے دیکھنا	بلا فتنہ و فساد' قحط و بیماری کا باعث ہے۔
اولے شہر پر برستے دیکھنا	حاکم وقت سے تکلیف پہنچے' یا آسمانی بلائیں نازل ہوں۔

Marfat.com

اولے کا پانی پینا	خوشحال ہو فارغ البال ہو۔
اُون دیکھنا	حلال جانور کی دیکھے، تو مال حلال جمع کرے، تجارت میں ترقی ہو
اُون حرام جانور کی دیکھنا	مال حرام حاصل کرے، نقصان پائے، اور بدنام ہو۔
ایلوا کھانا	غم واندوہ میں مبتلا ہو، اگر نہ کھائے، تو خوشی حاصل ہو۔
ایڑی دیکھنا	کاروبار کی ترقی کا باعث ہے۔
ایڑی کٹ جانا	بے کاری اور تنگ دستی کی دلیل ہے۔
اینٹ دیکھنا۔ پانا	کچی اینٹ دیکھنا، دولت جمع کرے، مگر کنجوس ہو۔
اینٹ دیوار سے نکالنا	مالک کے مال میں خیانت کرے، اور بدنام ہو۔
اینٹ توڑنا	مال و دولت ویران وضائع کرے، پشیمانی اٹھائے
اینٹ پختہ دیکھنا	دُکھ، تکلیف اور مصیبت اٹھائے۔
ادرک کھانا	شیریں بیان، خوش الحان مشہور ہو، ملاقات سے ہر شخص مسرور ہو۔
اپنے تئیں خود ہلاک کرنا	گناہوں سے تائب ہو، اور افعال نیک کی طرف راغب ہو۔

(ب) بائے موحّدہ

خواب	تعبیر
بات ہندی میں کرنا	حساب دانی میں کمال حاصل ہو، سود کھائے، ہندو قوم کا ہمنوا ہو۔
بات اُردو میں کرنا	لیاقت زیادہ ہو تعلیم پائے، عزت حاصل ہو۔
بات پنجابی میں کرنا	گنواروں میں شامل ہو، اور بے علم رہے۔
بات عربی میں کرنا	دیندار ہو، علم دین حاصل کرے، دین اسلام سے محبت ہو۔
بات عبرانی میں کرنا	مال وراثت ملنے کی توقع ہے۔

Marfat.com

بات ترکی میں کرنا	سفر درپیش ہو، کسی غیر ملک کی سیاحت کرے۔
بات یونانی میں کرنا	علم حاصل ہو، نوکری ملے، یا برسرِ روزگار ہو۔
باجا بجانا، یا سننا	دین سے بے بہرہ ہو، دنیا میں مشغول ہو۔
باجرہ کی روٹی کھانا	دلی مراد بر آنے کا موجب ہے، رزق میں فراخی ہو۔
باجرہ دیکھنا	کسی قدر خیر و برکت کا باعث ہو۔
بادام کی گری دیکھنا	خیر اور نعمت کا باعث ہو۔
بادام دیکھنا	ترقی و دولت کی دلیل ہے، امید عہدہ جلیل ہے۔
بادام سبز دیکھنا	بیماری سے شفا پائے، گم شدہ مال ہاتھ آئے۔
بادشاہ دیکھنا	دولت و نعمت پائے، ثروت و حکومت ہاتھ آئے۔
بادشاہ کو خندہ رو دیکھنا	عزت و توقیر اور جاہ و دولت سے مسرور ہو، نکبت و کلفت دور ہو۔
بادشاہ کو بدمزہ دیکھنا	نقصان ہو، اندیشہ سے حیران ہو، صدقہ دے، تا کہ بلائے جان دور ہو۔
بادشاہ کو غیر جگہ دیکھنا	آفت نازل ہو، زراعت برباد ہو جائے۔
بادشاہ کو مردہ دیکھنا	ضوابط اور آئین نو اس کے ملک میں جاری ہوں۔
بادشاہ کے ساتھ طعام کھاتے دیکھنا	درازی عمر و ترقی دولت کا سبب ہے، دافع رنج و تعب ہے اور کہ بلند مرتبہ ہو عزت حاصل ہو۔
بادشاہ کا ہمراہی ہونا	خویش و اقارب سے مفارقت ہو، بیمار دیکھے، تو رحلت ہو۔
بادشاہ مسلمان دیکھنا	خیر و برکت حاصل ہو، ملک میں احکام شرعی جاری ہوں۔
بادشاہ سے گفتگو کرنا	بلند مرتبہ پائے، عزت و مرتبت پائے، عیش و آرام ہو۔
باز سفید دیکھنا	عزت و توقیر حاصل ہو، قبیلہ میں سردار ہو۔
باز چھت یا درخت پر دیکھنا	بادشاہ سے انعام حاصل ہو بلند مرتبہ بزرگی ملے۔

Marfat.com

باز گھر میں چھپا دیکھنا	لڑکا پیدا ہونے کی علامت ہے' یا دفینہ دولت ہاتھ آئے۔
باز پکڑ کر مارتے دیکھنا	ملازم ہو' تو برخاست ہو' روزگار بند ہو جائے' پریشانی اٹھائے۔
باز ہاتھ سے اڑتے دیکھنا	بنا بنایا کام بگڑ جائے' پریشانی ہو' یا بیوی سے مفارقت ہو۔
بازو بند دیکھے یا پہنے	کسی سے مدد پہنچنے کی توقع ہے' باعث مسرت ہے۔
بازو بند چاندی کا دیکھنا	مرد کے لئے فائدہ مند ہے' قوت مردمی زیادہ ہو۔
بازو بند سونے کا دیکھنا	مرد دیکھے یا پہنے' تو رنج و غم اٹھائے' عورت کے لئے فائدہ مند ہے
بازو بند ٹوٹ جانا	دایاں ٹوٹے' تو بھائی کی موت ہونے کا باعث ہو' اور اگر بایاں ٹوٹے' تو بہن یا عزیز' یا کسی دوست کی موت واقع ہو۔
بارہ بُرج دیکھنا	باعثِ علوم اور حکمت حاصل ہو بہت سے کاموں میں شامل ہو۔
برج حمل' اسد' قوس دیکھنا	شاہی فوج سے تعلق ہو' نفع حاصل ہو' عہدہ پائے۔
بُرج ثور' سنبلہ' جدی دیکھنا	شہزادگی سے تعلق ہے' وزراء امراء سلطنت سے منفعت پائے۔
بُرج جوزہ' میزان' دلو دیکھنا	علم دین و دنیا حاصل ہو شہرت عام ہو۔
بُرج سرطان' عقرب' حوت دیکھنا	ملازمت حاصل کرے' یا برسرِ روزگار ہو۔
بانٹتا دیکھنا	لوگوں میں منصف مزاج اور عادل شمار ہو۔
باورچی بننا	خیر و برکت کا سبب ہے' نعمت بے اندازہ پائے۔
باورچی سے نعمت پانا	مال و دولت بغیر مشقت ہاتھ آئے' آرام و راحت پائے
باورچی سے بدمزہ کھانا	رنج و غم اور مصیبت درپیش ہو فکر' بے اندازہ ہو۔
بُت پوجنا	مجرم یا مشرک ہو' دین میں فساد پیدا کرے' بدنام ہو۔
بُت چاندی کا دیکھنا	حسب منشاء گمہو' دین میں فساد پیدا کرے' بدنام ہو۔

Marfat.com

بُت سونے کا دیکھنا	انجام کارِ خیر نہ ہو، بے دین و گمراہ ہو، دُنیا کا مال جمع کرے۔
بُت لوہے کا یا پیتل کا دیکھنا	دین کے بہانے دنیاوی فائدہ حاصل کرے، منافق ہو۔
بُت لکڑی کا دیکھنا	افلاس کے بہانے دنیاوی فائدہ حاصل کرے۔
بُت جواہرات کا دیکھنا	باعث کامیابی ہے، عزت و مرتبہ بلند ہو، عورت وفادار ملے۔
بُت گھر میں دیکھنا	مفلسی اور حیرانی کا باعث ہے، دین سے پرہیز کرے۔
بجلی آگ کی مانند گرنا	شہر یا علاقہ میں فتنہ و فساد اور خونریزی، وبال و آفت آئے۔
بجلی ایک جگہ گرنا	جس جگہ گرتی دیکھے وہاں کامیابی کی دلیل ہے یا لڑکا پیدا ہوگا۔
بچھو کو دیکھنا	کسی سے دشمنی پیدا ہو، رنج و ملال پیدا ہو، تکلیف اٹھائے۔
بچھو کاٹتے دیکھنا	دشمن سے نقصان اٹھائے، اور پریشانی ہو۔
بچھو کو مارتے دیکھنا	دشمن سے لڑائی ہو، بالآخر غالب آئے۔
بچھو سے ڈرتے دیکھنا	دشمن سے خائف ہو اور پریشانی حال ہو۔
بچھو ڈستے دیکھنا	دشمن سے گزند اٹھائے۔
باغ دیکھنا	خوشی حاصل ہو، راحت پائے، غم دکھ کافور ہو جائے۔
باغ پھلدار دیکھنا	دولت و ثروت ہاتھ آئے، کاروبار میں ترقی ہو، آرام پائے۔
باغ میں پودا لگانا	لڑکا پیدا ہو باعث راحت و آرام ہو لڑکا گلفام ہو۔
باغ پر موسم خزاں دیکھنا	کاروبار میں تنزل آئے، تکلیف اور رنج و ملال میں مبتلا ہو۔
باغ سے پھل توڑنا	مال و دولت جمع کرے کاروبار وسیع ہو، باعزت ہو۔
بال سر کے لمبے دیکھنا	عورت دیکھے، تو زینت و حسن میں یکتا ہو، مرد دیکھے تو آزردہ و ملول ہو
بال سر کے کٹے دیکھنا	رنج و تکلیف سے نجات پائے، خوشی میسر ہو بیمار ہو تو صحت پائے۔

Marfat.com

بال سر کے اکھڑتے دیکھنا	مال ضائع کرے، پشیمان ہو، روزگار کی فکر میں سرگردان ہو۔
بالوں سے گنجا سر دیکھنا	مال وزر جمع کرے، عقلمند و دانا ہو، عزت پائے۔
بالوں میں کنگھی کرنا	نفع حاصل ہو، راست باز، ذی فہم و عقلمند ہو۔
بالی (خوشہ) تازہ دیکھنا	فرزند اور رزق حاصل ہو، راحت و آرام پائے۔
بالی خشک دیکھنا	تنگ دستی اور قحط کا باعث ہو، پریشانی اٹھائے۔
بام پر چڑھتے دیکھنا	مرتبہ و عزت اور بزرگی ملے، بلند بخت ہونے کی دلیل ہے۔
بام پر کھڑا ہوا دیکھنا	عزت، دولت، بزرگی، حاصل ہو، اور قوم کا سردار ہو۔
بام سے اترتے دیکھنا	تنزل اور ذلالت سے پریشان ہو، سخت پشیمان ہو۔
بام پر کسی کو دیکھنا	جس کو دیکھے، اس سے فائدہ حاصل ہو۔
بان سن کا دیکھنا	کاروبار و ملازمت میں قدرے ترقی ہو۔
بان سے چارپائی بننا	مشکلات اور محنت
بان مونجھ کا دیکھنا	تکلیف و رنج اور الم کا باعث ہے۔
بخار سخت اپنے آپ کو دیکھنا	تندرستی اور درازی عمر کی دلیل ہے۔
بخار دائمی میں مبتلا دیکھنا	گناہ و فسق و فجور میں غرقاب ہو عاقبت خراب ہو۔
بخشش پانا	اگر کوئی چیز عطیہ دے، تو موجب خیر و برکت ہو، دولت پائے۔
بخشش میں بُری چیز دینا	فتنہ و فساد میں مبتلا ہو، رنج و غم اٹھائے۔
بدہضمی ہوتے دیکھنا	مال حرام کھائے، اور فساد کرے، لیکن آخر کار تائب ہو۔
بردہ فروشی، کرنا	اگر خرید و فروخت میں مصروف ہو تو مال حرام اکٹھا کرے۔
بردہ خوبصورت خریدنا	دولت و زر اکٹھی کرے، مالدار اور شوم و بخیل ہو۔
بردہ بدصورت خریدنا	مصیبت میں گرفتار ہو کسی سے دل آزار ہو، یا بیمار ہو۔

Marfat.com

بربط بجانا' یا سننا	گانے بجانے کا شوق پیدا ہو' تنگدستی میں گرفتار ہو۔
بالا خانہ دیکھنا	قدر و مرتبہ عالی پائے۔ حکومت ہاتھ آئے۔
بال سفید دیکھنا	وقار حاصل ہو' بلند مرتبہ ہو' علم و بزرگی حاصل ہو۔
بیضہ مرغ کا دیکھنا	عورت خوبصورت ملے' یا دوست سے راحت ملے۔
بچھونا زمین پر کرنا	عمر دراز ہو' اور راحت حاصل ہو۔
برف کھانا	دل کو خوشی و سرور ہو' ملال خاطر دور ہو۔
برج دیکھنا	خوف و آفت پیش آئے' مگر جلدی نجات پائے۔
بوڑھا آدمی دیکھنا	درازی عمر کی نشانی ہے' جتنا بزرگ دیکھے' اسی قدر بلند مرتبہ پائے
بزاز دیکھنا	نقدی و زر اور مال ہاتھ آئے' خوشی نصیب ہو۔
بزاز سے کپڑا لیتے دیکھنا	اگر بے قیمت لے' تو نقصان اٹھائے' اگر قیمت دے تو فائدہ اٹھائے۔
بستر دیکھنا	عورت ملے' آرام پائے' بیمار ہو' تو شفا پائے۔
بستر سفید دیکھنا	عورت خوبصورت سے مجامعت کرے' بزرگی پائے۔
بستر پر بیٹھنا	عزت حاصل ہو دولت مندوں میں شامل ہو۔
بطخ سفید دیکھنا	مالدار عورت ملے' عمر خوشی سے بسر کرے۔
بطخ سیاہ دیکھنا	کنیز ملے' آرام و راحت پائے' خوشی حاصل ہو۔
بطخ حلال کرتے دیکھنا	عورت مالدار ملے' زندگی خوش و خرم بسر ہو۔
بغل گیر ہوتے دیکھنا	کسی دوست یا رفیق سے ملاقات ہو۔
بغل گیر دشمن سے ہونا	صلح ہونے کی دلیل ہے' دشمن دوست بن جائے۔
بغل سے بدبو آنا	حرام مال پائے' یا بغض' حاسد و کینہ ور ہو۔

Marfat.com

بغلوں میں ہاتھ دینا	فتح یابی کا باعث ہے، راحت و مسرت ہاتھ آئے۔
بکری پانا، یا خریدنا	عورت ملے یا دولت ہاتھ آئے، فراخی رزق ہو۔
بکری کا گوشت کھانا	مال و دولت اور نعمت پائے، خوشی نصیب ہو۔
بکری مردہ دیکھنا	دولت مین کمی واقع ہو، رنج و مصیبت پیش آئے۔
بگلا دیکھنا، یا پکڑنا	کسی عورت سے نفع ہو، مالدار ہو۔
بگلا گھر میں آتے دیکھنا	شادی کا باعث ہے، خوشی حاصل ہو۔
بُلبل دیکھنا	غلام یا کنیز یا بیٹے کے مترادف ہے، یعنی خوش گفتار فرزند یا غلام ملے
بلبلیں دیکھنا	سرپرستی نصیب ہو، سردار یا امیر مقرر ہو۔
بُلبل پکڑنا	خوش خلق، ہر دلعزیز اور بزرگی کی دلیل ہے، آرام و راحت پائے۔
بلغم منہ سے نکالنا	بیماری سے تندرست ہونے کی علامت ہے۔
بلغم خون آلود نکلنا	نقصان و تکلیف اٹھائے، پریشانی پائے۔
بلور دیکھنا	اسی عورت سے شادی ہو جس سے نباہ نہ ہوگا۔
بلوط کا درخت دیکھنا	حلال رزق، نفع و ترقی اور روزگار عام ہو۔
بلوط کا ذخیرہ دیکھنا	عمر کا زیادہ حصہ خوشی و راحت میں بسر ہو، عزت پائے حصول مال و زر ہو۔
بلی چوری ہوتے دیکھنا	فساد ہونے کا سبب ہے، پریشانی دیکھے۔
بلی کو مارتے دیکھنا	بیماری سے شفا پائے، رنج و تکلیف سے نجات پائے۔
بلی کالی دیکھنا	آفت میں مبتلا ہو۔ گرفتارِ بلا ہے۔
بندر دیکھنا	کسی سے دشمنی پیدا ہو۔
بندر جھپٹتے دیکھنا	سخت آفت آئے، بیماری میں مبتلا ہو۔

Marfat.com

بندر کو ہرتے دیکھنا	صحت یاب ہو، دشمن پر فتح حاصل ہو۔
بندر گھر میں داخل ہوتے دیکھنا	کوئی عورت صاحب خانہ پر جادو کرے۔
بندر گھر چوری کرتے دیکھنا	نقصان اٹھائے، پریشان حال ہو، باعثِ رنج و ملال ہو۔
بنفشہ دیکھنا	عورت سے فائدہ ہو، مال و زر پائے، اولاد پیدا ہو۔
بنفشہ اکھاڑنا	اگر عورت اکھاڑ کر مرد کو دے، تو طلاق لے، اور کوئی دے، تو جدائی ہو
بنولہ دیکھنا	مال و دولت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
بنولہ کا دانہ دیکھنا	جھگڑا و فساد ہونے کا باعث ہو۔
بنیاد مکان کی دیکھنا	امن پائے، دشمنوں سے بے خوف ہو، اور مالدار ہو۔
بنیاد قلعہ کی دیکھنا	بیرونی دشمنوں سے نجات حاصل ہو، امن و امان قائم ہو۔
بنیاد پختہ اینٹ کی دیکھنا	مال حرام پائے، جس کی وجہ سے پریشان ہو، بخیل و بدانجام ہو۔
بنیاد کچی اینٹ کی دیکھنا	ترقی دین میں حاصل ہو، اگر مسجد، باغ، قبرستان وغیرہ کی بنیاد رکھے تو دیندار، نیک اور دولت مند و باعزت ہو، سخاوت اختیار کرے۔
بزرگانِ دین کو دیکھنا	خیر و برکت کا سبب ہے، کمال عنایت رب ہے۔
بازار دیکھنا	بزرگی کی علامت ہے، باعث ترقی و دولت ہے۔
بال ناک پر دیکھنا	غم و اندیشہ کی نشانی ہے چندے قسمت میں سرگردانی ہے۔
بلندی سے اترتے دیکھنا	مرتبہ گھٹنے اور تنزلی عہدہ کی علامت ہے، باعثِ نکبت و فلاکت ہے
بطخ دیکھنا	حاکم یا سردار سے نفع ہونے کی دلیل ہے، مگر قلیل ہے۔
بادشاہ سے لڑنا	فراخی نعمت ہو، اور ارزانی کا سبب ہے۔
بال ہتھیلی پر دیکھنا	قرض میں مبتلا ہو، فکر و اندیشہ سوا ہو۔

Marfat.com

بڑھیا خوبصورت دیکھنا	رونق خانہ' کشادگی رزق کی دلیل ہے' اگر بدصورت ہے تو باعث قلیل زندگی کا ہے۔
بوسہ دینا	مطلب دل حاصل ہو' دینداروں میں شامل ہو۔
بوسہ دشمن کو دینا	امید دافع عداوت ہے' دلیل مصالحہ صحبت ہے۔
بہرہ اپنے آپ کو دیکھنا	علم یا دین کا نقصان ہو یا بدخبر سننے سے حیران ہو۔
بہشت دیکھنا	عالم باعمل متقی بے بدل ہو' عوام میں عزت و حرمت پائے۔
بہشت کا پھل کھانا	اولاد صالح پیدا ہو' اعمال نیک کی وجہ سے دین و دنیا میں عزت پائے۔
بہشت میں داخل ہونا	جنتی ہونے کی دلیل ہے' دیندار ہو بزرگوں میں شامل ہو۔
بیل فربہ دیکھنا	اس سال ارزانی غلہ' اور فراخی رزق سے شاد ہو گھر آباد ہو۔
بیل لاغر دیکھنا	اس سال قحط سالی رہے' تنگی رزق ہو جائے' تکلیف اٹھائے۔
بھیڑیا دیکھنا	بادشاہ ظالم یا دشمن سے صدمہ اٹھائے' ظاہر میں دوست ہو اور باطن میں دشمن ہو ضرر پہنچائے۔
بھوکا آپ کو دیکھنا	مرض ہو' یا حصول جاہ میں سرگرداں ہو' ناحق پریشان ہو۔
بیمار آپ کو دیکھنا	عبادت میں خلل ہو' یا قصد سفر باطل ہو اور ملال حاصل ہو۔
بیمار یا مردہ کو گود میں دیکھنا	علامت صحت و تندرستی کی ہے بشارت راحت و خوشی کی ہے۔
بھنگا یا بھنورا دیکھنا	دفع ملال ہو' اور مسرت بے مثال ہو۔
بہی کھانا یا دیکھنا	لڑکی پیدا ہو' یا عمل نیک ظاہر ہو مگر گھر سے باہر ہو۔
بینگن کھانا' یا دیکھنا	اگر موسم ہے' تو اندیشہ و ملال ہو' بے موسم دیکھنا فائدہ مند ہے۔
بور یا دیکھنا	عورت سے فائدہ حاصل ہو' اولاد میں ترقی ہو' گھر آباد ہو۔

Marfat.com

بوسہ لینا	برکت فتح یابی' امداد کرنے کی دلیل ہے' کسی کو دوست بنائے۔
بوسہ عورت کا لینا	مال ومتال' اور منافع روزگار کثیر ہو' صاحب تدبیر ہو۔
بلبلا (حباب) دیکھنا	تنگ دستی کی دلیل ہے' اگر بیمار ہو' تو موت قریب جانے۔
بہار دیکھنا	اگر موسم بہار دیکھے' تو حکومت یا بادشاہ تبدیل ہو۔
بہار خوشگوار دیکھنا	بادشاہ وقت سے لوگ فائدہ حاصل کریں' اور آرام پائیں۔
بھاگتا دشمن سے دیکھنا	رنج وغم میں مبتلا ہو کسی بیماری میں گرفتار ہو۔
بھاگتا اپنے تئیں دیکھنا	باعثِ خوشی ہو منزل مقصود کو حاصل کرنے میں کوشاں رہے۔
بہرہ بن جانا	تہیدستی اور تنگی روزگار کا باعث ہے۔
بہرہ سنتا دیکھنا	دلی مراد بر آئے' مسرت وخوشی حصول ہو۔
بہشتی (سقہ) دیکھنا	خیر وبرکت کا موجب ہے' اگر اس سے پانی پیئے' تو دولت مند ہو۔
بہشتی خود کو دیکھنا	آخر دنیا میں بزرگی پائے' سخاوت اختیار کرے۔
بھنا ہوا گوشت دیکھنا	نعمت وبرکت پائے اور خوشی نصیب ہو۔
بھوت دیکھنا	کسی آفت کے نازل ہونے کی دلیل ہے یا مصیبت وغم پیش آئے
بھوت چمکتا ہوا دیکھنا	کسی دشمن سے پُر خطر ہو' تکلیف یا دکھ اٹھائے۔
بھوت پر غالب آنا	فتح یابی اور کامیابی کی دلیل ہے۔
بھونچال دیکھنا	مصیبت وبلا میں گرفتار ہو' یا گناہ سے توبہ کرے۔
بھونچال سے زمین غرق ہوتے دیکھنا	جس خطہ زمین کو دیکھے' اس پر عذاب الٰہی نازل ہو اور لوگ گمراہ اور مشرک وفاسق ہو جائیں۔
بھونچال سے زمین ہلنا	اہل جفا لوگ توبہ کریں' ظلم وستم اور کفر سے زمین پاک ہو۔
بھونچال سخت آنا	بادشاہِ وقت کی طرف سے رعایا دکھ ومصیبت میں گرفتار ہو۔

Marfat.com

بھوک لگنا	باعثِ مسرت ہے نئی چیز ہاتھ آنے کی بشارت ہے۔
بیج بونا	عورت ملنے کی دلیل ہے' کوئی نیا کام کرے' یا دولت ہاتھ آئے
درخت بوتے دیکھنا	عزت' توقیر اور بلند مرتبہ پانے کا باعث ہے۔
غلام بکتے دیکھنا	مال و دولت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
خود کو بیچتے دیکھنا	تنگی و تکلیف اٹھائے' کسی کے زیر اثر ہو جائے۔
قرآن شریف کو بیچتے دیکھنا	دین اسلام سے کنارہ کش ہو' ذلت و گمراہی میں گرفتار ہو۔
بیر موسم میں دیکھنا	دولت یا مال حلال نصیب ہو۔ باعث فرحت ہے۔
بیری دیکھنا	اگر سبز ہو تو راحت پائے' اگر خشک ہو تو دُکھ اٹھائے۔
بھیڑ یا بکری دیکھنا	مالدار عورت ملنے کا باعث ہے خوشحال ہو۔
بھیڑ' بکری کا دودھ دھونا' یا پینا	دیندار ہو' والدین کا خادم ہو بزرگی و عزت حاصل کرے اور دولت مندوں میں شمار ہو۔
بھیڑ یا حملہ آور دیکھنا	کسی سے دشمنی پیدا ہو' اور گزند پہنچے' یا بیمار ہو جائے۔
بھیڑیئے کو مارنا	دشمن سے چھٹکارا حاصل ہو' یا تکلیف سے نجات پائے۔
بھیڑیا گھر میں دیکھنا	کسی پوشیدہ دشمن سے آگاہی پائے۔
بیل سیاہ پر بیٹھنا	بادشاہ وقت سے نفع پائے' رحمدلی کی نشانی ہے۔
بیل گھر سے باہر دیکھنا	تنگی رزق ہو جائے' بھوک و افلاس کا باعث ہے۔
بیل گھر میں دیکھنا	اگر فربہ ہے تو دولت و رزق سے خوشحال ہو' اور لاغر ہے' تو کنگال ہو
بیل سینگ مارتے دیکھنا	اولاد یا ملازموں سے نقصان اٹھائے یا عزت میں فرق آئے۔
بیلچہ یا کدال مارتے دیکھنا	اگر کام کرتا دیکھے' تو عزت و وقار ملے' دولت ہاتھ آئے۔
بیلچہ بیکار پڑا دیکھنا	نا اُمیدی اور تنگدستی کی علامت ہے' باعثِ ذلالت ہے۔

Marfat.com

بیلنا دیکھنا یا پانا	نفع اور کامیابی کی دلیل ہے۔
بیلنے سے روٹی نکلتے دیکھنا	ترقی رزق و کامیابی کا باعث ہے کاروبار وسیع ہو۔
بیلنا بیکار پڑے دیکھنا	نقصان اٹھائے' اور بیکار و بے مددگار ہو۔
بے ہوش ہوتے دیکھنا	کسی کام سے حیرانی و پریشانی حاصل ہو' لیکن بعد میں کامیابی ہو۔
بہی دیکھنا	موسم بہار ہو تو فرزند ملے' غیر موسم ہو' یا مرجھائی ہوئی دیکھے تو بیماری آئے۔
بھینسا دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو' یا بیماری آئے۔
بھینس دیکھنا	اگر ایک دیکھے' تو عزت و دولت پائے' اور اگر زیادہ دیکھے تو غریبی و ذلت پائے۔
بائیسکوپ خریدنا	فاحشہ عورت ملے' بے عزت و بے آبرو ہو۔
بائیسکوپ دیکھنا	ترقی مال و دولت ہو' دنیا دار ہو' انجام خوار ہو۔
بول کرتے دیکھا	بیمار ہو' تکلیف اٹھائے' اگر سفید ہو' تو راحت و آرام پائے۔
باؤلی دیکھنا	بادشاہ سے حصول نعمت ہو' یا نوکری ملے۔
باجرہ دیکھنا	اگر سبز ہو' تو راحت پائے اور اگر خشک دیکھے تو تنگ دستی ہو۔
باجرہ کی روٹی کھانا	حصول نعمت و برکت ہے' رزق میں زیادتی ہو۔
بازی گر دیکھنا	لہو و لعب میں مشغول' غربت سے ملول ہو۔

(پ) (بائے فارسی)

خواب	تعبیر
پاجامہ دیکھنا' یا لینا	اگر نیا ہو' تو نوکر رکھے' یا غلام خریدنا' یا کنیز لونڈی پائے یا نکاح کرے

Marfat.com

پاجامہ عورت کو پہنے ہوئے دیکھنا	باکرہ ہوتو نکاح کرے' اور منکوحہ ہوتو لڑکا پیدا ہو۔
پاخانہ کرنا	مال ودولت خرچ کرے۔
پاخانہ (ٹٹی) بنانا	مال جمع کرنے' یا مکروہ عورت گھر میں لائے۔
پاخانہ میں گرنا	مال حرام جمع کرے' بے عزت وننگ وناموس ہو۔
پادنا (گوز مارنا)	بدنام وبے عزت اور بے آبرو ہو۔
پازیب چاندی کی پہننا	اگر عورت دیکھے تو شوہر کرے' اگر مرد دیکھے تو ذلیل وخوار ہو۔
پازیب اتارنا	شوہر سے ناچاکی ہو جائے' یا طلاق ملے۔
پالان خریدنا' یا دیکھنا	عورت ملے' یا کنیز خریدے۔
پالان پشت پر دیکھنا	عورت سخت ملے' تکلیف پائے' اور عورت سے مغلوب ہو۔
پالان پر بیٹھتے دیکھنا	عورت تابع وفرمانبردار رہے' آرام نصیب ہو۔
پالان گم جاتے دیکھنا	عورت اس سے چھوٹ جائے' یا اغوا ہو جائے۔
پانی میں نہاتے دیکھنا	بیمار ہو' تو شفا پائے' اگر تندرست دیکھے' تو کامیابی حاصل ہو۔
پانی میٹھا پینا	درازی عمر پائے' اور نیک بختی نصیب ہو۔
پانی دریا کا دیکھنا	بادشاہ وقت یا حکومت سے فائدہ حاصل ہو' منفعت پائے۔
پانی گدلا پینا	بیمار ہونے کی علامت ہے' باعث پشیمانی ہے۔
پانی دریا کا تمام دیکھنا	حکومت حاصل ہو' یا سرداری ملے' عزت دولتمندی پائے۔
پانی پمپ سے پیتے دیکھنا	غیب سے رزق حاصل ہو' یا سرداری ملے' بیمار دیکھے تو صحت پائے
پاؤں کٹا دیکھنا	مال ضائع ہونے کا سبب ہے پائے مال وخستہ حال ہو۔
پاؤں ٹوٹے دیکھنا	جان جانے کا خطرہ لاحق ہو' مصیبت وپریشانی اٹھائے۔

Marfat.com

پاؤں میں نیا جوتا پہننا	عورت نیک خصال باکرہ ملے، مجامعت سے لطف اندوز ہو۔
پاؤں میں تنگ جوتا پہنتے دیکھنا	عورت بدخصلت ملے، اگر جوتا نیا پہنتے دیکھے، تو باکرہ ملے، اگر جوتا پرانا ہو، تو بیوہ یا مطلقہ سخت اور بدمزاج عورت ملے۔
پاؤں چرند یا پرندے جیسے دیکھنا	قصہ سفر بے سود کرے، حیرانی کے سوا کچھ نہ ملے، مال حرام پائے،
پتے درخت سے اتارنا	مال دولت ملے، رحمت الٰہی شامل حال ہو، نیک خصلت ہو۔
پتے پھلدار درخت سے اتارنا	سعادت و عظمت پائے بے اندازہ روزی ہاتھ آئے۔
پتے کڑوے درخت سے اتارنا	بداخلاق و بدنام ہو، بدمعاش ہو دنگا فساد کرے۔
پتہ انسان کا دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو۔
پتہ جانور کا دیکھنا	برائی غیبت، چغلی اور جھوٹ بولے۔
پتھر پہاڑ کے دیکھنا	منافق اور بے ایمان ہو، سخت مزاج اور سنگدل ہو۔
پتھر سفید دیکھنا	نفع اور حکومت حاصل ہو، قوم کا سردار ہو۔
پتھر سیاہ دیکھنا	دین میں ترقی ہونے کا باعث ہے۔
پتھر سرخ دیکھنا	حکومت سے یا کسی عورت سے مال و دولت حاصل ہو۔
پتھر سبز و نیلا دیکھنا	غیب سے ہدایت پائے، بزرگی دین حاصل ہو۔
پتھر زرد دیکھنا	مال و دولت حاصل ہو، اُمراء میں شامل ہو۔
پستان اپنا دیکھنا	عورت خوبصورت ملے، دولت مند ہو، اور آرام پائے۔
پستان کٹا دیکھنا	عزیز یا لڑکی پیدا ہو، اور عیش و عشرت میں زندگی بسر ہو۔
پستہ ملنا، یا دیکھنا	مال و دولت اور نعمت حاصل ہو۔

Marfat.com

پسلی پر ورم دیکھنا	رنج وغم میں مبتلا ہو یا عورت بیمار ہو۔
پسلی کی ہڈی ٹوٹی دیکھنا	عورت فوت ہو یا مال وزر میں کمی واقع ہو۔
پسو مارنا یا دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو۔
پسو کو کاٹتے دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو یا کوئی آفت آئے۔
پسینہ میں جسم تر دیکھنا	اہل وعیال پر اپنا مال خرچ کرے۔
پسینہ کسی کا چوسنا دیکھنا	مال حرام اکٹھا کرے، ظلم وستم کا پیشہ اختیار کرے۔
پسینہ سفید وخوشبودار دیکھنا	مال حلال پائے باعثِ مسرت ہو سخاوت اختیار کرے۔
پسینہ آتے دیکھنا	مال حلال کمائے اگر بیمار دیکھے تو شفا پائے۔
پسینہ اپنا پیتے دیکھنا	اپنا مال خود خرچ کرے، فضول خرچ ثابت ہو۔
پشم اپنے پاس دیکھنا	نعمت حاصل ہو اگر خریدے یا گھر لائے تو دولت پائے۔
پشم ضائع کرتا دیکھنا	دولت ضائع کرنے یا نقصان ہو بہر حال باعثِ پریشانی ہے۔
پشت پر بوجھ اُٹھانا	مصیبت ومشقت میں پڑنے کا باعث ہے۔
پشت اپنی مضبوط دیکھنا	فرزند یا بھائی سے مدد ملے، غم واندیشہ دور ہو دُکھ درد کافور ہو۔
پشت ٹوٹی ہوئی دیکھنا	اپنے متعلقین سے مفارقت پائے۔
پُل سے گزرنا یا دیکھنا	دلی مراد بر آئے، حکومت سے فیض حاصل ہو مال وزر جمع کرے۔
پُل شکستہ دیکھنا	بادشاہ پر مصیبت پڑنے کا باعث ہے۔
پُل بناتے دیکھنا	راحت وآرام پائے، دولت وحکومت ہاتھ آئے۔
پُل صراط دیکھنا	راہ راست پر چلے مشکلات سے خلاصی پائے، گناہوں سے بچے
پُل صراط سے گزرنا	مصیبت اور بیماری سے نجات حاصل کرے، راہ راست پر چلے۔
پُل صراط سے گرنا	رنج وبلا میں مبتلا ہو کفر وشرک میں گرفتار ہو۔

Marfat.com

پلکیں حرکت کرتی دیکھنا	بیماری اور نقصان میں مبتلا ہو۔
پلکیں خوبصورت دیکھنا	عورت خوبصورت ملے' مال و دولت ہاتھ آئے۔
پلیگ دیکھنا	جنگ و جدل اور مصیبت کا باعث ہو' جھوٹ و فریب اختیار کرے
پلیگ میں خود کو مبتلا دیکھنا	آفت میں گرفتار ہو' شیطان کے مکر و فریب کا شکار ہو۔
پنجرہ دیکھنا	کسی آفت میں گرفتار ہو' بردہ فروش بنے' یا قید ہو۔
پنجرہ ٹوٹا ہوا دیکھنا	دکھ درد سے رہائی پائے مصیبت ٹل جائے۔
پنجہ جانوروں جیسا دیکھنا	ترقی رزق ہو' دشمنوں پر غالب آئے۔
پنجہ مضبوط دیکھنا	قوت و توانائی' رزق اور کسب حلال میں برکت پائے۔
پن چکی دیکھنا	جنگ اور دشمنی کے مترادف ہے۔
پن چکی پر غلہ پسوانا	رزق زیادہ ملے' آرام و راحت پائے۔
پنیر دیکھنا	مال و نعمت پائے' اور عورت وفادار ملے۔
پنیر خشک دیکھنا	سفر درپیش ہو' تجارت میں نفع پائے' مگر کم حاصل ہو۔
پنیر کھاتے دیکھنا	سفر میں محنت و مشقت سے مال و دولت ملنے پر مبنی ہے۔
پودینہ سبز کھاتے دیکھنا	راحت پائے' اور دیندار و پرہیز گار ہو۔
پودینہ خشک دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو بے قرار بے مددگار ہو۔
پودینہ پھینکتے دیکھنا	غم و الم سے نجات حاصل ہو' باعث راحت ہے
پوستین بکری کی دیکھنا	دولت مند عورت ملے' کاروبار میں ترقی ہو۔
پوستین سمور کی دیکھنا	عقلمند ہو' خوش جمال' نیک خصال' صاحب مال و متال اور عورت ملے
پوستین پھٹی ہوئی دیکھنا	غم و اندوہ میں مبتلا ہو' حیرانی کا باعث ہو۔
پھرکی چرخے کی دیکھنا	عورت سے محبت ہو زندگی آرام سے گزرے۔

Marfat.com

پھر کی دیکھنا	عورت دیکھے، تو غلام یا کنیز پائے۔
پھر کی گرتے دیکھنا	صحبت سے ہم کنار ہونے کا موجب ہے۔
پھر کی نئی خریدنا	شادی کرے، یا کام میں ترقی حاصل ہو۔
پہاڑ پر چڑھنا	کسی بزرگ سے فیض حاصل ہو ارادہ میں پکا ثابت ہو عزت پائے
پہاڑ کو کھودتے دیکھنا	زبردست فتح یابی پائے، اور غالب آئے، مشکل سے دولت ہاتھ آئے
پہاڑ سے نیچے اترنا	بادشاہ یا حاکم وقت سے عزت پائے۔
پہاڑ پر اذان دینا	دین میں بزرگی حاصل ہو، تبلیغ کرے، رہبر ملے عاقبت نیک ہو۔
پھکی یا سفوف کھانا	رنج وغم میں مبتلا ہو، بعض دفعہ خیر و برکت کا سبب بنے۔
پیاز دیکھنا	مال حرام حاصل کرے، بدنام ہو غیبت و چغلی اختیار کرے۔
پیاز پختہ کھانا	جرام کھانے سے توبہ کرے، گناہوں پر پشیمان ہو۔
پیاس لگنا	دین کے کاموں میں خلل ہو، مال دنیا بکثرت جمع کرے۔
پیاس پر پانی پینا	گناہوں میں مبتلا ہو، آخر کار توبہ کرے۔
پیاس پر پانی نہ پینا	غم واندوہ سے نجات حاصل کرے۔
پیاس پر پانی نہ ملنا	خوشی حاصل ہو، کسی عزیز سے تحفہ پائے۔
پیالہ خریدنا	کنیز یا لونڈی خریدے، یا کوئی خوشی حاصل ہو، اور نکاح کرے۔
پیالہ میں پانی پینا	کنیز کے ساتھ محبت کرے، یا منکوحہ سے مجامعت کرے۔
پتیلہ نیا گھر لاتے دیکھنا	بیوی کے مترادف ہے۔
پتیلہ نیا گھر لانا دیکھنا	اپنی بیوی سے جدائی ہونے کا باعث ہے۔
پٹھے جسم کے دیکھنا	اگر مضبوط دیکھے، تو اولاد کثیر اور نیک ہو، اگر نرم دیکھے تو اولاد کمزور ہو
پٹھا جسم کا خشک دیکھنا	اہل وعیال میں نقصان واقع ہو یا موت آئے، پریشانی اٹھائے۔

Marfat.com

پر بازوؤں پر دیکھنا	کامیابی کی دلیل ہے' اڑتا دیکھے' تو سفر درپیش ہو' نفع بیش ہو۔
پَر پرندوں کے دیکھنا	خیر و برکت حاصل ہو' باعث کامیابی ہے۔
پروں کو گرتے دیکھنا	موجب نقصان ہے پشیمان و حیران ہو۔
پردہ نیا دیکھنا	بادشاہ کے لئے اچھا ہے' اور رعایا کے لیے کسی حالت میں اچھا نہیں
پردہ اتارتے دیکھنا	دلی مراد پوری ہو' اور باعث مسرت ہے۔
پرانا کپڑا دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہوا گر فروخت کرتا دیکھے' تو افلاس تنگی و غربت ہو
پُرانا کپڑا اتارتے دیکھنا	غم واندوہ سے نجات حاصل ہو' قرض سے فارغ ہو آرام پائے۔
پروانہ اڑتا پکڑنا	فرزندار جمند پیدا ہو سعادت مندی و بزرگی کی دلیل ہے۔
پروانہ کو مارتے دیکھنا	فرزند کے فوت ہونے کی علامت ہے۔
پستان عورت کا دیکھنا	جورو ملے یا لڑکی پیدا ہو اور عیش و عشرت میں زندگی بسر ہو۔
پیالہ ٹوٹتے دیکھنا	فرزند و زن کی مفارقت کا سبب ہے۔
پیپ دیکھنا	مال دنیا اکٹھا کرے' بخیل و کینہ ور ہو۔
پیپ بہتی دیکھنا	مال و دولت میں نقصان ہونے کا موجب ہے۔
پھیپھڑا پختہ دیکھنا	حصول مال و دولت ہو نعمت پائے' آرام و راحت حاصل ہو۔
پھٹکڑی دیکھنا	رنج و غم' بیماری و مصیبت اور دنگا فساد میں مبتلا ہو۔
پھٹکڑی کھانا	محبت' الفت اور رواداری پیدا ہو' کامیابی کا پیش خیمہ ہے۔
پھٹکڑی چمکتے دیکھنا	کشائش رزق کا باعث ہے اور عزت پائے۔
پھنسی' پھوڑا دیکھنا	جسم پر زیادہ دیکھے' تو مال و دولت جمع کرے۔
پھوڑے سے خون نکلنا	جس قدر خون نکلتا دیکھے' اسی قدر نقصان اٹھائے۔

Marfat.com

پھوڑے کو صاف کرنا	مال کی زکوٰۃ ادا کرے' گناہوں سے تائب ہو۔
پھول دیکھنا	فرزند و دوست ملے' کم ہمت ہو' مگر خوشی نصیب ہو۔
پھول بے موسم دیکھنا	کچھ تکلیف اور پریشانی حاصل ہو۔
پھول گلاب کا دیکھنا	لڑکا ذی وقار پیدا ہو' اہل و عیال سے آرام پائے یا دختر بیاہ لائے
پھول مرجھایا دیکھنا	فرزند یا کسی عزیز کی موت واقع ہو' دکھ و تکلیف پائے۔
پہلوان بنے دیکھنا	اگر بادشاہ خود کو پہلوان بنا دیکھے' تو قوت' عظمت و سلطنت زیادہ ہو
پہلوان اپنے تئیں دیکھنا	اگر عالم خود کو پہلوان دیکھے' تو عالم بے بدل ہدایت شغل ہو' اگر سوداگر دیکھے' تو تجارت میں ترقی حاصل ہو' اگر عام لوگ دیکھیں تو مال و دولت ہاتھ آئے' اگر سپاہی دیکھے تو ترقی عہدہ ہو۔
پیشانی دیکھنا	فرزند ارجمند پیدا ہو' نیک اور با توقیر ہو' بزرگی و تونگری پائے۔
پیشانی کشادہ دیکھنا	سخاوت اختیار کرے' متقی و پرہیزگار ہو' عزت و مرتبہ پائے۔
پیشانی تنگ و کوتاہ دیکھنا	سخاوت اختیار کرے' متقی و پرہیزگار ہو' عزت و مرتبہ پائے۔
پیشانی تنگ و کوتاہ دیکھنا	بے عزت و بے آبرو ہو حاسد بخیل ہو پیشہ رزیل ہو۔
پیشانی پر بال دیکھنا	قرضدار ہو غربت سے پریشان و بے قرار ہو۔
پیشانی پر پسینہ دیکھنا	محنت اور رنج و غم اٹھائے اگر سانپ بچھو دیکھے تو رنج و الم زیادہ ہو
پیغمبر بنتے اپنے کو دیکھنا	گمراہ و بے دین ہو بلا و مصیبت میں پھنسے۔
پیکان (تیر) دیکھنا	بگڑا ہوا کام درست ہو جائے۔
پیکان فولاد کا دیکھنا	باعث عزت و بلندی مرتبہ ہے' حوصلہ و عالی ہمت پائے۔
پیکان پرانا' یا شکستہ دیکھنا	باعثِ تنزل و پریشانی ہے۔

Marfat.com

پیمانہ دیکھنا	راستی اور انصاف اختیار کرے، عادل و منصف ہو۔
پیمانہ ٹوٹا دیکھنا	جھوٹ و فریب کی طرف راغب ہو پریشانی اٹھائے۔
پیالہ شیر و شربت کا پینا	عورت نیک کردار، خدمت گار، خوش اطوار حاصل ہو خیر و برکت پائے۔
پیٹ انتڑیوں سے خالی دیکھنا	اقارب سے مفارقت اور دوست سے مہاجر ہو، ملال بشدت ہو۔
پیٹ حد سے بڑھا دیکھنا	مال حرام پائے ظلم و ستم اختیار کرے اور رشوت و سود کھائے۔
پیٹ پر بال دیکھنا	خواہشات نفسانی حاصل ہوں، دین سے نفرت اور دنیا سے پیار ہو
پیٹ ہموار دیکھنا	نیک بختی کی دلیل ہے، مال حلال پائے عزت و بزرگی ملے۔
پیٹھ دیکھنا	معین و مددگار غیب سے پیدا ہو اور فرحت سوا ہو۔
پیٹھ پر سوار دیکھنا	جس کو سوار دیکھے، اس سے مدد ملے، یا نفع پائے اگر خود سوار رہے تو مدد ملے۔
پیٹھ ننگی دیکھنا	بے یار و مددگار ہو، تکلیف میں کوئی ساتھی نہ ہو۔
پیسہ پانا، یاد دیکھنا	تکلیف اور رنج و الم میں مبتلا ہو، یا بیمار ہو جائے۔
پیشاب عورتوں کو کرتے دیکھنا	زیادہ شہوت ہو، راضی بدصحبت ہو۔
پیشاب اپنے کو کرتے دیکھنا	اگر پیشاب سے دھواں اٹھتا دیکھے، جس سے تمام عالم تاریک ہو، تو ہفت اقلیم کی بادشاہت حاصل ہو، علم و دولت سے استغنا رہے شہرت ہو۔
پیشاب خون کا کرتے دیکھنا	پیٹ کا لڑکا مر جائے، یا روزگار میں خلل زبردست آئے۔

Marfat.com

پیشاب کپڑے پر کرنا	بیٹا صالح ہو لیکن زنا سرزد ہو اور فسق و فجور کثرت سے کرے۔
پیٹ شفاف دیکھنا	مال و فرزند پائے قبیلہ کی زیب و زینت ہو دولت ہاتھ آئے۔
پلنگ دیکھنا	یادداشت ہو دروغ گو مشہور ہو اعتبار سے دور ہو۔
پری خوش رو دیکھنا	بلند مرتبہ و حصول علم و دولت ہے اگر بیمار ہو تو شفا پائے۔

(ت) تائے تازی

خواب	تعبیر
تازیانہ دیکھے	نوکر فرار ہو جائے باعث پریشانی ہے۔
تال مکھانہ دیکھنا	پھول اور پھل دیکھے تو طاقت و توانائی حاصل ہو۔
تال مکھانہ کا درخت دیکھنا	کمزوری یا بیماری کی علامت ہے۔
تالاب دیکھنا	اگر صاف پانی کا دیکھے تو خوشی نصیب ہو پانی گندہ ہو تو بیماری آئے
تالاب میں نہانا	بیمار ہو تو شفا پائے اگر تندرست دیکھے تو دنیا سے کنارہ کش ہو۔
تانبا دیکھنا یا پانا	مال و منال حاصل ہو دولت دنیا ہاتھ آئے۔
تانبے کا برتن دیکھنا	نکاح و شادی ہو باعث عیش و طرب ہے۔
تانبا گلتے دیکھنا	مشکلات سے نجات حاصل ہو اور خوشحال ہو۔
تاریکی (اندھیرا) دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے ضلالت کا موجب ہے۔
تاریکی بڑھتے دیکھنا	شہر میں وبا پڑنے کا باعث ہو کفر و شرک اور گمراہی کا موجب ہے۔
تاریکی گھٹتے دیکھنا	گمراہی سے ہدایت پائے بیماری سے شفا پائے۔
تبر (کلہاڑی) دیکھنا	عزیز و اقارب سے جدا ہو یا کسی عزیز کی موت واقع ہو۔

Marfat.com

تخت دیکھنا	کسی بزرگ سے فیض یاب ہو اور بلندی مرتبہ و عزت حاصل ہو
تخت پر بیٹھنا	جاہ و حشمت حاصل ہو، دولت بے انداز پائے، عزت و توقیر ہاتھ آئے۔
تخت سے اترتے دیکھنا	تنزل و معزول ہو پستی پائے، مراتب میں کمی واقع ہو۔
تخت اُلٹتے دیکھنا	بادشاہ کو تنزل ہو یا سخاوت میں یکتا ہو۔
تابوت دیکھنا	دلی مراد بَر آئے، دفینہ مال ہاتھ آئے۔
تابوت شکستہ دیکھنا	دلی مراد پوری نہ ہو پشیمانی اٹھائے راز افشاء ہو جائے۔
تاج دیکھنا	مرد دیکھے تو عزت و توقیر حاصل ہو، عورت دیکھے تو شوہر پائے۔
تاج عورت کے سر پر دیکھنا	بلند مرتبہ پائے، صاحب توقیر و عزت ہو۔
تاج چمکدار دیکھنا	اگر عورت دیکھے، تو صاحب عزت و دولت مند سے شادی کرے
تاج ٹوٹتے دیکھنا	تنزل کا باعث ہے غربت آئے، اور افلاس سے ذلت اٹھائے۔
تاج گرتے دیکھنا	عورت دیکھے تو شوہر فوت ہو اگر بادشاہ دیکھے تو سلطنت تباہ ہو۔
تار یا تار برقی دیکھنا	درازی عمر کی علامت ہے۔
تار وصول کرتے دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو یا کسی کی موت کی خبر آئے۔
تار بھیجتے دیکھنا	پریشانی کے بعد کامیابی ہو۔
تار لکھتے دیکھنا	باعث راحت و خوشی ہو مسرت اور شادمانی ہو۔
تاڑ کا درخت دیکھنا	غم و تردد میں پڑے اور مصیبت درپیش ہو۔
تاڑ کا پھل دیکھنا	بیماری و بیکاری میں مبتلا ہو۔
تاڑی کا پیتے دیکھنا	مال حرام حاصل ہو، نکاح کرے، نعمت دنیا سے مستفید ہو۔
تاڑی فروخت کرنا	فتنہ میں مبتلا ہو، اور دکھ اٹھائے۔

Marfat.com

تخم (بیج) بونا	بزرگی ومراتب زیادہ ہوں، خیر وبرکت ہو، عورت حاصل ہو۔
تخم جو بونا	مال جمع کرے، عیش وآرام پائے، نیک زندگی بسر ہو۔
تخم باجرہ بونا	غم واندوہ میں مبتلا ہو گرفتار رنج وبلا ہو۔
ترازو دیکھنا	قاضی، بادشاہ اور حاکم کے برابر ہے، اگر پلڑے برابر دیکھے، تو عدل وانصاف ہو۔
ترازو ٹوٹا دیکھنا	قاضی، یا بادشاہ عادل، یا حاکم فوت ہو جائے۔
تربوز دیکھنا	دولت ہاتھ آئے، اور عظمت وعزت پائے۔
تربوز کھاتے دیکھنا	متقی و پرہیز گار ہو صبح وشام عبادت میں مشغول رہے دنیا سے نجات پائے۔
تصویر دیکھنا یا پانا	عورت ملے مال حرام اکٹھا کرنے کی کوشش کرے۔
تصویر خریدنا	عورت خریدے، مگر باعث پریشانی ہے۔
تصویر ٹوٹی دیکھنا	عورت سے جدائی ہونے کا باعث ہے۔
تصویر اپنی بدصورت دیکھنا	سختی نازل ہو، اور کسی آفت میں گرفتار ہو، مشکل درپیش ہو۔
تصویر اپنی خوبصورت دیکھنا	عزت پائے، دولت ہاتھ آئے، اور آرام وآسائش ہو۔
ترش چیز کھانا	کاروبار میں کمی، اور مال میں نقصان ہو۔
تکبیر کہتے دیکھنا	دشمن سے محفوظ رہے، بلائے آسمانی سے خلاصی پائے خیر وبرکت ہو۔
تکلا دیکھنا	لڑکی باکرہ سے نکاح کرے۔
تکلا ٹوٹا ہوا دیکھنا	لڑکی یا بہن فوت ہونے کی دلیل ہے۔
تکلا سیدھا کرتے دیکھنا	اگر مرد دیکھے تو رنج وغم پائے، اگر عورت دیکھے تو نجات پائے، اور خوش ہو۔

Marfat.com

تِل دیکھنا	ملازم ہو تو عہدہ زیادہ پائے' اگر نہیں' تو حاکم وقت سے عزت حاصل ہو۔
تلوار دیکھنا	لڑکا' یا لڑکی پیدا ہو اور دولت پائے۔
تلوار کی نیام دیکھنا	عورت ملے' نعمت و برکت پائے۔
تلوار زنگ آلود دیکھنا	عورت فوت ہو' باعث تکلیف ہے۔
تلی دیکھنا	حلال جانور کی ہو تو مال پاکیزہ ملے' اگر حرام جانور کی دیکھے' تو مال مشکوک و حرام پائے۔
تنبورہ دیکھنا	چند روزہ عیش و عشرت میں مال ضائع کرے' ذلالت اٹھائے۔
تنور دیکھنا	بزرگ اور حاکم ہونے کی نشانی ہے۔
تنور گرم' روشن دیکھنا	گھر کی خوشحالی کا باعث ہو' اہل و عیال خوشحال ہوں نعمت ملے
تنور شکستہ دیکھنا	گھر کی بربادی ہو' یا تنگی رزق ہو جائے کلفت و رنج اٹھائے۔
تنور میں روٹی پکانا	رزق حلال و پاکیزہ ملے نعمت بے اندازہ پائے۔
تیر دیکھنا	دلی مراد بر آئے۔
تیر نشانہ پر لگانا	رنج و غم سے نجات پائے' دلی مقصد پورا ہو۔
تواد یکھنا	گھر کے خادم یا منتظم سے تعبیر ہے' نعمت و برکت اور آسودہ حال ہو۔
توانیا خریدنا	گھر کا خادم صالح اور نیک ملے' آسائش رزق ہو۔
تواگم جاتا دیکھنا	منتظم' یا خدمت گار جاتا رہے یا تنگی رزق ہو جائے۔
توبرہ پاتے دیکھنا	خیر و برکت حاصل ہو' مال جمع کرے' یا راز دل پوشیدہ رکھے۔
توبرہ گم جاتے دیکھنا	تنگی رزق ہو' افلاس و مصیبت دیکھے۔

Marfat.com

توپ' دیکھنا	دشمن پر غالب آئے اور کام میں کامیاب ہو۔
توپ' چلاتے دیکھنا	بادشاہ وقت یا حکومت سے فائدہ بے اندازہ پائے اور عزت حاصل ہو۔
توپ کھینچتا دیکھنا	دشمن پر غضب ناک ہو اور رُعب و دبدبہ زیادہ ہو۔
توپ زنگ آلود دیکھنا	دشمن سے خائف ہو یا تدبیر کارگر نہ ہو پریشانی اٹھائے۔
توت (شہتوت) دیکھنا	پھل دیکھے تو عورت ملے یا اولاد پیدا ہو۔
توت کا درخت دیکھنا	مال طیب ملے' منفعت پائے' آرام سے زندگی بسر ہو۔
تورات شریف پڑھنا	عزت و حشمت حاصل ہو موجب خیر و برکت ہے۔
توڑتے کسی چیز کو دیکھنا	غم والم میں مبتلا ہو' اگر پھول توڑے' تو فرزند پیدا ہو۔
توشک خانہ دیکھنا	رزق میں برکت اور خوشحالی ہو عمر دراز پائے۔
توشک سبز دیکھنا	اوسط درجہ پر رزق پائے' غم واندیشہ دُور ہو۔
توشک سیاہ یا نیلی دیکھنا	رنج وغم میں مبتلا ہو' اور حیرانی اٹھائے۔
توشک گم جاتے دیکھنا	چوری ہو جائے یا نقصان اٹھائے۔
توشک دیکھنا	رزق حلال پائے' درازی عمر ہو' اور خیر و برکت حاصل ہو۔
تول پورا تولتے دیکھنا	نیک نیت اور راست باز ہو' حکومت وانصاف کرے۔
تول کم تولتے دیکھنا	بخیل' دغاباز مکار اور فریبی ہو' ذلالت اٹھائے۔
تول زیادہ تولتا دیکھنا	سخاوت اختیار کرے' نیک و متقی اور ہر دلعزیز ہو۔
تھوک تھوکتا دیکھنا	طوالت عمر پائے' توبہ کرے' اور گناہ سے بچے
تھوک زیادہ سیاہ دیکھنا	بیمار ہو رنج وغم میں مبتلا ہوا گر سرخ تھوک آئے تو موت وارد ہو۔
تھوکنا مسجد میں دیکھنا	بے دین و بے حیاء ہو' اور اسلام سے گمراہ ہو۔

Marfat.com

تھوکنا مجلس یا گھر میں	بدنام و بے لگام ہو برائی اختیار کرے۔
تیتر دیکھنا	کنیز خوبصورت ملے اور باعثِ مسرت ہو۔
تیتر کا گوشت کھانا	عورت کا مال کھائے یا مال حلال پائے۔
تیتر پکڑنا	کنیز یا خادم پائے دولت ہاتھ آئے راحت و آرام میسر ہو۔
تیتر اڑتا دیکھنا	اگر گم ہو یا اڑ جائے تو عورت سے جدائی ہو یا کنیز جاتی رہے۔
تیرتا پانی میں دیکھنا	مال دنیا اکٹھا کرے اگر جدو جہد سے تیرے تو مال مشکل ہاتھ آئے۔
تیرتا پانی میں گھر جانا	مشکلات کا سامنا کرے مصیبت میں پھنس جائے اور اگر آسانی سے کنارے پر پہنچے تو کامیاب ہو۔
تیل نچوڑنا یا نکالنا	عزت و توقیر حاصل ہو دولت دنیا ملے۔
تیل خریدنا	نیک نام اور بلند مرتبہ حاصل ہو۔
ترنج دیکھنا	اگر کثرت سے دیکھے تو مال ملے نیک نامی ہو اولاد ہو گھر آباد ہو۔
تکیہ دیکھنا	مرتبہ بلند ہو بزرگی حاصل ہو اور نامور ہو۔
تیمّم کرنا	خوشی حاصل ہو غم دور ہو جائے اور مصیبت سے راحت پائے
تالا دیکھنا	میاں بیوی میں جھگڑا ہو۔

(ٹ) تائے ہندی

خواب	تعبیر
ٹاٹ (جاجم) دیکھنا	دیانتداری اور دینداری حاصل ہو نیک صحبت اختیار کرے۔
ٹاٹ زیادہ خریدنا	دولت بے اندازہ پائے۔ اور آخرت نیک ہو۔
ٹاٹ نیا دیکھنا	عورت پاکیزہ ملے مال طیب و طاہر ہاتھ آئے۔

Marfat.com

ٹاٹ پھٹا دیکھنا	باعثِ تنزلی وخواری ہے' نقصان پائے' اور پریشان ہو۔
ٹانگہ خریدنا	مہمان نوازی کی وجہ سے خرچ زیادہ ہو۔
ٹانگے جوتے دیکھنا	کسی کی شرکت کے باعث نقصان ہو۔
ٹانگہ سے اترتے دیکھنا	رنج وغم سے نجات حاصل ہو' مسرت کا باعث ہو۔
ٹٹو پر سوار ہو۔	محنت ومشقت سے رزق حاصل ہو۔
ٹٹو خریدنا	تجارت یا کاروبار میں ترقی ہو۔
ٹٹو دوڑتے دیکھنا	بلند مرتبہ پائے' دولت میں ترقی ہو۔
ٹخنہ دیکھنا	فرزند پیدا ہو' اور مال ودولت پائے۔
ٹخنہ ٹوٹا دیکھنا	اولاد سے کوئی فوت ہو' یا کاروبار میں خسارہ ہو۔
ٹخنے سے کھیلنا	لڑائی جھگڑا کرے' اور بُرے کاموں میں مبتلا ہو۔
ٹخنے جانوروں کے دیکھنا	اگر حلال جانوروں کے دیکھے' تو مال حلال پائے اگر حرام جانوروں کے دیکھے تو حرام پائے۔
ٹڈی دَل دیکھنا	لشکر یا فوج سے تعبیر ہے' یعنی فوج میں داخل ہو۔
ٹڈی دَل پیچھے اڑتے دیکھنا	لشکر کا سردار ہو' عزت وعہدہ پائے۔
ٹڈی دَل میں گھرا دیکھنا	لشکر میں گرفتار ہو' رنج اٹھائے' یا بیمار ہو۔
ٹرام دیکھنا' یا سوار ہونا	عزت وتوقیر بڑھے' اور مرتبہ بلند ہو۔
ٹکٹ ہوائی جہاز کا دیکھنا	عزت ومرتبہ بلند ہو' نئی ایجاد کرے' شہرہ آفاق عزت حاصل ہو
ٹکٹ سمندری جہاز کا دیکھنا	اگر صالح آدمی دیکھے' تو حج کرے' گنہگار دیکھے تو مصیبت وموت آئے۔

Marfat.com

ٹکٹ ڈاک کا دیکھنا	کسی کا خط ملے یا خط لکھے۔
ٹمٹم پر سوار دیکھنا	عہدہ اعلیٰ پر فائز ہو، حکومت و سرداری ملے، اور دولت آئے۔
ٹم ٹم دیکھنا	گم شدہ عزیز یا دوست کو پائے، یا سفر سے واپس آئے۔
ٹوپی دیکھنا	باعثِ عزت و ناموس ہے، جس قسم کی ٹوپی دیکھے، اس کے مطابق تعبیر ہے، یعنی اگر جناح کیپ دیکھے تو مسلم لیگ کا لیڈر ہو۔
ٹوپی درویشانہ پہننا	عادات مسکین پیدا کرے، غرور تکبر سے نفرت ہو، یاد خدا میں رہے۔
ٹوپی مجاہد کی دیکھنا	بہادر اور دلیر ہو، دشمن پر غالب آئے، فاتح ملک ہو نام پیدا کرے
ٹوپی ترکی دیکھنا	عزم، استقلال، ہمت، جرأت اور عزت پائے، دولت ہاتھ آئے۔
ٹوپی لمبی نوکدار دیکھنا	عیار، چال باز، فریبی، مکار، دھوکا باز ہو، اور مال حرام پائے۔
ٹوپی پھٹی پرانی دیکھنا	بے عزت و تنگ و ناموس ہو، قلاش ہو جائے۔
ٹوپی سیاہ دیکھنا	جاسوس ہو، یا ڈاکو، راہزن اور چور بنے، لوگوں کو نقصان پہنچائے۔
ٹوٹنا، یا (توڑنا)	جان و مال کا نقصان ہو، اگر کوئی عضو ٹوٹا دیکھے تو کسی کی موت ہو
ٹھپہ (مہر) دیکھنا	اگر خریدے تو کسی عہدے پر فائز ہو، اگر دیکھے تو نیک و عابد ہو
ٹھپہ توڑتے دیکھنا	نقصان اٹھائے، پریشان ہو اور عہدے سے مستعفی ہو۔
ٹھوڑی دیکھنا	اہل و عیال میں ذلیل و خوار ہو۔
ٹھوڑی لمبی دیکھنا	عقل مندی و سرداری ملے، صاحبِ توقیر ہو۔
ٹھوڑی سے خون بہنا	اپنے خاندانی بزرگوں سے نقصان اٹھائے۔
ٹہنی دیکھنا	بھائی، بیٹوں، عزیزوں سے تعبیر ہے، اگر ٹہنی سبز دیکھے تو زندگی کی نشانی ہے، اور خشک دیکھے تو موت واقع ہو۔

Marfat.com

ٹہنیاں سبز دیکھنا	آل واولاد میں ترقی ہو خاندان عروج پائے۔
ٹھیلہ دیکھنا	نوکر سے آرام وراحت ملے اور شادی ہونے کا باعث ہو۔
ٹنڈا پنی کسی دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے، فسق وفجور سے باز آئے۔
ٹھٹھا کرتے دیکھنا	دین میں خرابی آئے، دنیا میں بے اعتبار ہو جائے۔
ٹھلیا دیکھنا	زوجہ وکنیز خوشحال ہاتھ آئے، خدمت گار سے راحت پائے۔
رات روشن دیکھنا	اگر چاندنی دیکھے تو عیش وعشرت پائے مالدار ہو ذی وقار ہو۔
رات تاریک میں چلنا	اگر راستہ پر چلے تو ایمان کامل ہو سرخروئی پائے بزرگی حاصل ہو۔
رات تاریک میں بھٹکنا	دین میں کمزوری کا باعث ہے اسلام سے بیگانگت ہے۔
رات روشن میں چلنا	اسلام سے پیار ہو نماز روزہ حج زکوٰۃ ادا کرے عزت و بزرگی پائے

Marfat.com

رات روشن میں بھٹکنا	دیدہ دانستہ اسلام سے نفرت کرے بے دین و گمراہ ہو۔
راجہ دیکھنا	عزت و بزرگی پائے' نعمت ہاتھ آئے' راحت ہو۔
راجہ خندہ رو دیکھنا	رعایا خوشحال ہو' آرام پائے اور آسائش ہو جائے۔
راجہ کو غصہ میں دیکھنا	رعایا تنگ ہو' مصیبت میں گرفتار ہو' بے آرام ہو جائے۔
راجہ کو کچھ بانٹتے دیکھنا	سلطنت کی طرف سے پبلک آرام پائے' ترقی رزق' راحت ہو فرحت ہو۔
رانی دیکھنا	نعمت و انعام پائے عہدہ ممتاز ملے' عزت' دولت' ثروت و راحت ملے
رانی سے کچھ لینا	کمال عروج پائے' وزیر' یا امیر مملکت ہو' عزت و انعام حاصل کرے۔
رانی کا راستہ دیکھنا	عورت خوبصورت' باوقار' دولت مند سے شادی کرے' آرام پائے۔
رانی کو خستہ حال دیکھنا	غربت و ہلاکت میں گرفتار ہو' مصیبت کا شکار ہو۔
رانی کو روتے دیکھنا	اگر آنسوؤں کے ساتھ روتا دیکھے تو دین و دنیا کی نعمتیں پائے۔
رانی کو ہنستے دیکھنا	کمال اور بے زوال دولت' عزت آرام و راحت پائے زندگی بہترین گزرے۔
رانی کو زور سے ہنستے دیکھنا	اگر قہقہہ سے لوٹ پوٹ ہوتی دیکھے' تو بے عزت و غریب و ذلیل و خوار ہو۔
راستہ دیکھنا	دیندار ہو' شرافت و نجابت پائے' آرام و راحت حاصل ہو'
راستہ ٹیڑھا دیکھنا	بے دین و گمراہ ہو' عاقبت فنا ہو۔

Marfat.com

راکھ دینا	مال ضائع ہو، بے فائدہ علم، بیہودہ کام، ریاکاری اختیار کرے۔
راکھ باہر پھینکنا	ذلالت اُٹھائے، بے عزت ہو، ہلاکت سے تنگ ہو۔
راکھ اکٹھی کرنا	مکر و فریب دغابازی، ریاکاری اختیار کرے۔
ران داہنی کمزور دیکھنا	اپنے قبیلہ کو بے اتفاق اور منتشر دیکھے، اور رنج اٹھائے۔
ران داہنی ٹوٹی دیکھنا	اپنے قبیلہ سے مفارقت ہو، جدائی پائے۔
ران بائیں مضبوط دیکھنا	بیوی کے متعلقین سے امداد پائے۔
ران داہنی کمزور دیکھنا	عورت کے قبیلہ کو منتشر پائے، اگر ٹوٹی دیکھے، تو میل ملاپ بند ہو۔
رائی دیکھنا	غم اور اندوہ میں مبتلا ہو۔
رائی استعمال کرنا	نقصان ہونے کا موجب ہے، پریشانی اٹھائے۔
رائی کھانا	بیمار ہو، مصیبت و بلا میں گرفتار ہو۔
رحل دیکھنا یا خریدنا	دین میں ترقی حاصل ہو، نیک کردار ہو نیک گفتار ہو۔
رحل بنانا	لوگوں کو دین کی طرف بلائے رہبر و عابد ہو۔
رحل توڑنا	بے دین و گمراہی کا موجب ہے۔
رحل بیچنا	بے عمل، رہبر، یا مولوی ریاکار ہو۔
رخسار دیکھنا	عورت خوبصورت پائے، محبت سے راحت ہو۔
رخسار سرخ دیکھنا	خوشخبری پائے، عورت، دولت، عزت، راحت و فرحت پائے۔
رخسار زرد دیکھنا	رنج و ملال کا باعث ہو، مصیبت و تکلیف اٹھائے۔
رس میٹھا پینا	مال و نعمت حاصل ہو، باعث فرحت ہو فرزند پیدا ہو۔
رس پھیکا یا ترش پینا	مال میں نقصان ہو، حیران و سرگردان ہو۔
رس پھولوں کا پینا	دولت پیدا کرے، آرام سے اوقات بسر کرے۔

Marfat.com

رسی دیکھنا	عہد و پیمان کرے، جس پر ثابت قدم رہے، عزت پائے۔
رسی کچی بٹنا یا خریدنا	بے وفا و بد عہد ہونے کا موجب ہے بدنام و ذلیل ہو۔
رسی جلتے دیکھنا	عزت و مرتبہ بلند ہو، دل خورسند ہو۔
رسی ہاتھ سے گرنا	بے عزت ہونے کا باعث ہے، ذلالت اٹھائے۔
رسہ دیکھنا	عہد و پیمان پورا کرے، دیندار، امانتدار ہو، دلی مراد بر آئے۔
رسوت کا پوداد یکھنا	کمینہ خصلت خادمہ پائے، رنج و اندیشہ ہو۔
رسوت گھر لانا	ذلیل و خوار ہو، مال حرام سے آمد پائے۔
رسوت گھر سے نکالنا	مصیبت سے آزاد ہو، بامراد ہو، دل شاد ہو۔
رشوت لینا	مال ناجائز کو قبضہ میں کرے، ظالم اور بدنام ہو، پشیمان ہو۔
رشوت دینا	حرام اشیاء کی تجارت کرے، مثلاً شراب، افیون، بھنگ چرس وغیرہ۔
رضوانِ جنت دیکھنا	رنج و غم سے نجات پائے، عیش و آرام کی زندگی بسر ہو۔
رعد کی کڑک سننا	گناہ سے توبہ کرے، یا موت کا پیغام پائے۔
رفو کرنا	عزیز و اقارب سے جھگڑا یا لڑائی ہو جائے۔
رفو کپڑا کرنا	قبیلہ سے عداوت ہو، باعث شقاوت ہو۔
رفو شلوار تہبند کرنا	عورت سے جھگڑا اور لڑائی ہو جائے۔
رفو ٹوپی یا پگڑی کرنا	بے عزت و بدنام ہو پشیمان و بدزبان ہو۔
رکابی دیکھنا	نعمت پائے، میزبانی اختیار کرے۔
رکابی میں آگ دیکھنا	گھر کی خادمہ عیار و مکار پائے، جس سے تکلیف اٹھائے۔
رکابی ہاتھ میں دیکھنا	خادم، ساقی، کنیز، نعمت و عزت حاصل ہونے کا موجب ہے۔
رگ چیرنا	غم و اندوہ میں مبتلا ہو، تکلیف اٹھائے، یا پریشانی رہے۔

Marfat.com

رگ پھٹتے دیکھنا	اپنے خویش واقارب میں موت واقع ہو جائے۔
رنج آنا	خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
رنجیدہ خاطر ہونا	خوشخبری پائے' عزت وآرام ملے۔
رنگ سرخ کا کپڑا پہننا	مرد پہنے' تو رنجیدہ پُر ملال ہو' عورت پہنے' تو خوشی حاصل ہو۔
رنگ سفید کا کپڑا پہننا	مرد وعورت دونوں کے لئے دین ودنیا کی بہتری کا سبب ہو۔
رنگ زرد کا کپڑا پہننا	مرد پہنے تو بیمار ہو' ہلاکت پائے' عورت پہنے تو پشیمان ہو' پھر آرام پائے
رنگ سیاہ کا کپڑا پہننا	مرد وعورت دونوں کے لئے مصیبت و رنج اور بیماری کا باعث ہے۔
رنگ خاکی کا کپڑا پہننا۔	مرد پہنے تو عزت و دولت پائے' عورت پہنے تو ذلیل وخوار ہو آوارہ ہو
رنگ نیلا کا کپڑا پہننا	مرد پہنے تو ہلاکت پائے' عورت پہنے تو دولت وعزت سے سرفراز ہو۔
روئی دیکھنا	تنگی رزق ہو' ہلاکت پائے' یا مصیبت اٹھائے۔
روئی دھنا	رزق پائے مگر بے عزت وحقیر ہو۔
روانی یا (رو) دیکھنا	رویا سیل بڑے دشمن اور ظالم بادشاہ سے تعبیر ہے۔
روانی میں پھنسنا	مشکلات میں پھنسے' یا مظالم میں سخت گرفتار ہو' فتنہ کا شکار ہو۔
رو سے بچنا	دشمن سے محفوظ رہے' سلامتی پائے' سختی دُور ہو غم کافور ہو۔
رو میں بہنا	سخت دشمن یا ظالم بادشاہ سے واسطہ پڑے غیبی فتنہ میں پھنسے۔
روٹی کھانا	دولت ونعمت پائے' عیش وعشرت میں مصروف ہو۔

Marfat.com

روٹی پکانا یا خریدنا	خیر و برکت اور ترقی رزق دو دولت کا باعث ہے۔
روٹیاں جمع کرنا	مال و متال کثرت سے جمع کرے۔
روٹی زیادہ گرم کھانا	نقصان اٹھائے' یا معمولی تکلیف ہو۔
روٹی بانٹنا	مال و دولت خرچ کرے' اگر روٹی خیرات کرے' تو سخی ہو۔
روٹی جو یا مکئی کی کھانا	بزرگی پائے' یا دخدا میں مشغول ہو متقی و پرہیز گار ہو۔
روٹی باجرہ کی کھانا	تنگی رزق کا باعث ہے پریشانی اٹھائے۔
روح کیوڑہ دیکھنا	پاکیزہ غذا ملے' اور روزی حاصل ہو۔
رُوح اپنی دیکھنا	اہل وعیال سے تعبیر ہے اگر روح فرخندہ دیکھے تو اہل وعیال میں ترقی پائے اور اگر روح کو پریشان دیکھے' تو کنبہ میں تنزل آئے۔
روح کو نیک صورت دیکھنا	فرزند نیک سیرت پیدا ہونے کی بشارت ہے۔
روزہ رکھنا	گناہوں سے تائب ہو' عبادت الٰہی میں مصروف ہو۔
روزہ توڑنا	دین سے بے بہرہ ہو بھوک و افلاس سے آوارہ ہو۔
روزہ افطار کرنا	خوشخبری ملے' دل کی آرزو پوری ہو' حج کرے متقی ہو۔
روضۃ الرسول دیکھنا	حضور اکرم ﷺ کی زیارت ہو حج کرے متقی ہو۔
روضہ ولی اللہ دیکھنا	دلی مراد پوری ہو سعادت مند ہو اور اطمینان قلبی حاصل ہو۔
رمضان کا مہینہ دیکھنا	تنگی رزق کا باعث ہے مگر شاکر صابر رہے عزت و بزرگی پائے۔
روزینہ مقرر ہوتا دیکھنا	ملازمت اور کاروبار پائے' آرام و آسائش کا سبب ہے۔
روشنی دیکھنا	دیندار ہو متقی اور پرہیز گار ہو۔
روشنی گھر میں دیکھنا	علم دین حاصل ہو' مرد کامل خدا یاد ہو' دولت و نعمت پائے۔

Marfat.com

روشنی کسی کو دکھانا	علم دین سکھائے، تبلیغ وہدایت دے، معلم اتالیق ہو۔
روشنی کم کرنا	گمراہ بے دین ہو اور عاقبت خراب ہو۔
رونا آنسوؤں کے ساتھ	دین ودنیا کی نعمتوں سے مالا مال ہو دیندار خوشحال ہو۔
رونا بغیر آنسوؤں کے	تکالیف ومصیبت میں گرفتار ہو رنج والم کی خبر پائے۔
رونا چلا چلا کر	مصیبت وتکلیف میں بے صبرا ہو بے یار ومددگار ہو۔
رومال ہاتھ میں دیکھنا	صفائی قلب سے تعبیر ہے عزت وعظمت پانے کا موجب ہے۔
رومال سے منہ صاف کرنا	راست گو اور ایماندار ہو سچائی سے رغبت ہو۔
رومال پھٹا دیکھنا	سچائی سے ہمکنار ہو کذب بیانی، دروغ گوئی اختیار کرے۔
اہٹ (کنواں) دیکھنا	دولت ونعمت پائے، خوشحال نیک خصال ہو۔
اہٹ چلنا دیکھنا	مال ودولت پانے کی بشارت ہے، تونگر وخوشحال ہو۔
اہٹ بنانا (تعمیر کرنا)	اپنے اہل وعیال اور خویش واقربا کے لئے دولت جمع کرے۔
اہٹ خود چلانا	اہل وعیال کی پرورش کرے، اور سخی ہو سخاوت کرے۔
اہٹ کا پانی راہٹ میں جاتے دیکھنا	بخیل اور کنجوس ہو جس سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہو اور اگر پانی کنوئیں سے باہر پڑتا دیکھے، جس سے عام زمین سیراب ہو تو مال سخاوت کرے
اہٹ ویران دیکھنا	فکر واندیشہ میں مبتلا ہو اگر جھانکے، تو مصیبت یا موت آئے۔
راہزن (ڈاکو) دیکھنا	مکار عورت یا دوست سے تعبیر ہے جن سے تکلیف پائے۔
راہزن حملہ آور دیکھنا	مکار عورت یا مکار مرد سے نقصان اٹھائے، مکر وفریب میں آئے۔
راہزن کو ہلاک کرنا	مکر وفریب سے آگاہ ہو مکاروں اور دشمنوں سے کنارہ کش ہو۔
راہزن بننا	مکر وفریب سے روزی پیدا کرے، بددیانت وریاکار ہو۔

Marfat.com

ریچھ دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو یا بیمار ہو' مگر جلدی رہائی پائے۔
ریچھ حملہ آور دیکھنا	سخت بیمار ہو یا کسی آفت میں گرفتار ہو رنج و مصیبت پائے۔
ریچھ کو ہلاک کرنا	بیمار ہو تو تندرستی پائے' قرض سے نجات ہو رنج و غم سے آزاد ہو۔
ریح بدن میں دیکھنا	غم واندوہ سے نجات پائے' مال حرام کھائے۔
ریح سے درد پانا	اپنے گھر یا اہل و عیال سے تکلیف پائے' آزردہ خاطر ہو۔
ریح پھسکی مارنا	اگر بے آواز مارے تو کسی بُری بات کہنے سے بدنام و بے عزت ہو۔
ریح پادنا	بیمار ہو' تو صحت پائے' رنج و غم سے آزاد ہو۔
ریشم پہننا	عہدہ پائے' عزت و عظمت حاصل ہو' باقی رنگوں پر منحصر ہے۔
ریشم کا کپڑا دیکھنا	منفعت مال' خیر و برکت اور عزت و مرتبہ حکومت و بزرگی حاصل ہو۔
ریل گاڑی دیکھنا	کسی عزیز کے سفر سے آنے کی خبر پائے۔
ریل میں سفر کرنا	کسی لمبے سفر پر روانہ ہو گھر' بیگانہ ہو۔
ریل سے اترنا	بیمار ہو تو شفا پائے' خیریت سے گھر آئے' آرام پائے۔
ریتی سے کام کرنا	مشکلات سے نجات پائے' کاروبار میں برکت ہو۔
ریتی سے شیشہ رگڑنا	اگر کوئی چمکدار چیز رگڑے' تو ذلت و خواری پائے' نقصان اٹھائے۔
ریتی ٹوٹنا یا گم ہونا	کسی کام کو پورا کرنے کا باعث ہے دلی مقصد پورا ہو۔
ریوند دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو اگر کھاتے دیکھے' تو تکلیف اٹھائے۔
ریوند پھینکنا	رنج و غم سے نجات ہونے کا باعث ہے۔

Marfat.com

روپیہ پانا' یا لینا	خوشحال ہو' نیک خصال ہو' حاصل زر و مال ہو۔
روپیہ گم جانا	باعث پریشانی ہے' رزق و دولت میں کمی آئے۔
روزن دیکھنا	مال تجارت پائے' یا ولایت ملے' یا عہدہ میں ترقی ہو۔
روغن دیکھنا	صدمہ اٹھائے' کسی بات میں ندامت ہو' اور پچھتائے۔
رواق و صفحہ دیکھنا	مرد میدان ہو' نام اور جہان ہو' یا احباب سے برسر امتحان ہو۔
رن (جنگ) دیکھنا	مشکل سخت پیش آئے' دل گھبرائے' مگر آسانی سے حاصل ہو جائے۔
رنجک اڑاتے دیکھنا	مطلب دل بر آئے' سرداری لشکر ملے' یا مرض مہلک سے شفا پائے۔
رہبر دیکھنا	راستی اختیار کرنے' دیندار ہو پرہیز گار ہو۔

(ز) زائے معجمہ

خواب	تعبیر
زبان کوتاہ دیکھنا	جھوٹ اور کم گفتاری کا موجب ہو' سازشی دھوکہ باز ہو۔
زبرجد (قیمتی پتھر) دیکھنا	خیر و برکت کا باعث ہے' جاہ و جلال اور عالی منصب ہو جائے۔
زبرجد پانا' یا ملنا	بے عزت ہو' مال و دولت تباہ و برباد کرے' یا عہدہ سے معزول ہو۔
زبور شریف پڑھنا	نیک کام کرے' کاروبار میں ترقی ہو' مگر فائدہ اٹھائے۔
زبور پاک سننا یا لکھنا	دین کے کاموں میں ترقی ہو' دیندار ہو' پرہیز گار ہو۔
زخم دیکھنا	رنج و غم اور تکلیف اٹھائے' اگر پیپ دیکھے تو مال حرام پائے۔
زخم بھرتا دیکھنا	غم و اندیشہ سے نجات پائے' تکلیف دور ہو۔

Marfat.com

زخم سے خون بہنا	صادق القول' راست باز ہو' اگر زخم سے خون نہ نکلے تو جھوٹ بولے
زخم کرنا' یا پہنچانا	سچی بات پر قائم ہو' سچ گو حق پرست اور بہادر ہو۔
زخم ہونا	حق پرست' اور راست گو ہو' دکھ سے نجات پائے۔
زخم لمبا دیکھنا	مال و دولت ملے' غم واندوہ کا باعث ہے۔
زرد آلو دیکھنا	زرد آلو' درہم و دینار سے تعبیر ہے' کاروبار میں ترقی ہو۔
زردہ خوش ذائقہ کھانا	کثرت سے دولت پائے' خوشحال ہو' راحت و مسرت حاصل ہو۔
زردہ بدمزہ کھانا	غم واندوہ میں مبتلا ہو تکلیف پائے۔
زردہ بے موسم کھانا	بیماری میں مبتلا ہو' اور پریشان حال ہو۔
زرد رنگ کا کپڑا پہننا	سخت بیمار ہو' موت کا انتظار ہو' افلاس سے خوار ہو۔
زرد پھول دیکھنا	اولاد میں بیماری پڑے' اگر پھول مُرجھایا دیکھے' تو موت آئے۔
زرد لباس اتارنا	بیمار ہے تو شفا پائے' قید سے رہائی ہو' تکلیف سے راحت ہو۔
زراعت کرنا' یا کرانا	اطمینان اور فارغ البالی کا باعث ہے۔
زراعت کو پانی دینا	رزق بے اندازہ پائے' سردار یا بادشاہ کی دولت ہاتھ آئے۔
زراعت کاٹنا	بیماری اور غم اندوہ سے نجات پائے' اور فائدہ حاصل ہو۔
زرشک (دوائی) دیکھنا	رنج و غم اور دنگا و فساد میں مبتلا ہو۔
زرشک جمع کرنا	کسی بخیل آدمی سے جھگڑا ہو جائے' اور رنج اٹھائے۔
زرشک استعمال کرنا	دشمن سے مغلوب ہو' مصیبت میں گرفتار ہو۔
زر پہننا	دشمن پر غالب آئے' کامیابی ہو عزم و استقلال سے فتح یاب ہو۔
زرہ تیار کرنا یا بنانا	بہادر' دانا' دولتمند اور ذی وقار ہو' قوم کا سردار ہو۔

Marfat.com

زرہ اتارنا	ناکامی کا باعث ہے پست ہمت' بزدل مزاج ہو۔
زرہ توڑنا	رحمدل' عادل اور غریب پرور ہو' مگر خود بھی غریب ہو۔
زعفران دیکھنا	اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے' اور دولت نصیب ہو۔
زعفران سے لکھنا	جج یا مجسٹریٹ ہو' یا قاضی وقت کا ممتاز عہدہ پائے۔
زعفران خریدنا	عابد وزاہد ہو' بزرگی حاصل ہو' عزت ودولت وراحت پائے۔
زعفران انعام پانا	عابدہ عورت سے شادی ہو' دین ودنیا کی آبادی ہو۔
زکام ہونا	رنجیدہ پُر ملال ہو' مگر بعد میں خوشحال ہو۔
زکام سخت ہونا	مصیبت میں گرفتار ہو' سوچ بچار میں عاجز ہو۔
زکوٰۃ دینا	مال ودولت جمع کرے' نیکی اور بزرگی پائے۔
زکوٰۃ لینا	اگر خوش وضع سے لیتے دیکھے' تو آرام اور راحت ودولت وبزرگی پائے
زکوٰۃ مجہول سے لینا	تکلیف اور رنج میں مبتلا ہو۔
زلف دیکھنا	کسی پر عاشق ہو' اور فکر والم میں مبتلا ہو محبت میں گرفتار ہو۔
زلف خمدار دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے' نیک ودیندار ہو۔
زلف بزرگ آدمی کی دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے۔
زلزلہ یا بھونچال آنا	اگر ساری دنیا پر دیکھے' تو لوگ آسودہ حال ہوں' اسلام کا چرچا ہو۔
زلزلہ گھر میں دیکھنا	اہل خانہ مصیبت میں گرفتار ہوں' گناہوں سے توبہ کرے۔
زلزلہ شدید دیکھنا	اگر مکان گرتے دیکھے تو لوگ مصیبت میں گرفتار ہوں وبا پھیلے۔
زمرد (قیمتی پتھر) دیکھنا	فرزند پیدا ہو' یا بھائی کو ہم خیال پائے' دولت اور نعمت حاصل ہو۔

Marfat.com

زمرد پانا' یا ملنا	فرزند خوش جمال پیدا ہو' یا مالدار عورت ملے' آرام و راحت پائے۔
زمرد ٹوپی میں لگانا	بادشاہ وقت ہو' یا وزیر اعظم مقرر ہو' اگر پگڑی میں دیکھے تو شہنشاہ ہو۔
زمرد کو چھپانا	فرزند خوش بخت پیدا ہو' جو جوان ہو کر بادشاہ بنے یا سردار قوم ہو۔
زمزم پینا' یا پلانا	بیماری سے شفا پائے' دین کا خادم ہو اور مددگار ہو۔
زنبور دیکھنا	کمینہ خصلت آدمی سے واسطہ پڑے' سخت مزاج تند خو ہو۔
زنبیل (جھولی) دیکھنا	مال و نعمت پائے' عورت پاکیزہ ہاتھ آئے۔
زنبیل پھیلانا	مال کثرت سے پیدا کرے' مگر بے عزت ہو۔
زنبیل میں کچھ پانا	عورت خوبصورت یا کنیز باتمیز پائے' مال و نعمت ملے۔
زنبیل خالی دیکھنا	پریشانی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے' ذلت اٹھائے۔
زنجیر ہاتھ میں لینا	چور بنے' گناہ میں مبتلا ہو' ظالم بدکردار و خوار ہو۔
زنجیر دروازہ کی دیکھنا	کوئی دربان' یا خدمتگار' یا لونڈی فرمانبردار پائے۔
زنجیر گھر میں دیکھنا	عورت بدخصال سے پریشان ہو کج بختی سے حیران ہو۔
زنجیر گردن میں دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے' نیک ہو' کسی کا غلام بنے' یا خادم ہو۔
زنجیر پاؤں میں دیکھنا	گناہوں کا مرتکب ہو' چور راہزن یا زانی ہو۔
زنا کرنا مجہول عورت سے	مصیبت میں پھنسے' لوگوں میں ذلیل و خوار ہو۔
زنا کرنا شہزادی سے	عہدہ پائے' عزت و مرتبہ بلند ہو' شاد کام خوش انجام ہو۔
زنا رانی کو کرتے دیکھنا	اگر رعایا سے زنا کرے' تو سخاوت کمال کرے' کوئی کنواں' نہر یا سرائے تعمیر کرائے' جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں۔
زنا بادشاہ کو کرتے دیکھنا	ظالم حاکم مقرر ہو' اگر بادشاہ خود خواب دیکھے' تو سخاوت کرے۔

Marfat.com

زانی یا زانیہ دیکھنا	مال حرام کھائے' بے عزت و بے آبرو ہو' بدنام و بدانجام ہو۔
زمین مسطح دیکھنا	دولت و نعمت ملے' مگر جمع نہ کرے' اگر زمین میں دفن کرے' تو آفت آئے
زمین ہموار کرنا	ہمت عالی ہو' کار دنیا بخوبی انجام ہوں' دیندار پرہیز گار ہو۔
زمین کھود کر مٹی کھانا	مکر و فریب سے مال پائے' مگر تکلیف اٹھائے۔
زمین میں اپنے تئیں گاڑنا	جلاوطن ہو' یا موت آئے' یا تکلیف جسمانی اٹھائے۔
زمین کھود کر پانی نکالنا	مال حلال پائے' مگر مشقت اٹھائے۔
زمین کا کرہ دیکھنا	عتاب شاہی میں گرفتار ہو' یا اسقاط حمل ہو' رنج اٹھائے۔
زنار دیکھنا	تولد فرزند ہو' یا دوست سے فائدہ ہو' اگر مسلمان خواب دیکھے تو گمراہ ہو
زندہ کو مردہ دیکھنا	زیادتی جبار و دفع آفات ہو' مریض صحت پائے۔
زندہ کو قبر میں دیکھنا	کچھ سختی و بلا درپیش آئے' مگر انجام بخیر ہو جائے۔
زہرہ دیکھنا	عورت خوبصورت یا بادشاہ سے عزت و دولت پائے۔
زندان میں قید دیکھنا	کسی آفت میں گرفتار ہو' سخت حیران و لاچار ہو۔
زندان بنتے دیکھنا	کسی سازش میں آئے' آفت پائے' رنج و غم اٹھائے۔
زندان شکستہ دیکھنا	مصیبتوں سے نجات پائے' رنج و غم کافور ہو۔
زندان شکستہ دیکھنا	مصیبتوں سے نجات پائے' رنج و غم کافور ہو۔
زندان منقش دیکھنا	کسی عیار کے پنجہ میں آئے' یا مکار عورت کا شکار ہو
زنگار یا زنگ دیکھنا	مال حرام سے تعبیر ہے۔
زنگار اتارنا	مال حرام پائے' یا دولت کو حرام کاموں پر صرف کرے۔

Marfat.com

زنگار سے ہاتھ رنگنا	مال وحرام اکٹھا کرے' اور رشوت خور اور سود خور ہو۔
زہر دیکھنا	غم واندوہ اور ہلاکت سے تعبیر ہے۔
زہر کھانا	زندگی سے بیزار ہو رنج میں مبتلا ہو' مصیبت مول لے۔
زہر کھا کر قے کرنا	دولت ونعمت پائے' مصیبت سے آزاد ہو۔
زن بدخو' عورت تند خو' بدمزاج ملے' غم واندیشہ میں مبتلا ہو۔	زیتون کا درخت دیکھنا
دولت پائے' فرزند نیک خصال ہو' دیندار ہو۔	زیتون کا پھل دیکھنا
عورت مالدار سے شادی ہو' مجامعت سے لطف اٹھائے۔	زیتون کا تیل لگانا
بہادر' متقی اور پرہیز گار ہو' دولت پائے شہسوار ہو۔	زیتون کا روغن کھانا
دین ودنیا میں منفعت حاصل ہو۔	زیرہ دیکھنا' یا پانا
کام سے زیادہ نفع حاصل ہو' عزت پائے' ہر دلعزیز ہو۔	زیرہ خوشبودار لینا
مشقت زیادہ اٹھائے اور آمدن کم ہو۔	زیرہ بے خوشبو دیکھنا
دولت پر دولت اکٹھی کرے' عیش وآرام پائے۔	زیرہ طعام میں ڈالنا
عورت یا کنیز سے تعبیر ہے' موجب عزت وتوقیر ہے۔	زین دیکھنا
عورت باشعور حسینہ پائے' دولت' نعمت وعزت پائے۔	زین سنہری دیکھنا
عورت باسلیقہ پائے' جس سے گھر کی زینت ہو۔	زین منقش دیکھنا
عورت دیہاتی سے شادی کرے جو دکھ سکھ میں شامل حال رہے۔	زین سادہ دیکھنا
عورت مطلقہ یا بیوہ سے شادی ہو۔	زین ٹوٹی دیکھنا
دھوکہ باز مکار ہو' عیاری سے دولت حاصل کرے۔	زینت کرنا
دھوکہ کھائے' کسی عیار کی مکاری میں آئے۔	زینت کرتے دیکھنا
منزلِ مقصود پر پہنچے۔	زینہ دیکھنا

Marfat.com

زینہ پر چڑھنا	عزت و مرتبہ بلند ہو' مقاصد دلی پورے ہوں' دولت و بزرگی پائے۔
زینہ سے اُترنا	مقصد میں ناکامی ہو' باعث پریشانی ہے۔

(س) سین مہملہ

خواب	تعبیر
سار (پرندہ) دیکھنا	چالاک مسافر سے تعبیر ہے' یعنی سفر میں ہوشیار رہے۔
سار اُڑتے پکڑنا	کسی مکار مسافر سے ملاقات ہو۔
سار کا گوشت کھانا	کاروبار میں نفع حاصل ہو' سفر سے کامیاب واپس آئے۔
سار حرام کا دیکھنا	کافر مغضوب سے واسطہ پڑے' دین میں خرابی ہو۔
سار حرام زیادہ دیکھنا	کافروں اور مفتریوں میں گھر جائے۔
ساگ دیکھنا	فتنہ و فساد میں مبتلا ہو رنج و الم پیش آئے۔
ساگ کے ڈنٹھل دیکھنا	فتنہ فساد میں حصہ لے مگر رنج ضرور اٹھائے۔
ساگ کھانا	اگر روٹی کے ساتھ کھاتا دیکھے' تو نعمت پائے' اگر رُوکھا کھائے' تو مصیبت اٹھائے' یا گرفتار رنج و تعب ہو۔
ساق (پنڈلی) دیکھنا	عورت ملے' رزق و مال سے مسرور ہو۔
ساق پر بال دیکھنا	عورت بدصورت' یا مال مکروہ ہاتھ آئے۔
ساق صاف دیکھنا	عورت خوبصورت پائے' مال طیب ملے' آرام و راحت ہو۔
ساق کمزور دیکھنا	رزق کی کمی کا باعث ہے' یا عورت بیمار ہو' دُکھ و آزار ہو۔
ساق مضبوط دیکھنا	مال و دولت پائے' عزت و آرام سے زندگی بسر ہو۔
ساق ٹوٹی و زخمی دیکھنا	عورت بیمار ہو یا فوت ہو جائے' گھر ویران ہو سخت پریشان ہو۔

Marfat.com

سان دیکھنا	گناہوں سے تائب ہو، مال حلال حاصل کرے۔
سان پر چاقو لگانا	گناہوں سے توبہ کرے، نیک خصال، خوش خو اور پرہیز گار ہو۔
سالن کھانا	کسی عزیز سے منفعت ہو، توقیر حاصل ہو۔
سالن کھلانا	لوگوں کو نفع پہنچائے، عزت و بزرگی پائے۔
سالن پکانا	کسی سازش کا شکار ہو، کسی لڑائی جھگڑے میں پڑے
سانپ دیکھنا	دشمن کے مترادف ہے، کسی سے دشمنی ہو جائے۔
سانپ گھر میں دیکھنا	اپنوں سے دشمنی ہو جائے، یعنی خاندان میں سے کوئی دشمن ہو۔
سانپ غیر جگہ دیکھنا	کسی دشمن سے عداوت ہو پریشانی اٹھائے۔
سانپ ڈستے دیکھنا	دشمن سے آزار پہنچے، رنج و تکلیف میں مبتلا ہو۔
سائبان دیکھنا	ظالم و کمینہ حاکم مقرر ہو جس سے نفع و نقصان یکساں ہو۔
سانپ مارتے دیکھنا	دشمن پر غالب آئے، مصیبت سے نجات پائے۔
سائبان تلے بیٹھنا	بادشاہ کا خدمتگار ہو، یا کسی کے زیر سایہ ہو۔
سائبان سر پر گرنا	بادشاہ سے تکلیف اٹھائے، حکومت کے پنجہ میں پھنسے۔
سائبان پھٹا دیکھنا	بادشاہ حاکم یا سردار پر تنزل آئے، یا موت واقع ہو۔
سائبان نیا لگتا دیکھنا	نیا بادشاہ تخت نشین ہونے کی علامت ہے۔
سایہ درخت کا دیکھنا	اگر پھلدار درخت ہو تو نفع حاصل ہو بے ثمر دیکھے تو تکلیف اٹھائے۔
سایہ دیوار کا دیکھنا	علم و حکمت سے سرفراز ہو دولت و عزت پائے۔
سایہ چھت کا دیکھنا	والدین سے تعبیر ہے والدین کی شفقت پائے۔
سایہ سر سے اٹھتا دیکھنا	والدین کی موت آنے کا سبب ہے۔

Marfat.com

سبز رنگ دیکھنا	دین کی متابعت کرے' ایمان دار نیک بزرگ ہو۔
سبزی دیکھنا	رحمت کا باعث ہے' بیماری سے شفا پائے' غم واندوہ سے نجات ملے۔
سبزی منڈی دیکھنا	مال و دولت پائے' رنج و غم کافور ہو خوشی سے مسرور ہو۔
سبزی خراب دیکھنا	نقصان اٹھائے' پریشان حال ہو۔
سبزی بیچنا	حصول مال دولت ہے' باعثِ راحت ہے۔
سبزی خام کھانا	بیماری کا باعث ہے' مصیبت میں گرفتار ہو۔
سبزی پختہ دیکھنا	نعمت و دولت پائے' عزت حاصل ہو۔
سبزہ زار دیکھنا	دیندار نیک کردار ہو بزرگی حاصل ہو۔
سبزہ لہلہاتے دیکھنا	دین میں بزرگ ہو' دولت بے اندازہ پائے' پرہیز گار ہو۔
سبزہ میں بیٹھنا	بزرگ دین سے فیض حاصل ہو' دیندار پارسا ہو۔
سبزہ مرجھایا دیکھنا	دین اسلام میں کمزوری واقع ہو' پریشانی اٹھائے۔
ستارے دیکھنا	دلی مراد پوری ہو کاروبار اور ملازمت میں ترقی ہو' حاکم سے نفع پائے۔
ستارے جھلملاتے دیکھنا	عزت و شہرت حاصل ہو' دولت و منصب میں ترقی ہو۔
ستارہ روشن دیکھنا	فرزند بلند اقبال ہو' جو نامور ذی وقار ہو خاندان کا چشم و چراغ ہو۔
ستارہ طلوع ہوتے دیکھنا	کسی بادشاہ حاکم' عادل' سردار اور عالم کے ظہور ہونے کا باعث ہے۔
ستارہ غروب ہوتے دیکھنا	تنزل و خشومت کا باعث ہے' پریشانی و اندیشہ میں مبتلا ہو۔
ستارے سے انگار نکلتے دیکھنا	ظالم بادشاہ مقرر ہو' یا غضب الٰہی نازل ہو۔

Marfat.com

سانپ کو اپنا مطیع دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے رنج حصول ہو مرض کے صدمہ سے ملول ہو۔
سانپ کا گوشت کھانا	مال دشمن ہاتھ آئے' مگر رائیگاں ہو جائے۔
سانپ (اژدہا) دیکھنا	اگر مطیع دیکھے' تو دولت' مال و عزت پائے' اگر حملہ آور دیکھے تو رنج اٹھائے
ستو کھانا' یا دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو' اندیشہ میں گرفتار ہو۔
سُراب (دھوکا) میں آنا	باعثِ تکلیف ہے' مال حرام ہے۔
سَراب (دھوکا) دینا	بے دین و بدکار' دنیا میں ہوشیار ہو۔
ستون دیکھنا	دولت مند ہو' اقبال بلند ہو' جاہ حشمت حاصل ہو۔
ستون مضبوط دیکھنا	قوت' حوصلہ' آرام' آسائش' دولت' عزت' شہرت حاصل ہو۔
ستون گھر کا ٹوٹا دیکھنا	صاحب خانہ کی موت واقع ہو۔
ستون محل ٹوٹا دیکھنا	بادشاہ وقت فوت ہو جائے۔
سرائے پکی دیکھنا	رزق حلال حاصل ہو' کاروبار میں ترقی ہو۔
سرائے پکی دیکھنا	سفر اختیار کرے' مال حلال پائے خیریت سے گھر آئے۔
سرائے نامعلوم دیکھنا	موت وارد ہو' یا جس کو سرائے میں دیکھے وہ فوت ہو جائے۔
سرائے غیر آباد دیکھنا	مصیبت پیش آئے' رنج و غم میں مبتلا ہو۔
سجادہ (جانماز) دیکھنا	اگر سُوت کا دیکھے تو اطاعت و عبادت الٰہی میں مصروف ہو۔
سجادہ ریشمی دیکھنا	ریاکاری کی عبادت کرے' ظاہر دار ہو۔
سجادہ خریدنا	بزرگی پائے' گوشہ نشینی اختیار کرے' یا دخدا میں مشغول ہو۔
سجادہ پھٹا دیکھنا	یادخدا میں فتور پڑے۔
سرخ لباس پہننا	رنج و غم میں مبتلا ہو' مصیبت میں گرفتار ہو' یا بیمار ہو۔

Marfat.com

سرخ لباس دیکھنا	عورتوں کا دیکھے، تو باعث مسرت و راحت ہے مردوں کے لیے خرابی ہے
سرخ چادر اوڑھنا	قتل، پھانسی دنگا فساد کی وارداتوں میں گرفتار ہو۔
سرخاب (پرندہ) دیکھنا	غلام فرمانبردار پائے، یا بیٹا پیدا ہو۔
سرخاب پکڑنا	شیریں سخن، حلیم الطبع ہو، عزت حاصل ہو۔
سُرخاب کا گوشت کھانا	زبان دانی سے مال وزر حاصل کرے، مقرر شاعر گویا ہو۔
سرخاب مردہ دیکھنا	باعثِ تنزل ہے، کوئی ایسی بات کہے جس سے بدنام ہو۔
سرسوں دیکھنا	رنج وغم کے مترادف ہے، مصیبت یا تکلیف آئے۔
سرسوں کا کھیت دیکھنا	اگر سرسبز دیکھے، تو ترقی روزگار ہو، اگر سوکھا دیکھے، تو پریشانی اٹھائے۔
سرسوں کا تیل خریدنا	منفعت تجارت ہو، روزگار میں ترقی ہو، اگر تیل نکلتے دیکھے، تو دولت مند ہو۔
سرسوں کا تیل گر جانا	باعثِ رنج والم ہے، دولت وعزت میں زوال آئے۔
سرکہ دیکھنا	مال حلال پائے، مگر شفقت سے ہاتھ آئے۔
سرکہ کھانا، یا خریدنا	لڑائی جھگڑا میں پڑے، پریشانی اٹھائے۔
سرکہ فروش دیکھنا	کسی جھگڑالو مفسد سے واسطہ پڑے۔
سُرمہ لگانا، یا ڈالنا	مال و دولت پائے، دین میں ترقی اور بزرگی حاصل ہو۔
سرمہ خریدنا، پیسنا	دیندار ہو راحت و آرام پائے، نیکی اختیار کرے، پرہیزگار ہو۔
سرمہ کھانا	جس قدر کھائے، بزرگی پائے، علم وعرفان سے سینہ معمور ہو۔
سرمہ دانی خریدنا	دیندار صالح عورت ملنے کا باعث ہے۔

Marfat.com

سرمہ دانی خریدنا	عورت پارسا سے شادی ہو باعثِ راحت و آرام ہو۔
سرمہ دانی گم جانا	عورت سے مفارقت ہو، غم و رنج برداشت کرے۔
سرمہ فروشی کرنا	رہبری کرے، یعنی لوگوں کو ہدایت دے۔
سرمہ بانٹنا	متفرق لوگوں کو جمع کرے، اتفاق، یک جہتی، یگانگت پیدا کرے۔
سر آدمی کا خوشنما دیکھنا	سردار مخدوم ہو دشمن مخدوم ہو عزت اور مرتبہ بلند پائے۔
سر اپنا جُدا دیکھنا	مخدوم و اقارب سے جدائی نصیب ہو مگر حاکم وقت کا مقرب ہو۔
سر اپنا پھوٹا دیکھنا	تنزل کی علامت ہے ملال کی اشارت ہے۔
سر اپنا چرند برابر دیکھنا	جس حیوان کے برابر سر دیکھے اتنا ہی عروج، ہمت جرات طاقت پائے
سر کسی جانور کا کٹا دیکھنا	منفعت و توقیر اور عزت پائے، بیمار ہو تو صحت پائے۔
سامنے کے چار دانت دیکھنا	فرزند و خواہر پائے دل کو فرحت و قرار ہو۔
سامنے کے دانت گرتے دیکھنا	فرزند یا خواہر کے فوت ہونے کا باعث ہو۔
سریر پر بیٹھنا	سفر کی علامت ہے، انجام میں راحت ہے۔
سَریر باز ینت دیکھنا	عورت منافقہ مگر حسینہ و مالدار ہاتھ آئے، مباشرت سے دل گھبرائے۔
سریر پر سونا	دین کی بہتری ہو مگر دنیا سے بیزار ہو۔
سر کے بال جھڑتے دیکھنا	ادائے قرض ہو، رنج و غم سے نجات پائے، مستغنی ہو۔
سر اپنے ہاتھ سے موڑنا	راز فاش ہو اور مخدوم بے وسواس و بے خطرہ ہو۔

Marfat.com

سر کے بال کٹے دیکھنا	اگر عورت دیکھے، تو شوہر غصہ میں آ کر طلاق دے یا گھر سے نکال دے
سر کٹا دیکھنا	سردار قوم ہو عزت و بزرگی حاصل ہو۔
سر زیادہ دیکھنا	سردارانِ قوم سے ملاقات ہو۔
سیر کرنا	آرام و راحت پانے کی دلیل ہے۔
سیر باغ کی کرنا	بیٹا پیدا ہو، فرحت پائے، عیش و عشرت حاصل ہو۔
سیر ویرانہ کی کرنا	سفر پیش آئے، فائدہ کی بجائے نقصان اٹھائے۔
سریش دیکھنا	رنج و تکلیف اٹھائے۔
سریش لگانا	بُرے کاموں میں حصہ لے، بدمعاش و بدنام ہو۔
سریش بنانا	کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرنا، کامیابی حاصل ہو۔
سزا دینا	عورتوں کے کام پورے کرے، یا گھر کا سردار مقرر ہو۔
سزا پانا	اگر کسی جرم کی وجہ سے پائے، تو بدنام ہو، ندامت اٹھائے۔
سزا یافتہ ہونا	دنیا کے فتنہ و فساد اور شور شر میں مبتلا ہو۔
سفر کرنا	اگر پیدل کرتا دیکھے، تو کاروبار میں جدوجہد سے کامیاب ہو۔
سفر نامعلوم جگہ کا کرنا	موت آئے، یا اہل و عیال سے جُدا ہو۔
سفر تانگہ پر کرنا	راحت و عزت پائے، خوشخبری ملے، آرام سے زندگی بسر ہو۔
سفر موٹر سائیکل پر کرنا	کام میں ترقی ہو تیزی سے عروج پائے۔
سفر بائیسکل پر کرنا	مشقت میں پڑے، کامیابی ہو، مگر دیر کے بعد۔
سفر ہوائی جہاز پر کرنا	غریب ہو، تو امیر ہو جائے، عہدہ پائے، کاروبار میں ترقی ہو، دولت مند ہو۔

Marfat.com

سفر سمندری جہاز پر کرنا	کاروبار وسیع پیمانہ پر شروع کرے، مگر بہت جدوجہد سے کامیاب ہو۔
سفر کشتی پر کرنا	بزرگی پائے، دولت مند، صاحب عظمت، بلند اقبال و سردار ہو۔
سقف (چھت) دیکھنا	ماں باپ کی سلامتی کا باعث ہے یا کسی بزرگ سے فائدہ پہنچے۔
سقف کے نیچے دینا	ماں باپ ناراض ہوں، یا کسی بزرگ سے تکلیف پائے۔
سقف گرتے دیکھنا	والدین بزرگی پائیں، عزت و حرمت زیادہ ہو۔
سقف منقش دیکھنا	والدین میں سے کوئی فوت ہو جائے۔
سقہ (ماشکی) دیکھنا	اگر پانی پلاتے دیکھے، تو سعادت دارین حاصل ہو، آخرت کی بھلائی ہو
سقہ اپنے تئیں دیکھنا	لوگوں کو فائدہ پہنچائے، سخاوت اختیار کرے، اگر مشک بھر کر پانی نہ پلائے، تو مال جمع کرے، لیکن اس سے فائدہ نہ ہو۔
سقہ کو چھڑکاؤ کرتے دیکھنا	آرام و آسائش عام ہو لوگ امن و چین سے زندگی بسر کریں۔
سنگی لگانا	کسی امانت کو ادا کرے، امین ہو۔
سنگی لگاتا دیکھنا	کسی کا امانت دار ہو عزت و بزرگی پائے۔
سنگی خود کو لگتے دیکھنا	امانت کا بوجھ اٹھائے، عزت و توقیر زیادہ ہو۔
سنگی حاکم کو لگتے دیکھنا	حکومت سے برطرف ہو، ذلت و رسوائی اٹھائے۔
سمندر دیکھنا	بہت بڑے شہنشاہ سے مترادف ہے کہ اس کا نزدیکی ہو۔
سمندر میں تیرنا	شہنشاہ وقت سے عہدہ پائے، جلیل القدر اور ممتاز ہو۔
سمندر میں ڈوبنا	شہنشاہ یا بادشاہ کے عتاب میں آئے، نیست و نابود ہو جائے۔
سمندر میں غوطہ لگانا	اگر کچھ اپنے ہاتھ آتا دیکھے تو بادشاہ کا قریبی ہو، زر و جواہرات و عالی مرتبہ پائے۔

Marfat.com

سمندر سے خالی ہاتھ نکلنا	بادشاہ وقت سے ذلیل ہو فائدہ کی جگہ نقصان اٹھائے۔
سمندر کی موجیں دیکھنا	شہنشاہ وقت سے رعایا فائدہ اٹھائے' لوگ خوشحال ہوں۔
سمندر پر کشتی چلانا	شہنشاہ سے ممتاز عہدہ پائے' وزیر یا مشیر مقرر ہو خلعت پائے۔
سمندر جھاگ دیکھنا	بادشاہ سے نفع کمال حاصل ہو دولت جواہرات پائے۔
سنبہ[1] دیکھنا' یا خریدنا	فرزند سے تعبیر ہے اگر خرید کر گھر لائے' تو فرزند پیدا ہو۔
سنبہ ٹوٹنا یا گم ہونا	بیٹے کے غائب ہونے یا فوت ہونے کے مترادف ہے۔
سوار[2] ہونا	اگر گھوڑے پر سوار ہو' تو عزت و بزرگی پائے' عہدہ جلیل ہاتھ آئے۔
سواروں کے ساتھ ہونا	کسی جماعت یا گروہ سے مل جائے' اگر سواروں کو تابع دیکھے تو حاکم ہو
سُور دیکھنا	مالدار اور طاقتور اور بے فیض' بے غیرت و حرام خور ہو۔
سُوروں کا گلہ دیکھنا	بہت سا مال و دولت جمع کرے' مگر بے عزت' دیوس و بے غرت ہو۔
سُور کو حملہ آور دیکھنا	کسی حاکم یا امیر بد خصلت سے واسطہ پڑے۔
سُور کو ہلاک کرنا	کسی دشمن یا حاکم ظالم پر فتح و نصرت پائے۔ خطرہ سے محفوظ رہے۔
سُور کو حملہ آور دیکھنا	کسی حاکم یا امیر بد خصلت سے واسطہ پڑے۔
سُور کو ہلاک کرنا	کسی دشمن یا حاکم ظالم پر فتح و نصرت پائے' خطرہ سے محفوظ رہے۔
سورج دیکھنا	بلند بخت ہو۔ نعمت' عزت' اور فرزند نیک سعادت پیدا ہو۔

[1] سوراخ کرنے والا اوزار ۱۲۔

[2] باقی سواریوں کے متعلق ردیف (ج) میں ذکر آ چکا ہے۔

Marfat.com

سورج چمکتے دیکھنا	عزت و بزرگی پائے ترقی دولت زر و مال ہو۔
سورج گرہن دیکھنا	باعث خشومت ہے' ذلالت کا باعث ہے۔ مصیبت و سکھ اٹھائے۔
سورج زمین پر اترتے دیکھنا	دولت' حکومت' عزت و مرتبہ حاصل ہو' فرزند پیدا ہو۔
سورج سے گھر منور دیکھنا	ترقی مال و دولت ہو۔ اہل خانہ عیش و عشرت پائیں۔
سوراخ کے اندر گھسنا	راز ہاتھ آئے' کسی خفیہ بات سے آگاہی ہو۔
سوراخ جسم میں دیکھنا	اہل و عیال سے تکلیف پہنچنے کا سبب ہے۔
سوراخ پتھر میں دیکھنا	دین اسلام میں مستقل رہنے کی دلیل ہے۔
سوراخ دیوار میں دیکھنا	دین یا علم و حکمت میں خلل پیدا ہو' عزت میں فرق آئے۔
سوراخ محل میں دیکھنا	بادشاہ کے خفیہ راز ظاہر ہو جائیں یا حکومت بدنام ہو۔
سوزن (سوئی) دیکھنا	متفرق کاموں کو سرانجام دے۔
سوئی سے کپڑا سینا	اتفاق' اتحاد' محبت اور اخوت پیدا کرے' نیک کام کرے۔
سوئی گم جانا	کاروبار میں تنزلی واقع ہو۔ بیگانگی' تفریق پیدا ہو۔
سوسمار (گوہ) کا کاٹنا	کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ تکلیف و رنج اٹھائے۔
سوسمار کو مارنا	رنج و غم سے نجات پائے' سب تکالیف دور ہوں۔
سوسن یا چنبیلی دیکھنا	موسم بہار میں دیکھے' تو کچھ منفعت حاصل ہو۔ ورنہ نقصان اٹھائے۔
سوسن کے پھول دیکھنا	باعث مسرت ہے' خوشی حاصل ہو۔ مگر نقد فائدہ نہ ہو۔
سوسن گھر میں لگانا	کنیز باتمیز سے مترادف ہے۔
سونا (دھات) دیکھنا	اگر مرد دیکھے' تو تکلیف اٹھائے۔ عورت دیکھے' تو راحت پائے۔

Marfat.com

سونے کا زیور پہننا	عورتوں کے لیے باعث مسرت ہے۔اولاد رزق اور دولت پائیں۔
سونا مردوں کو پہنتے دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو تنگی رزق افلاس و بیماری پائے۔
سونا مرد کو بیچتے دیکھنا	رنج و غم اور دکھ درد سے نجات پائے۔سب مصیبتوں سے آزاد ہو۔
سونا عورت کو بیچتے دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو اولاد کا نقصان ہو رنج واندیشہ زیادہ پائے۔
سونٹھ دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو تکلیف اور نقصان اٹھائے۔
سونٹھ کھانا	پریشانی زیادہ ہو کاروبار میں تنزلت آئے۔
سونف سبز دیکھنا	کشادگی رزق ہو آرام وراحت آئے۔
سونف خشک دیکھنا	باعث رنج وغم ہے تکلیف اٹھائے۔
سیب شیریں دیکھنا	خیر و برکت کا باعث ہے فرزند صالح پیدا ہو۔
سیب ترش دیکھنا	برائی کا مرتکب ہو۔رنج والم پائے مصیبت آئے۔
سیب گندہ باسی دیکھنا	تکلیف و مصیبت آئے۔فرزند سخت بیمار ہو۔
سیب تازہ کھانا	بزرگی پائے دارین میں عزت پائے ورحمت پائے ہدایت حاصل کرے۔
سیب تازہ بیچنا	لوگوں کو ہدایت دے دین سکھائے۔راہبری اختیار کرے۔
سیب دیکھنا	منفعت حاصل ہو۔کاروبار میں ترقی ہو۔
سیب خریدنا	روزگار میں ترقی ہو۔عورت یا فرزند نیک سیرت پائے۔
سیب گھر میں لانا	مال و دولت ہاتھ آئے عشرت وراحت پائے یا شہزادی سے شادی کرے۔
سیپ کا گہنا پہننا	دین و دنیا کی بزرگی پائے۔بادشاہ گورنر یا وزیر مقرر ہو۔

Marfat.com

سیپ تراشنا	مجسٹریٹ ہو' جج یا قاضی بنے۔ عدالت کا عہدہ پائے یا راہبر ہو۔
سیڑھی دیکھنا	ترقی کا باعث ہے۔ عزت اور بزرگی حاصل ہو۔
سیڑھی بغدادی دیکھنا	ولایت کا درجہ حاصل ہو۔ دین و دنیا کا آرام پائے۔
سیڑھی پر چڑھنا	کاروبار میں ترقی ہو' بلند بختی' خیر و برکت حاصل ہو۔
سیڑھی خوبصورت دیکھنا	دین و دنیا میں کمال عزت و دولت پائے دولتمندوں میں شامل ہو۔
سیڑھی سے اترنا	تنزل کا باعث ہے' عزت و مرتبہ میں کمی آئے ذلت پائے۔
سیڑھی شکستہ دیکھنا	ترقی کی بجائے مصیبت آئے' کاروبار بند ہو دل ملول ہو۔
سیسہ دیکھنا	کمینہ خصلت ہو' بیہودہ گوئی سے مال جمع کرے۔
سیسہ پگھلانا	بُرے کاموں میں حصہ لے' بدنام اور ناکام رہے۔
سیسہ پگھلے دیکھنا	لوگوں کو برائی میں شامل ہوتا دیکھے۔
سیلنگ دیکھنا	خیر و برکت کا موجب ہے راحت پائے۔
سیلنگ اپنے سر پر دیکھنا	بزرگی اور عظمت پائے' راحت و آرام ہو' سردار قوم ہو۔
سیلنگ دو سے زیادہ دیکھنا	باعث پریشانی ہے کسی کا بوجھ اٹھائے۔
سینگ گائے کا دیکھنا	نفع بے شمار ملے' کاروبار میں ترقی حاصل ہو۔
سینگ کاٹتے دیکھنا	تجارت میں فائدہ حاصل ہو دولت' عزت و بزرگی پائے۔
سینگ زیادہ دیکھنا	مذامت حاصل ہو' غم اندوہ اور مصیبت میں گرفتار ہو۔
سیم کا پھل دیکھنا	ترقی رزق اور دولت ہو' آرام و راحت پائے۔
سیم کا درخت دیکھنا	محنت اور مشقت سے کمائے' مگر افلاس سے چھٹکارا نہ ہو۔
سیمرغ دیکھنا	خوش طبع' اور خوش مذاق بزرگ سے فائدہ حاصل ہو۔
سیمرغ سے بات کرنا	بادشاہ یا وزیر ہو' مشیر سرکار کا عہدہ پائے' یا امیر سلطنت ہو۔

Marfat.com

سیمرغ کا گوشت کھانا	امیر یا بادشاہ سے مال و دولت ہاتھ آئے' عیش و عشرت کرے۔
سیمرغ کا انڈا پانا	بادشاہ' یا حاکم وقت کا خفیہ راز پائے' جس سے دولت ہاتھ آئے۔
سیمرغ کا شکار کرنا	شہنشاہ زمان ہو قوت و عظمت سے دنیا لرزے۔
سیمرغ کا شکار ہونا	بادشاہ یا حاکم وقت کے غصہ کا شکار ہو' ذلت رسوائی موت پائے۔
سینہ کشادہ دیکھنا	جوانمردی و شجاعت سے نیک نام ہو' ہمت و جرأت کا پتلا ہو۔
سینہ تنگ دیکھنا	بخیلی و چغلی کی نشانی ہے' بزدل' ظالم مکار ہو۔
سینہ پر بال دیکھنا	کنجوسی اور کمینہ خصلت پیدا کرے' زر و دولت کے لیے خونی بنے۔
سینہ صاف کشادہ دیکھنا	سخاوت اختیار کرے' معاملہ فہم' بُردبار' چالاک ہو۔
سر کے بال کھلے دیکھنا	عورت ناکتخدہ ہو' تو شادی ہو' اور جو سفر میں ہو' تو مزاجعت کرے' خانہ آبادی ہو۔
سر اپنا کٹا اپنے ہاتھ میں دیکھنا	ہزار دینار یا درم پائے' رزق غیب سے ہاتھ آئے۔
سر منڈوانا	اپنے اہل و عیال سے شر و فساد ہو' لیکن اسباب آسائش میسر ہو۔
سرائے کشادہ دیکھنا	تونگری و عیش دینوی حاصل ہو' نامور کامل ہو۔
سرائے تنگ و تاریک دیکھنا	افلاس میں مبتلا ہو یا غم بے انتہا ہو' یا موت آئے گنہگار ہو۔
سرد پانی پینا' یا نہانا	تندرستی اور عیش و عشرت کی علامت ہے' صحت کی بشارت ہے۔
سلاح باندھے دیکھنا	سرداری قوم سے سرفراز ہو یا حکومت سے ممتاز عہدہ پائے۔
سنان (نیزہ) دیکھنا	عمر دراز ہو' مظفر و منصور ہو' نشہ جرأت سے مخمور ہو۔
سولی دیئے جانا	عہدہ جلیل پانے کی نشانی ہے فکر و تردد سے نجات پائے۔
سیاہی دیکھنا	سردار قبیلہ ہو' بلند مرتبہ پائے' قلمدان حکومت ہاتھ آئے۔

Marfat.com

سیاہی کپڑے پر دیکھنا	اہل قلم ہو' تو بے اختیار ہوا گر اور شخص دیکھے' تو برص کے مرض میں مبتلا ہو
سیاہ بال سفید دیکھنا	فرزند سعید پیدا ہو' یا توقیر ہو اور بزرگی پائے۔
سبیل دیکھنا	فیض جاری ہو محتاجوں اور فقراء کی خدمت اور دلجوئی کرے۔

(ش) شین معجمہ

خواب	تعبیر
شاخ سبز دیکھنا	فرزند پیدا ہو' یا بھائی تولد ہو۔
شاخیں سبز دیکھنا	بھائیوں اور فرزندوں سے تعبیر ہے' اولاد یا کنبہ زیادہ ہو۔
شاخیں گھنی دیکھنا	قبیلہ کے خوب پھلنے پھولنے کا باعث ہے' آل اولاد کثرت سے ہو۔
شاخیں کٹی دیکھنا	آل اولاد میں کمی واقع ہو یعنی فوت ہو جائے' اگر خشک دیکھے' تو بھی موت آئے۔
شاخیں مرجھائی دیکھنا	کمزوری اور تنگدستی' اور مفارقت اولاد کا باعث ہے۔
شادی کرنا	جس کی شادی کرے' اور دلہن یا دولہا گھر نہ لائے تو اس کی موت واقع ہو
شادی کر کے دلہن لانا	اگر دلہن گھر لائے' تو دولت مند امیر کبیر ہو عیش و آرام پائے۔
شادی عورت کی دیکھنا	موت کی علامت ہے' قضائے الٰہی سے فوت ہو جائے۔
شامیانہ دیکھنا	سفر اختیار کرے' یا گھر والوں سے مفارقت ہو مگر دولت و عزت پائے۔
شامیانہ کے نیچے بیٹھنا	تجارت سے نفع اٹھائے' یا بادشاہ کے زیر سایہ آرام حاصل ہو۔

Marfat.com

شامیانہ بلند کشادہ دیکھنا	بادشاہ یا حاکم پر تنزل آئے' اگر شامیانہ گرتا دیکھے تو موت آئے۔
شانہ کنگھی کرتے دیکھنا	دوست یار رفیق ہمدرد ملے یا عورت کنواری خدمت گار پائے۔
شانہ ہاتھ سے گرنا	دوست یا بیوی سے مفارقت ہو ذلت اٹھائے۔
شاہین (پرندہ) دیکھنا	مرتبہ بلند ہو' عزت و بزرگی پائے' سرداری ہاتھ آئے۔
شاہین پکڑنا	کسی بادشاہ یا حاکم وقت کا قریبی ہو' عزت و مرتبہ بلند ہو۔
شہباز دیکھنا	قوم کا سردار ہو یا حکومت کا عہدیدار ہو عزت و بزرگی پائے۔
شہباز کو جھپٹتے دیکھنا	حاکم یا سردار کے غصہ میں آئے' مصیبت و تکلیف اٹھائے۔
شہباز کو ہلاک کرنا	غم و اندوہ سے نڈھال ہو' اگر دشمن رکھے' تو پامال ہو ذلت اٹھائے۔
شراب دیکھنا' یا پینا	حرام مال ہضم کرے' بے فکر و عیاش ہو' عاقبت خراب ہو۔
شراب خریدنا' یا بیچنا	فتنہ و فساد میں شامل ہو' بے دین بدمعاش کامل ہو۔
شراب نکالنا یا پینا	لوگوں میں منافرت پھیلائے' فسادی مکار عیار ہو۔
شربت خوش ذائقہ پینا	منفعت اور خوشی حاصل ہو دین میں کامل ہو عمر دراز ہو۔
شربت تلخ پینا	نقصان کا باعث ہے فکر و اندیشہ میں پڑے۔
شربت تیار کرنا	دین و دنیا کی خوشحالی نصیب ہو پارسا پرہیزگار متقی ملن ساز ہو۔
شانہ نیا خریدنا	کنیز باتمیز' عورت پاکیزہ یا دوست صالح سے ہم نشیں ہو۔
شربت بیچنا	لوگوں میں اتفاق و اتحاد محبت و اخوت اور یگانگت پیدا کرے۔
شرم کرنا' یا کھانا	ایماندار ہونے کی نشانی ہے صاحب ایمان ہو۔
شرم نہ کرنا	بے ایمان' بے دین ہو' ذلیل و خوار' اور عاقبت خراب ہو۔
شرم گاہ دیکھنا	اگر اپنی دیکھے' تو دل کا راز فاش کرے' تکلیف اٹھائے۔

Marfat.com

شرم گاہ مرد کی دیکھنا	دلی راز افشا ہو جائے' پریشانی و ندامت اٹھائے۔
شرمگاہ عورت کی دیکھنا	لڑکی پیدا ہو شہوت زیادہ ہو۔
شرم گاہ ڈھانپنا	راز دل میں رکھے' کسی پر ظاہر نہ ہونے دے۔
شرم گاہ سے شرمگاہ ملانا	کسی کو اپنا راز دار بنائے' یا خود کسی کا راز دار بنے۔
شرمگاہ برہنہ کرنا	آفت یا مصیبت میں گرفتار ہو' ذلیل و خوار ہو' بدکردار ہو۔
شطرنج کھیلنا	لڑائی جھگڑے میں گرفتار ہو' دنگا و فساد کرے۔
شطرنج کھیلنا	کسی کو تہمت یا بہتان لگائے' یعنی جھوٹ باندھے۔
شطرنج ہارنا	تہمت یا بہتان لگنے سے رسوا و بدنام ہو' اور شرمندگی حاصل ہو۔
شعر و شاعری کرنا	بیہودہ گوئی' اور لغویات سے تعبیر ہے۔
شعر پڑھنا' یا سننا	بے محل باتیں کرے' ذلالت و گمراہی کا شکار ہو۔
شعروں میں حمد سننا	نیک ہونے کی علامت ہے' سعادت و بزرگی پائے۔
شعلہ آتش دیکھنا	تکلیف' دُکھ رنج کا پیش خیمہ ہے۔
شعلہ بدن پر پڑنا	مصیبت میں مبتلا ہو جس میں کوئی ساتھی و مددگار نہ ہو۔
شعلہ لباس پر پڑنا	عزت و ناموس جاتی رہے' رسوا و ذلیل ہو۔
شعلہ زمین سے اٹھتے دیکھنا	اہل زمین فتنہ و فساد سے تنگ ہوں' رنج و بلا میں پڑیں۔
شعلہ آسمان پر دیکھنا	آفت و مصیبت نازل ہونے کا موجب ہے۔
شعلہ آسمان سے برسنا	قحط' وبال' بیماری' وبا' بلا غم' اندوہ و فکر اندیشہ میں مبتلا ہو۔
شعلہ بجھتا دیکھنا	دکھ' درد' مصیبت' اور بلا و با سے نجات حاصل ہو۔
شفتالو لذیذ کھانا	کنیز پاکیزہ پائے' جس سے آرام و آسائش ہو۔
شفتالو بدمزہ کھانا	بیماری پائے' یا کسی تکلیف میں پھنسے۔

Marfat.com

شفتالو خریدنا	کنیز، فرزند اور لونڈی و مال وغیرہ سے تعبیر ہے۔
شفق دیکھنا	موسمی غلہ کی فراوانی ہو، آرام و آسائش پائے، خوشخبری ملے۔
شفق غائب ہوتا دیکھنا	غلہ کی کمی ہو، تنزل پانے کا باعث ہے۔
شکار کرنا، یا کھیلنا	مال غنیمت ہاتھ آئے، یا غیب سے مدد ملے عزت و مرتبہ بلند ہو۔
شکار بکری یا گائے کا یا گورخر کا کرنا	منفعت حاصل ہو، غیب سے مال ملے، عیش و آرام پائے، اگر گوشت کھائے، تو رزق موافق بادشاہ یا امیر کے پائے۔
شکار چیتے کا کرنا	بردبار، بہادر ہو کمینہ خصلت دشمن پر فتح پائے۔
شکار ریچھ کا کرنا	بدخصلت مگر طاقتور دشمن پر فتح پائے یا موذی مرض سے نجات پائے۔
شکار لومڑی کا کرنا	مکارہ عورت پر قابو پائے، یا عیار آدمی کی چالوں کو سمجھے۔
شکار سوءر کا کرنا	حرام مال پائے بدنام اور بدکردار ہو، بے حیاء بے ایمان ہو۔
شکار بھیڑیئے کا کرنا	کہنہ مشق ٹھگ پر قابو پائے، کسی دھوکہ باز فقیر یا عالم سے بچے۔
شکار جال سے پکڑنا	مکر و فریب سے لوگوں کو دھوکہ دے، اور دولت حاصل کرے۔
شکار گڑھے سے پکڑنا	نقصان اٹھائے، یا دفینہ مال پائے، مگر بدنام ہو۔
شکر خریدنا	باعث نقصان ہے، فکر و اندیشہ میں پڑے۔
شکر فروخت کرنا	اتفاق، یگانگت پیدا ہو، نیک کاموں میں حصہ لے۔
شکر کھانا	روزی حلال پائے فرزند و عزیز سے محبت زیادہ کرے۔
شکر اللہ کا کرنا	دین و دنیا کی بھلائی پائے، آخرت نیک ہو، بزرگی ملے۔
شکرانہ ادا کرنا	سعادت دارین حاصل ہو، دین کی ترقی کا سبب ہے دلی مراد پوری ہو۔

Marfat.com

شکریہ ادا کرنا	دینوی منفعت حاصل ہو اور دین کی ترقی کا سبب ہے۔
شِکرا (پرندہ) دیکھنا	مکار ظالم شخص سے تعبیر ہے۔
شکرا پالنا' یا پکڑنا	عیار' ظالم ہو' فریب و دھوکہ سے روپیہ حاصل کرے۔
شکرا سے شکار کھیلنا	مکاری سے روپیہ کمائے جوئے' باز ہو تماش بینی میں مصروف رہے۔
شکرقندی دیکھنا	نعمت حاصل ہو' راحت و آرام پائے۔
شکرقندی زمین سے نکالنا	دفینہ مال حاصل کرے' اور خوشی و عیش و عشرت حاصل ہو۔
شکرقندی کھانا	مال طیب و رزق حلال پائے' اگر کچی کھائے' تو مصیبت یا دُکھ اٹھائے
شکنجہ دیکھنا	مصیبت یا بیماری آئے۔
شکنجہ میں خود کو دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو' یا کوئی سخت بیماری آئے' رنج و غم پائے۔
شکنجہ میں تکلیف نہ پانا	عزت و بزرگی پائے' مگر مصروفیت زیادہ ہو۔
شگوفہ دیکھنا	خوشخبری پائے' سکون دل ہو' دل کی مراد پوری ہو۔
شگوفہ سونگھنا	مشہور عام ہو' نیک نام ہو' دل کی مراد پوری ہو۔
شگوفہ ٹوٹا دیکھنا	فرزند یا بھائی سے غم پائے' مایوسی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے۔
شلغم کھانا' یا دیکھنا	غم واندوہ سے تعبیر ہے' اگر کھیت دیکھے' تو قدرے خوشی حاصل ہو۔
شلغم پختہ بمعہ نان کھانا	روزی میں ترقی ہو' اگر شلغم کا سالن روکھا کھائے تو رنج و الم سے چور ہو
شلغم پھینکنا	دُکھ درد' اور غم واندیشہ سے نجات پائے۔
شلوار پہننا' یا خریدنا	اگر نئی پہنے' تو باکرہ لڑکی سے شادی کرے' اگر عورت پہنے' تو کنوارہ شوہر ملے۔

Marfat.com

شلوار دھلی ہوئی پہننا	بیوہ عورت ملے' یا رنڈوے مرد سے شادی ہو' مرد عورت کے لئے یکساں ہے۔
شمار کرنا' گننا	محنت و مشقت میں گرفتار ہو' دنیاوی زندگی سے بیزار ہو۔
شرارے دیکھنا	اگر کم' تو عمر چند روزہ سمجھے' اگر زیادہ دیکھے' تو عمر دراز با مشقت پائے۔
شمشیر دیکھنا	عورت یا فرزند پانے سے مراد ہے۔
شمشیر کمر میں پہننا	عورت خوبصورت پائے' یا حکومت و بادشاہت ملے عالی قدر ہو۔
شمشیر ننگی ہاتھ میں دیکھنا	دبدبہ' رُعب' جلالیت میں یکتا ہو' بہادر و شاہسوار ہو' دشمن ناپید ہو۔
شمشیر حمائل سے گرنا	حکومت' ولایت' یا عہدہ سے معزول ہو' عورت یا فرزند کی موت ہو۔
شمع دیکھنا	سردار قبیلہ ہو' یا لشکر میں ممتاز عہدہ پائے' یا عالم' عابد ذی قدر ہو۔
شمع گھر میں دیکھنا	عورت خوبصورت و پاکیزہ ملے جس سے گھر آباد ہو' دل شاد ہو۔
شمع روشن دیکھنا	مال و دولت کثرت سے پائے' عیش و عشرت حاصل ہو۔
شمع ٹمٹماتے دیکھنا	مال و دولت میں کمی آئے' بے عزت ہو' اگر بجھتی دیکھے تو گھر ویران ہو۔
شمعدان دیکھنا	بیماری سے صحت ہو' بیوی سے فرحت ہو۔
شمعدان بھدا دیکھنا	عورت سے تکلیف پائے' بے چینی حاصل ہو۔
شمعدان خوشنما دیکھنا	کنیز خوبصورت ملے' یا بیوی سے راحت پائے' لڑکا یا لڑکی پیدا ہو۔
شملہ دستار کا رکھنا	نام و نمود پیدا کرے' لوگوں میں عزت ہو' مگر بعد میں بدنام ہو۔
شملہ پورا دستار کا رکھنا	عزت و بزرگی پائے' مگر مغرور ہو' اگر پگڑی بے شملہ باندھے تو بزرگ دین ہو' عزت و مرتبہ اور حشمت و توقیر پائے۔

Marfat.com

شنگرف دیکھنا	غم واندوہ پائے' مصیبت آئے' تکلیف اٹھائے۔
شنگرف کھانا	کسی ناگہانی مصیبت کا شکار ہو' یا سخت بیمار ہو۔
شنگرف پھینکنا	رنج وغم سے نجات پائے' آفات وبلا سے چھٹکارا ملے۔
شوربا گوشت کا کھانا	نیک بختی کی دلیل ہے' نعمت پائے' اور آسودہ حال ہو۔
شوربا کھانا' یا پینا	دولت کو عیش وعشرت میں ضائع کرے' غریب ہو تو مالدار ہو جائے۔
شوربا گاڑھا پینا	تکلیف ورنج اٹھائے' اگر صرف شوربا بغیر گوشت کے کھائے تو رنج اٹھائے۔
شہر یارونق پر شور دیکھنا	دنیا کے دھندوں' بکھیڑوں میں پڑے' دین سے گمراہ ہو۔
شہر بے رونق دیکھنا	قحط سالی' ویرانی' بربادی ہو' وباء بلا نازل ہو۔
شہر پرامن بارونق دیکھنا	دین ودنیا کی صلاحیت حاصل ہو' آرام وچین' سکون زیادہ ہو۔
شہادت پانا	دنیاوی غم واندوہ سے نجات پائے' سعادت دارین ملے۔
شہادت نیک کی ہونا	بزرگی اور عظمت پائے' صالحین میں شامل ہو۔
شہید بدکار ہوتے دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے' نیک ہو پرہیز گاری اختیار کرے۔
شہید مشرک ہوتے دیکھنا	شرک سے توبہ کرے' واحدانیت پر قائم ہو' آخرت نیک ہو۔
شرک کرنا' شرکت کرنا	مددگار اور ہمدرد وغمخوار ہو' اگر خدا کے ساتھ شرک کرے تو گمراہ ہو۔
شریک ہونا	ہمدرد قوم ہو' مساکین کی دلجوئی کرے۔
شہد کھانا' یا پینا	نیک بختی کی علامت ہے' بیماری سے شفا پائے' بزرگی حاصل ہو۔
شہد خریدنا	نعمت دارین حاصل ہو' سعادت وبزرگی پائے۔
شہد بیچنا' یا بانٹنا	لوگوں کا ہمدرد وغمخوار ہو' ہدایت وراہبری اختیار کرے۔

Marfat.com

شہد کی مکھی دیکھنا	ترقی رزق ہو، محنتی عورت سے تعبیر ہے۔
شہد کی مکھیاں پکڑنا	مال حلال پائے، محنت پر دل لگائے۔
شہد کی مکھیاں جمع کرنا	مال طیب حاصل ہو، آسانی سے دولت پائے۔
شہد کی مکھیاں کاٹتے دیکھنا	محنت و مشقت سے دولت کمائے، کفایت شعار ہو۔
شیر دیکھنا	طاقت ور دشمن سے واسطہ پڑے۔
شیر حملہ آور دیکھنا	دشمن سے خوف پیدا ہو دکھ درد و اندیشہ ہویدا ہو۔
شیر کو ہلاک کرنا	دشمن سے بے خوف ہو، بے فکری پائے، راحت حاصل ہو۔
شیر کا شکار کرنا	عزت و سرداری پائے، عہدہ ممتاز ملے، نام آور، بہادر ہو۔
شیر پر سواری کرنا	بہادر، شاہ زور ہو، لشکر کا سردار مقرر ہو، دیندار دیکھے، تو نامور ہو۔
شیر (دودھ) دیکھنا یا پینا	بزرگی پائے، سعادت دارین حاصل ہو، دولت، عزت و راحت ملے۔
شیرہ انگور کا نچوڑنا	تجارت یا کاروبار میں نفع حاصل ہو، حاکم یا بادشاہ کا قریبی ہو۔
شیرہ خوش ذائقہ پینا	مال و منال غیب سے پائے، راحت و آرام حاصل ہو۔
شیرہ ترش پینا	محنت تردد، مشقت زیادہ کرے، دولت کم ملے۔
شیشہ یا بوتل پانا	عورت اور خادم و کنیز سے مشابہت ہے۔
شیشہ روغن سے بھرا دیکھنا	مالدار عورت سے شادی کرے، مجامعت سے گھبرائے۔
شیشہ یا بوتل ٹوٹنا	بیوی فوت ہو، پریشانی اٹھائے۔
شق ہوتے آسمان دیکھنا	مینہ رحمت کا برسے، خلقت سیراب ہو، ارزانی بے حساب ہو۔
شیشہ خالی خریدنا	مفلس عورت سے شادی کرے، مجامعت سے گھبرائے۔
شہاب دیکھنا	منافق ہو، بدظن، اور غصہ پرور ہو۔

Marfat.com

شیر کا گوشت کھانا	دولت شاہی حاصل ہو' استخوان اور پشم کی بھی یہی تعبیر ہے۔
شیطان پر فریفتہ ہونا	مال و دولت سے تباہی ہو' عورت سے بدخواہی ہو۔
شیطان کو مقہور کرنا	دشمن پر فتح یابی کی نشانی ہے' باعث کامرانی ہے۔
شیشہ (آئینہ) دیکھنا	بیماری سے شفا پائے' فرحت و راحت حاصل ہو۔
شتر مرغ پکڑنا	نفس کے پھندے میں گرفتار ہو' حرص و ہوا میں پھنسے۔
شتر مرغ پکڑنا	نفس یا شہوت پر قابو پائے' دیندار ہو۔
شتر (اونٹ) دیکھنا	اگر بلبلاتے دیکھے' تو تکلیف و مصیبت آئے' اگر آرام میں دیکھے' تو دولت پائے۔
شتر باؤلا شہر آتے دیکھنا	اگر شور مچاتا آئے' تو شہر میں بلاؤ وبا پھیلے' لوگوں کی ہلاکت ہو۔
شراب پی کر مست ہونا	مالدار ہو' یا قوم کا سردار ہو' منفعت بے شمار ہو۔
شبیہہ (فوٹو) دیکھنا	ایسے شخص کی خواہش ہو' جس کے ملنے میں شبہ ہو' دوست پائے۔
شملہ پرند سر پر دیکھنا	اگر بیکار ہو تو نوکر ہو افسر و مالک ہو اور سینہ سپر ہو۔
شیطان سے لڑنا	بُرے کاموں سے بچے' فسادی' مکار' دغا باز لوگوں سے پرہیز کرے۔
شیطان دیکھنا	دین میں خرابی پیدا ہو' شیطان خصلت آدمی کے جال میں پھنسے۔
شیر سے بھاگنا	مقصد تدبیر سے حاصل ہو' راحت شامل حال ہو۔

(ص) صاد مہملہ!

خواب	تعبیر
صابون دیکھنا	پرہیز گاری اور تقویٰ اختیار کرے۔
صابون سے کپڑے دھونا	افعال بد سے توبہ کرے' نیکی کی طرف مائل ہو۔

Marfat.com

صابون کھانا	دل کی صفائی ہو، نفس کا تنقیہ کرے، اگر کافر دیکھے تو مال حرام پائے۔
صابون سے بیگانے کپڑے دھونا	چغلی غیبت اختیار کرے، اگر عالم دیکھے، تو ہدایت دے، فیض عام ہو۔
صابون دینا	اپنا مال خوشی سے کسی کو دے، یا ہدایت کرے۔
صابن بنانا، یا خریدنا	نیک ہو، اور نیکی کی ترغیب دے، دولت ملے، سخاوت کرے۔
صالح شخص دیکھنا	پرہیز گاری کی طرف راغب ہو، نیک دیندار، خداترس ہو۔
صالح سے کچھ لینا	مال طیب پائے، آرام وراحت ملے بزرگوں کا ہم نشین ہو۔
صالح سے گفتگو کرنا	ہدایت پائے، حقیقت سے آشنا ہو متقی اور پرہیز گار ہو۔
صالح سے جھگڑنا، لڑنا۔	دین میں رخنہ پیدا کرے، ملعون و بے ایمان ہو، ساتھی شیطان ہو۔
صبح صادق دیکھنا	ہدایت پائے، بزرگی حاصل ہو، دین میں کامل ہو، خوشخبری پائے۔
صبح صادق سے پہلے سرخی دیکھنا	ملک میں قتل وغارت اور خونریزی ہو، لوگ تباہ ہو جائیں۔
صبح سے پہلے زردی دیکھنا	ملک یا علاقہ میں بیماری پھوٹ پڑے، لوگ تکلیف اٹھائیں۔
صبح پر سفید روشنی دیکھنا	خیر و برکت کا موجب ہے ایسی خوشخبری پائے جس سے تا عمر راحت ہو
صبح پر اندھیرا دیکھنا	گمراہی پھیلے، لوگ بے دین، مشرک اور کافر ہو جائیں، یا حاکم ظالم آئے، خوشحالی پر تنگی غالب آئے، کفر، ظلمت جہالت عام ہو۔
صحبت بیوی سے کرنا	عورت، تابع فرمان ہو، دلی راز ظاہر کرے، مرد پر قربان ہو۔
صحبت مرد سے کرنا	اگر وہ شخص اہل عزت، صاحب عظمت ہو تو اس سے نفع کثیر پائے۔

Marfat.com

صحبت مرد مجہول سے دیکھنا	بے عزت ہو' مال حرام پانے میں مصروف ہو' بدنام خوار اور ذلیل ہو۔
صحبت زن مجہولہ سے کرتے دیکھنا	اگر اثر صحبت دل میں ظاہر ہو تو فائدہ کثیر ہو' ورنہ بے توقیر ہو۔
صحبت زن معروفہ سے کرتے دیکھنا	عزت و دولت پائے' صاحب توقیر ہو' عیش و آرام پائے نعمت ملے۔
صحبت زن باکرہ سے کرتے دیکھنا	حصول مقصد کی نشانی ہے مال یا کیزہ ملے' باعث کامرانی ہے۔
صحبت زن سے زن کو کرتے دیکھنا	عورت کے مخفی رازوں سے آگاہ ہو فائدہ بے پناہ ہو۔
صحبت چارپایوں سے کرنا	تجارت حیوانات میں نفع پائے' دشمن پر غالب آئے عورت زیر فرمان ہو
صحبت مُردے سے کرتے دیکھنا	اگر مجہول ہو تو بدنامی ہو' دکھ اٹھائے' باعثِ رنج و ملال ہے۔
صحبت مُردے معروف سے کرتے دیکھنا	اس کی اولاد سے نفع پائے' یا مال و دولت جائیداد ہاتھ آئے۔
صدقہ دینا	غم واندوہ سے نجات پائے' قرض سے خلاصی ہو' بیمار ہو تو شفا پائے۔
صدقہ اپنے ہاتھ سے بانٹنا	غلام ہو تو آزادی ملے' قید ہو تو رہائی پائے' کافر ہو تو مسلمان ہو جائے۔
صدقہ لینا' یا پانا	گداگری اختیار کرے' قلاش ہو' یا فکر معاش میں سرگردان ہو۔

Marfat.com

صحرا دیکھنا	حاکم یا بادشاہ سے فائدہ اٹھائے' مسرت حاصل ہو۔
صحرا سرسبز دیکھنا	بادشاہ مہربان ہو یا عالم باعمل سے فیض روحانی پائے خوشحال ہو۔
صحرا سنسان دیکھنا	کسی مصیبت میں گرفتار ہو جس میں بے یار و مددگار رہو۔
صراف دیکھنا	نیک و بد کے پہچاننے کی تمیز ہو' قیافہ شناسی میں کامل ہو۔
صراف کو پرکھتے دیکھنا	نیک و بد نفع و نقصان سے آگاہ ہو خیر سے آگاہ ہو۔
صرافی کرنا' یا صراف بننا	لوگوں کی خیانت اور غیبت میں مشغول ہو' خرافات بکنے اور اپنا نقصان آپ کرنے کا باعث ثابت ہو۔
صراحی دیکھنا	عورت نازک بدن حسینہ پائے' مجامعت سے لطف اٹھائے۔
صراحی شراب کی پانا	عورت خوبصورت دوشیزہ مخمور پُر ادا پائے' جس پر فدا ہو۔
صراحی شربت کی پانا	مالدار سلیقہ شعار عورت پائے' عیش و عشرت سے زندگی بسر ہو۔
صراحی پانی صاف کی پانا	نیک پاکیزہ عورت ملے' جو دکھ سکھ میں شریک ہو نعمت و رحمت پائے۔
صراحی پرانی پانا	بیوہ عورت سے شادی ہو' اگر صراحی کسی کو دے' تو بیوی کو اپنے سے جدا کرے
صراحی گم جانا' یا ٹوٹنا	عورت فوت یا طلاق لے' یا اغوا ہو جائے' بہر حال مفارقت ہو۔
صفاہ مروہ پر چڑھنا	اولاد کے لئے رزق حلال تلاش کرے' بندگی و پرہیز گاری تقویٰ حاصل ہو۔
صفاہ مروہ سے اترنا	دینوی اور دینی مقاصد حاصل ہوں شاکر و صابر ہو' عزت پائے۔
صفاہ مروہ پر دوڑنا	دین حاصل کرے' حج نصیب ہو' دارین کی بزرگی ملے۔
صفائی کرنا' یا کرانا	دین و دنیا کے کاموں میں اصلاح کرنے کی کوشش کرے نیک نام ہو

Marfat.com

صاف بدن کرنا	مال حلال پائے' زکوٰۃ و خیرات کرے' گناہوں سے توبہ کرے' شفایاب ہو۔
صفائی گھر کی کرنا	غربت سے نجات پائے' سب مصیبتوں سے آزاد ہو' دل شاد ہو۔
صفائی مسجد کی کرنا	گناہوں سے تائب ہو' خادم دین اسلام ہو' عزت و بزرگی پائے۔
صفائی گلی کی کرنا	راستہ صاف کرنے کے مترادف ہے کسی نیک کام کا آغاز ہے۔
صفائی بازار کی کرنا	صاحب علم دیکھے' تو اسلام کا چرچا کرے' راہبری و ہدایت دے' اگر مجہول اور اَن پڑھ کرے' تو ذلیل اور خوار ہو' گداگری اختیار کرے۔
صلح کرنا' یا کرانا	درازی عمر و ترقی رزق کا سبب ہے' امن و چین پائے۔
صمغ عربی گوند سے کچھ جوڑنا	اپنے روپے میں کسی کا روپیہ جذب کرے' سٹہ بازی کرے' معمہ پائے۔
صندل پانا' یا خریدنا	لوگوں میں عزت پائے' تعریف و توصیف ہو' دولت حاصل ہو۔
صندل سرخ پانا	کسی معزز امیر و رئیس سے انعام و اکرام پائے' عزت و مرتبہ بلند ہو۔
صندل بورہ دیکھنا	مال بے مشقت پائے' خیر و برکت ہو۔
صلیب دیکھنا	دین میں خرابی پڑنے کا موجب ہے۔
صلیب گردن میں ڈالنا	گمراہی میں پڑے' بے دین و بے ایمان ہو۔
صلیب توڑنا	دین اسلام کی تقویت کا باعث ہے اپنے مذہب سے محبت رکھے۔
صلیب بنانا	مذہب عیسائی اختیار کرے' یا عیسائیوں کی مدد کرے۔
صندوق دیکھنا	عزت و مرتبہ پائے' جس قدر بڑا دیکھے' اسی قدر مرتبہ بلند ہو۔

Marfat.com

صندوق منقش دیکھنا	عورت تابعدار اور' حسینہ و جمیلہ پائے' آرام عزت و شہرت حاصل ہو۔
صندوق خریدتے دیکھنا	غلام یا کنیز امانت دار پائے' راز دار ہو تابعدار ہو۔
صندوق اپنا ٹوٹا دیکھنا	راز فاش ہو' یا غلام کنیز فوت ہو' یا عورت سے مفارقت پائے۔
صنع دیکھنا	صورت باطلہ نظر آئے' یا مکروہات میں مبتلا ہو' فتنہ گری اختیار کرے۔
صومعہ دیکھنا	گمراہوں کو راہ بتائے' کار دین میں سرگرم ہو جائے۔
صیاد کو دیکھنا	مکر و حیلہ سے روزی پائے' فکر و تدبیر میں پریشانی اٹھائے۔
صحنک[1] دیکھنا	مال حلال سے اوقات بسر ہوں' مکر و فریب سے بے خبر ہو۔
صحنک میں آٹا گوندھنا۔	مال زیادہ پائے' خوشحال ہو' رحمت ذوالجلال ہو۔
صیقل[2] کرتے دیکھنا	ریاضت الٰہی میں مشغول ہو گناہ سے کنارہ کش ہو۔
صنم دیکھنا	بے دین ہو' کسی کافرہ عورت سے محبت کرے۔
صنم کی پوجا کرنا	کافر ہو' یا حق چھپائے' گناہ میں مبتلا ہو یا کافر عورت پر عاشق ہو۔
صنم گری کرنا[3]	مال حرام پائے' یا عورتوں کی پرستش کرے' بے دین کافر ہو۔
صنم توڑنا	کفر و شرک کو چور کرے' اسلام پھیلائے' دین کو زندہ کرے۔
صنم تراشنا	کافروں کا ہمنوا ہو' یا عورتوں پر جان دے' یعنی بدمعاش یا کافر ہو۔

۱۔ بمعنے کنالی' آٹا گوندھنے والا برتن

۲۔ بمعنی پالش کرنا

۳۔ بت بنانا

Marfat.com

(ض) ضاد معجمہ

خواب	تعبیر
ضامن ہونا	جس کا ضامن ہو اس کو فائدہ پہنچائے۔
ضامن بنانا	اسے استاد بنائے یا فیض دین پائے۔
ضامنی دینا	رنج و غم میں مبتلا ہو فکر و اندیشہ دامنگیر ہو۔
ضائع مال ہونا	دین کی ترقی کا باعث ہے استقامت عطا ہو۔
ضبط کرنا	غم و اندوہ سے نجات پائے مدبر و سیاست دان ہو۔
ضد کرنا	نام و نمود اور دنیاوی شہرت حاصل کرے۔
ضدی دیکھنا	کسی سے نقصان اٹھائے پریشانی حاصل ہو۔
ضرب لگانا	فخریہ الفاظ بولے غرور تکبر کا پتلا ہو۔
ضرب اللہ اللہ کی لگانا	ظاہرداری سے کام لے ریاکار ہو۔
ضرب سکتہ پر لگانا	لوگوں میں بدنام ہو ذلت و خواری اٹھائے۔
ضرورت محسوس کرنا	حرص و طمع زیادہ ہو لالچ بے فائدہ ہو۔
ضرورت مند دیکھنا	طمع نفسانی خواہشات کا شکار ہو مگر نامراد رہے۔
ضریح (قبر تعزیہ) دیکھنا	فکر عاقبت غالب رہے بخشش کا طالب رہے۔
ضریح بنانا یا کھودنا	تنگی رزق و دولت ہو گناہوں سے توبہ کرے عاقبت اچھی ہو۔
ضریح کو مسمار کرنا	موت کو بھول کر دنیا کے کاروبار میں مشغول ہو۔
ضریح پر مقبرہ بنانا	جتنا خوبصورت بنائے اسی قدر ریاکار ہو ایمان سے خالی ہو۔
ضعیف پڑتے دیکھنا	عزت و مرتبہ کی کمی ہو تنزل پائے۔

Marfat.com

ضعف سر کو ہونا	دنیاوی عزت میں کمی آئے' بے عزت و بدنام ہو۔
ضعف آنکھ کو پڑنا	دین میں کمزوری کا باعث ہے۔
ضعیف (بوڑھا) دیکھنا	دنیاوی کمزوری کا باعث ہے۔
ضعیف سے ملنا	رزق یا کاروبار میں کمی واقع ہو' ارادہ متزلزل رہے۔
ضعیف سے کچھ لینا	کہنہ اشیاء جمع کرے' یا کاروبار رزیلہ اختیار کرے۔
ضمانت دینا	بیمار ہو' تو صحت یاب ہو' تنگدستی سے خلاصی پائے۔
ضیافت کھانا	مال و دولت پائے' راحت و خوشی نصیب ہو' عزت و بزرگی پائے۔
ضیافت کرنا	لوگوں کو فائدہ پہنچائے' یا ہدایت و تعلیم دے۔
ضیافت کا انتظام کرنا	سکول یا مدرسہ جاری کرے' خادم الناس ہو۔

(ط) طاء مہملہ

خواب	تعبیر
طاعون دیکھنا	فتنہ و فساد پھیلے' مصیبت اور بلا میں گرفتار ہو۔
طاعون میں مبتلا ہونا	فتنہ و فساد میں گرفتار ہو' یا جنگ و جدال میں گھر جائے۔
طاق گھر کا دیکھنا	غلام یا نوکر پائے' خدمت سے فائدہ اٹھائے۔
طاق مسجد کا دیکھنا	دیندار اور پرہیز گار ہو' نیکی کی طرف راغب ہو۔
طاق دیکھنا	مال و دولت میں ترقی ہو' عزت و راحت پائے۔
طاق گھر کا ٹوٹا دیکھنا	غلام یا نوکر معزول ہو' دولت میں کمی پیدا ہو عزت جاتی رہے۔
طاق مسجد کا بوسیدہ دیکھنا	دین میں کمزوری پیدا ہو' یا امام مسجد بدعقیدہ ہو' مسجد کی ویرانی ہو۔
طالب علم ہونا	اگر دنیاوی علم پڑھے' تو کاروبار میں ترقی ہو۔

Marfat.com

طالب علم بننا	اگر دین کا علم حاصل کرتے دیکھے، تو ایماندار ہو، بزرگی پائے۔
طلباء کو کچھ بانٹنا	دین کی مدد کرے، حامی دین ہو، یا عہدہ جلیلہ پائے۔
طاؤس (مور) دیکھنا	شاہی مراتب سے تعبیر ہے، یعنی کسی بادشاہ سے دولت پائے۔
طاؤس نر دیکھنا	حاکم وقت یا بادشاہ عجم سے عزت و مرتبہ پائے۔
طاؤس مادہ دیکھنا	خوبصورت اور مالدار عورت ملنے کی بشارت ہے۔
طاؤس مادہ کو بولتے دیکھنا	کسی عیار، مکار عورت سے واسطہ پڑے۔
طاؤس ناچتے دیکھنا	مصیبت اور تنگی پائے، فلاکت و ہلاکت کا سبب ہے۔
طاؤس نر بولتے دیکھنا	عیش و آرام پائے، عورت رقاصہ ملے۔
طبابت (حکمت) کرنا	اصلاح و ہدایت پائے، یا لوگوں کو سکھلائے۔
طبابت سیکھنا	ہدایت و بزرگی حاصل کرنے کی کوشش کرے، نیکوں کا ہم مجلس ہو۔
طبابت چھوڑنا	بے دین و گمراہ ہو عزت و آبرو جاتی رہے۔
طبیب کے پاس جانا	کسی راہبر، بزرگ عالم سے ہدایت پائے، یا فیض یاب ہو۔
طبلہ دیکھنا، یا سننا	بیہودگوئی سے کام، لے یا بیوقوف لوگوں کی صحبت اختیار کرے۔
طبلہ بجانا	جھوٹ افترا بیہودہ گوئی سے بدنام ہو، بدانجام ہو۔
طبلچی دیکھنا	فوجی ملازمت پائے، یا دولت ناجائز طریقہ سے حاصل کرے۔
طبل کی آواز سننا	اگر خوشی بجتے دیکھے تو بادشاہ کی طرف سے انعام و اکرام پائے۔
طبل زور سے بجتے دیکھنا	قحط سالی ہو یا جنگ چھڑ جائے، یا وَبا پھیلے۔
طشت دیکھنا	گھر کی خادمہ یا نوکر سے تعبیر ہے۔
طشت خریدنا	خادمہ رکھے، یا لونڈی خریدے، اور فائدہ اٹھائے۔
طشت ٹوٹنا	خادمہ بیمار ہو، یا فوت ہو جائے۔

Marfat.com

طشت میں طعام دیکھنا	خادمہ یا نوکر سے کمال فائدہ حاصل ہو' عیش و راحت پائے۔
طباق گوشت کا دیکھنا	دولت بے اندازہ پائے' آرام و راحت ہو۔
طباق دُودھ کا دیکھنا	بزرگی حاصل ہو' سعادت پائے' فرزند پیدا ہو۔
طباق خریدنا	نوکر سے تعبیر ہے' اگر ٹوٹے' تو نوکر چلا جائے۔
طوطا دیکھنا	فرزند یا غلام سے مترادف ہے یا مال حرام پائے۔
طوطا پکڑنا' یا خریدنا	عیار غلام یا فرزند پائے' جس سے نفع حاصل ہو۔
طوطا اڑانا	فرزند بھاگ جائے' یا نوکر ہاتھ سے نکل جائے۔
طوطی بولتا دیکھنا	باتونی ہو' لغویات سے لوگوں میں بدنام ہو۔
طوطی پانا	لڑکی کنواری پائے' یا شاگرد نیک ملے۔
طوطی سے باتیں کرنا	کسی لڑکی سے دوستی کرے' مگر بے وفا پائے۔
طوطے کا شکار کرنا	مال حرام حاصل کرنے کی کوشش کرے' بدنام و نام ہو۔
طوطے کا گوشت کھانا	دولت ناجائز طریقہ سے حاصل کرے' رشوت' سود حرام کھائے۔
طعام پانا	دولت میں ترقی پائے' نعمت بے اندازہ ملے۔
طعام بدمزہ پانا	رنج و غم سے نڈھال ہو پریشانی و زوال ہو۔
طعام باسی کھانا	مصیبت میں مبتلا ہو یا بیمار و لاچار ہو رنج و غم پائے۔
طعام شیریں کھانا	بزرگی پائے' پرہیز گار ہو راحت و خوشی پائے۔
طعام نمکین کھانا	اولاد سے خوشی حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔
طعام پھیکا کھانا	اولاد کا غم کھائے' زندگی تلخ گزرے۔
طعام کھانا	سخاوت کرے' نیک نام بزرگ ہو' خویش و اقربا پرور مہربان ہو۔
طعام پھینکنا	غربت و مفلسی پائے' خدا تعالیٰ کے عتاب میں آئے۔

Marfat.com

طعنہ دینا	کسی عزیز سے جدائی کا موجب ہے فکر واندیشہ پائے۔
طعنہ سننا	غم واندوہ اور رنج وملال پائے۔
طغیانی پر دریا دیکھنا	اگر زیادہ دیکھے، جس سے خوف پیدا ہو، تو عذاب الٰہی نازل ہو قحط وبا پڑے۔
طغیانی آئی ہوئی دیکھنا	اگر پانی سفید اور بے رنگ ہو تو رحمت خدا نازل ہو خلقت آرام پائے
طغیانی میں بہتے دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو، سخت لاچار ہو، بے یار و مددگار ہو۔
طلاق بی بی کو دینا	تونگر ہونے کی علامت ہے، صحت کی بشارت ہے۔
طلاق شدہ سے نکاح کرنا	کسی کا مال اپنے قبضے میں کرے، عیش وعشرت پائے۔
طلاق نامہ لکھنا	عزت ومرتبہ میں کمی واقع ہو، دولت جاتی رہے۔
طلسم دیکھنا	عمر دراز ہو، دنیا کی سیر وسیاحت کرے۔
طلسمات سیکھنا	عجائبات عالم میں نمایاں کامیابی حاصل کرے۔
طلسم کرنا، یا دکھانا	لوگوں کو اپنی ایجادات سے حیران کرے، یا زبان دانی میں ماہر ہو۔
طمانچہ مارنا	نفع پہنچائے، طمانچہ کھانے والا شاد وآباد ہو، رنج دور ہو۔
طواف کعبہ کرنا	گناہوں سے تائب ہو بزرگان دین کی اطاعت کرے۔
طواف والدین کا کرنا	ماں باپ کا خدمت گار ہو، سعادت وبزرگی پائے۔
طواف بیوی کا کرنا	بے دین وگمراہ ہو دنیاوی مال میں سرگرداں ہو۔
طوالت دیکھنا	مال حرام پائے، بدنام وگمراہ ہو عیش وعشرت حاصل ہو۔
طوائف سے شادی کرنا	بے اندازہ مال ودولت پائے، متمول ہو، آرام وراحت پائے۔
طوائف کا مجرا دیکھنا	لغو اور فحش کاموں میں حصہ لے، بدنام وگمراہ ہو اگر بادشاہ یا امیر دیکھے تو عیش وعشرت میں پڑے، اور دولت فضول اُڑائے۔

Marfat.com

طاس دیکھنا	دولت مندی کی علامت ہے' یا دافع مصیبت ہے۔
طہارت کرنا	بیمار ہو' تو صحت پائے' غربت دُور ہو' دولت وراحت پائے۔
طہارت کرتے دیکھنا	جس کو نہاتے دیکھے' تو وہ شفا پائے' قرضہ دور ہو' راحت و آرام پائے
طبل دیکھنا	جھوٹی خبر سنے یا کہے جس سے پریشانی رہے' جو بجائے' فائدہ کے نقصان اٹھائے۔
طویلہ دیکھنا	اگر گھوڑوں سے بھرا دیکھے' تو مال و دولت بے شمار مثل بادشاہ کے پائے
طویلہ خالی گندہ دیکھنا	پریشانی اور غربت اٹھائے' رنج وملال سے پشیمان ہو۔
طوق دیکھنا	عورت دیکھے' تو شوہر کی طرف سے مسرور ہو' آرام و راحت پائے۔
طوق گلے میں ڈالنا	مرد دیکھے تو فتح مندی پائے' یاد الٰہی میں مشغول ہو۔
طوق اتارنا	آزاد طبع بے فکر و بے خوف ہو گھر سے سیلانی ہو۔
طوفان دیکھنا	اہل وعیال کی فکر میں سرگرداں ہو متردد و حیران ہو۔
طوفان میں گھر جانا	ایسی مصیبت ناگہان میں گرفتار ہو' جس سے سخت پریشان ہو۔
طوفان سے نجات پانا	مشکل حل ہو' یا مصیبت دور ہو' آرام حاصل ہو۔
طپنچہ دیکھنا	دشمن زیر ہو جائے' زبردست غلبہ پائے' ظالم سے فائدہ اٹھائے' بے فکر و بے غم ہو۔
طرہ لٹکتے دیکھنا	سردار قوم ہو جائے' یا علم کی دولت پائے' ہم چشموں میں عزت پائے

Marfat.com

(ظ) ظائے معجمہ

خواب	تعبیر
ظروف (برتن) دیکھنا	دنیاوی کاروبار میں مشغول ہو۔
ظروف خریدنا	دنیا کے کاموں میں منہمک ہو دین کو بھول جائے۔
ظروف کی دکان دیکھنا	دنیا کے دھندوں میں پھنسے اگر بیچے تو لوگوں کو گمراہ کرے۔
ظرافت کرنا	دنیا کے فضول کاموں میں حصہ لے۔
ظریف بننا	عزت و بزرگی پائے ہم نشینوں میں عزت ہو۔
ظلمت دیکھنا	گمراہی میں پھنسے رنج و غم اٹھائے۔
ظلمت دور ہونا	رنج و غم سے نجات پائے۔ دیندار ہو آرام و راحت پائے۔
ظلمات دیکھنا	ناگہانی آفت میں گرفتار ہو دکھ درد و مصیبت اٹھائے۔
ظلمت شہر پر دیکھنا	آسمانی بلائیں نازل ہوں لوگ آزردہ و ملول ہوں۔
ظلم کرنا	ظالم جابر راہزن ڈاکو پر فتح پائے۔
ظالم بننا یا دیکھنا	شیطانی جماعتوں کو نیست و نابود کرے ظالم عیار و ذلیل خوار ہوں۔
ظالم کو ہلاک کرنا	قحط سالی دور ہو نیک لوگوں کا دشمن ہو۔ خود غرض ہو۔
ظہر کا وقت دیکھنا	رزق و دولت میں قدرے کمی واقع ہو خود غرض ہو۔
ظہر کی نماز پڑھنا	گناہوں سے توبہ کرے دیندار اور پرہیز گار ہو۔

Marfat.com

(ع) عین مہملہ

خواب	تعبیر
عاشق عورت پر ہونا	دنیا کے مال و اسباب کی حرص میں مبتلا ہو' فتنہ و فساد پھیلائے۔
عشق لگنا	مجنون و پاگل ہو حرص و ہوا میں عقل فراموش ہو۔
عاشورہ کا دن دیکھنا	دلی مراد بر آئے نعمت و مسرت پائے' اگر تعزیہ دیکھے تو بے دین ہو
عشرہ (محرم) دیکھنا	اگر مہینہ محرم کا دیکھے' نئے کام کا آغاز کرے کامیابی ہو۔
عشرہ کا چاند دیکھنا	دیندار اور پرہیز گار ہو۔ خوشی و مسرت دولت پائے اولاد کا غم کھائے
عالم ہونا	بزرگی اور پارسائی پانے کی دلیل ہے' کسی چیز سے آگاہی ہو۔
علم سیکھنا	نعمت دارین حاصل ہو ہنر پائے' یا فن حکمت سیکھے۔
عالم دیکھنا	دلی مراد بر آئے' راحت و خوشی حاصل ہو۔
عالم کی صحبت اختیار کرنا	کاروبار میں ترقی ہو' مسرت' نعمت' عزت اور دولت پائے
عامل سے کچھ لینا	کسی بزرگ دین سے نصیحت پائے' یا انعام و اکرام حاصل کرے۔
عبادت کرنا	خیر و برکت اور بزرگی کی علامت ہے۔
عبادت ناپاک جگہ کرنا	ذلیل و خوار ہو فلاکت و ہلاکت کا موجب ہے۔
عبادت گھر میں کرنا	دیندار ہو' گھر میں خیر و برکت اور نزول رحمت ہو۔
عابد دیکھنا	ہدایت پائے' بزرگوں سے نصیحت یا مال پائے۔
عبادت بے وقت کرنا	بے دین و ریاکار ہو' ذلت و خواری پائے۔
عجائبات دیکھنا	دنیاوی ترقی کا سبب ہے عہدہ ممتاز پائے۔

Marfat.com

عجائب گھر دیکھنا	اگر جاہل دیکھے، تو مغموم ہو، اور اگر عالم دیکھے، تو تاریخ دان ہو، نعمت پائے۔
عربی زبان سیکھنا	لائق فائق عورت سے شادی کرے، فائدہ کمال پائے۔
عربی لکھنا، پڑھنا	نیک بخت عورت سے فائدہ حاصل ہو۔
عرب سے مصافحہ کرنا	حج کا قصد کرے، دیندار نیک کردار ہو، مسرت حاصل ہو۔
عرق (پسینہ دیکھنا)	مطلب حاصل کرے، مقصد میں کامیاب ہو۔
عرق پیشانی پر دیکھنا	والدین خویش واقارب سے سرخروئی حاصل ہو۔
عرق بدن پر دیکھنا	موت آئے، اگر آسمان سے نازل ہوتے دیکھے، تو تنگ دستی وذلت پائے۔
عزرائیلؑ کو دیکھنا	موت آئے، اگر آسمان سے نازل ہوتے دیکھے، تو تنگ دستی وذلت پائے۔
عزرائیلؑ کو خوش دیکھنا	درجہ شہادت نصیب ہو، یا عمر طویل ہو، خوشی حاصل ہو۔
عزرائیل کو غصہ میں دیکھنا	بیماری وتنگ دستی سخت پائے، پریشانی زیادہ ہو۔
عزرائیل کو گھر میں دیکھنا	اہل خانہ سے کسی ایک کی موت واقع ہو۔
عصا ہاتھ میں دیکھنا	عزت وتوقیر پائے، اور قوم کا سردار ہو۔
عصا خوبصورت دیکھنا	عہدہ جلیلہ پائے، یا سرداری ملے، عزت وبزرگی حاصل ہو۔
عضا گم جانا، یا ٹوٹنا	عہدہ سے معزول ہو، یا ایسے عزیز کی موت ہو جس سے عزت و دولت کم ہو۔
عضو تناسل دیکھنا	فرزند پیدا ہو، اگر کٹا ہوا دیکھے تو جدائی پڑ جائے،
عضو اپنے علیحدہ علیحدہ دیکھنا	خویش واقارب اور بھائیوں میں جدائی پڑ جائے۔

Marfat.com

عضو اپنے مضبوط دیکھنا	خاندان میں اتفاق و اتحاد پیدا ہو، ہمدردی ہو۔
عطار دیکھنا	لوگوں پر احسان کرے، مشہور ہو، مدح خواں ہو۔
عطاری کرنا	احسان کرے، محبت، خلوص، رواداری پیدا کرے عزت و بزرگی پائے
عطار دبُرج دیکھنا	اس کی تعبیر نیکی کا موجب ہے عروج، بلندی حاصل ہو۔
عطر خریدنا، یا لگانا	نیک ہو، علم نافع حاصل ہو، حق پرست، حق گوئی اختیار کرے۔
عطر سونگھنا	جتنی اچھی خوشبو پائے، اسی قدر عزت، دولت، ثروت و راحت پائے۔
عطر کی خوشبو سے مست ہونا	عقل مند مشہور ہو، عابد، سخی، پارسا، متقی اور خدا ترس ہو
عقیق یا (جوہر) پانا	بادشاہ کا مصاحب یا مشیر ہو، با توقیر ہو، عزت و خلعت پائے۔
عقیق کھویا جانا	ملازمت سے برطرف ہو، تنزل کا باعث ہے۔
علماء کا دیکھنا	عزت و توقیر ہے، اگر علماء کو متفق دیکھے، تو اسلام کا بول بالا ہو۔
علماء کو جھگڑتے دیکھنا	دین میں فتور پیدا ہو، خانہ جنگی، فرقہ بندی، خود غرضی بے دینی پھیلے۔
عمارت بنانا	اگر گھر کی عمارت بنائے، تو دنیادار، ذی وقار، با اعتبار و با عزت ہو۔
عمارت مسجد کی بنانا	بنتی دیکھے، تو دین محکم ہو، اسلام ترقی پائے، لوگ پابند اسلام ہوں۔
عمارت محل شاہی کی دیکھنا	خیر و برکت، حصول مراد، فراخی رزق، فلاکت غربت اور بیماری نہ آئے
عمارت شکستہ دیکھنا	مصیبت اور دکھ اٹھائے، تنگی رزق، فلاکت، غربت اور بیماری آئے۔

Marfat.com

عماری دیکھنا	سردار قوم یا وزیر سے عزت حاصل ہو' عہدہ پائے۔
عماری میں بیٹھنا	بادشاہ سے سرداری پائے' عزت و مرتبہ بلند ہو' گورنر یا وزیر کا عہدہ پائے
عمر شمار کرنا	بیماری و تنگدستی کی دلیل ہے۔
عمر کو گننا' یا بتانا	موت آنے کی نشانی ہے' باعث پریشانی ہے۔
عمر زیادہ شمار کرنا	مرض سے صحت پائے' عمر دراز ہو۔
عمرہ کرنا	دین و دنیا کی بہتری کا سبب بنے' بزرگی پائے۔
عرفات کا میدان دیکھنا	کسی عزیز سے ملاقات ہو جس سے دین حاصل کرے۔
عمل و عملیات کرنا	دنیا میں بامسرت اور باعزت زندگی بسر کرے۔
عناب پانا' خریدنا	مال و منال حاصل ہو' راحت و آرام پائے۔
عناب دینا	مال و دولت کا کچھ حصہ لوگوں کو دے یا سخاوت کرے۔
عناب کا درخت دیکھنا	محنت و مشقت سے مال حاصل کرے۔
عنبر جمع کرنا	مال و دولت اور عزت پائے' مشہور و معروف ہو۔
عنبر بیچنا	لوگوں میں محبت پیدا کرے' یا احسان کرے' دلی مراد پائے۔
عود پانا' یا خریدنا	بادشاہ سے انعام و خلعت حاصل کرے' بزرگی پائے۔
عود کی دھونی دھمانا	لوگوں کو نیک باتیں سکھائے' ہدایت و راہبری کرے۔
عود دیکھنا	خوبصورت فرزند پیدا ہو' منفعت پائے۔
عیدالفطر دیکھنا	کسی عابد و زاہد سے فیض حاصل ہو' دین میں کامل ہو۔
عید کا فطرانہ دینا	قید سے خلاصی پائے' آزاد ہو' اور قرض سے فارغ ہو۔
عید قربان دیکھنا	عقلمند دوست پائے' مسرت و خوشی حاصل ہو۔

Marfat.com

عید کا میلہ دیکھنا	باعث فرحت ہے عیش وعشرت میں پڑے یا فرزند پیدا ہو۔
عید کی نماز دیکھنا	مسلمانوں میں محبت پیدا ہو اسلام ترقی کرے۔
عید کا طعام کھانا	نعمت وبرکت حاصل ہو خوشخبری پائے ترقی کا باعث ہے۔
عیسائی ہونا	دین سے بے بہرہ ہو پیشہ رذیل اختیار کرے بدنام ہو۔
عیسائی بادشاہ دیکھنا	دنیا میں امن قائم ہو مگر دین خراب ہو جائے۔
عیسائیوں سے فساد کرنا	بدنام ہو اور بے عزت ہو جائے کاروبار میں بے عزتی ہو۔
عیسائیوں سے جنگ کرنا	اگر غالب آئے تو دیندار بہادر ہو اسلام کا چرچا ہو اگر کمزور ہو تو کفر پھیلے۔
عینک خریدنا	کسی عالم کی صحبت حاصلی ہو عقل مند منصف ہو۔
عینک لگانا	عالم ہو یا پروفیسر انجینیر بنے وکالت پاس کرے یا ڈاکٹر ہو۔
عینک اتارنا	عہدہ سے معزول ہو یا علم وہنر سے کنارہ کش ہو۔
عقاب دیکھنا	بدعہد ہو یا عہد شکن سے واسطہ پڑے ناکامی پریشانی اٹھائے۔
عقاب کو ہلاک کرنا	دشمن پر فتح پائے پریشانی وناکامی دور ہو آرام پائے۔
عمامہ دستار باندھنا	دنیا ودین کی عزت وبزرگی پائے علم وفن میں ممتاز ہو۔
عندلیب دیکھنا	خود غلام بنے یا غلام سے راحت پائے رقاصہ سے دل بہلائے۔
عورت جوان خوبصورت دیکھنا	خوشی حاصل ہو مالدار ہو کاروبار میں وسعت وترقی ہو۔
عورت باکرہ دیکھنا	تجارت یا زمین یا صنعت سے فائدہ اٹھائے لطف زندگی پائے۔
عورت کو گود میں لینا	حصول مقصد ودولت ہو باعث رفعت ہو۔
عورت کو بازو کھلے دیکھنا	مال دنیا سے آسودہ ہو عیش وآرام پائے مگر کام بیہودہ ہو۔

Marfat.com

عورت کے ہاتھ بندھے دیکھنا	بیکاری یا تہی دستی سے پریشان ہو، فکر معاش میں سرگرداں ہو۔

(غ) غین معجمہ

خواب	تعبیر
غار میں جانا	مصیبت میں گرفتار ہو، پریشان حال ہو۔
غار میں روشنی دیکھنا	مصیبت کے بعد، راحت نصیب ہو آرام پائے۔
غار سے باہر نکلنا	بیماری سے شفا پائے، بے روزگاری دور ہو، ہدایت پائے۔
غار کا مونہہ بند کرنا	تمام مصائب سے چھٹکارا حاصل ہو، بے غم و بے فکر ہو، حصول مقصد ہو
غائب کا دیکھنا	اگر حلال چیز دیکھے تو نعمت غیب سے پائے، یا کسی پوشیدہ چیز کو پائے۔
غیبی خط دیکھنا	امداد پائے، رحمت حق شامل حال ہو، بے زوال ہو۔
غیبی امداد پانا	مشکلات سے نجات پائے، صحت ہو آرام پائے۔
غبار آلود چہرہ دیکھنا	کسی غم و اندوہ میں پھنسے، یا ایسی خبر پائے، جس سے تکلیف اٹھائے۔
غبار اڑتے دیکھنا	مصیبت میں گرفتار ہو، یا فتنہ و فساد پھیلے۔
غرق شہر ہوتا دیکھنا	قہر الٰہی لوگوں پر نازل ہو لوگ تباہ و برباد ہوں یا گمراہ ہوں۔
غرق درندہ ہوتے دیکھنا	دشمن سے نجات پائے، بے خوف و خطر ہو۔
غرق مکان ہوتے دیکھنا	مشکلات میں پھنسے، اگر خود کو سلامت دیکھے، تو نجات پائے۔
غسل کرنا	اگر بیمار ہو تو صحت پائے، قرض سے فارغ ہو، راحت پائے۔

Marfat.com

غسل جنابت کرنا	جھوٹ کذب سے توبہ کرے، غم سے نجات پائے۔
غسل چشمہ شفاف میں کرنا	تمام مصائب سے آزاد ہو، رحمت خدا سے دولت، عزت بزرگی پائے۔
غسل گندے پانی میں کرنا	مقروض ہو، یا بیمار ہو، یا کسی مصیبت کا شکار ہو۔
غش کھانا	دنیا کی آلام و مصائب سے بے خبر ہو رنج سے نجات پائے۔
غشی دُور کرنا	کاروبار میں ترقی ہو، مصیبت ٹل جائے، اور آرام پائے۔
غصہ کرنا، یا ہونا	اگر خواب میں دنیاوی باتوں پر غصہ کھائے، تو دین سے گمراہ ہو۔
غصہ والدین پر کرنا	مرتبہ گرنے کی علامت ہے، یا والدین سے تکلیف پائے۔
غصہ گمراہ لوگوں پر کرنا	دیندار ہو گمراہ لوگوں سے نفرت کرے، پرہیز گاری اختیار کرے۔
غصہ پی جانا	عزت و مرتبہ بلند ہو، رحمت الٰہی شامل حال ہو سعادت پائے۔
غلاف دیکھنا	عورت سے تعبیر ہے اگر نیا دیکھے، تو کنواری عورت ملے۔
غلاف میلا دیکھنا	عورت بیوہ یا مطلقہ سے شادی ہو تکلیف اٹھائے۔
غلاف پھٹا دیکھنا	عورت کی بیماری اور جدائی کا سبب ہے غلاف دوست سے بھی تعبیر ہوتا ہے
غلام بالغ ہوتے دیکھنا	آزاد ہونے کی دلیل ہے۔
غلام فروخت کرنا	خوشی حاصل ہو، اگر خوبصورت غلام بیچے تو تنگی پائے۔
غلام خریدنا	مال و دولت پائے، اگر غلام مہیب شکل ہو، تو مصیبت آئے۔
غلام کا بھاگنا	تنگ دستی اور غم واندوہ میں مبتلا ہو۔
غلام کا آزاد کرنا	دنیا سے جلدی کوچ کرنے کی علامت ہے۔
غلامی کرنا	ذلت و خواری ہے اگر مشہور آدمی کی غلامی کرے، تو اس سے نفع پائے

Marfat.com

غلامی علماء کی کرنا	دین و بزرگی پائے' صاحب توقیر با تدبیر ہو۔
غلہ کا ڈھیر دیکھنا	محنت و مشقت سے روزی حاصل کرے۔
غلہ خریدنا	تنگی رزق کا باعث ہے' ہلاکت پائے' یا غم واندوہ پائے۔
غلہ فروخت کرنا	تندرستی و راحت پائے' بے فکر ہو آزاد طبع ہو۔
غلہ کاشت کرنا	نیکی کی علامت ہے نیک عمل کمائے' پرہیز گار' دولت مند با عزت ہو۔
غلہ یا غلیل چلانا	ظالم لوگوں میں شامل ہو' لوگوں کو آزار پہنچائے' ظالم کہلائے۔
غلہ بنانا	ظلم و ستم اختیار کرے' تنگ دل ہو۔
غلیل توڑنا	گناہوں سے توبہ کرے' نیکی اختیار کرے۔
غم کھانا یا غمگین ہونا	خوشخبری پائے' شاد ہو رنج سے آزار ہو۔
غم سے رہا ہونا	رنج والم میں گرفتار ہو' یا بیمار ہو' دل آزار ہو۔
غوطہ لگانا	مال و دولت کے لیے مشقت میں پڑے' علم و دانش حاصل ہو۔
غوطہ لگا کر کچھ مال نکالنا	علم و عقل و دانش حاصل ہو' عالم و فاضل ہو با تدبیر و با توقیر ہو۔
غوطہ سے خالی نکلنا	علم و حکمت کے لیے کوشش کرے' مگر بے فائدہ۔
غالب آنا دشمن پر	بیہودہ اور باطل کاموں کو ترک کرے' نفس پر غالب آئے ہدایت پائے

(ف) ردیف فا!

خواب	تعبیر
فقیر کو مانگتے دیکھنا	تنگدستی اور مفلسی سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے۔
فقیر دیکھنا	مفلس و قلاش ہو فکر معاش ہو۔

Marfat.com

فقیر کو خیرات دینا	بیمار ہو تو شفا پائے، تنگی دور ہو، راحت و آرام پائے۔
فقیر سے کچھ لینا	باعث خرابی ہے رنج و غم میں مبتلا ہو۔
فقیر خود کو بنا دیکھنا	لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو، فکر و اندیشہ دامن گیر ہو۔
فقیہہ، دانشمند دیکھنا	بزرگی اور عزت پائے، علم دین حاصل کرے، پرہیز گار ہو۔
فقیہہ سے تعلیم لینا	توبہ کرے، رشد و ہدایت پائے، بزرگوں کا جانشین ہو۔
فقیہہ خود کو دیکھنا	اگر جاہل ہو تو احمق بدنام ہو، اگر عام دیکھے، تو شہرت ہو دانشمند ہو۔
فلالین کا کپڑا خریدنا	خوبصورت نازنین دوشیزہ سے پیار و محبت کرے۔
فوج دیکھنا	کاروبار میں ترقی ہو عزت پائے۔
فوج میں بھرتی ہونا	سفر طویل کرے، فائدہ کم و بیش ہو۔
فوج کو لڑتے دیکھنا۔	رزق و دولت عام ہو، خلقت با آرام ہو اگر فوج، مغلوب ہو تو قحط پڑے
فیروزہ (قیمتی پتھر) دیکھنا	فتح و نصرت حاصل ہو، مقصد بر آئے، آرام و راحت پائے۔
فیروزہ اپنے پاس دیکھنا	عمر بھر تونگر و مالدار رہے صاحب توقیر با عزت ہو۔
فیروزہ گم ہونا	باعث تنزل ہے مفلس ہو اور عزت میں فرق آئے۔
فرج (شرمگاہ) دیکھنا	راز افشار ہو، یا غلبہ شہوت میں مبتلا ہو۔
فرج کو چھپانا	راز کو پوشیدہ رکھے، یا شہوت سے نفرت کرے۔
فرزند پیدا ہونا	دکھ اور مصیبت میں گھر جائے باعث پریشانی ہے۔
فرزند خوبصورت پانا	مال و دولت پائے، غائب سے امداد ملے، راحت پائے۔
فرزند گم جانا	غربت کی علامت ہے، مصیبت میں پھنسے، پریشانی اٹھائے۔
فرش بچھانا	عورت کی تلاش میں سرگرداں ہو۔

Marfat.com

فرش پر بیٹھنا	عزت پائے' عورت کو آغوش محبت میں لے' اگر عورت دیکھے تو راحت
فرشتہ دیکھنا	رُشد و ہدایت پائے' دولت مند و غنی ہو' عالی مرتبہ بزرگ ہو۔
فرشتہ گھر میں آتے دیکھنا	مال و دولت بے اندازہ پائے' خیر و برکت ہو' فرزند اقبال مند پیدا ہو۔
فرشتوں سے جھگڑنا	مصیبت میں مبتلا ہو' تکلیف و ہلاکت پائے' باعثِ ہلاکت ہے۔
فرشتوں کو آسمان سے اترتے دیکھنا	اگر فرشتے خوبصورت اور خوش وضع ہوں تو ملک میں امن و آسائش و آرام ہو' چرچا اسلام ہو' اگر بدوضع ہوں تو قحط' وبا اور بلا پھیلے تنگی ہو۔
فرشتوں کی جماعت دیکھنا	خیر و برکت مال و دولت عزت و راحت اور بزرگی پائے
فرشتہ موت کا دیکھنا	مصیبت و بیماری آئے' موت پائے' فوت ہو جائے۔
فرعون دیکھنا	ظالم حاکم سے تعبیر ہے مصیبت میں مبتلا ہو یا دین سے منحرف ہو۔
فرعون سے کچھ پانا	گمراہ ہو' مال حرام پائے' یا ظلم و استبدادی جاری کرے۔
فرنی کھانا	کسی دوست یا عزیز سے ملاقات ہو۔
فرنی پکتی دیکھنا	کسی کے برخلاف منصوبہ باندھے۔
فصد کھلوانا	مال ضائع ہو تکلیف پائے' اگر خون زیادہ نکلتا دیکھے تو مصیبت آئے۔
فاختہ دیکھنا	نیک بی بی سے تعبیر ہے یا خادم و فرزند پائے۔
فاختہ پکڑنا	سُگھڑ عورت غمگین ملے مگر خود کو نفع حاصل ہو۔
فاختہ کا گوشت کھانا	مال پاکیزہ مگر کم پائے' فکر و تشویش زیادہ ہو۔

Marfat.com

فاختہ کی آواز سننا	عورت خوبصورت خوش الحان پائے جس سے دل میں عشق پیدا ہو۔
فال دکھانا	اگر نیک فال نکلے، تو دشمن پر فتح حاصل ہو۔
فال پانا، یا نکالنا	دروغ گوئی سے کام لے یا مال مشکوک پائے۔
فالودہ کھانا، یا پینا	پاکیزہ کلام سنے یا کہے، ہدایت و تلقین کرے، مالدار ہو۔
فالودہ بنانا	محنت و مشقت میں پڑے نقطہ چین ہو۔
فالسہ (پھل) کھانا	فائدہ حاصل ہو، والدین یا بزرگوں سے فیض یاب ہو۔
فتنہ و فساد دیکھنا	رنج و بلا میں پڑے، شور و غوغا برپا ہو خلقت گمراہ ہو۔
فتنہ زائل ہوتے دیکھنا	اس مقام کے لوگوں کے ہدایت پانے کا موجب ہے۔
فوارہ دیکھنا	دل کو مسرور ہو، رنج کافور ہو، ہم صحبت ذی شعور ہو راحت و مسرت پائے۔

(ق) ردیف قاف

خواب	تعبیر
قاضی دیکھنا	عدل و انصاف پائے، راحت حاصل ہو۔
قاضی اپنے تئیں دیکھنا	اگر صاحب علم دیکھے تو مرتبہ بلند ہو، اگر جاہل دیکھے تو ظالم و جابر ہو
قالب (ڈھانچہ) دیکھنا	جوتے یا موزے کا قالب دیکھنا، عورت اور خادم حاصل کرے۔
قالب آدمی کا دیکھنا	فکر و تردد میں پڑے، یا خادم بے وفا پائے۔
قالین خریدنا	اگر بڑا خریدے، تو عمر دراز ہو، اور اگر چھوٹا خریدے تو عمر کوتاہ پائے
قالین نیا خوشنما لینا	ترقی کاروبار کی علامت ہے عورت مالدار ملے یا خادم نیک پائے
قالین بیگانے پر بیٹھنا	کسی کا مال یا غلام چھیننے کی کوشش کرے، بدنام و نام ہو۔

Marfat.com

قافلہ دیکھنا	کاروبار میں ترقی ہو، بیرونی ممالک سے تجارت کرے۔
قافلہ گھر میں آتے دیکھنا	رکے ہوئے تمام کام پورے ہوں راحت وآرام پائے۔
قافلہ میں شامل ہونا	موت آئے، یا سفر دراز اختیار کرے، یا حج کرے۔
قبر دیکھنا	قید خانہ سے تعبیر ہے، باعث عبرت ہے، توبہ کرے۔
قبر معروف دیکھنا	حصول مقصد ہو، مشکلات سے نجات پائے، نیک بخت ہو۔
قبر کھودنا	تکالیف ومشکلات میں پڑے، محنت ومشقت اٹھائے۔
قبر پر مٹی ڈالنا	بغیر توبہ کے مرے، گناہوں پر پردہ ڈالے۔
قبر اپنی دیکھنا	قید ہو، یا دیندار ہو بزرگ ہو، فرحت حاصل ہو، گوشہ نشین ہو۔
قبرستان میں جانا	دلی مقاصد پورے ہوں، خوشخبری پائے۔
قتل کرنا	گناہوں سے پاک ہو، سعادت اور بزرگی پائے۔
قتل کرنا کسی کو	ہدایت دے، اور توبہ کرائے، لیکن خود بدنام وبے عزت ہو۔
قد اپنا چھوٹا دیکھنا	تنگی رزق ہو جائے، مغموم وبے چین رہے۔
قد اپنا لمبا دیکھنا	خوشحالی وفارغ البالی کا سبب ہے۔
قدم کے نشان دیکھنا	متابعت سے تعبیر ہے، جس کے قدموں کے نشان دیکھے اس کا تابع ہو
قربانی کرنا	اگر غلام ہو، تو آزادی پائے، بیمار ہو، تو شفایاب ہو قید سے آزاد ہو۔
قربانی کا گوشت بانٹنا	صلح اور پیار محبت پیدا کرے، یا اپنا مال تقسیم کرے۔
قربانی کرتے دیکھنا	نیک بختی کی علامت ہے، بزرگی اختیار کرے، فرزند پیدا ہو۔
قربانی کا گوشت کھانا	دولت وراحت پائے، عزت وبزرگی حاصل ہو۔
قرنا (صور) دیکھنا	بلائے آسمانی نازل ہو، سخت بیمار ہو۔

Marfat.com

قرنا کی آواز سننا	موت آئے' راہی ملک عدم ہو۔
قسم کھانا	تنگی رزق اور غم اولاد سے تعبیر ہے ذلیل وخوار اور بے عزت ہو۔
قصاب دیکھنا	تنگ حالی اور ویرانی سے پریشان ہو۔
قصاب سے گوشت لینا	بیماری اور ویرانی آئے' کاروبار میں نقصان ہو۔
قصاب بننا	غم واندوہ اور ظلم وستم میں مبتلا ہو۔
قصاب کو کھال اتارتے دیکھنا	کسی کا خون ناحق کرے' ڈاکو' ظالم' بدمعاش ہو' اگر خود کو گوشت بیچتا دیکھے' تو سولی چڑھے' یا قتل ہو جائے۔
قصد کرنا	بیہودہ گوئی اختیار کرے' فضول کاموں میں حصہ لے۔
قصہ کہانی بیان کرنا	ہمت وطاقت پائے' کوشش سے ہر کام میں کامیاب ہو جائے۔
قصر (محل) دیکھنا	عزت وآرام سے زندگی بسر ہو' باعث مسرت ہو۔
قصر شاہی دیکھنا	مرتبہ بلند ہو' کاروبار' یا عہدہ میں ترقی پائے' زندگی آرام سے بسر ہو
قفل دیکھنا' یا خریدنا	دنیا کے کاموں کو سرانجام دے۔
قفل کھولنا	دین ودنیا کے کام بخیر وعافیت اختتام پذیر ہوں۔
قفل دیر سے کھلنا	کاموں میں مشکل پیدا ہو' مگر بالآخر کامیابی ہو' اگر نہ کھلے تو ناکامی ہو
قلعہ دیکھنا' یا بنانا	بڑے بڑے کاموں میں کامیابی حاصل ہو' بردبار مستقل مزاج ہو۔
قلعہ میں مقیم ہونا	دین میں ترقی ہو' دولتمند باتوقیر ہو' صاحب شمشیر ہو۔
قلعہ گرتے دیکھنا	خرابی اور ناکامی کا باعث ہے' عزت وتوقیر میں فرق آئے۔
قلم ہاتھ میں دیکھنا	جج بیرسٹر' یا چیف جسٹس مقرر ہو' قاضی بنے' یا کتابت میں شہرت ہو

Marfat.com

قلم سے لکھنا	علم حاصل کرے، فرشتہ خصلت و نیک ہو۔
قلمدان دیکھنا، یا پانا	بادشاہ یا حاکم سے عہدہ جلیلہ پائے، عزت و بزرگی حاصل ہو۔
قلیہ پلاؤ یا آب پکانا	منفعت ہو، بے پونجی لگائے، دولت کمائے، ترقی پائے۔
قلیہ گوشت کا پکانا	مال طیب پائے، خوشحالی ہو نیک کام سرانجام دے۔
قلیہ مچھلی کا کھانا	عورتوں سے مکر و فریب سے دولت کمائے۔
قلیہ بدمزہ کھانا	مصیبت میں مبتلا ہو مال حرام طریقہ سے کمائے، مگر کام نہ آئے۔
قند (گڑ) کھانا	جس کام میں جلدی کرے اس میں ہی نقصان اٹھائے۔
قند فروخت کرنا	کاروبار میں نقصان اٹھائے، پریشانی کا باعث ہے۔
قندیل روشن گھر میں دیکھنا	پارسا نیک، روشن ضمیر، با اخلاق عورت سے شادی کرے۔
قندیل بجھی دیکھنا	عورت نیک سے مفارقت پائے، دولت عزت میں کمی آئے۔
قوس قزح سرخ دیکھنا	ملک میں خونریزی، یا فتنہ و فساد پھیلے۔
قوس قزح زرد دیکھنا	علاقہ میں بیماری پھیلے، یا خود خواب دیکھنے والا بیمار ہو۔
قوس قزح سبز و سفید دیکھنا	خوشحالی، آرام و آسائش ہو، راحت و فرحت حاصل ہو۔
قے کرنا	اگر قے کھل کر کرے، تو گناہوں سے توبہ کرے۔
قے رُک جانا	عصیاں میں گرفتار ہو، توبہ نہ کرے۔
قے بدمزہ ترش کرنا	توبہ کرے پھر بھی گناہوں سے باز نہ آئے۔
قے کھانا	جھوٹ بولنا، بدعہدی کرنا وعدہ شکن، خیانت دار ہو۔
قند کا ڈھیر خریدنا	مال و متال حاصل کرے، مقصد پورا ہو۔
قیامت دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے، مظلوم ہو، تو ظلم سے نجات پائے۔
قیامت میں حساب دینا	تنگ حال ہو جائے، نقصان اٹھائے، پیسہ پیسہ کا محتاج ہو۔

Marfat.com

قیامت میں پاس ہونا	بزرگی پائے' نیک انجام ہو' با توقیر پرہیز گار ہو۔
قیامت قائم ہونا	بادشاہ ظالم ہو' یا قحط پڑ جائے' توبہ استغفار کرے' نجات ہو۔
قبریں پھٹتی دیکھنا	اگر لوگوں کو نکلتا دیکھے' تو دشمن پر فتح پائے' غیب سے روزی ملے۔
قبروں سے مردے نکلنا	دنیا عصیاں میں پھنسے' بدفعلی عام ہو' تنگ حالی ہو جائے۔
قبروں سے باتیں کرنا	دانائی و فہم پائے' بزرگ دین ہو' خوشحالی و خوشخبری پائے' مگر موت آئے
قبر کھود کر مردہ نکالنا	دفینہ مال ہاتھ آئے' یا کئے ہوئے کاموں پر پشیمان ہو' توبہ کرے۔
قینچی خریدنا	اگر نئی ہو' تو لڑکی یا لڑکا پیدا ہو' مگر قدرے تکلیف پائے۔
قینچی زنگ آلود دیکھنا	رنج و غم میں مبتلا ہو کاروبار میں زوال آئے۔
قینچی سے کپڑا کاٹنا	قبیلہ میں انتشار پیدا کرے' نادان دوست پائے۔
قید میں بند دیکھنا	دین کی گمراہی کے باعث غم واندوہ میں مبتلا ہو۔
قید خانہ دیکھنا	اگر عالم خود کو قید خانہ میں بند دیکھے' تو رُکے ہوئے کام پورے ہوں۔
قید خانہ کھلا ہوا دیکھنا	مراد حاصل ہو' اور عاقبت بخیر ہو' فکر و اندیشہ دور ہو۔
قرآن شریف پڑھنا	حکمت سیکھے' یا دین و دنیا باہم جمع کرے' عیش و عشرت میں قدم دھرے' میراث یا روزی حلال سے خوشتر ہو یا قوت و نصرت سے نام آور ہو۔
قرآن مجید کا ورق کھانا	نزدیکی موت کی نشانی ہے' دنیا سے رحلت ہو جاتی ہے۔
قرآن شریف لینا	بزرگ کام میں وقوف ہو' علم و عمل میں کامل ہو۔
قمری دیکھنا	کسی کی محبت میں مبتلا ہو' مضطر و پریشان رہے۔
قیف دیکھنا	نامہ بر' چٹھی رساں' یا پیغام رساں ہو' یا دوست سے راحت پائے۔

Marfat.com

(ک) کاف تازی

خواب	تعبیر
کاتنا چرخہ پر سوت	کپڑے کی تجارت کرے اور فائدہ بے اندازہ پائے۔
کاٹنا کسی کو	جس کو کاٹتے دیکھے اس سے محبت والفت ہو جائے۔
کاٹنا دشمن کو	نقصان اٹھائے، فکرمند ہو زبان پائے، حیران ہو جائے۔
کاٹنا اونٹ کو	سفر سے نقصان اٹھائے، گھوڑا، گدھا، خچر کو بھی کاٹنا زیان کا باعث ہے
کاجل لگانا	اولاد سے راحت ہو، دل کو فرحت ہو، زیادتی بصارت ہو۔
کاسنی خریدنا، یا کھانا	غم واندوہ میں گرفتار ہو، فکر واندیشہ کرے۔
کاسنی جمع کرنا	نقصان اٹھائے، اور تکلیف دیکھے۔
کاشتکاری کرنا	ترقی دین و دنیا ہو، بزرگی وعزت پائے، فیض حاصل ہو۔
کاشتکار دیکھنا	کامیابی کا موجب ہے، برکت ورحمت ہو، کاروبار میں ترقی ہو۔
کانپتا جسم دیکھنا	امانت میں خیانت کرے، ضعف وغم، اندوہ و بیماری پائے۔
کانپتا سر دیکھنا	حاکم وقت سے نقصان اٹھائے، پریشانی پائے۔
کانپتا ہاتھ خدا کے خوف سے دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے، صحت ہو کاروبار میں برکت ہو۔
کاغذ پانا، یا خریدنا	علم سے تعبیر ہے تعلیم حاصل کرے، کاروبار میں ترقی ہو۔
کافر ہونا	دین و دنیا کی خرابی پائے، تکلیف، رنج وغم پائے۔
کافور دیکھنا، یا خریدنا	عالم و بزرگ و نام آور ہو، منفعت پائے تجارت میں نفع پائے۔
کافور بدن کو لگانا	غصہ پی جائے، موت کی علامت ہے، خلیق حلیم ہو جائے۔

Marfat.com

کافور دینا	دیانت داری' اور حد درجہ کی بزرگی پائے۔
کان کی لو دیکھنا	خوبصورت فرزند پیدا ہو' دونوں لویں دیکھے' تو دو فرزند پیدا ہوں۔
کان دیکھنا	عورت پاکیزہ سے نکاح کرے' یا خبر نیک پائے' دل مسرور ہو۔
کان صاف کرنا	نیک باتیں سنے جو یائے خبر رہے دنیا معترف ہو نیک ناصح ہو۔
کان اپنا جُدا دیکھنا	لڑکی فوت ہو' یا عورت کو طلاق دے' وطن سے دُور ہو عزیزوں سے مہجور ہو۔
کان لمبے چوڑے دیکھنا	افسانہ عجائب وغرائب سُنے جو یائے ضرر ہو' وقت ضائع کرے۔
کاٹنا دانتوں سے	ترشرونی و بدسیرتی ظاہر ہو' عیوب سے خلقت ماہر ہو۔
کفر اختیار کرنا	بیماری کی نشانی ہے زحمت پیش آتی ہے۔
کان دھات کی دیکھنا	خزانہ مال و دولت کا پائے' یا عالم ہو' علم کا خزانہ ہاتھ آئے۔
کان سے کچھ نہ پانا	خزانہ مال کا دیکھے' مگر کچھ حاصل نہ ہو۔
کاٹنا (خار) دیکھنا	رنج والم پائے' اگر کانٹوں کی جھاڑ دیکھے' تو دنیاوی کاموں میں پھنسے۔
کانٹے جلانا	فارغ البال ہو' دنیا کے جھنجالوں سے نجات پائے۔
کانٹوں کی باڑ لگانا	دین کی حفاظت کرے' یا چوکیداری کا عہدہ پائے۔
کانٹے پاؤں میں چبھنا	قرضدار ہو' قرضہ اٹھانے کی وجہ سے غم واندیشہ کرے۔
کانٹے پاؤں سے نکالنا	قرض سے فارغ ہو راحت و آرام پائے۔
کانجی پینا' یا کھانا	غم واندوہ اور اندیشہ سے نڈھال ہو فکر مال ہو۔
کانجی ڈالنا (تیار کرنا)	فتنہ وفساد میں مبتلا ہو' اور تکلیف اٹھائے۔
کا ہو شیریں کھانا	فرحت پائے' اگر تلخ کا ہو کھائے' تو مصیبت پائے۔

Marfat.com

کبوتر دیکھنا	کنیز یا عورت پائے، بہتری حال کی ہو یا صورت رفع ملال ہو۔
کبوتر کا گوشت کھانا	عورت سے منفعت پائے، یا معشوق حسین ہاتھ آئے۔
کبوتروں کا غول دیکھنا	نفع کثیر حاصل ہو فرحت و مسرت پائے، صحت کامل پائے۔
کبوتر پکڑنا، یا خریدنا	عورت گھر میں لائے، جس سے لڑکی پیدا ہو۔
کبوتر اڑانا	مال ضائع کرے، اگر کبوتر بازی کرے، تو عمر ضائع گزار دے۔
کبک دیکھنا (چکور)	نیک عورت ملے، یا مرد سنگدل سے سابقہ ہو محنت اٹھائے۔
کپڑا بیچنا	غم و اندیشہ سے خلاصی ملے، صحت کامل رہے۔
کپڑا دھونا	دشمنی اور بیر پر آمادہ ہو کسی کو دکھ دے مگر تجارت میں نفع ہو۔
کپڑا خون سے لتھڑا دیکھنا	تہمت و بہتان میں پھنسے، خلقت کا جائے مذاق بنے۔
کپڑا سیاہ یا زرد دیکھنا	غم و اندوہ اور سخت بیماری میں مبتلا ہو۔
کپڑا قیمتی دیکھنا	غربت سے پشیمان ہو اگر خریدے تو حیران ہو۔
کتا حملہ آور دیکھنا	شیطان کے نرغے میں پھنسے، یا دشمن سے مقابلہ ہو گزند پائے۔
کتے کا اپنے اوپر بھونکنا	کمینوں کی بات سے ملال ہو، سزا دہی پر آمادہ ہو تردد میں پڑے۔
کتے کا کاٹنا	دشمن سے گزند پہنچے، مگر دل مطمئن رہے۔
کتا فرمانبردار دیکھنا	دوست سے فائدہ پہنچے، یا دشمن پر فتح پائے۔
کچھوا دیکھنا	عالم باعمل سے نفع پائے، یا دولت ہاتھ آئے مستغنی ہو۔
کچھوا نجس جگہ پر دیکھنا	علم و زیان ہو، پریشانی کا سامان ہو۔
کچھوا پاک جگہ دیکھنا	علم حاصل کرے، ہر فن میں کامل ہو، یعنی ہر فن مولا ہو۔
کتاب پڑھنا	جس علم کی کتاب پڑھے، اس علم یا کام سے فائدہ اٹھائے۔
کتاب فقہ کی پڑھنا	برے کاموں سے پرہیز کرے، راہ ہدایت پا۔۔۔

Marfat.com

کتاب تاریخ کی پڑھنا	بادشاہ وقت سے فائدہ اٹھائے۔
کتاب ڈاکٹری کی پڑھنا	علم وحکمت ودانائی، عقلمندی پائے اور مشہور ہو جائے۔
کتاب کہانیوں کی پڑھنا	فضول گوئی اور بیہودہ کلامی اختیار کرے۔
گوند کتیرا کھانا یا پانا	کنجوس شخص کا مال قلیل ہاتھ آئے، کاروبار میں نفع رنج وغم ہو۔
کھٹائی کھانا	غم واندوہ میں مبتلا ہو، ترش اشیاء کا کھانا باعثِ رنج وغم ہے۔
کدال یا ہتھوڑا دیکھنا	خادم یا نوکر وفادار سے تعبیر ہے۔
کدال سے کام لینا	نوکر یا خادم سے فائدہ حاصل ہو، کدال پڑا دیکھے تو ناکام رہے۔
کرتا سفید یا سبز پہننا	عزت وبلند مرتبہ اور بزرگی پائے، آرام وراحت ملے۔
کرتا پھٹا پرانا دیکھنا	بے عزت ہونے کا سبب ہے ناکام وحیران رہے۔
کرسی پر بیٹھنا	عزت وبزرگی پائے، یا مرتبہ بلند ہو، عہدہ ملے، ترقی دارین ہو۔
کرسی سے اٹھنا	عزت ومراتب اور عہدہ سے معزول ہو۔
کرکٹ کھیلنا	دوستوں میں محبت بڑھے، کسی گم شدہ عزیز سے ملاقات ہو۔
کرکٹ میں کامیاب ہونا	کاروبار میں کامیابی اور ترقی پائے، کرکٹ میں ہرنا پریشانی کا سبب ہے۔
کڑک سننا	لوگوں سے خائف رہے، یا گناہوں سے توبہ کرے۔
کڑک بجلی کی سُننا	لوگوں کی دہشت جاتی رہے، اگر بغیر بارش کے کڑک سُنے تو نقصان ہو
کسان کام کرتا دیکھنا	متوکل خدا ہو، رزق زیادہ پائے۔
کسان کو تخم ریزی کرتے دیکھنا	خیرات وصدقات کرے، آخرت کو آرام پائے۔

Marfat.com

کسان بننا	اگر خود کو کاشت کرتے دیکھے، تو خیر و برکت پائے، عزت نفع بزرگی پائے۔
کشتی میں سوار ہونا	حاکم وقت سے نفع پائے، اگر کشتی سے اترے، تو مصیبت میں گرفتار ہو۔
کشتی میں بیٹھنا خشکی پر	بدنام اور مجرم ہو، اگر کشتی کیچڑ میں پھنسی دیکھے، تو مصیبت میں گرفتار ہو۔
کشتی دریا میں چلتی دیکھنا	کامیابی اور حصول مقصد ہو اگر ٹھہری دیکھے، تو ناکامی و پریشانی ہو۔
کشتی دیکھنا	تنگی مال، اور پریشان حال ہو تکلیف کمال ہو۔
کشمش دیکھنا	مال و نعمت پائے، اگر کھاتا دیکھے، تو خیر و برکت پائے، خوشخبری سنے
کشمش خریدنا	مال حال ہو، کاروبار میں منفعت پائے۔
کعبہ شریف دیکھنا	بزرگی اور پرہیز گاری پائے، میراث، مراتب، علم و حلم و حکومت پائے۔
کعبہ کا طواف کرنا	بزرگوں میں شامل ہو، دین میں کامل ہو، ایسے کام کرے جو حج برابر ہوں
کفن خریدنا، یا بنانا	مصیبت میں گرفتار ہو، غم واندوہ میں پڑے۔
کفن واقف شخص کا بنانا	اس کی امداد کرے، نفع پہنچائے، مراد بر آئے۔
ککڑی (تر) دیکھنا	جس عورت کو چاہے اسے مرعوب کرے، یا خوشی حاصل ہو۔
ککڑی کھانا	مطلقہ عورت سے دلی مراد پائے، آرام حاصل ہو۔
ککڑیاں خریدنا	احباب و اقارب سے فائدہ حاصل ہو، دین میں کامل ہو۔
کلاہ (ٹوپی) پہننا	سرداری پائے، عزت و بزرگی حاصل ہو۔

Marfat.com

کلاہ خریدنا	پریشانی رفع ہو' کاروبار میں عزت پائے۔
کلاہ کسی کو دینا	جس کو دے' اسے نفع پہنچائے۔
کلاہ اجنبی کو دینا	بے عزتی اور تکلیف کا باعث ہے اگر اجنبی سے لے تو غیبی امداد پائے۔
کلنگ گھر میں دیکھنا	حاکم وقت سے عزت وانعام حاصل ہو' عوام میں معزز ہو۔
کلہاڑی دیکھنا	خوفناک منافق دوست سے تعبیر ہے' اگر خریدے تو دوستی کرے۔
کلہاڑی ٹوٹنا یا گم جانا	مددگار رفیق دوست سے جدائی ہو۔
کمان دیکھنا	مددگار دوست' خادم' غلام یا نوکر ملے۔
کمان سے تیر چلانا	سفر درپیش آئے' فائدہ اٹھائے۔
کمان ٹوٹنا	سفر ناتمام ہو' بلکہ نقصان ہو' دوست یا نوکر سے جُدا ہو۔
کمزور دیکھنا	عزت ومرتبہ میں نقصان اٹھائے' دولت میں کمی آئے۔
کمند دیکھنا' یا کھینچنا	محنت ومشقت سے کامیاب ہو جوانمرد و بہادر ہو۔
کنواں دیکھنا	اگر چلتا دیکھے' تو کامیابی کی علامت ہے' اگر بند ہو تو خرابی ہو۔
کنواں کھودنا	عورت گھر میں لائے جس سے فائدہ اٹھائے' یا مقصد میں کامیاب ہو
کنواں کھودنے میں کسی کو مددگار پانا	عورت مطلوبہ کسی وکیل کے ذریعہ ملے' یا کام میں کسی کو مددگار پائے کامیابی حاصل ہو۔
کنگن دیکھنا' یا پہننا	اگر مرد پہنے' تو غم واندوہ پائے' عورت کے لئے شوہر سے تعبیر ہے۔
کنگن انعام میں ملنا	حکومت سے فائدہ ہو' فرزند پائے' یا کام میں ترقی ہو عزت ملے۔
کنگھی سر کو کرنا	رنج وغم سے نجات پائے' اور قرضہ سے خلاصی ملے۔

Marfat.com

کنگھی داڑھی کو کرنا	مال زکوٰۃ نکالے' صدقہ خیرات دے عزت و بزرگی پائے۔
کمر بند باندھنا	طاقت' ہمت جرأت سے زمانہ بھر میں شہرت حاصل کرے۔
کمر بند خریدنا	کاروبار میں شہرت ہو' عزت و مرتبہ بلند ہو۔
کوا دیکھنا	فاسق اور کاذب (جھوٹے) سے واسطہ پڑے۔
کوے کو بولتا دیکھنا	بے عزتی ہونے کا باعث ہے' بدمعاش کمینہ خصلت سے بدنامی ہو۔
کوؤں کو اپنے گرد دیکھنا	مکار اور بدمعاشوں سے گزند پہنچے' کذابوں کے مکر و فریب میں آئے
کوّے کو ہلاک کرنا	دشمنوں سے نجات پائے' ہر مصیبت سے آزاد ہو۔
کودتا اپنے تئیں دیکھنا	تبدیلی حالت سے تعبیر ہے اگر گندی جگہ سے صاف جگہ پر کودے' تو ترقی پائے عزت ہو کام میں برکت ہو گناہوں سے توبہ کرے۔
کودنا بلندی سے	اگر پستی سے کودے' تو ذلت و خواری اٹھائے۔
کودنا لکڑی کے سہارے	کسی کی مدد سے کام انجام پذیر ہو' ساتھی یا دوست ملے۔
کوڑا کرکٹ دیکھنا	جس قدر دیکھے' اسی قدر مال متال حاصل ہو' مگر ذلت پائے۔
کوڑا اکٹھا کرنا	مال و دولت پائے' آرام و راحت ملے۔
کوڑی دیکھنا' یا پانا	ذلت و خواری پائے' بدنام و ناکام ہو۔
کوڑی دیکھنا' یا پانا	آوارہ خصلت عورت یا خادمہ ملے جس سے نقصان اٹھائے۔
کوڑی سفید پانا	پارسا اور خوبصورت عورت ملے۔
کوڑیوں سے کھیلنا	آوارہ ہو کام سے دل چُرائے کھیل میں وقت گنوائے۔

Marfat.com

کوڑے کھانا	گناہوں سے توبہ کرے' یا رنج و غم میں مبتلا ہو۔
کوڑا ہاتھ میں دیکھنا	اختیارات پائے' یا اقتدار حاصل ہو' حاکم یا منفعت مقرر ہو۔
کوڑے مارنا	اگر جرم پر مارے' تو ہادی ہو' یعنی ہدایت دے یا عالم با اقتدار ہو۔
کوڑا بلاوجہ مارنا	ظالم و گمراہ ہو' مال حرام حاصل کرے' بدنام و ذلیل ہو۔
کوڑا پھینکنا	اقتدار سے دست بردار ہو' اگر ظالم ہو تو گناہوں سے توبہ کرے۔
کوزہ خریدنا' یا پانا	خادم یا نوکر' یا دختر نیک اختر پائے۔
کھجور گھر میں دیکھنا	منفعت پائے' عزت و بزرگی ملے' آرام و راحت حاصل ہو۔
کھجور پر چڑھنا	کامیابی کی دلیل ہے' کاروبار میں ترقی ہو عہدہ پائے عزت ملے۔
کھجور سے پھل توڑنا	کسی بڑے گھرانے سے' یا حاکم امیر رئیس سے فائدہ حاصل ہو۔
کھانا بدمزہ پانا	رنج و غم حاصل ہو' اگر خوش ذائقہ کھانا کھائے' تو خوشی نصیب ہو۔
کھانا درویش کو کھلانا	مصیبت سے نجات پائے' پرہیزگار ہو سعادت و بزرگی پائے۔
کھرپا دیکھنا	بیمار ہو' مگر بعد میں شفا پائے' یا مصیبت آئے' پھر نجات پائے۔
کھرپا سے گوڈی کرنا	ایمان کو تقویت پہنچے' یا کاروبار میں برکت ہو۔
کھرپا سے گھاس کاٹنا	زندگی پاکیزہ گزارنے' محنت سے روزی حاصل کرے۔
کھولنا کسی چیز کو	کامیابی حاصل ہو' پوشیدہ چیزوں سے آگاہ ہو رازداری پائے۔
کھولنا گانٹھ سخت کو	کامیابی کوشش سے حاصل ہو' فتح یاب ہو ترقی کا راز ہاتھ آئے۔
کھیت دیکھنا	ترقی نعمت و علم کی نشانی ہے خوشحالی حاصل ہو۔
کھیت غیر کو کاٹتے دیکھنا	قتل کرنے کی نشانی ہے یا عورت سے مفارقت ہو۔
کھیت ہرا بھرا دیکھنا	فراخی نعمت ہو' یا اولاد سے راحت ہو' آرام پائے۔
کوئل کی آواز سننا	دوست یا عزیز کے آنے کی خبر پائے۔

Marfat.com

کوئل دیکھنا	عورت یا کنیز کوش آواز ملے' گانے بجانے سے مسرور ہو۔
کوئل خریدنا' یا دیکھنا	رنج وغم اور بدنامی پائے' ذلت اٹھائے۔
کیچڑ میں پھنسنا	مصائب وآلام میں گرفتار ہو یا مرض مہلک کا شکار ہو۔
کیچڑ سے نکلنا	ہر بلا و مصیبت اور بیماری سے نجات پائے۔
کیسر خریدنا	مشہور و معروف ہو' اگر لباس کا کیسر لگا دیکھے' تو بیمار ہو۔
کیسر کی پڑیا ملنا	مالدار عورت سے شادی ہو یا چھپی دولت ملے۔
کیکڑا دیکھنا	بزدلی اور کم ہمتی ہو اگر کیکڑا پکڑے' تو بزدل دوست پائے۔
کیکڑا ہلاک کرنا	بزدلی اور نامردی سے نجات پائے' یا بزدل دوست سے جدائی ہو
کیلا کھانا	فتح مندی حاصل ہو دولت بزرگی' آرام وراحت حاصل ہو۔
کیلا خریدنا	ترقی و کامیابی کاروبار میں حاصل ہو' بزرگی اور آرام پائے۔
کڑاپاؤں میں پہننا	دختر یا فرزند سعادت مند پائے' عورت کو خوفِ شوہر سے لاپرواہی ہو
کثرِوم کو گھر میں دیکھنا	سخن چینی سے ملال رہے' عزیز سے تکلیف ورنج سہے
کثرِوم کا نیش مارنا	دشمن کی غیبت یا کسی کا بھید کہے ندامت سہے۔
کائی دیکھنا	عزیز سے کدورت ہو' اولاد سے نفرت ہو مرض سے صحت ہو۔
کرن آفتاب کی دیکھنا	نیک خبر اور سامان راحت ہاتھ آئے' بیماری سے صحت پائے۔
کفتار دیکھنا	عورت بدخصلت سے مجادلہ ہو یا دشمن سے مقابلہ ہو۔
کفتار کا گوشت کھانا	عورت جادوگر ملے' یا نقصان پہنچائے' دولت سے مشکل آسان ہو۔
کفتار کا دودھ پینا	بیوی کی خیانت ظاہر ہو عیب سے ماہر ہو یا بدکاری سے بدنام ہو۔

Marfat.com

کلاغ دیکھنا	مرد فاسق دروغ گو سے صحبت ہو یا خود جھوٹ بولے بے وقعت ہو۔
کلاغ کو شکار کرتے دیکھنا	ایسی غنیمت کا مال ہاتھ آئے' کہ خلق کو نفع پہنچائے' خیرات کرے۔
کلید دیکھنا (کنجی)	بادشاہ سے مال و جاہ ملے' یا خود بادشاہ ہو جائے خلق کو فیض پہنچائے
کلید سے دروازہ کھولنا	کشائش رزق ہو عہدہ جلیلہ پر سرفراز ہو' اور شادی باز ہو۔
کلام کسی پرندے سے سننا	میراث عظیم پائے' یا ایسا عجب کام کرے' جس سے مشہور عام ہو
کنجشک دیکھنا (چڑیا)	مرد بزرگ ذی وقار ہو قوت و جرات آشکار ہو۔
کنجشک کا گوشت کھانا	ترقی دولت و مال کی نشانی ہے مرض سے صحت ہو جاتی ہے۔
کنجشک کا آشیانہ ڈھونڈنا	عورتوں کے کام میں فحص کرنے کی نشانی ہے یا فکر وصلت میں سرگردانی ہے۔
کوشک رفیع دیکھنا	پارسا کو بلند مرتبہ حاصل ہو' اور فاسق زندان کے قابل ہو۔
کوشک دُور سے دیکھنا	آبادی ملک کی نشانی ہے فارغ البالی حاصل ہو۔
کوشک میں داخل ہونا	بادشاہ یا حاکم ظالم کے شر سے محفوظ رہے' امان پائے۔
کنول روشن دیکھنا	علم و حقیقت سے آگاہ ہو' راحت خاطر خواہ ہو۔
کھانا گلے میں پھنسنا	بیماری آئے' یا موت واقع ہو' یا سخت تکلیف اٹھائے۔
کنوئیں میں گرنا	مصیبت میں گرفتار ہو' یا عہدہ سے معزول ہو۔
کیل لگانا	اپنے ارادے میں پختگی پائے' کام کو پایہ تکمیل تک پہنچائے۔
کالا منہ کرنا	اپنے عیبوں پر پردہ ڈالے' یا دولت کو چھپائے۔

Marfat.com

(گ) کافِ فارسی

خواب	تعبیر
گاجر کھانا	غم واندوہ میں مبتلا ہو، رنج وفکر میں پڑے۔
گاجر کا مربہ یا حلوا کھانا	غم واندوہ سے نجات پائے۔
گاجر کا سالن کھانا	محنت ومشقت میں پڑے، فکر معاش زیادہ ہو۔
گالی کھانا	بہتری اور کامیابی کی دلیل ہے جس سے گالی کھائے اس پر غالب آئے۔
گالی دینا	ذلت وخواری کا موجب ہے پریشان وحیران ہو۔
گانا سننا یا سنانا	بیہودگی، بے حیائی، بے غیرتی اور مصیبت کا باعث ہے۔
گانا سازوں کے ساتھ	رنج وغم میں مبتلا ہو، بے وجہ فکر واندیشہ میں پڑے۔
گاؤں دیکھنا	اگر گاؤں آباد دیکھے، تو فرحت وآرام پائے۔
گاؤں ویران دیکھنا	پریشانی وحیرانی پائے، کاروبار میں تنزل آئے۔
گاؤں نامعلوم میں جانا	کسی مصیبت میں گرفتار ہو اگر باہر نکلے، تو رہائی پائے۔
گاؤ زبان کھولنا	جنگ وجدل سے تعبیر ہے، کسی سے لڑائی جھگڑا کرے۔
گاؤ زبان پینا	فتنہ وفساد میں مبتلا ہو، پریشانی اٹھائے۔
گائے فربہ دیکھنا	کام میں ترقی ہو، دولت، رزق، آسائش حاصل ہو، مالدار ہو۔
گائے کمزور دیکھنا	جتنی پتلی کمزور دیکھے، اسی قدر تنگدستی، مفلوک الحال پائے۔
گائے زرد پتلی دیکھنا	بیمار و بیکار ہو مصیبت میں لاچار ہو۔
گائے یا بیل ہر قسم دیکھنا	خیر و برکت کا موجب ہے اگر دبلی پتلی اور لاغر دیکھے تو بیماری پائے

Marfat.com

گدکا' یا کنکا کھیلنا	ترقی قوت' حصول مقصد' جوہر داری پائے' بہادر دلاور ہو۔
گداگری کرنا	کوشش و ہمت سے کاروبار اور تجارت میں ترقی کرے۔
گداگر کو کچھ دینا	کسی کے کام میں مددگار ہو خیر و برکت پائے۔
گدِھا اپنے پاس دیکھنا	کسی بزرگ شخص سے منفعت اور بزرگی حاصل کرے۔
گدھ کو گھر میں دیکھنا	دولت سے گھر بھر جائے' صاحب عظمت بزرگ ذی شان ہو۔
گدھ کے ساتھ پرواز کرنا	اگر بلندی کی طرف پرواز کرے' تو مرتبہ' عزت توقیر سرداری پائے۔
گدِھ پر سفر کرنا	طویل سفر پر جائے' اگر گدھ کے پنجوں سے زمین پر گرتے دیکھے' تو تنزل ہو' ذلت و خواری پائے۔
گدِھ دیکھنا' یا خریدنا -	نعمت و بزرگی پائے' دل میں اطمینان ہو' راحت و دولت پائے۔
گدھے پر سواری کرنا	خیر و برکت کا موجب ہے' دولت' نعمت' عزت پائے' راحت فرحت ہو۔
گدھے سے گرنا	تنگ دست ہونے' اور مرتبہ عزت کے گرنے کا سبب ہے۔
گزرگاہ (راستہ) دیکھنا	اگر گزرگاہ پر جاتے دیکھے' تو ہدایت پائے' دیندار اور نیک ہو۔
گزرگاہ تاریک دیکھنا	دین سے گمراہ ہو' برے کاموں میں مشغول ہو جائے۔
گرجا میں نماز پڑھنا	گناہوں سے توبہ کرے' عیسائیوں کو دین اسلام کی تعلیم دے۔
گرجا دیکھنا	اگر رغبت سے دیکھے' تو بے دین و گمراہ ہو' اگر نفرت سے دیکھے تو دیندار ہو' اور عیسائی مذہب سے بیزار ہو۔
گرجنا بادل کا سننا	بیماری سے شفا پائے' کسی اچھی خبر کی اطلاع ملے۔
گرج فرشتہ کی سننا	گناہوں سے توبہ کرے' موت قریب آئے۔

Marfat.com

گرداڑانا	لوگوں کو بھی مصیبت میں ڈالے، جس میں خود گرفتار ہو۔
گرداڑتے دیکھنا	مصیبت، دُکھ یا تکلیف آئے، پریشان حال ہو۔
گردآلود چہرہ دیکھنا	رنج والم پہنچے، تکلیف سے پریشان ہو۔
گردہ کی درد پانا	دل کی صفائی کا باعث ہے۔
گردن پر بوجھ دیکھنا	درستی دین، اور عمر درازی کی علامت ہے۔
گردن موٹی دیکھنا	امانت دار، اور دیندار ہو، بزرگی حاصل ہو۔
گردن پتلی کوتاہ دیکھنا	بے دین اور گمراہ ہونے کا باعث ہے۔
گرز پانا، یا دیکھنا	حاکم وقت یا سردار قوم کی طرف سے طاقت وتقویت اور شہرت پائے
گرز ہاتھ میں دیکھنا	حکومت کی طرف سے ممتاز عہدہ پائے، حکمران باوقار ہو یا رعب ہو
گرز چھنتے دیکھنا	اقتدار یا عہدہ سے برطرف ہو جائے، عزت وشہرت جاتی رہے۔
گرم پانی پینا	بخار میں مبتلا ہو، یا کسی اور بیماری میں پڑے، باعث تکلیف ہے۔
گرم پانی سے نہانا	اگر بیمار ہے تو صحت پائے، یا کسی کے مال سے فائدہ اٹھائے۔
گرنا اونچائی سے	عزت ومرتبہ میں کمی واقع ہو، عہدہ سے معزول ہو۔
گرنا ٹھوکر سے	تنگ دستی وبیکاری کا باعث ہے۔
گرنا راہ چلتے	دین سے بے بہرہ ہو۔
گروہ میں شامل ہونا	فتنہ وفساد میں شامل ہو، اگر اس سے علیحدہ ہو تو سلامتی پائے۔
گڑھا کھودنا	حیلہ ومکروفریب سے مال حاصل کرے۔
گڑھے میں گرنا	کسی مصیبت میں پڑے، یا کسی کے مکروفریب میں پھنسے۔

Marfat.com

گڑھے میں چھپنا	مشکلات میں پڑے' یا لوگوں کو فریب دے۔
گڑھے سے نکلنا	مشکلات سے نجات پائے' اگر گڑھے کو بھر دے تو وہ فتنہ و فساد کو مٹائے
گلاب کا پودا دیکھنا	تندرستی پائے خاندان میں ترقی ہو۔
گلاب کے پھول دیکھنا	فرزند خوبصورت عنایت ہو' راحت و آرام پائے۔
گلاب کی پاشی کرنا	شہرت' عزت اور نیک نامی حاصل ہو' ذی وقار بزرگ ہو۔
گلدستہ باندھنا	فتنہ و فساد کرے' موجب خرابی ہے۔
گلدستہ ہاتھ میں دیکھنا	کسی خوشخبری سے بہرہ ور ہو' اور راحت نصیب ہو۔
گلقند خریدنا	مال و دولت نصیب ہو' نعمت پائے آرام و راحت حاصل ہو۔
گلقند کھانا	اگر بیمار ہو تو شفا پائے' غمزدہ ہو تو خوشحالی پائے' قرضہ سے نجات پائے۔
گلوبند سونے کا دیکھنا	قدر و منزلت زیادہ ہو' حکومت' امانت' بزرگی' علم و دولت پائے۔
گلوبند چاندی کا دیکھنا	سعادت مندی و بزرگی حاصل ہو' نیک سیرت پرہیزگار ہو۔
گلوبند جواہرات کا دیکھنا	حکومت یا بادشاہت پائے' شہنشاہ ہو' شہرت و عزت ہو۔
گنا پانا یا کھانا	مال و نعمت حاصل ہو' اگر گنے فروخت کرے' تو خیر و برکت پائے۔
گنوں کا رس نکالنا	مال تجارت میں نفع حاصل ہو' یا دین کی سمجھ عطا ہو' عقل مند فہیم ہو۔
گنوں کا رس پینا	منفعت سے راحت پائے' دین میں بزرگی کامل ہو۔
گنبد دیکھنا	بلند بخت ہو یا عورت پاکیزہ مشہور ملے' علم و حکمت پائے۔
گنبد میں بیٹھنا	عالی وقار ہو' قدر و منزلت پائے' یا عورت عزیز مشفقہ پائے۔
گنبد شکستہ دیکھنا	تنزل کا باعث ہے عورت سے مفارقت ہو۔

Marfat.com

گوپھیا چلانا (گھمانی)	جس پر گوپھیا پھینکے اس سے نفرت ہو، موجب حقارت ہو۔
گوپھیا دشمن پر چلانا	فتح و نصرت حاصل ہو، مقصد میں کامیاب ہو۔
گودڑی پہننا	مرتبہ بلند پائے، راہ ہدایت سے آشنا ہو خیر پگاہ ہو۔
گودڑی لینا، یا ملنا	جس سے گودڑی ملے، اس کی وراثت پائے، اس کا مال پائے۔
گودڑی فقیر سے ملنا	فقر حاصل ہو، یعنی رضائے الٰہی میں اپنی رضا سمجھے شاکر و صابر رہے
گور دیکھنا	دنیا سے نفرت اور دین کی رغبت حاصل ہو۔
گور کشادہ صاف دیکھنا	نیک آخرت ہو، صالح و بزرگ ہو، یا مکان بنائے آرام پائے۔
گور تنگ و تاریک دیکھنا	غم واندوہ اور تکلیف میں مبتلا ہو شامت اعمال کا موجب ہے۔
گورستان دیکھنا	گزری باتیں یاد آئیں، پشیمانی و اندیشہ ہو، لوگوں سے نفع حاصل ہو۔
گورستان میں آپ کو دیکھنا	ایسے معاملے میں پھنسے جس سے لوگ عبرت پائیں اور عزیز و اقارب کنارہ کش ہوں۔
گولی دوائی کی کھانا	اگر بیماری کی گولی کھائے، تو صحت پائے۔
گوند دیکھنا	بچے کھچے مال سے تعبیر ہے، اگر گوند پائے، تو کسی کا بچا کھچا مال ملے۔
گوندھنا آٹا گندم کا	درستی دین سے تعبیر ہے تجارت میں کاروبار میں نفع حاصل ہو۔
گوندھا بیسن یا آٹا جو کا	ترقی، رزق اور مال حلال پائے، کام میں منفعت پائے۔
گونگا پن ہونا	حق بات سے کنارہ کرے، دین سے گمراہ ہو نقصان علم ہو۔
گونگا کسی کو دیکھنا	موجب تکلیف ذلت و خواری و مصیبت آئے۔

Marfat.com

گوہ (سوسمار) دیکھنا	اگر گوہ کاٹے، تو دشمن سے تکلیف اٹھائے، اگر مارے تو دشمن پر فتح پائے۔
گونہہ (کربت) دیکھنا	خشومت کا باعث ہے ناموافق بادل آئیں، پریشانی ہو۔
گوٹا لگانا، یا پانا	ظاہر داری، ریا کاری سے کام لے، بدنام ہو، بری شہرت ہو۔
گوٹا عورت کے لگا دیکھنا	قریبی عورت سے واسطہ پڑے، اگر منکوحہ کے کپڑوں میں لگا دیکھے، تو عورت سے بدنامی ہو، پریشانی اٹھائے۔
گو یا دیکھنا، یا بننا	فضول گوئی، بیہودہ کلامی، اور فتنہ و فساد کی طرف مائل ہو۔
گھٹنا دیکھنا	عیش و عشرت پائے، آرام و راحت نصیب ہو۔
گھٹنا کمزور یا ٹوٹا دیکھنا	مال و دولت میں نقصان پائے، غربت سے لاچار ہو۔
گھٹنا مضبوط دیکھنا	کاروبار میں ترقی اور آرام و راحت حاصل ہو، کسی کو مددگار پائے۔
گھر کشادہ دیکھنا	کشادگی دنیا سے مراد ہے، اگر تاریک و تنگ دیکھے، تو حزن و ملال زیادہ ہو
گھر لوہے کا دیکھنا	درازی عمر اور بزرگی مرتبہ کی علامت ہے قوت و دانائی پائے۔
گھر میں کسی کے جانا	دشمن پر فتح مندی پائے، جسم زار میں قوت آئے۔
گھر میں آتش کدہ دیکھنا	بادشاہ کی جانب سے مال پائے، بیماری سے صحت ہو، اگر خود کو آتش کدہ میں دیکھے، تو حاکم کی طرف سے اہتمام پائے، بیہودہ کام ملے۔
گھر زمین میں پانا	ایسی قدرت حاصل ہو، جس سے دین و دنیا میں نام ہو علم سیکھے، انجام بخیر ہو۔
گھر سونے کا دیکھنا	خانہ سوزی کی نشانی ہے، ساکھ برباد ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

گھر کو منقش کرنا	جنگ و خصومت میں مبتلا ہو' حسرت ہو' عورت صاحبِ جمال ملے' پوشیدہ وصال ہو۔
گھنگرو دیکھنا	لڑائی جھگڑے سے مغموم ہو' دل غمگین ہو۔
گھنگرو پاؤں میں ڈالنا	کسی سے لڑائی جھگڑا و فساد ہو جائے' پریشانی اٹھائے۔
گھنگرو سونے کے ڈالنا	کسی مالدار بخیل سے دنگا و فساد ہو جائے' پریشانی اٹھائے۔
گھوڑے پر سوار ہونا	دولت بے اندازہ پائے' اور خوبی و خویش رفتاری سے حکومت چلانا مراد ہے۔
گھوڑا دیکھنا	قدر و منزلت اور دولت ولایت پائے۔
گھوڑا مشکی دیکھنا	خوشی کی نشانی ہے' دولت و راحت' فرحت' عزت پائے۔
گھوڑا سیاہ دیکھنا	صاحبِ ولایت یا سردار ہو' حاکم فرمانبردار ہو۔
گھوڑا ابلق دیکھنا	دلاور مشہور ہو' جرات و بہادری میں نامور ہو۔
گھوڑا سفید یا زرد دیکھنا	بیماری آئے' یا بزدل و نامرد ہو جائے۔
گھوڑا دوڑانا	مراد حاصل ہو علم میں کامل ہو' سردار قوم ہو' یا وزیر مشیر سلطنت ہو۔
گھوڑی دیکھنا	عورت ملے' جس قدر خوبصورت دیکھے' اسی قدر ماہ جبینہ عورت پائے
گھوڑی کا دودھ پینا	بادشاہی و مال کی بشارت ہے بیماری سے صحت پائے۔
گھی خریدنا یا کھانا	مال و نعمت پائے' اور راحت و آرام حاصل ہو۔
گھی دودھ میں ڈالنا	مال و نعمت پائے' اور راحت و آرام حاصل ہو۔
گھی فروخت کرنا	لوگوں میں مشہور اور معزز ہو' مال و دولت پائے۔
گیدڑ کی تلاش کرنا	بیمار ہونے کی علامت ہے تکلیف کا باعث ہے۔

Marfat.com

گیدڑ کے ساتھ کھیلنا	عورت پر عاشق ہو جو اجنبی ہو مگر عورت بے وفا نکلے۔
گیدڑ کی کھال اتارنا	مال و دولت پائے، قرضہ سے نجات حاصل ہو۔
گیدڑ کا گوشت کھانا	مال حرام کھائے، بیماری اور تنگدستی ہو، بزدل اور ڈرپوک ہو۔
گیند بلّا کھیلنا	دنیاوی جستجو میں کامیاب ہو عزت و مرتبہ پائے، مگر دین میں کمزور ہو
گیند بلّا بادشاہ کو کھیلتے دیکھنا	دشمنوں پر فتح یاب ہو، عوام و رعایا کی نظروں میں عزت زیادہ ہو، اگر بادشاہ کو رعایا کے ساتھ کھیلتے دیکھے تو بے عزت و ذلیل ہو۔
گینڈا دیکھنا	دشمن اور مصیبت کے مترادف ہے۔
گینڈا کو مارنا	دشمن پر فتح یاب ہو مصیبت سے آزاد ہو۔
گیہوں دیکھنا	مال حلال پائے، مگر مشقت سے ہاتھ آئے۔
گیہوں کے خوشے دیکھنا	اگر سبز خوشے دیکھے، تو خوشحالی ہو، اگر خشک دیکھے، تو قحط سالی ہو۔
گیہوں بھنے ہوئے کھانا	نعمت و دولت پائے، خوشحالی کا باعث ہو۔
گدھی کا دودھ پینا	تمتع و برخورداری کی نشانی ہے، بیماری سے صحت پائے۔
گدھے اپنے کو اندھا دیکھے	مال امانت یا مدفون شدہ کھو جائے، تکلیف معاش اٹھائے۔
گدھے کو گھوڑا بنا دیکھنا	بادشاہ ہو، یا حاکم کا مال ملے، ذی جاہ و حشمت ہو۔
گدھے کو خچر بنا دیکھنا	سفر میں نفع ہو، مالداروں میں شامل ہو۔
گدھے کی آواز سننا	بدکاموں میں مبتلا ہو، مورد آفات و بلا ہو، ہم صحبت سے خفا ہو۔
گدھے کا پیشاب دیکھنا	مرض عظیم سے افاقہ ہو، مگر کسی کام میں بدنامی ہو۔
گدھے کو پیٹھ پر لینا	مددگاری، نیک بخت کی نشانی ہے، کلفت و مصیبت دور ہو جائے۔

Marfat.com

گل سرخ دیکھنا	اگر باغ میں دیکھے، تو فرزند پیدا ہو، یا کنیز پاکیزہ ملے، دولتمند ہو۔
گنج دیکھنا	علم و منفعت اور ولایت کی نشانی ہے، دولت لازوال پائے۔
گوئے چوگان ہا کی کھیلنا	عورت فربہ سے مال پائے، اگر بیمار ہو تو شفا پائے، طلب جگہ کرے۔
گوشت خام دیکھنا	بیمار ہو، سخت مصیبت میں مبتلا ہو، بھائیوں سے رنج اٹھائے۔
گوشت پختہ دیکھنا	مال و دولت پائے، آرام و راحت ملے، کام میں برکت ہو۔
گورخر کا شکار کرنا (بچھو)	منفعت کثیر ہو دولت پائے، دشمن پر غالب آئے احکام شرعیہ کا پابند ہو
گوشوارہ دیکھنا	نفع تجارت ہو، یا افسر فوج و قوم ہو، بگڑا کام بن جائے۔
گوشوارہ پہننا	اگر اس گوشوارہ میں مروارید ہوں، تو علم کی دولت سے سرفراز ہو، اور حافظ قرآن مجید ہو، عالم بے نظیر ہو علامہ وقت ہو مرد میدان ہو۔
گھاس دیکھنا	خیر و منفعت کی نشانی ہے باعثِ رفع پریشانی ہے۔

(ل) ردیف لام

خواب	تعبیر
لاٹھی دیکھنا	کسی کو دوست یا مربی پائے، لاٹھی پر ٹیک لگائے تو امداد پائے۔
لاٹھی ہاتھ میں لینا	باعزت اور بزرگ ہو، عہدہ میں سرداری پائے۔
لاٹھی لمبی مضبوط دیکھنا	دل کی مراد پوری ہو، ارادہ مضبوط کرے، اگر چھوٹی دیکھے تو ناکامی ہو۔
لباس سفید پہننا	عزت و بزرگی پائے، دولت ہاتھ آئے، سنجیدہ مزاج ہو۔
لباس سبز پہننا	بزرگی دین متین ہو، کسی بزرگ سے روحانی فیض حاصل ہو۔

Marfat.com

لباس کبودی دیکھنا	فکر واندیشہ اور مصیبت کی علامت ہے' کار خیر سے باز رہے۔
لباس زرد دیکھنا	بیماری کی نشانی ہے' مصیبت پیش آئے۔
لباس سرخ دیکھنا	خصومت و جنگ کی علامت ہے' اگر عورت پہنے تو شوہر سے نفع پائے۔
لباس پاکیزہ و نیا پہننا	جاہ حرمت و منفعت ہو' دین و دنیا کی دولت ملے' بزرگی پائے' اور زن نیک حاصل ہو۔
لباس سیاہ پہننا	منفعت و بزرگی حاصل ہو' مگر رنج و غم شامل ہو سود و زیان پائے۔
لحاف اوڑھنا	عورت سے صحبت کرے' اگر کنوارہ ہو تو شادی کرے۔
لحاف نیا لینا	کنواری لڑکی سے شادی ہو' اگر لحاف صاف ستھرا ہے تو پاکیزہ عورت ملے۔
لحاف سرخ اوڑھنا	چالاک و حسینہ عورت سے شادی کرے' اگر زرد لحاف ہو تو بیمار ہو۔
لحاف پھلدار دیکھنا	مکارہ فریبی دوشیزہ پائے' مجامعت سے لطف اٹھائے۔
لڑائی کرنا' یا لڑنا	کسی مرض میں مبتلا ہوا گر غالب آئے' تو مرض سے صحت پائے۔
لڑائی میں مغلوب ہونا	بیماری یا مصیبت میں گرفتار ہو' دل آزاری ہو۔
لڑائی شہر میں دیکھنا	وباء' یا طاعون کی علامت ہے' ہلاکت کی اشارت ہے۔
لڑتے بادشاہ کو دیکھنا	ارزانی غلہ و زیادتی مال کی دلیل ہے' امن رعایا کی سبیل ہے۔
لڑکی حسینہ دیکھنا	نعمت و راحت پائے' دولت و رزق ملے۔
لڑکی باکرہ حسینہ گھر لانا	دولت بے اندازہ پائے' کاروبار میں ترقی ہو' مالدار وہ آرام پائے۔
لڑکی ماہ جبینہ گلے لگانا	رئیس زمان ہو' صاحب مال وزر ہو مرتبہ عزت و دولت ملے۔

Marfat.com

لڑکا چھوٹا جان پہچان دیکھنا	خوشخبری پائے' فرزند سے سرفراز ہو رنج دور ہو۔
لڑکا خوردخوبصورت دیکھنا	کاروبار' مملکت میں کوئی عہدہ بزرگ حاصل ہو' دولت اور نعمت بکثرت پائے۔
لڑکا معروف گود میں دیکھنا	غیب سے مدد ملے' ہر دلعزیز دولتمند اور صاحب عزت ہو۔
لڑکا اجنبی کمزور دیکھنا	بیماری' فتنہ وفساد اور تنگدستی میں گرفتار ہو رنج وملال پائے۔
لڑکا آشنا دیکھنا	دشمن ضعیف' اندیشہ وغم کی نشانی ہے باعثِ نکبت و پریشانی ہے۔
لڑکا بالغ وحسین دیکھنا	بہتری حال وزیادتی مال ہو' فکر وفاقہ سے آزاد اور دلشاد رہے۔
لڑکا کا حیوان کے ساتھ دیکھنا	دشمن مقہور ہو' منفعت وکامیابی پائے۔
لسی (چھاچھ) پینا	اگر پتلی پیئے' تو غم واندوہ میں پڑے' اگر گاڑھی پیئے تو مصیبت پائے
لسی' مکھن والی پینا	نعمت پائے' مگر تکلیف اٹھائے' بعد میں راحت ہو۔
لشکر دیکھنا	رحمت خداوندی ہو' باران رحمت ہو آسودہ ہو جائے۔
لشکر کو لڑتے دیکھنا	مصائب وبلا سے خلاصی پائے' راحت وآرام ہو۔
لشکر غیر کو حملہ آور دیکھنا	اگر شہر یا ملک پر حملہ آور دیکھے' تو تمام ملک میں قحط و باء طاعون پڑے
لشکر غیر پر فتح پانا	متعدی بیماریوں سے نجات حاصل ہو قحط سالی دور ہو۔
لعل ملنا' یا پانا	عورت حسینہ جمیلہ پائے' عہدہ جلیلہ ملے عزت وشہرت پائے۔
لعل گود میں دیکھنا	فرزند طالع مند پیدا ہو' جو خاندان کی عزت وشہرت کا باعث ہو۔
لعل ٹوپی یا دستار میں دیکھنا	بادشاہ ہو' یا قوم کا سردار بنے' عہدہ بادشاہی سے معزول ہو۔

Marfat.com

لکڑی تراشنا	کسی منافق یا مرتد ملعون کا ہمنوا ہو اور خیر خواہ ہو' یا مشرک کو مدد دے
لکڑی جوڑنا	اخوت و ہمدردی پیدا کرے' اگر آرہ سے چیرتے دیکھے تو منافق ہو
لکڑی رندنا' صاف کرنا	کاروبار کا میدان ہموار کرے' ہم پیشہ رقیبوں پر فتح یاب ہو۔
لکڑی جلانے کی دیکھنا	نفاق پیدا ہو' تنگدست و قلاش ہو' افلاس اور بیماری پائے۔
لکھنا' تحریر کرنا	اگر زیر مطلب لکھے' تو مقصد حاصل کرے' اور کامیابی ہو۔
لکھنا اور نہ سمجھنا	غم واندوہ کی نشانی ہے' خیرات سے امان پانی ہے۔
لکھنا خط کا.	جس کی طرف سے لکھے' اُس سے دولت پائے یا مقصد حاصل ہو۔
لکھائی قرآن پاک کی کرنا	موجب برکت و رحمت ہے' رشد و ہدایت پائے' بزرگی ملے۔
لگام دیکھنا	ہدایت پائے' دیندار اور امین ہو عالم و حکیم ہو زیرک فہیم ہو۔
لگام تھامنا	دانائی و عقلمندی سے زندگی گزار دے' خرافات سے بچے۔
لگام نئی خریدنا	عورت یا غلام دانا عقل مند پائے' فائدہ کثیر حاصل ہو۔
لگام کسی کو دینا	جس کو دے اس کو راہ ہدایت پر لگائے' مشیر و ہمدرد ہو فائدہ پہنچائے۔
لنگڑا اپنے تئیں دیکھنا	کام میں رکاوٹ پڑے' یا عوام کی نظروں میں ذلیل ہو بدنام ہو۔
لنگڑانا جان بوجھ کر بننا	بے روزگار ہو' دین و دنیا میں ناکام رہے' اور بدنام ہو۔
لوٹ مار کرنا	رنج و غم میں پڑے یا مال حرام پائے' عوام میں بدنامی ہو۔
لوٹنا مال غنیمت کا	اگر لشکر اسلام کے ساتھ لوٹتے دیکھے' تو دین کی دولت ہاتھ آئے۔
لٹانا گھر کا مال	علم و حکمت سکھائے' یا تندرستی پائے' اگر بے علم ہو تو سخاوت کرے۔

Marfat.com

لوٹا دھات کا دیکھنا	یعنی تانبے یا بھرت کا لوٹا خریدنا' غلام یا خادم پانے کا باعث ہے۔
لوٹا مٹی کا خریدنا	دیندار ہو' کنیز یا خادمہ نیک ملے' اگر چاندی کا پائے' تو مال و نعمت ملے۔
لوح (تختی) دیکھنا	علم و حکمت اور دیانت و ذہانت پائے' راہ راست پر چلے۔
لوح پر لکھنا	اگر لکھا ہوا پڑھ لے' تو علامہ وقت' سیاست دان ہو فہیم و عقلمند ہو۔
لوح سے نوشتہ پڑھنا	موت یا حیات تنگی یا فراخی رزق' نیک و بد نوشتہ کے مطابق پائے۔
لوح سے نوشتہ ہٹانا	تباہ و برباد ہونے کا باعث ہے نیست و نابود ہو جائے۔
لومڑی دیکھنا	کسی فریبی رشتہ دار کے مکر و فریب کا شکار ہو۔
لومڑی کو مارنا	دشمن مکار پر فتح یاب ہو' اگر لومڑی کو حملہ آور دیکھے تو کسی سے دھوکہ کھائے۔
لومڑی خریدنا	مکاری' فریب دہی سے مقصد میں کامیاب ہو۔
لومڑی خوبصورت پانا	مال و دولت' عزت و فرحت' خیر و برکت حاصل ہو۔
لونڈی بدصورت پانا	مصیبت و تکالیف اور بیماری و نقصان اٹھائے۔
لونگ خریدنا	رشد و ہدایت پائے' یا لوگوں میں تعریف و توصیف سے مشہور ہو۔
لونگ کھانا	غم واندوہ میں مبتلا ہو اور تکلیف پائے۔
لوہا دیکھنا	دولت و قوت حاصل ہو' اگر لوہے سے کام لے تو بہادر عالی قدر ہو۔
لہسن کھانا' یا خریدنا	مال حرام پائے' اگر کھائے' تو رنج و غم میں مبتلا ہو۔
لید یا گوبر جمع کرنا	مال و دولت دنیاوی جمع کرے' جتنی جمع کرے اتنا مال پائے۔
لید یا گوبر کے اُپلے تھاپنا	عیبوں پر پردہ ڈالے' یا مال کو دفن کرے' کنجوس و شوم ہو۔
لیموں کھانا' یا خریدنا	تکلیف و مصیبت پائے' کسی سے حیرانی اٹھائے۔

Marfat.com

لق لق دیکھنا (بگلہ)	مرد عالم کی نشانی ہے باعثِ فرحت و کامرانی ہے۔

(مؔ) ردیف میم

خواب	تعبیر
ماتم کرنا	خوشی حاصل ہو دل کی مراد پائے۔
ماتم اماہین کا کرنا	تہی دستی تنگی رزق کا باعث ہے مصیبت میں پھنسے۔
ماتھا (پیشانی) دیکھنا	فرزند پائے عزت و مرتبہ بلند ہو نیکی کی بشارت ہے۔
ماتھے پر داغ دیکھنا	عصیاں میں ڈوبے بُرے کاموں میں بدنام ہو۔
ماتھا چمکتا کشادہ دیکھنا	پرہیز گار اور بزرگ ہو سخاوت اور مہمان نوازی اختیار کرے۔
ماتھے سے خون جاری دیکھنا	عزت و مرتبہ پائے عزیز و اقارب کا ہمدم و ہمدرد ہو شہرت پائے۔
مارنا کسی کو (پیٹنا) دیکھنا	جس کو مارے پیٹے اس کو نفع پہنچائے اور مددگار ہو۔
مار کھانا (پیٹا جانا)	اگر دوست مارے تو ہمدرد ہو مدد ملے ظالم کافر مارے تو گنہگار ہو۔
مازو جمع کرنا (ماجو)	مالِ حرام اکٹھا کرے اگر درخت سے اتارتا دیکھے تو تکلیف سے دولت پائے۔
ماش سیاہ دیکھنا	رنج والم میں مبتلا ہو اگر دال دلتے دیکھے تو کش مکش میں پڑے۔
ماش دال کھانا	مالدار ہو عزت و فرحت حاصل ہو آرام پائے۔
مال و اسباب دیکھنا	اگر تھوڑا و ستھرا دیکھے تو خوشحال ہو اگر بے اندازہ اور گندہ دیکھے تو مصیبت پائے۔
مال و دولت دیکھنا	کامیابی کی علامت ہے خوشحالی پائے دکھ دُور ہوں۔
مٹی کے ڈھیلے دیکھنا	درم و دینار اور روپیہ پیسہ پانے سے تعبیر ہے۔
مٹی اکٹھی کرتے دیکھنا	دولت و زر و مال جمع کرے اور عزت پائے۔

Marfat.com

مٹی کی ٹوکری سر پر اٹھانا	زبردست مالدار ہو، خیر و برکت پائے، راحت حاصل ہو۔
مٹی گھر سے باہر پھینکنا	مال و دولت ضائع و برباد ہو رنج و دکھ اٹھائے۔
مٹی کا تیل دیکھنا	نابکار عورت پائے، پریشانی اٹھائے۔
مٹی کا تیل جلانا	رنج و راحت اور سود و زبان پائے، حیران و پریشان رہے۔
مٹی کا تیل لیمپ میں جلانا	کامیابی کا باعث ہے ترقی و برکت کام میں پائے۔
شکار بازار میں دیکھنا	منافق سے تعبیر ہے، اگر مٹکا گھر میں لائے، تو کنیز یا خادم پائے۔
مٹکا ٹوٹنا	کنیز یا خادم فوت ہو، یا جدا ہو جائے۔
مٹھائی کھانا	خوشخبری اور حلال کی روزی کثیر پائے، منفعت اور رزق ملے۔
مٹھائی بانٹنا	خیر و برکت کا موجب ہے لوگوں کے ساتھ نیک سلوک کرے۔
مجلس علم و ادب کی دیکھنا	کسی تعمیری کام میں مشغول ہو یعنی ملکی، قومی، سیاسی امور طے کرے۔
مجلس شراب کی دیکھنا	اگر تہذیب یافتہ اہل محفل ہوں تو قومی کام بہتر طریقہ سے کرے، فائدہ کثیر ہو۔
محفل عالموں کی دیکھنا	دین میں ترقی ہو، دینی مدرسہ کالج یا اسلامی یونیورسٹی قائم ہو۔
مچھروں کو مارنا	دشمن مغلوب ہو اور پریشانی دور ہو۔
مچھروں کا کاٹنا	لوگوں کے طعن و تشنیع کا شکار ہو ذلیل و خوار ہو۔
مچھلی دیکھنا	دولت پائے، اگر زیادہ دیکھے، یا خریدے تو کثرت سے مال حاصل کرے
مچھلیاں پکڑنا	اگر جال سے پکڑے، تو مکر و فریب سے دولت جمع کرے۔
مچھلی خوفناک دیکھنا	جتنی خوفناک اور بڑی دیکھے، اتنا ہی مصیبت ناگہانی میں پڑے۔

Marfat.com

محراب دیکھنا	نیکی کی بشارت ہے' ہدایت پائے' اور فرزند پیدا ہوں۔
محراب میں نماز پڑھنا	زیادتی مال اور بزرگی پانے کی نشانی ہے اگر جاہل ہو تو خوار ہو۔
محراب منقش دیکھنا	عالم و فاضل فرزند پیدا ہو جس کا شہرہ جہان میں ہو۔
محل میں داخل ہونا	مقصد دلی پائے' مال مطلوبہ حاصل کرے۔
محل اپنا خراب دیکھنا	مال و زر نقصان ہو عزت میں فرق آئے۔
محل میں آگ لگنا	حاکم وقت سے تاوان پڑنے کا موجب ہے' باعثِ مصیبت ہے۔
محل بلند خوبصورت دیکھنا	نعمت و حکومت' راحت و منفعت اور عزت پائے۔
مدینہ شریف دیکھنا	ترقی علم اور دین و دنیا کی بہتری پائے' زیارت مدینہ منورہ نصیب ہو
مرجھایا ہوا پھل دیکھنا	اولاد کا غم دیکھے' اگر درخت مرجھایا ہوا دیکھے تو خاندان کا غم دیکھے۔
مردہ سے کلام سننا	مقصد حاصل ہونے کی علامت ہے اگر نصیحت سنے تو بہتری پائے۔
مردہ کو اٹھا کر لے جانا	مال حرام حاصل ہو اور راحت قلیل ہو۔
مردہ کو خوبصورت اور زندہ دیکھنا	اگر مردہ مجہول ہو تو غم و اندیشہ پائے' اگر معروف ہو تو نیک بختی کی علامت ہے' دارین کی دولت پائے' عزت و بزرگی حاصل ہو۔
مردہ کا پکارنا	اگر صورت مردہ کی نہ دیکھے' تو جلدی ہلاک ہو جائے۔
مردوں کی جماعت دیکھنا	گمراہی اور بدعت کی نشانی ہے ہلاکت و نکبت پائے۔
مردے کو نہلانا	کسی فاسق کو ہدایت کرے' یا گمراہ کو راہِ راست پر لائے۔
مردہ سے کچھ لینا	صلاحیت و بہتری پائے' اگر مردہ کو کچھ دے' تو خرابی و ذلالت پائے۔

Marfat.com

مردہ سے خون پانا	راحت و آرام پائے دین کا ہمدرد ہو آخرت نیک ہو۔
مردہ سے صحبت کرنا	مردہ کے خویش و اقارب سے دولت و آرام پائے۔
مردہ اپنے تئیں دیکھنا	درازی عمر کی دلیل ہے، حصول مقصد ہو۔
مردار سنگ دیکھنا	رنج و غم اور بیماری و عذاب میں مبتلا ہو۔
مروارید دیکھنا	غلام یا کنیز حسینہ پائے یا، فرزند خوبصورت پیدا ہو۔
مرغ دیکھنا، یا پانا	غلام زادہ پائے، یا غلام وفادار سے فائدہ حاصل ہو۔
مرغ کی اذان سننا	خوشخبری پائے، دیندار پرہیز گار ہو، عورت سے محبت کرے۔
مرغ ذبح کرنا	نیکی کی علامت ہے اگر مرغ کا گوشت کھائے، تو دولت پاکیزہ ملے۔
مرغ کی کڑک سننا	بُری خبر سُنے یا مصیبت و تکلیف آنے کا اندیشہ ہے۔
مرغی پانا، یا خریدنا	لونڈی یا کنیز خریدے، باقی مرغی کی آواز سننا غضب الٰہی نازل ہونے سے مراد ہے۔
مرغی بمعہ چوزے دیکھنا	دولت زر و مال پائے، امیر و متمول ہو مگر فکر دامن گیر ہو۔
مرغابی دیکھنا	رزق کثیر پائے، اگر پکڑے تو بزرگی دولت و عزت پائے۔
مرغابی کا گوشت کھانا	غیب سے نعمت پائے دولت بکثرت ہاتھ آئے۔
مرغابی مردہ دیکھنا	تنگدستی اور بے روزگاری کی علامت ہے آواز سنے تو خوشخبری پائے۔
مرہم زخم پر لگانا	دلجوئی اور ہمدردی کرے، جس کو لگائے، اس کا مددگار ہو۔
مرہم بنانا یا بیچنا	کارِ خیر میں حصہ لے، دین میں کوشش کرے، ہمدرد و غمخوار ہو۔
مریخ سیارہ دیکھنا	فوج میں بھرتی ہو، جنگ پر جائے، اور عہدہ پائے۔

Marfat.com

مسجد شاندار دیکھنا	عالم دین اور دین کی ترقی سے تعبیر ہے، خورشید اسلام جلوہ گر ہو۔
مسجد میں نماز پڑھنا	سعادت دارین حاصل ہو، دل مسرور ہو دولت دین دنیا پائے۔
مسجد پرانی ویران دیکھنا	اگر بوسیدہ، یا شکستہ دیکھے، تو دین میں خرابی پائے، مصیبت پیش آئے۔
مسلح اپنے تئیں دیکھنا	گاؤں، شہر یا علاقہ کا حاکم مقرر ہو پیشوا یا سردار ہو۔
مسلح فوج کو دیکھنا	کامیابی کی دلیل ہے فتح و نصرت پائے، راحت حاصل ہو۔
مسلمان ہونا	آفت و بلا سے نجات پائے، امن و چین حاصل ہو۔
مسلمانوں کی جماعت دیکھنا	دین میں ترقی حاصل ہو، راحت و دولت عام ہو۔
مشرک یا کافر ہونا	بدکاری اور فساد میں مبتلا ہو گمراہ بددیانت و بدنیت ہو۔
مسور یا مسور کی دال کھانا	اگر خام دیکھے، تو غم واندوہ پائے، اگر پختہ دیکھے تو جھگڑا و فساد میں پڑے
مسواک کرنا	مال خیرات کرے، سعادت، بزرگی، عزت حاصل ہو۔
مسواک اگلے دانتوں میں کرنا	بھائیوں اور بہنوں سے احسان و بھلائی کرے اور راحت پائے۔
مسواک تمام دانتوں میں کرنا	تمام عزیز و اقارب سے صلح رحمی سے پیش آئے یا نیکی کرے۔
مشتری ستارہ دیکھنا	حاکم یا بادشاہ وقت ہو، وزیر یا خزانچی مقرر ہو۔
مشت زنی کرنا	اولاد یا کسی عزیز کے مرنے کی خبر سنے یا فرزند کی موت آئے۔
مصطگی رومی کھانا	جس سے گفتگو کرے اس سے آرام پائے۔

Marfat.com

مشک خالی دیکھنا	بخیل اور کنجوس پائے' اگر مشک پانی سے بھرے تو سخاوت کرے۔
مشک سے پانی پینا	برکت پائے' اور سعادت حاصل ہو' دولت و نعمت پائے۔
مشک (کستوری) سونگھنا	علم و دولت میں شہرت پائے' عزت و بزرگی حاصل ہو۔
معزول ہونا	اگر ملازمت یا عہدہ سے معزول ہوتے دیکھے' تو دین کی اصلاح پائے
معطل ہونا	بزرگی سے معزولی پائے' عزت میں کمی واقع ہو۔
لکڑی دیکھنا	کمزوری طبیعت اور گنہگار ہونے کی علامت ہے جولاہے سے دوستی کرے۔
مکّی دیکھنا	رزق پائے' اگر مکّی کا ڈھیر دیکھے' تو نعمت حاصل ہو۔
مکھن دیکھنا' یا کھانا	نعمت و برکت پائے' عزت اور بزرگی حاصل ہو فلاسفر ہو۔
مکھیاں دیکھنا	حاسدوں سے حسد پائے' بخیلوں اور کمینوں سے دُکھ اٹھائے۔
مکھیاں مارنا	حاسدوں' بخیلو اور کمینوں سے نجات پائے' یا بیکار ہو۔
مکہ شریف دیکھنا	دین کی سعادت نصیب ہو' یا حج بیت اللہ کرے' اور دولت پائے۔
مگرمچھ دیکھنا	چور' ظالم اور ڈاکو سے تعبیر ہے' اگر مگرمچھ کو مارے تو چور یا ڈاکو کو مارے۔
مگرمچھ کا شکار ہونا	دشمن سے سخت نقصان اٹھائے' یا چوری کرے۔
مگرمچھ کو ہلاک کرنا	چور یا ڈاکو پر حملہ کرے' اور غالب آئے یا دشمن ہلاک ہو۔
ململ خریدنا	اگر قمیض مرد بنائے' تو نفیس عورت پائے' دوپٹہ بنانا نفیس مرد سے تعبیر ہے
مناجات کرنا	دین و دنیا کی بزرگی پائے' دل نور و عرفان سے منور ہو جائے۔

Marfat.com

مندیل سر پر باندھنا	عزت حاصل ہونے کا موجب ہے۔
منبر دیکھنا	بادشاہ اسلام سے تعبیر ہے امام خطیب' یا قاضی ہو۔
منبر پر خطبہ دینا	بادشاہ اسلام کی نظروں میں قدر و منزلت حاصل ہو۔
منبر پر چڑھ کر وعظ کرنا	شہر میں رسوا ہو' ذلالت پائے' دنیاوی تقریر کا بھی رسوا ہونا تعبیر ہے۔
منبر سے اُترنا	باعثِ برکت و رحمت ہے' اگر کوئی اتارے تو ذلت و رسوائی پائے۔
مور نر دیکھنا	بادشاہ عجم سے انعامات پائے' اگر مورنی دیکھے' تو عجمی عورت سے شادی کرے۔
مور ناچتے دیکھنا	حصول دولت جاہ و مرتبہ ہو' اگر مور بولتے دیکھے' تو مصیبت آئے۔
موٹھ دیکھنا (غلہ)	تنگ دستی و تہدستی میں مبتلا ہو۔
موزہ پہننا	پردہ داری اور گھر داری سے تعبیر ہے' عورت پائے۔
موتی یا مونگا پہننا	خوبصورت اور دولت مند عورت سے شادی کرے۔
موتی و مونگا جمع کرنا	مال و دولت بکثرت پائے' سفید موتی دیکھنا فرزند سے تعبیر ہے۔
موتیوں کا بیوپار کرنا	حسین عورتوں میں مشغول ہو' دولت پیدا کرے۔
مولی دیکھنا' یا کھانا	رنج و غم میں مبتلا ہو' اگر بمعہ پتوں کے دیکھے' تو کسی حد تک اچھا ہے۔
مونچھ دیکھنا	شہرت اور نام و نمود کی خواہش کرے۔
مونچھیں لمبی دیکھنا	بدعملیوں میں مشہور ہو عصیاں میں غرق ہو جائے۔
مونچھیں کترانا	بداعمالیوں سے توبہ کرے' نیک و پارسا ہو۔
مونچھوں کو تاؤ دینا	مغرور و متکبر ہو بے عزت و ذلیل ہو۔

Marfat.com

موم سفید دیکھنا	مال و نعمت پائے' اگر موم بتی جلائے' تو ہدایت و پاکیزگی پائے۔
موم زرد دیکھنا	بیمار ہو' نقصان اٹھائے' موم سفید دیکھے تو' رزق پاکیزہ پائے۔
مہمان نوازی کرنا	باعثِ فرحت و رحمت ہے' قوم و خاندان کا نگہبان و ہمدرد ہو۔
مہمانی پر جانا	کسی ہمدرد عزیز سے منفعت حاصل ہو' مالدار اور باعزت ہو۔
مہندی پاؤں کو لگانا	دکھ درد و مصیبت سے رہائی پائے' گھر بیٹھے دولت حاصل ہو۔
مہندی ہاتھوں کو لگانا	مال و دولت پائے' آرام و راحت سے زندگی بسر ہو۔
مہندی سے ہاتھ رنگے دیکھنا	خویش و اقارب کا راز دار ہو' مالدار ہو بے فکری سے عمر گزارے۔
سیخ لوہے کی گاڑنا	فرزند پیدا ہو' ملازمت یا کاروبار میں ترقی پائے۔
سیخ بنانا' یا خریدنا	کاروبار کی تلاش کرے اگر اکھاڑتے دیکھے تو ناکام رہے۔
میدہ دیکھنا' یا خریدنا	تجارت میں ترقی پائے' آرام و راحت اٹھائے۔
میدہ چھاننا	فلاسفر' باریک بین' اور نکتہ چین ہونے سے تعبیر ہے۔
میوہ کشمش کھانا' یا خریدنا	مال و منفعت اور خیر و برکت پائے۔
مینہ برستے دیکھنا	خیر و برکت و رحمت کا موجب ہے خوشحال و آسائش پائے۔
مینار بنانا	کسی دینی کام کی تعمیری و عملی کوشش کرے۔
مینار پر چڑھنا	کاروبار میں دین و ہدایت علم و عزت اور شہرت میں یکتائے زمانہ ہو
مینار سے اترنا	برسوں تعمیر قوم میں لگا رہے' یعنی تمام عمر قومی خادم رہے۔
مینار سے گرنا	تنزل کا باعث ہے حقیر و ذلیل ہو۔
ماں باپ کو دیکھنا	مشکلات پر قابو پائے' پریشانی دُور ہو' حصول مقصد ہو۔

Marfat.com

ماں بہن سے صحبت کرنا	صلح رحمی، مدد پائے، ماں بہن مہربان ہو، راحت پائے۔
ماں کے پیٹ سے پیدا ہونا	تمام گناہوں سے توبہ کرے، نیک اور پرہیز گار ہو
مرد جوان کا آپ کو بوڑھا دیکھنا	زیادتی علم وحرمت، بہتری، بزرگی، عزت وصحت ہو۔
مرد کا آپ کو جوان خوبصورت دیکھنا	سرداری اور عیش وعشرت پائے، رفقائے بادشاہ میں شامل ہو۔
مرد کا آپ کو نابالغ دیکھنا	کام سے ندامت ہو، ہم نشینوں میں ذلت ہو، فضول خرچ ہو۔
موتیوں کی لڑی دیکھنا	حافظِ قرآن ہو، یا ہنر میں مشہور ہو، فرزند نامور پیدا ہو۔
ہار چمکتا دیکھنا	سلطنت یا حکومت پائے، خلقت میں بزرگ ہو، شہرت پائے۔
مرغزار یا سبزہ دیکھنا	خوشخبری ملے یا علم دین حاصل ہو، بزرگی ملے، ولی اللہ ہو۔
مقراض (قینچی) دیکھنا	منصف قاضی سے مراد ہے، عادل سردار حاکم ہو۔
مکتب دیکھنا	مشغولی خاطر واندیشہ کی نشانی ہے، مگر انجام نیک اور فائدہ پذیر ہو۔
مدرسہ میں پڑھنا	رُشد وہدایت پائے، معلومات میں اضافہ ہو۔
منہ سے کچھ نکلتے دیکھنا	حصول روزی کی نشانی ہے، نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آتی ہے۔
منہ سے گندگی نکلنا	ذلیل وخوار ہو بدگوئی سے بدنام ہو بدانجام ہو۔

(نون) موحدہ!

خواب	تعبیر
نابینا اپنے تئیں دیکھنا	دین سے گمراہ ہو، تنگدستی کی دلیل ہے۔
ناپ تول کرنا	ایلچی، یار رہبر سے تعبیر ہے، عدل وانصاف پائے۔

Marfat.com

ناپاک ہونا	حرام کاری اور حیرانی پائے' عاجز و بے کس ہو۔
ناچنا مرد کا	غم واندوہ اور بیہودگی میں پڑے' مصیبت پیش آئے۔
ناچنا عورتوں کا	رسوائی' وذلت اٹھائے' اور بدنامی ہو۔
ناخن اتارنا	بیماری اور تنگ دستی سے نجات پائے' رزق اور دولت ملے۔
ناخن دراز دیکھنا	تنگ دستی اور بیماری پائے' تکلیف اٹھائے۔
نارنگی دیکھنا' یا پانا	اگر ایک یا دو پائے' تو فرزند پیدا ہو' فرحت پائے۔
نارنگیاں پانا	اگر زیادہ پائے' تو مال و دولت ہو آرام و راحت پائے۔
ناک لمبی دیکھنا	درازی عمر' اور ترقی رزق کا باعث ہے۔
ناک سے خون بہنا	مال حرام حاصل کرے' اور ضائع جائے۔
ناک صاف کرنا	دانش مند ہو' روزی حلال ڈھونڈ کر کھائے۔
ناف دیکھنا	عورت یا خادمہ پائے' اگر ناف صاف دیکھے' تو آرام پائے۔
ناف پر بال دیکھنا	تنگی اور مصیبت پائے' بیوی یا کنیز سے صدمہ پائے۔
ناف پر بال دیکھنا	تنگی اور مصیبت پائے' بیوی یا کنیز سے دکھ پائے۔
نان دیکھنا	دوستوں سے ملاقات ہو' عمر دراز پائے۔
نان کھانا	مال طیب پائے' عیش و آرام حاصل ہو۔
نبض دیکھنا	کسی کی امداد کرے' اگر خود نبض دکھائے' تو عارضہ جاتا رہے۔
نجاست دیکھنا	مال حرام حاصل ہو و فکر دامن گیر ہو' بے تدبیر ہو۔
نجومی دیکھنا	حاکم وقت سے عزت و مرتبہ پائے۔
نجوم سیکھنا	بادشاہ کا مقرب ہو' یا عہدہ جلیلہ پائے' راحت حاصل ہو۔
نعل بندی دیکھنا	دولت حاصل ہونے میں کوشش کرے' کامیاب ہو۔

Marfat.com

نعل گھوڑے کے لگنا	بادشاہ وقت سے منفعت پائے۔
نعل گدھے کے لگنا	کسی بزرگ دین سے فیض حاصل ہو' آرام پائے۔
نعل اپنے جوتے کو لگانا	سفر درپیش آئے فائدہ کثیر پائے۔
نقارہ بجانا	شہرت اور رہبری سے تعبیر ہے' دولت اور حکومت پائے۔
نقصان دیکھنا	فکرمند' بے چین رہے اور گھبراہٹ پائے۔
نکاح کرانا عورت سے	عزت و شہرت کا باعث ہے دولت کثیر پائے۔
نکاح کرنا	اگر عورت نکاح کراتی دیکھے' تو مال کا نقصان ہو۔
نگینہ دیکھنا	اگر بادشاہ دیکھے' تو ملک فتح کرے' عورت کے لئے شوہر ہے۔
نگینہ انگوٹھی کا دیکھنا	حکومت' عیش و عشرت' فرزند اور عورت پائے۔
ندی کا دیکھنا	تجارت و کاروبار میں ترقی پائے' مراد پوری ہو۔
ندی میں نہانا	بیماری سے شفا پائے' دولت' عزت راحت حاصل ہو۔
ندی میں گرنا	تلاش روزی کے لیے کسی دوسرے ملک کا سفر کرے۔
نرگس کا پھول دیکھنا	فرزند خوبصورت پیدا ہو' یا حسینہ عورت ملے۔
نرگس کا پودا دیکھنا	عورت حاملہ ہو' یا مسرت حاصل ہو۔
نرسنگھا دیکھنا	منافقت اور جھوٹ سے تعبیر ہے۔
نرسنگھا بجانا	منافق ہو' کذب بیانی سے کام لے' لوگوں میں نفاق پیدا کرے۔
نرسنگھا بجتے دیکھنا	کسی منافق شخص سے واسطہ پڑے' نقصان اٹھائے۔
نسوار لینا	غم واندوہ میں مبتلا ہو' رنج و فکر پائے۔
نسوار خریدنا	زکام اور بخار میں پڑے' حیران و سرگرداں ہو۔
نسوار ضائع کرنا	بیماری سے نجات پائے دکھ درد دور ہوں۔

Marfat.com

نشاستہ دیکھنا	مال حلال و پاکیزہ پائے، مگر محنت سے ہاتھ آئے۔
نشاستہ کھانا	رنج و غم اور مصیبت میں گرفتار ہو۔
نشاستہ نکالنا	محنت اور مشقت سے روزی کمائے، پریشان رہے۔
نشہ شراب میں مست ہونا	عیش و راحت اور آرام و چین نصیب ہو۔
نل کا پانی دیکھنا	ترقی کاروبار کی علامت ہے منفعت حاصل ہو۔
نماز پڑھنا	اگر مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے، تو حج ادا کرے۔
نماز قبلہ رُو پڑھنا	دین اسلام میں ترقی کا باعث ہے۔
نماز میں امامت کرانا	اپنے خاندان یا قوم پر سرداری پائے، عزت حاصل ہو۔
نمدہ سفید پاکیزہ پانا	مال حلال حاصل کرے، آرام و راحت پائے۔
نمدہ میلا خراب دیکھنا	تکلیف میں پڑے، اور دکھ اٹھائے۔
نمدے جمع کرنا	بہت سا مال و متاع حاصل کرے، اگر گندہ اسٹاک دیکھے، تو مصیبت آئے۔
نمدہ جلتے دیکھنا	مال و دولت کے نقصان ہونے کا موجب ہے۔
نمک سفید کھانا	نیک اور صالح عمل کرے، دولت و حشمت پائے۔
نمک سیاہ کھانا	فتنہ و فساد میں مبتلا ہو، تکلیف پائے، نقصان اٹھائے۔
نمکدان دیکھنا	عورت حسینہ ہم صحبت ہو، راحت و عزت پائے۔
نمک سرخ کھانا	رنج و غم، مال حرام، دنگا و فساد اور تکلیف پائے۔
ننگا ہونا	طالب دنیا ہونے کو موجب ہے رسوائی ہو۔
ننگا عورت کو دیکھنا	مال بے اندازہ پائے، جس کا شمار نہ ہو اور عزت حاصل کرے۔
ننگے آدمی زیادہ دیکھنا	خیر و برکت کا موجب ہے بُروں کے لئے رسوائی کا باعث۔ ہے۔

Marfat.com

نوشادر کھانا	غم واندوہ سے تعبیر ہے' اگر خریدے تو زیادہ تکلیف پائے۔
نوکر رکھنا	عزت ومرتبہ حاصل ہونے کی علامت ہے۔
نوکر اپنے تئیں دیکھنا	ذلت اٹھائے' عاجز ومسکین ہو۔
نوکر بادشاہ کا ہونا	بادشاہ سے ذلت اٹھائے' مصیبت میں پڑے۔
نہانا صاف پانی سے	رنج وغم سے نجات پائے' بیماری سے شفایاب ہو قرضہ ادا ہو۔
نہانا گندے پانی سے	بیمار ہو' مصیبت میں پھنسے' تکلیف اور رنج اٹھائے۔
نہر بہتے دیکھنا	حاکم وقت سے تعبیر ہے ملک کی آبادی کا باعث ہے۔
نہر میں نہانا	بادشاہ وقت سے عہدہ پائے' وزیر' سفیر یا امیر ہو۔
نہر سے پانی پینا	بادشاہ یا حاکم سے انعام پائے' آسودہ حال ہو۔
نہر خشک دیکھنا	کسی حاکم یا بادشاہ یا وزیر کے موقوف ہونے کی علامت ہے۔
نئی چیز دیکھنا	خیر وبرکت کا موجب ہے معلومات میں اضافہ ہو۔
نیاز بود یکھنا (پودا)	اگر سرسبز دیکھے' تو فرزند پائے' اگر خشک دیکھے' تو اولاد نہ ہو۔
نیاز بو سونگھنا	اگر خوشبودار ہو' تو سعادت دارین حاصل ہو خوشخبری پائے۔
نیچے اترنا	اگر آرام سے اترے' تو کام کو دیر سے کرے' کامیابی دیر سے ہو۔
نیچے گرنا	عزت ومرتبہ میں کمی آئے' باعثِ تنزل ہے۔
نیاز دینا	دلی مراد پوری ہو' جس کی خواہش رکھے' اسے پائے۔
نیاز پر ختم دینا	روزگار میں ترقی ہو' خوشحالی کا باعث ہے۔
نیزہ ہاتھ میں دیکھنا	عہدہ پائے' یا طاقتور دوست ملے' دشمن پر غالب آئے۔
نیزہ بازی کھیلنا	زمانہ میں طاقتور' بہادر اور مشہور ہو جس کام کا ارادہ کرے پورا کرے۔

Marfat.com

نیزہ سے قد ناپنا	عمر دراز پائے' منفعت حاصل ہو۔
نیزہ پھینکنا	عہدہ سے دست بردار ہو جائے' دنیا سے علیحدگی اختیار کرے۔
نیزہ ٹوٹا دیکھنا	عہدہ سے معزول ہو' یا دوست ہمدرد سے جدائی ہو۔
نیل دیکھنا' یا خریدنا	رنج و غم میں مبتلا ہو باعثِ پریشانی بنے۔
نیل کپڑوں کو دینا	زیادہ دے تو مصیبت و بدنامی ہو پورا دے' تو اپنے مقصد میں کامیاب ہو
نیل ہاتھوں کو لگا دیکھنا	بحر عصیاں میں غرق ہو بدنام اور ذلیل و خوار ہو ذلت و رسوائی پائے۔
نیلگوں آسمان دیکھنا	مصیبتوں سے نجات پائے' فرحت و راحت' اور مسرت و کامیابی پائے
نیل گائے کا شکار کرنا	غیب سے رزق پائے' متمول و دولت مند ہو' عیش و عشرت پائے۔
نیلوفر دیکھنا	موسم میں دیکھے' تو فرزند پائے' منفعت حاصل ہو۔
نیلوفر کے پھول توڑنا	باعث راحت بنے مشغول کاروبار ہو دلبر سے وصال ہو۔
نیولا پکڑنا	کسی سردار کی قرابت حاصل ہو' اور عزت پائے۔
نیولے کو مارنا	مفسدوں اور حاسدوں پر غالب آئے۔
نیولے اور سانپ کی لڑائی دیکھنا	موجب خیر و برکت ہے دولت غیر معمولی ہاتھ آئے' اور دشمنوں پر بھی غالب آئے' عزت و سرداری ملے۔
نبی مرسل کو دیکھنا	جو عنوان سے دیکھے' ویسی ہی تعبیر پائے عفو تقصیر ہو' راحت و دولت پائے
نارنج دیکھنا	روزی حلال و اصلاح دین کی دلیل ہے' مرتبہ بلند پائے۔

Marfat.com

ناقہ خوش رود دیکھنا	دولت کثیر پائے' کاروبار میں ترقی ہو با کرہ عورت سے ہم بستر ہو۔
ناخن ٹوٹا ہوا دیکھنا	ناکامی اور نامرادی کا موجب ہے' عزیز کی دل شکنی کرے۔
نابزہ سے خون نکلنا	پیٹ میں فرزند مر جائے' یا بیماری کی تکلیف اٹھائے۔
نردبان دیکھنا (سیڑھی)	بہتری کی علامت ہے' ترقی دولت ہو۔
نردبان پر چڑھنا	سفر پیش آئے' دین کے کام میں مرتبہ پائے۔
نردبان سے اُترنا	سفر سے کامیاب واپس آئے' خیر و برکت پائے۔
نعلین دیکھنا	سفر پر جائے یا عورت سے شادی کرے' باعثِ عزت و دولت ہو۔
نعمت پانا	مال و دولت ملنے کی علامت ہے اگر بادشاہ دیکھے تو سلطنت وسیع ہو۔
نماز بے طہارت پڑھنا	تردد اور حیرانی میں پڑے' بے تدبیر ہو دلگیر ہو۔
نور آسمان پر دیکھنا	دین و نیا کی نعمتیں پائے' عدل و انصاف و فراخی رزق ہو' فرزند ہو۔
نہال دیکھنا	بزرگی و مرتبہ پائے' یا خدمت گار سے راحت پائے۔
نہنگ دیکھنا	دشمن سے مقابلہ ہو' یا پریشانی ہو۔
نہنگ کو ہلاک کرنا	فتح یابی حاصل ہو' کامیاب ہو فکر و اندیشہ دور ہو۔

(و) ردیف واوٗ

خواب	تعبیر
وادی دیکھنا	فرحت حاصل ہو' رنج و غم سے نجات پائے۔
وادی شاداب دیکھنا	دین میں بندگی ہو' راحت و آرام حاصل ہو' دولت مندی پائے۔
وادی میں نہر دیکھنا	بادشاہ وقت کو مہربان پائے' دولت بزرگی عزت و راحت پائے۔

Marfat.com

وادی سے نکلنا	اگر خشک وادی سے باہر نکلے، تو رنج و غم سے نجات پائے۔
وادی خشک دیکھنا	تنگ دستی اور مصیبت میں پڑے، تکلیف و دکھ اٹھائے۔
وارث یتیم کا بننا	مال و متال اور عزت و اقتدار پائے۔
واعظ ہونا	اگر عالموں کی مجلس میں وعظ کرے، تو شہرت حاصل کرے۔
وعظ جاہلوں میں کرنا	بدنام و گمراہ ہونے کا باعث ہے۔
وعظ عالم سے سننا	رشد و ہدایت پائے، نیک و دیندار اور متقی ہو۔
وعظ کرتا جاہل کو دیکھنا	گمراہی و بے دینی پھیلے لوگوں کو اسلام سے نفرت ہو۔
والی بننا	عزت و آبرو بڑھے توقیر پائے۔
والی کو رنج میں دیکھنا	عزت و مرتبہ میں کمی یا فرق آئے۔
وثیقہ نویس کے پاس جانا	دنیا کے زر و مال کی ہوس اور محبت میں گرفتار ہو۔
وثیقہ لکھنا	مال حرام کھائے، غیر کا حق دبائے۔
وزیر آپ کو دیکھنا	اگر عدل کرتا دیکھے، تو رزق و دولت میں ترقی پائے۔
وزیر سے ملاقات کرنا	ترقی عزت اور زیادتی مال کی علامت ہے خیر و برکت پائے۔
وزیر کو اپنے گھر آتے دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے نقصان اٹھائے، اندیشہ و تردد میں پڑے۔
وزیر کے ساتھ کھاتے دیکھنا	اگر وزیر کے ساتھ کھاتا پیتا دیکھے، تو راحت و دولت عزت و مرتبہ پائے۔
دسمہ لگانا، یا خریدنا	مکر و فریب میں پھنسے ذلت و خواری پائے بے دین ہو۔
دسمہ ضائع کرنا	رنج و غم اور مکر و فریب سے نجات حاصل کرے۔
وحشی جانور کو مارنا	دشمن پر فتح یاب ہو کاروبار میں ترقی ہو نعمت و راحت پائے۔
وصل کرنا	خوشی حاصل ہو، دلی مراد پوری ہو آرام و راحت پائے۔

Marfat.com

وسیلہ بنانا	اگر مرد عالم کو وسیلہ بنائے، تو دین حاصل کرے، نیک اور پرہیز گار ہو
وسیلہ بننا	عزت و بزرگی پائے کسی کے کام آئے۔
وکیل بننا	عدل و انصاف کرے، عوام راضی ہوں۔
وکیل کرنا	دوست موافق پائے، فائدہ حاصل ہو امداد و اعانت پائے۔
ولی اللہ دیکھنا	خیر و برکت حاصل ہو، دین میں کامل ہو، خوشحالی پائے۔
وحشی دیکھنا	مصیبت یا تکلیف میں گرفتار ہو یا سخت بیمار ہو۔
وحشی کو ہلاک کرنا	مصائب و تکالیف سے نجات حاصل کرے۔
ووٹ دینا	اگر دنیادار کو ووٹ دے، تو گمراہ و بے دین ہو، دنیا سے محبت رکھے۔
ووٹ عالم کو دینا	اسلام میں ترقی ہو، دیندار ہونے کا موجب ہے۔
ویران گھر اپنا دیکھنا	غم و اندوہ پائے، سخت مصیبت میں گرفتار ہو۔
ویرانی دیکھنا	رنج و الم میں مبتلا ہو، اور تکلیف اٹھائے۔
والی بال کھیلنا	ہاتھوں سے خوشی کا سامان پائے کاروبار میں ترقی ہو، اگر فٹ بال کھیلے تو کاروبار میں دوڑ دھوپ اور مصروفیت پائے۔
دن کا درخت دیکھنا	پیچیدگی میں عمر بسر ہو حیران و پریشان رہے۔
وضو کرنا	امانت دار ہو، نیکی پائے، گناہوں سے توبہ کرے، یا امانت ادا کرے
وظیفہ پڑھنا	نیک کام کی طرف رغبت کرے، بیماری سے صحت پائے۔
ولایتی انجیر کھانا	ہزار دینار یا ورم پائے، باعث دولت وسعت ہو۔
وصیت کرنا	اولاد اور خاندان کا ہمدرد اور جان نثار ہو عمر دراز پائے۔
وصیت نامہ لکھنا	امام و پیشوا ہو دنیا میں حرمت پائے، خلقت کا حاجت روا ہو، گمراہوں کا راہنما ہو راہبری کرے۔

Marfat.com

واویلا کرنا	بدنامی کا باعث ہے مصیبت میں پھنسے' گمراہ ہو۔

(ہ) ہائے ہوّز

خواب	تعبیر
ہوا میں اڑنا	اگر آسمان کی طرف اڑتا دیکھے' تو موت کا انتظار کرے۔
ہوا میں پرواز کرنا	اگر زمین کی طرف اترتا دیکھے' تو سفر درپیش آئے' راحت و آرام پائے۔
ہوا تند چلتے دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو اگر ہوا تند و گرم چلتی دیکھے تو سخت انقلاب آئے
ہوا ٹھنڈی چلتے دیکھنا	تکالیف سے نجات ملے' باعث آرام و راحت ہے' خوشخبری پائے۔
ہاتھ کشادہ دیکھنا	سخاوت اختیار کرے' ملنسار محبت' سلوک اور پیار کرے۔
ہاتھ کٹا ہوا دیکھنا	اگر دایاں ہاتھ کٹا دیکھے' تو افلاس' غربت' تنگدستی پائے' اور اگر بایاں ہاتھ کٹا دیکھے' تو برادری خویش و اقارب سے جدا ہو مفارقت پائے۔
ہاتھ اپنے دھونا	کاروبار بند ہو جائے' کام میں ناکامی ہو' باعث پریشانی ہے۔
ہتھیلی تنگ دیکھنا	قرضدار ہو کنجوس و بخیل ہو گزران ذلیل ہو۔
ہتھیلی پر نقش و نگار دیکھنا	اگر عورت دیکھے' تو آرام پائے' اگر مرد دیکھے' تو تکلیف اٹھائے۔
ہاتھا پائی کرنا	اگر دشمن کو مضبوط پکڑتے دیکھے' تو حالات کو اپنے موافق پائے۔
ہاتھا پائی عورت سے کرنا	اگر غیر عورت ہو' تو ذلیل و خوار ہو اگر منکوحہ سے کرے' تو لڑائی جھگڑا ہو۔

Marfat.com

ہاتھی سفید دیکھنا	عزت و دولت پانے کا سبب ہے' فرزند سعید پائے' سردار قوم بنے۔
ہاتھی پر سواری کرنا	رات کو خواب معزولی و بے عزتی کا سبب ہے' اور دن کا خواب' بیوی کو طلاق دے' یا کسی امیر یا بڑے شخص سے نقصان اٹھائے۔
ہاتھی بدمست کو حملہ آور دیکھنا	سردار یا امراء سے نفع کثیر پائے' فساد و بلا دور ہو جائے' اگر عماری میں بیٹھا دیکھے' تو عزت و مرتبہ پائے۔
ہاتھی خوبصورت دیکھنا	بادشاہ یا حاکم سے دولت و نعمت پائے' یا خود سردار و حکمران ہو۔
ہاتھی سیاہ خونخوار دیکھنا	آفت آئے' یا ایسا فتنہ ہو جس سے لوگ خوفزدہ ہوں۔
ہار پھولوں کا پہننا	اپنی محبوبہ یا دوست سے محبت و پیار کرے' اور عشق و آرام پائے۔
ہار پھولوں کا پرونا	خوبصورت دوشیزہ سے شادی کرنے کی دلیل ہے۔
ہار موتیوں کا دیکھنا	فرزند اور مال و دولت پائے' فرحت و راحت ہاتھ آئے۔
ہار ٹوٹنا' یا گم ہونا	بیوی کے جدا ہونے کی نشانی ہے' باعث پریشانی ہے۔
ہاضمہ خراب دیکھنا	دولت ناجائز حاصل کرنے کی کوشش کرے' بدنام و ناکام رہے۔
ہاضمہ درست دیکھنا	مال حلال و طیب پائے' نیک نام اور باعزت ہو۔
ہاکی کا خریدنا	زراعت و صنعت میں کوشش کرے' کاروبار میں دسترس ہو۔
ہاکی کھیلنا	کاروبار اور رزق میں ترقی پائے' مصروفیت عام ہو۔
ہاکی ٹوٹنا یا گم جانا	دوست مددگار سے جدائی ہو اور نقصان پائے۔
ہالہ آفتاب دیکھنا	دولت و عزت پائے' دوستوں کا حلقہ اثر وسیع ہو اقتدار پائے۔
ہالہ مہتاب دیکھنا	دولت دین پائے' بزرگی سے لوگوں میں ممتاز ہو' اور فیض پہنچائے۔
ہتھیار پہننا	اگر بلا وجہ پہنے تو بدنام ہو اگر ضرورت سے پہنے تو عزت و بزرگی پائے

Marfat.com

ہتھیار اُتارنا	امن وچین پائے' آرام وراحت حاصل ہو۔
ہتھیار ڈالنا	ذلیل وخوار ہو' بدنام ہو' اور ناکامی وتنگ دستی میں مبتلا ہو۔
ہچکی آتے دیکھنا	پُرغضب ہونے اور گالی بکنے کی دلیل ہے' اور بیمار ہو جائے۔
ہچکی بند ہونا	مسکین طبع ہو' زبان پر قابو پائے' آرام حاصل ہو۔
ہُدہُد دیکھنا' یا پکڑنا	امارت حاصل ہو' علم وحکمت اور منصب پائے۔
ہُدہُد کا گوشت کھانا	نیکی کی علامت ہے بزرگی پائے' وزیر یا مشیر سلطنت ہو۔
ہُدہُد کی آواز سننا	خوشخبری پائے' یا عورت حسینہ جمیلہ سے شادی کرے۔
ہڈی دیکھنا' یا پانا	حرام مال حاصل کرے' باعث پریشانی ہے۔
ہڈی پختہ چوسنا	اگر مُخ آئے' تو اپنے مطلب میں کامیاب ہو اگر خالی ہو تو ناکام مشقت پائے۔
ہڈی چبانا	محنت ومشقت زیادہ اٹھائے' رزق حلال پائے۔
ہڈی پھینکنا	مصیبت سے نجات پائے' باعثِ آرام وراحت ہے۔
ہل چلانا	کامیابی کی دلیل ہے رزق حلال وپاکیزہ ملے۔
ہل خریدنا' یا لینا	محنت ومشقت سے روزی حلال پائے۔
ہل ٹوٹا دیکھنا	ناکامی اور تنگدستی کی علامت ہے۔
ہنڈولا جھولنا	دنیا کے بے ہودہ کاموں میں مبتلا ہو دین سے گمراہ ہو۔
ہنٹر ہاتھ میں لینا	ملازمت یا روزگار پائے' کاروبار سے بہرہ ور ہو۔
ہنٹر مارنا	بلا عذر مارے تو رشوت خور ظالم ہو اگر عذر پر مارے تو کامیابی و ترقی نصیب ہو۔
ہنٹر پھینکنا	کاروبار میں مصروف ہو عہدے سے دستبردار ہو بزرگ و دیندار ہو۔

Marfat.com

ہنسنا کھلکھلا کر	غم واندوہ سے تعبیر ہے فکر واندیشہ میں مبتلا ہو۔
ہنسنا اتنا کہ آنسو آئیں	غم واندوہ سے نجات پائے' راحت وخوشی نصیب ہو۔
ہووج میں بیٹھنا	عزت ومرتبہ پائے' مبارک خواب ہے بزرگی اور راحت پائے۔
ہووج سے گرنا	تنزل آئے گمراہ ہو اور بے عزت وذلیل ہو۔
ہووج سے اترنا	آرام وراحت حاصل ہو' بے فکر ہو عیش وعشرت پائے۔
ہیجڑا اپنے تئیں دیکھنا	خوف ودہشت میں گرفتار ہو بزدلی کا شکار ہو۔
ہیجڑا ناچتے دیکھنا	بُرے کاموں میں پڑے' بدنامی وناکامی اٹھائے۔
ہیجڑوں کی صحبت کرنا	مفسدوں سے میل جول رکھنے سے گمراہ وبے دین ہو۔
ہنسلی دیکھنا	عورت جمیلہ پائے' باکرہ سے عقد ہو' مباشرت سے لطف اٹھائے۔
ہاتھ دیکھنا	برادر یا شریک یا ہمدرد عورت پائے' راحت وآرام پائے۔
ہاتھ اپنے بندھے دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے متقی وپرہیز گار ہو' مالک سے ڈرے۔
ہاتھ دشمن کا چومنا	رفع خصومت ونزاع ہو مسرت وراحت ہاتھ آئے۔
ہاتھ سے آسمان چھونا یا پکڑنا	عزیز خلق وذی توقیر ہو کلام میں تاثیر ہو جو مہم پیش آئے' وہ بآسانی حل ہو جائے عزت ومرتبہ بلند ہو۔
ہدیہ پسندیدہ دیکھنا	عورت صاحب جمال ہو یا فرزند با اقبال پیدا ہو شہرت پائے۔
ہدیہ دینا	اگر لینے والا بزرگ ومشہور ہو' تو عزت' دولت وآرام پائے۔
ہدیہ پیر ومرشد کو دینا	اپنے بزرگوں میں قدر ومنزلت پائے' یا اولیاء اللہ میں شامل ہو۔
ہدیہ ماں باپ کو دینا	خاندان کی آنکھوں میں ممتاز ہو والدین جیسی عزت پائے۔
ہرن دیکھنا	دختر نیک اختر پیدا ہو' یا کنیز باکرہ پائے۔
ہرن پکڑنا	دولت وبزرگی پائے' عاشق ہو محبت میں گرفتار ہو۔

Marfat.com

ہرن کا شکار کرنا	حسینہ جمیلہ عورت کو حاصل کرے اور فائدہ اٹھائے۔
ہرن کا گوشت کھانا	دولت عزت' بزرگی ہنرمندی شہرت و آرام پائے۔
ہرن کی پوستین پہننا	نیک خصال مگر متمول ہو دل کا سخی' خداترس
ہلال (چاند) دیکھنا	سرداری ملے' یا فرزند پیدا ہو' بادشاہ نیک ہو' نیکی کی علامت ہے بشارت اور خوشخبری' خوشحالی شادی اور کاروبار کی ترقی سے تعبیر ہے۔

(ے) یائے تحتانی

خواب	تعبیر
یاقوت سرخ دیکھنا	پاکیزہ حسینہ' مگر بارعب پائے' راحت حاصل ہو۔
یاقوت سبز دیکھنا	نیک سیرت' جمیلہ' باوقار اور خوش اخلاق عورت پائے۔
یاقوت سوداگر دیکھے	تجارت میں نفع کثیر پائے' اور خوشحالی ہو۔
یاقوت بادشاہ دیکھے	سلطنت میں ترقی ہو' اور ہر دلعزیز نیک سیرت ہو۔
یاقوت غریب دیکھے	تنگ دستی سے نجات پائے' کاروبار میں ترقی ہو۔
یاقوت بیمار دیکھے	تندرستی پائے' صحت یاب ہو۔
یاقوت باکرہ دیکھے	شوہر خوبصورت و نیک پائے جس سے فرزند ہو۔
یاقوت عورت دیکھے	خوش جمال فرزند پائے' جس سے فرزند ہو۔
یاقوت گم ہونا	سب کے لئے باعث تنزل ہے فکر و اندیشہ حیرانی لاحق ہو۔
یاسمین (چنبیلی) دیکھنا	اگر چنبیلی کا پودا دیکھے' تو عزیز دوست یا بیوی سے جدائی ہو۔
یاسمین کے پھول توڑنا	اگر مرد توڑے' تو نقصان اٹھائے' اگر عورت توڑے تو مرد سے ناچاکی ہو طلاق ہونے کی نشانی ہے۔

Marfat.com

یاسمین گھر میں لانا	خاندان کی تباہی کا باعث ہے اہل خانہ آباد ہوں
یشب (پتھر) دیکھنا	کمینہ اور بدکار عورت پائے' باعث پریشانی ہے۔
یشب کا نگینہ دیکھنا	لڑکی بداخلاق پیدا ہو' یا عورت بدخصلت پائے۔
یکہ پر سوار ہونا	کسی دوست عزیز یا آشنا سے منفعت حاصل ہو۔
یکہ پر سے اترنا	بزرگی پانے کی علامت ہے راحت و آرام پائے۔
یکہ بانی کرنا	محنت و مشقت سے دولت کمائے' مگر پریشان رہے۔
یکہ سے گرنا	باعث تنزل ہے' ذلت و خواری پائے۔
یخنی کھانا' یا پینا	موجب راحت ہے' دولت' رزق' طاقت پائے خوشحال ہو۔
یومیہ پانا	اگر اقسام طعام سے ہو نعمت و دولت پائے' آرام اٹھائے۔
یعسوب (شہد کی مکھی) دیکھنا	اس مرد کی علامت ہے جو اپنے تئیں بزرگ سمجھے' مگر قوم حقیر جانے
یخ دیکھنا	باعث رنج ہے مگر آب یخ پیتے خوشی حاصل ہو' اور مرتبہ جلیلہ پائے۔

﴿خواب نامہ یوسفی تمام شد﴾

Marfat.com

فالنامہ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

واضح ہو کہ یہ فال نامہ نہایت عجیب و غریب بطریقہ رمل ہے' اکثر فالنامہ مصنف کتاب کے استعمال میں رہتا ہے۔ نہایت صحیح اور درست پایا ہے طریقہ یہ ہے کہ اگر ناظرین کے پاس پانسہ نہ ہو' تو خانہ ہائے نقشہ مفصلہ ذیل پر انگلی رکھیں ورنہ پانسہ کہ جس کے چاروں طرف حرف (اب ج د) لکھے ہوں' تیار کرے' ورنہ پہلے الحمد شریف تین مرتبہ' اور قُل ھُو اللّٰہ شریف تین مرتبہ' اور سات بار درود شریف پڑھ کر اوّل ایک بار پانسہ حضرت کے نام ڈالے' اِلّا اس کے حرف جو کچھ پڑے' شمار میں نہ لاوے۔

اور بعد ازاں مطلب دل کا کہہ کر تین بار پانسہ مذکور کو ڈالے جو کچھ حروف پڑیں' اس کو لکھتا جاوے' اور حرف ہائے نقشہ ذیل سے مطابق کرے' تعبیر اس کی عبارت میں دیکھ لے۔

نقشہ حروف فالنامہ

اول ۱	دوم ۲	سوم ۳	چہارم ۴	پنجم ۵	ششم ۶
ا ا ا	ا ج د	ا د ب	ا و د	ا ب د	ا د ا
ہفتم ۷	ہشتم ۸	نہم ۹	دہم ۱۰	یازدہم ۱۱	دوازدہم ۱۲
ا ا ب	ا ب ا	ا ج ب	ا ا د	ا ا ج	ا ج ج
سیزدہم ۱۳	چہاردہم ۱۴	پانزدہم ۱۵	شانزدہم ۱۶	ہفت دہم ۱۷	بیزدہم ۱۸
ا ب ب	ا و ج	ا ج ا	ا ب ج	ب ب ب	ب ب ا
نوزدہم ۱۹	بستم ۲۰	بست دیکم ۲۱	بست دوم ۲۲	بست وسوم ۲۳	بست چہارم ۲۴
ب ب ج	د ب ج	ب ج ب	ب ب د	ب د د	ب ج د
بست و پنجم ۲۵	بست و ششم ۲۶	بست و ہفتم ۲۷	بست و ہشتم ۲۸	بست و نہم ۲۹	سی ام ۳۰

Marfat.com

ب ج د	ب ج ا	ب اب	ب دا	ب اج	ب ا
سی دیکم ۳۱	سی و دوم ۳۲	سی و سوم ۳۳	سی و چہارم ۳۴	سی و پنجم ۳۵	سی و ششم ۳۶
ب اد	ب ج ج	ج ج ج	ج ج د	ج ب د	ج د ج
سی و ہفتم ۳۷	سی و ہشتم ۳۸	سی و نہم ۳۹	چہلم ۴۰	چہل و یکم ۴۱	چہل و دوم ۴۲
ج ا ج	ج ب ج	ج اب	ج ج ا	ج د ب	ج اد
چہل و سوم ۴۳	چہل و چہارم ۴۴	چہل و پنجم ۴۵	چہل و ششم ۴۶	چہل و ہفتم ۴۷	چہل و ہشتم ۴۸
ج ج ب	ج ب ب	ج دد	ج دا	ج ب ا	ج ا ا
چہل و نہم ۴۹	پنجاہ ۵۰	پنجاہ و یکم ۵۱	پنجاہ و دوم ۵۲	پنجاہ و سوم ۵۳	پنجاہ و چہارم ۵۴
دود	دج د	ددخ	دب ج	دج ا	دا دا
پنجاہ و پنجم ۵۵	پنجاہ و ششم ۵۶	پنجاہ و ہفتم ۵۷	پنجاہ و ہشتم ۵۸	پنجاہ و نہم ۵۹	شت ۶۰
داد	دج ب	ددب	داج	دب د	دج ج
	شت و یکم ۶۱	شت و دوم ۶۲	شت و سوم ۶۳	شت و چہارم ۶۴	
	دب ا	دا ا	دب ج	داب	

اوّل۔ا ا ا	اے خداوند فال تو جو کچھ چاہتا ہے' کام تیرا بخوبی سرانجام ہو۔
دوم۔اج د	اے خداوند' فال یہ کام تیرا بہت مشکل ہے' ہرگز نہ ہوگا۔
سوم۔ادب	اے خداوند فال' جو کچھ کہ چاہتا ہے تو خاطر جمع رکھ' کام تیرا بخوبی حاصل ہوگا۔
چہارم ادد	اے خداوند فال جس جگہ کو تو جانا چاہتا ہے' جا کام تیرا بخوبی حاصل ہوگا
پنجم۔اب د	اے خداوند فال' جو کچھ تیرا خیال ہے' یہ کام ہرگز نہ ہوگا۔
ششم۔ادا	اے خداوند فال' جو نیت تو نے کی' خاطر جمع رکھ فائدہ اٹھائے گا اندیشہ مت کر۔

Marfat.com

ہفتم۔اب	اے خداوند فال' جو کچھ کہ تصور کیا تو نے' تیرے تئیں فائدہ بہت حاصل ہوگا اور سب طرح سے حرمت پائے گا' اور ملاقات دوستوں اور عزیزوں سے خوش ہوگا۔
ہشتم اب ا	اے خداوند فال' یہ کام تیرا بہت مشکل ہے' دیر میں ہوگا توکل خدا پر رکھ
نہم اج ب	اے خداوند فال' جو کچھ تصور کیا تو نے' یہ کام نیک ہے الا دیر سے سرانجام پائے گا۔
یازدہم ااج	اے خداوند فال' یہ خیال تیرا تدابیر سے حاصل ہوگا مخالف تیرے اس کام میں بہت ہیں اِلّا کام تیرا آراستہ ہے نظر اوپر فضل خدا کے رکھ
دوازدہم' اج ج	اے خداوند فال' جو تصور کیا تو نے' وہ شخص تجھ سے ملاقاتی ہوگا' اور مراد تیری حاصل ہوگی۔
سیزدہم اب ب	اے خداوند فال' یہ خیال پورا نہ ہوگا تاوقتیکہ تدبیر اس کی بخوبی نہ ہوگی
چہارم دہم' ادج	اے خداوند فال' جو نیت کہ تو نے کی' فائدہ تجھے بہت حاصل ہوگا اور وہ شخص تجھ سے ملاقاتی ہوگا اس سے تو فائدہ بہت پائے گا' توکل خدا پر رکھ اور درد اپنا کسی کے روبرو ظاہر مت کر خاطر جمع کر۔
پانزدہم۔اج ا	اے خداوند فال' جو خیال کیا تو نے' یہ کام زود حاصل ہوگا۔ نظر اوپر خدا تعالیٰ کے رکھ
شانزدہم۔اب ج	اے خداوند فال' کام تیرا سرانجام ہوگا۔ کچھ اندیشہ مت کر۔
ہفت دہم۔ب ب ب	اے خداوند فال' جو کچھ کہ تیرا خیال ہے' سرانجام ہوگا' لیکن راستے میں خطرہ بہت ہے' اس سے تجھے لازم ہے کہ غافل نہ ہووے' بروقت آمد و رفت کے یہ کام حاصل ہوگا۔
ہشت دہم۔ب ب ا	اے صاحب فال جو کچھ کہ مراد چاہتا ہے' نیک ہے' دل قوی رکھ' ایک شخص اجنبی ملاقاتی ہوگا اس سے تیرے تئیں بہت فائدہ پہنچے گا' اس کو اپنا دوست شمار کر لے' بفضل خدا کام تیرا سرانجام ہوگا۔

Marfat.com

بستم ب دب	اے خداوند فال' جو مہم کہ رکھتا ہے' تفکر و اندیشہ مت کر' ایام منحوس تیرے گزر گئے' اب نیک آ رہے ہیں' خاطر جمع رکھ۔
بست ودیم ب ج ب	اے خداوند فال! جو کچھ تو نے نیت کی ہے نیک ہے ایام نحس تیرے گزر گئے ہیں اب نیک آ رہے ہیں' لیکن مخالف تیرے بہت ہیں دشمن کو اپنا دوست بنا' بفضل خدا کام تیرا انجام پائے گا۔
بست ودوم ب ب د	اے خداوند فال! یہ اندیشہ کہ کیا تو نے بہت مشکل ہے کام تدبیر سے انجام پاوے گا' توکل خدا پر رکھ سر انجام پائے گا۔
بست وسوم ب دد	اے صاحب فال! مطلب جو کہ دل میں رکھتا ہے فکر مت کر پہلے خرابی بہت ہو اب ایک شخص غیب سے ملاقی ہوگا' اس سے فائدہ بہت دیکھے گا سوائے اس کے دوسری توقع مت رکھو کس واسطے کہ چند آدمی تجھ سے ملیں گے' جو کچھ کرے گا' خوب ہوگا۔
بست وچہارم ب ج د	اے خداوند فال' جو کچھ تو نے خیال کیا ہے' بہ شوق جا دولت پائے گا۔
بست وپنجم ب دج	اے خداوند فال! مقصد تیرا بخوبی حاصل ہوگا نظر اوپر فضل خدا کے رکھ' ایام تیرے نیک آ گئے عیش وآرام نصیب ہوگا۔
بست وہشتم ب دا	اے خداوند فال! دشمن تیرے اوّل خنداں ہونگے پھر دوست ہو جائیں گے۔
بست ونہم ب اج	اے صاحب فال! مطلب تیرا بہت مشکل ہے' جیسے کشتی دریا میں غرق ہوتی ہے' ویسا ہی کام تیرا ہے اگر خدا تعالیٰ اپنا فضل کرے' تو کام تیرا ہو جائے گا ورنہ اس ارادے سے باز آ۔
سی ام دم ب اا	اے خداوند فال! یہ کام تیرا بہت مشکل ہے' جیسے مچھلی پانی سے نکل کر بیقرار ہو جاتی ہے' ویسا ہی کام تیرا ہے چند بار صدقہ دے فضل خدا سے سر انجام پائے گا' اور جس جگہ کو جانے کا ارادہ ہے' موقوف کر دو کام ہرگز نہ ہوگا' اسی جگہ ایک شخص غیب سے ملاقی ہوگا۔ اس سے تجھے فائدہ ہوگا۔

Marfat.com

سی و یکم ب اد	اے خداوند فال! جو کچھ کہ تو چاہتا ہے' یہ کام محض بے تدبیر ہے اور جو کسی جگہ جانے کا ارادہ رکھتا ہے' ہرگز مت جا تھوڑے دن تیرے منحوس باقی ہیں نظر اوپر فضل خدا کے رکھ' سب کام ہو جائیں۔
سی و دم ب ج ج	اے خداوند فال! یہ نیت تیری بہت نیک ہے تیرے تئیں بہت آرام ملے گا جیسے ماہتاب دن بدن روشنی پکڑتا ہے' ویسے ہی کام تیرا روشنی پذیر ہوگا۔ ایام تیرے بہتر آ گئے ہیں' عیش و آرام پائے گا۔ کچھ اندیشہ مت کرنا' خاطر جمع رکھو' مشکل آسان ہوگی۔
سی و سوم ج ج ج	اے خداوند فال! یہ کام بہت آسان ہوگا' اور مقصد تیرا بر آئے گا۔
سی و چہارم ج ج د	اے خداوند فال! یہ کام بہت آسان ہوگا۔ اور یہ کام کر' ایام منحوس تیرے منقطع ہو چکے ہیں' اب نیک آئے ہیں' اضطراب مت کرو روزگار نصیب ہوگا فکر اندیشہ مت کرو۔
سی و پنجم ج ب د	اے صاحب فال! جو خیال تیرا ہے۔ بخوبی ہوگا خاطر جمع رکھ لیکن راہ میں خطرہ دشمن کا ہے' خبر لے' اور صدقہ دے' آفات دفع ہو جائیں گی
سی و ششم ج د ج	اے خداوند فال! جو خیال تیرا ہے بخوبی ہوگا شب و روز یاد خدا کیا کر اگر نصیب میں ہے' تو ہو جاوے گا وگرنہ اس سے باز آ۔
سی و ہفتم ج ا ج	اے خداوند فال! جو کچھ کہ چاہا تو نے یہ کام نیک ہے خاطر جمع رکھو۔
سی و ہشتم ج ب ج	اے خداوند فال! اس کام میں چند ایام ہیں۔ یہ کام سرانجام پائے گا۔
سی و نہم ج ا ج	اے خداوند فال! اس کام میں مخالف تیرے بہت ہیں جو کچھ دل میں ہے اس سے پرہیز رکھ بفضل خدا کام تیرا بخوبی سرانجام ہوگا۔
چہلم۔ ج ج د	اے خداوند فال! جو کچھ خیال کیا ہے تو نے تیرے تئیں دولت اور راحت ملے گی۔

Marfat.com

چہل و یکم ج د ب	اے خداوند فال! یہ کام تیرا ہرگز نہ ہوگا' اس کام میں توقف بہتر ہے ارادہ جانے کا کسی جگہ کا رکھتا ہے تو موقوف کر' نقصان ہوگا۔
چہل و سوم ج ج ب	اے خداوند فال! اس کام میں توقف بہت ہے' ارادہ کسی جگہ جانے کا جو تو کرتا ہے موقوف رکھ کام تیرا مشکل ہے ملاقات سے تیرا کچھ اندیشہ نہیں' شاید مقصد برآوے۔
چہل و چہارم ج ج د	اے خداوند فال! یہ کام نیک ہے کام تیرا ساتھ تدبیر کے ہوگا۔
چہل پنجم ج ج د	اے خداوند فال! جونیت کرتا ہے' مشکل ہے' جلد نہ ہوگا دشمن کو دوست نہ سمجھ نظر اوپر فضل خدا کے رکھ اے صاحب فال! جونیت کرتا ہے' مشکل ہے' جلد نہ ہوگا' دشمن کو زیر نظر رکھ اور ارادہ جانے کا جس جگہ کا رکھتا ہے باز آ ورنہ نقصان ہوگا۔
چہل و ہفتم ج ب ا	اے خداوند فال! یہ کام ساعت بساعت مشکل ہے ہرگز نہ ہوگا پرستش اللہ تعالیٰ کی کرے' تو شاید مدد حاصل ہو جائے۔
چہل و ہشتم ج ا ا	اے خداوند فال! یہ کام بہت مشکل ہے کس واسطے کہ دشمن تیرا بہت بد ہے جہاں تک ممکن ہو' دل اس کا بیچ ہاتھ کے لا' اور پرستش خداوند کی کر' تو مدعا حاصل ہو' خاطر جمع رکھ۔
چہل و نہم۔ د د د	اے خداوند فال! ارادہ جانے کا کسی جگہ تو رکھتا ہے تو بخوشی جا فائدہ بہت ہوگا۔
پنجاہ د ج د	اے صاحب فال! کام تیرا ہرگز نہ ہوگا۔ اور دن بدن اندیشہ و ذلت پائے گا۔
پنجاہ و یکم ج و ر	اے خداوند فال! یہ چیز لائق تیرے نہیں ہے اس کام سے باز آ جاؤ مخالف تیرے بہت ہیں۔
پنجاہ و دوم۔ د ب ب	اے خداوند فال! اس کام میں رخنہ ہے۔ ملاقات دوست اپنے سے کرو تو کام سرانجام ہوگا اور اللہ کی عبادت کیا کرو۔

Marfat.com

پنجاہ وسوم دج ا	اے خداوند فال! جس کام کا کہ اندیشہ کیا تو نے ایک نہ ایک دن کام کسی دوست تیرے سے سرانجام ہوگا۔ لیکن اللہ کی عبادت کیا کر۔
پنجاہ وچہارم۔ددا	اے صاحب فال! تیرے تئیں آرام ملے گا اضطرابی مت کر اور عبادت خدا کی کر۔
پنجاہ وپنجم۔داد	اے خداوند فال! یہ کام بہت مشکل ہے' ساتھ تدبیر کے ہوگا۔
پنجاہ وششم دج ب	اے خداوند فال! اشتیاق ملاقات جس کا کہ دل میں رکھتا ہے' البتہ اس سے ملاقی ہوگا۔ اور اس سے فائدہ بہت حاصل ہوگا۔
پنجاہ وہفتم ددب	اے خداوند فال! جو نیت کہ رکھتا ہے تو ہرگز نہ ہوگی۔ اب ایام بُرے آئے' ایک برس تک رہیں گے لیکن خدا تعالیٰ پر نظر رکھ بعد گزرنے ایک سال کے ایام تیرے موافق ہوں گے۔
پنجاہ وہشتم۔داج	اے خداوند فال! یہ کام بہت جلدی حاصل ہوگا فکر مت کر اور کہ رنج کو اصلاً راہ نہ دے آرام پائے گا۔
پنجاہ ونہم۔دب د	اے خداوند فال' راحت و آرام پائے گا۔ نظر اوپر رحمت خدا کے رکھ۔
شصت۔دج ج	اے خداوند فال! اس کام میں راحت و آرام پائے گا اور راز غیب تجھے حاصل ہوگا۔
شصت ویکم ددا	اے خداوند فال! جو نیت کہ کی تو نے ساتھ تدبیر کے میسر ہوگی۔ اور خیال جانے کسی مقام کا جو تو رکھتا ہے اسے موقوف کر ورنہ نقصان ہوگا۔
شصت ودوم۔ددا	اے خداوند فال! جو تصور تیرا ہے' خوب ہے البتہ دولت و راحت حاصل ہوگی۔
شصت وسوم۔دب ج	اے خداوند فال! جو کچھ کہ تیرا خیال ہے اس تصور میں آرام ملے گا اب تیرے دن نیک آئے ہیں جو کچھ تو چاہتا ہے' حاصل ہوگا۔

Marfat.com

شصت و چہارم۔ داب	اے صاحب فال! تو جو کچھ پوچھتا ہے یہ کام نیک ہے البتہ فائدہ ہوگا اللہ تعالیٰ کی عبادت کر سب کام آسان ہوں گے۔

فال نامہ

وسطے دیکھے اس امر کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی

یہ طریق ہندسہ چاہیئے کہ جس عورت کو حمل ہووے وہ آنکھ بند کر کے انگلی اس نقش پر رکھے پھر معلوم کرے کہ اس نے کونسے ہند سے پر انگلی رکھی ہے۔ اگر ایک کے ہندسہ پر رکھی ہے تو لڑکی ہوگی۔ اگر دو کے ہندسہ پر رکھی ہو تو لڑکا۔ پس اس طرح اگر جفت کے ہندسہ پر انگشت رکھے تو لڑکا ہوگا اور اگر طاق کے ہندسہ پر انگشت شہادت رکھے تو لڑکی پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔



فالنامہ قرآن مجید

یہ فال نامہ حروف تہجی کا نئے طرز پر بنایا گیا ہے' اور اس کو دو طریقہ پر منقسم کیا ہے۔

طریقہ اوّل:

فالنامہ قرآن مجید سے' اگر کسی مسئلے میں فرقان حمید سے فال دریافت کرنا منظور ہو' تو

Marfat.com

چاہیے کہ اس کو صدق نیت سے پہلے سورۃ الحمد شریف اور سورۃ اخلاص ہر ایک تین تین بار پڑھ کر قرآن شریف جہاں سے چاہے کھولے پس وہاں سے سات اوراق الٹ کر اس صفحہ کے شروع سے سات سطریں گنے جو حروف ساتویں سطر کے سرے پر ہوں' ان کو مندرجہ ذیل کی عبارتوں سے ملاحظہ کریں' اور اس پر عمل کریں' نہایت اچھا ہے۔

طریقہ دوم:

دائرہ فالنامہ سے جو کوئی رنجیدہ و پریشان اور سرگرداں ہو کر فال حروف دیکھنا چاہے' تو اوّل با طہارت تین بار الحمد شریف اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھے' اور ایک دفعہ درود شریف اور ایک دفعہ آیۃ الکرسی پڑھ کر آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت مندرجہ ذیل دائرہ کے جس خانہ میں چاہے رکھے' اور اس خانے میں جو حرف ہو' اس کے موافق مرقوم تحت کی عبارتوں سے اپنا مطلب معلوم کرے۔



Marfat.com

ا	اگر حرف الف نکلے، تو نیک کاموں کی کوشش کرنا بہتر ہے اور حکام وغیرہ سے ملاقات کرنا مفید ہے۔
ب	اگر با نکلے، تو صاحب دولت ہو، اور بہتر ہو اور دولت اور کاروبار کثیر ہو، اور ذلالت سے دُور رہو۔
ت	اگر تا نکلے، تو جس کام کا ارادہ کیا ہے، توبہ کر کے استغفار و تسبیح اور سچا ہو، اور بے فکر ہو۔
ث	اگر ثا نکلے تو کام دین و دنیا میں اچھا ہو اور ہر کام میں نیک اور سچا ہو اور بے فکر ہو۔
ج	اگر جیم نکلے، تو جس کام کا ارادہ کیا ہے، خود کرے، نیک ہو، اور کسی سے وہ کام نہ کرائے۔
ح	اگر حرف ح نکلے، تو دوستوں سے فائدہ ہو، اور سب کاموں میں فتح حاصل ہو، اور جو ارادہ کیا ہے، پورا ہو۔
خ	اگر خا نکلے، تو جس کام کا قصد کیا ہے، باز آؤ، کیونکہ دشمن ہے صدقہ دو
د	اگر حرف د ہوگا تو طالب ہو اور دولت بے زوال نصیب ہو مگر چند روز میں صرف ہو۔
ذ	اگر حرف ذال برآمد ہو تو حاسدان و بدگویان تیرے، بدخواہ ہوں، اور دشمنان دنیز جانوران تیرے سامنے فرار ہوں۔
ر	اگر حرف را پڑے، تو جو کام کرتے ہو، یا ارادہ کیا ہے، امن میں سرانجام ہو، اور عاقبت بخیر ہو۔
ز	اگر حرف زا ہو، تو شروع قصد میں نعمت و دولت ملے اور جو کام کرنا ہو، حکمت سے کرے۔
س	اگر سین برآمد ہو تو سعادت دارین حاصل ہو، اور خوش دلی نیت کردہ کامل ہو

Marfat.com

ش	اگر حرف شین پر انگلی پڑے، تو دشمنوں اور ظالموں وغیرہ سے تجھ کو رنج پہونچے چاہیے کہ صدقہ دے۔
ص	اگر حرف صاد آوے، تو جس کام کی خواہش رکھتا ہے، اگر وہ کام نہ ہو تو چاہئے کہ صبر کرے، اور صدقہ دے۔
ض	اگر حرف ضاد نکلے، تو اپنے دوستوں اور قریبیوں سے فائدہ ہو اور تیرا دل مسرور زیادہ ہو۔
ط	اگر طا حرف ہو، تو زاہد و متقی کی دنیا میں شہرت ہو اور کامل بطن اور شہرہ آفاق ہو
ظ	اگر ظا پر انگشت پڑے، تو جو مطلب دل میں ہے، سہل ہو اور مشکل حل ہو۔
ع	اگر حرف عین ہو، تو مراد دینی و دینوی سے خوش ہو، اور پند و نصائح آخرت پر کان لگائے۔
غ	اگر حرف غین ہو، تو کام پوشیدہ خفیہ پورے ہوں، اور ہر ایک بات سے ماہر ہو
ف	اگر فا نکلے، تو پریشانی اس کی دور ہو، اور روز بروز اس کا دل مسرور ہو۔
ق	اگر حرف قاف ہو تو دعا قبول ہو اور سب کام اس کے انجام بخیر ہوں۔
ک	اگر حرف کاف ہو تو جنگ و خصومت میں پڑے، اور چندے تکلیف اٹھائے، تو لازم ہے کہ صدقہ کرے۔
ل	اگر حرف لام پر ہو تو آئندہ میں نیکی حصول ہو اور جملہ کام اس کے نکل آئیں اور بہتری ہووے۔
م	اگر حرف میم آئے، تو نزدیک خلق خدا کے عزت و آبرو حاصل ہو جہاں جائے عزت پائے۔
ن	اگر حرف نون آئے، تو جو کام کرے گا، اس میں بہتری ہوگی، اور نیک خوئی ہر ایک کے روبرو ہوگی۔

Marfat.com

و	اگر حرف واؤ آئے تو آدمیوں سے دولت اور نعمت حاصل ہو اور دشمن و ظالم اس کے ذلیل و خوار ہو۔
ہ	اگر حرف ہا ہو تو اپنا کام صلاحیت کے ساتھ بہتر ہو اور لوگوں سے مشورہ طلب
ء	اگر حرف ہمزہ ہو تو مواقف الف کے نتیجہ اور اس کے مطابق حالات ہوں
ی	اگر حرف یاؔ پر پڑے تو خیر و عافیت سے اس پر روشن ہو اور ہمیشہ گلشن کی سیر کرے۔

فالنامہ حافظ شیراز رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص اپنا حال نیک و بد معلوم کرنا چاہے، تو صدق دل سے اس نقشہ پر انگلی رکھے، پس جس خانہ پر انگلی جا پڑے وہ علیحدہ کاغذ پر لکھے۔ پھر اس خانہ سے چار خانہ گن کر چھوڑ دے، اور پانچویں خانہ کا حرف لکھے، اسی طرح چار خانے طرح کرتا جائے اور پانچواں حرف لکھتا جائے، جب تمام ہو جائے تو اوّل خانہ سے اس خانہ تک جس پر انگلی رکھی تھی، چار چار طرح کرتا جائے، اور پانچواں لکھتا جائے، اور جو صرف کہ حاصل ہو ان کی حرف سابق سے اوّل لکھ کر جمع کرے، پس ایک مصرعہ جواب ان اشعار مفصلہ میں سے نکلے گا، اس کو فال غیبی تصور کرنا چاہیے۔

اشعار حافظ شیراز

در ۲ ، فال بیشک شوی بہرہ ور	۱	ولیکن بد شواری وسخت تر
بر آیدہ ازیں فال البتہ کام	۲	ولیکن بہ محنت تردد تمام
ترا کار نیکو میسر شود	۳	وشاید مطلوب رو در برشود
تو یابی دریں فال مطلب شتاب	۴	جو ایش ہمی باتو گویم صواب

واضح ہو کہ یہ فالنامہ نہایت صحیح اور مشہور ہے، اور چاہیے کہ جس وقت فال دیکھنے بیٹھے، تو نہا دھو کر اور پاک و صاف ہو کر کچھ شیرینی کی قسم سے کھاوے اور خیال یکسو کرے یعنی کسی دوسری

Marfat.com

طرف منتشر نہ ہوئے' مطلب دل کا بخوبی تمام کہے اور بوقت صبح فال دیکھنا بہت اچھا ہوتا ہے' یا وقت شام بھی نیک ہے۔

نقشہ فالنامہ شیرازیؒ یہ ہے

د	ب	ک	ج	ر	ر	ہ	س	ی	ا
س	ا	ن	ی	ا	ب	ف	و	ی	ہ
ا	د	د	م	ل	ر	م	ی	ب	ی
ط	ن	ی	ن	ا	ب	ش	ف	ل	ا
ق	ا	ب	ت	ش	ل	ب	د	د	ا
و	گ	ی	ل	د	و	ب	ب	ر	ی
ہ	ت	ب	م	ر	ہ	ر	ج	ہ	ک
ش	ذ	د	ل	و	ا	و	م	و	ب

فالنامہ

سولہ سوال (سوال اور اس کا جواب)

جب کسی کام کے نیک و بد انجام کو دیکھنے کے لیے اپنی قسمت کا حال دیکھنا ہو تو بوقت ضرورت اپنے سوال کو جس کا نتیجہ دیکھنا مطلوب ہو' جدول سوالات سے دیکھ کر اُس کو اپنے دل میں رکھ لو' اور بعد ازاں ہر ایک سطر سے قادر مطلق کو یاد کر کے اپنے پاس اس مقصد کے خیال میں ۴ سطریں نقطوں کی ایک سانس میں کم از کم اور زیادہ جس قدر خواہش ہو بناؤ۔ اور بعد ازاں ہر ایک سطر کے نقطہ کو شمار کرو' طاق ہو تو (۱) لکھو' اگر جفت ہو تو (۲) لکھ دو چاروں سطروں سے ایک شکل ہو جائے گی مثلاً سطر اوّل کے نقطہ جفت ہیں تو اس کی بجائے (۲) لکھ دو۔ دوسری کے طاق (۱) تیسری کے (۲) چوتھی کے بھی جفت (۲) چوتھی کے بھی جفت (۲) اس سے یہ شکل پیدا ہوتی (۲۲۱۲) اگر بر تقدیر کسی وقت جلدی میں ایسا نہ ہو سکے' تو پھر اپنے سوال کے مقابل سطر میں کسی ایک خانہ پر انگلی رکھ

Marfat.com

دو' اور بعد ازاں اس شکل کو اپنے سوال کے بالمقابل دیکھو' کہ اس خانہ کے اوپر کیا حرف لکھا ہے جو صرف اس شکل کے اوپر آپ کے مندرجہ سوال میں لکھا گیا ہے' اس حرف کو آئینہ تقدیر کے آئندہ کالموں میں دیکھو' جہاں وہ شکل اس حرف کے نیچے درج ہوگی' اس کو دیکھ کر اپنے سوال کے مطابق اس کا جواب دیکھو' جس کا نتیجہ ضرورت کے مطابق دریافت کنندہ کے حال پر بشارت کرے گا۔

سوالات	میری دلی خواہش پوری ہو جائے گی؟	میرا فلاں کام سرانجام ہو جائے گا؟	فلاں کام میں مجھ کو نفع یا نقصان ہوگا۔	مجھے کس کام سے فائدہ رہے گا۔	جو شخص چلا گیا ہے کب آئے گا	میری گمشدہ چیز مل جائے گی؟
ا	۲۱۲۱	۱۲۱۲	۲۲۲۱	۲۲۲۲	۱۲۱۱	۱۲۲۲
ب	۱۲۱۲	۲۱۲۱	۲۲۲۲	۱۲۱۱	۲۲۲۱	۲۲۱۲
ج	۲۱۲۱	۲۲۲۲	۱۲۲۱	۲۱۱۲	۲۲۲۱	۲۲۱۲
د	۲۲۲۲	۱۲۱۱	۱۲۲۱	۲۱۱۲	۲۲۱۲	۲۱۲۲
ر	۱۲۲۱	۲۱۱۲	۱۲۲۲	۲۱۱۲	۲۱۲۲	۲۲۱۱
ک	۱۲۲۱	۱۲۲۲	۲۲۱۲	۲۱۲۲	۲۲۱۱	۱۱۲۲
ص	۱۲۲۲	۲۲۱۲	۲۱۲۲	۲۲۱۱	۱۱۲۲	۲۱۱۱
ط	۲۲۱۲	۲۱۲۲	۲۲۱۱	۱۱۲۲	۲۱۱۱	۱۱۲۱
ع	۲۱۲۲	۲۲۱۱	۱۱۲۲	۲۱۱۱	۱۱۲۲	۱۱۱۲
ف	۱۱۲۲	۱۱۲۲	۲۱۱۱	۱۱۲۱	۱۱۲۲	۲۱۱۲
ق	۱۱۲۲	۲۱۱۱	۱۱۲۱	۱۱۱۲	۲۱۱۲	۱۱۱۱
ل	۲۱۱۱	۱۱۲۱	۱۱۱۲	۲۱۱۲	۱۱۱۱	۲۲۲۱
م	۱۱۱۲	۱۱۱۲	۲۱۱۲	۱۱۱۱	۲۲۲۱	۲۲۱۲
ن	۲۱۱۲	۲۱۱۲	۲۱۱۱	۲۱۱۲	۲۱۱۲	۲۱۱۲
و	۲۱۱۲	۲۲۱۱	۲۲۲۱	۲۲۱۲	۱۱۲۲	۲۲۲۱
ہ	۱۱۱۲	۲۲۲۱	۲۱۱۲	۲۲۱۱	۲۱۱۲	۲۱۱۱

Marfat.com

آئینہ تقدیر

سوالات کے مخفی جوابات

۱

شکل	تعبیر (جواب)
۲۲۲۱	یہ شکل تمہاری اُمیدوں کے لیے مبارک ہے۔
۱۲۱۲	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو وہ سرانجام ہوگا۔
۲۱۲۱	تم کو اس کام میں پریشانی رہے گی۔
۲۲۲۲	تمہاری قسمت کا ستارہ دوسری جگہ ناقص رہے گا۔
۱۲۲۱	وہ شخص عنقریب آنے والا ہے۔
۱۲۲۱	تمہاری گمشدہ چیز کا ملنا مشکل ہے لیکن کوشش کرنے سے سراغ مل جائے گا۔
۱۲۲۲	یہ سفر تمہارے لیے مفید نہیں ہے۔
۱۲۲۲	وہ شخص تم کو دل سے عزیز رکھتا ہے۔
۱۱۲۲	دونوں کے درمیان محبت رہے گی۔
۲۱۱۱	حمل کے گر جانے کا اندیشہ رہے گا خوش قسمت لڑکے کا تصور کیا گیا ہے۔
۲۲۱۱	یہ عورت تمہاری فرمانبردار نہ رہے گی۔
۱۱۱۲	مرض غالب ہے احتیاط سے علاج جاری رکھنا چاہیے۔
۲۱۱۲	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو کوشش کارگر ہونے کی کوئی اُمید نہیں۔
۲۲۱۲	یہ دن تمہارے لئے خوشی و آرام سے گذرے گا۔
۱۱۱۱	خواب کی تعبیر اچھی ہے، تمہاری قسمت کا ستارہ ترقی کرے گا۔

Marfat.com

ب

۱۲۱۲	یہ شکل بتاتی ہے کہ تم اپنے مقصد میں کامیاب ضرور ہو گے۔
۲۱۲۱	تم کو اس کام میں سوائے پریشانی کے کچھ بھی فائدہ نہ ہوگا۔
۲۲۲۲	یہ کام ذرا دیر سے فائدہ دے گا۔
۱۲۱۱	یہ تمہاری قسمت کا ستارہ تمہیں فائدہ سے محروم رکھے گا۔
۱۲۲۱	وہ شخص اُداس ہے جلد واپس آئے گا۔
۱۲۲۲	یہ چیز کسی عورت کے بھید سے گم ہوئی ہے کوشش میں مصروف ہو سراغ مل جائے گا
۲۲۱۲	یہ شخص ظاہر میں اچھا ہے، باطن میں خراب ہے۔
۲۱۲۲	یہ سفر اُمیدوں سے بہتری کے لیے فائدہ مند ہے۔
۲۲۱۱	وہ تم سے ظاہر میں محبت رکھتا ہے، اس کی طبیعت نفرت کرتی ہے۔
۱۱۲۲	اس عورت کا قدم تمہارے لیے مبارک ہے۔
۲۱۱۱	مرد عورت دونوں میں شکر نجی رہے گی۔
۱۱۲۱	طالع مند لڑکے کا تصور کیا گیا ہے۔
۱۱۱۲	طبیعت میں وہم ہو گیا ہے، خطرہ نہیں۔
۲۱۱۲	رہائی کی صورت مشکل ہے، کوئی کوشش کارگر نہ ہوگی۔
۱۱۱۱	یہ دن خوشی اور آرام سے گذرے گا۔
۱۲۲۱	خواب کی تعبیر نیک اور مبارک ہے۔

ج

۲۱۲۱	اُمیدوں میں طبیعت مایوس اور پریشان رہے گی۔

Marfat.com

۲۲۲۲	یہ کام پورے طور سے سرانجام نہ ہوگا۔
۱۲۱۱	بظاہر فائدہ مگر آخر میں نقصان پہنچے گا۔
۲۱۲۱	تم کو دوسری جگہ فائدہ رہے گا۔
۱۲۲۱	وہ شخص چند روز میں واپس آ جائے گا۔
۲۲۲۲	گم شدہ چیز نہیں ملے گی اس کی تلاش فضول ہے۔
۱۲۲۲	آدمی نیک نیت ہے' ایمانداری سے کام کرے گا۔
۲۲۱۱	یہ سفر اگر مشرق کی جانب ہے تو فائدہ ہونے کی کافی اُمید ہے۔
۱۱۲۲	وہ تم کو دلی دوست جانتا ہے۔
۲۱۱۱	یہ شادی پریشانی دینے والی ہے۔
۱۱۲۱	دونوں کی طبیعت تلخ سخن' جہت تند مزاج ہے۔
۱۱۱۲	اس عورت کے فرزند تولد ہوگا۔
۲۱۱۲	کسی شخص نے اس پر افسوس کیا ہے۔
۱۱۱۱	کوشش کرنے سے بہتری کی صورت نمودار ہو جائے گی۔
۲۲۲۱	یہ دن اچھا اور فائدہ مند ہے۔
۱۲۲۲	اس خواب کا نتیجہ تمہارے لئے اچھا ہے۔

و

۲۲۲۲	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو سرانجام نہ ہوگا۔
۱۲۱۱	جس پر تم اعتبار کرتے ہو' وہ نقصان دے گا۔
۱۲۲۲	تمہارا طالع دوسرے میں مفید نہیں ہے' بچنا چاہیے۔
۲۲۱۲	یہ شخص بڑی مشکل سے بہت دیر کے بعد واپس آ جائے گا۔
۲۱۲۲	یہ چیز کوشش کرنے سے ملے گی۔

Marfat.com

۲۲۱۱	یہ آدمی اچھا ہے کام دیانت داری سے کرے گا۔
۱۱۲۲	تمہارا ارادہ فضول ہے، تم سفر کو نہیں جاؤ گے۔
۲۱۱۱	اس کی دوستی قابل اعتبار نہیں ہے۔
۱۱۲۱	یہ شادی تم کو نیک اور مبارک نہیں ہے۔
۱۱۱۲	دونوں کی زندگی اچھی گزرے گی۔
۲۱۱۲	یہ شکل بتاتی ہے کہ اس عورت کے وضع حمل سے لڑکی ہوگی۔
۱۱۱۱	مرض غالب ہے صحت مشکل سے ہوگی۔
۲۲۲۱	کوشش کرو بہتری ہوگی طالع ہوگی۔
۱۲۱۲	طبیعت منتشر اور فکر مند رہے گی۔
۲۱۲۱	یہ خواب نقصان رساں ہے۔

ز

۱۲۱۱	خوش نصیبی تمہارا ساتھ دیتی ہے مراد ضرور بھر آئے گی۔
۱۲۲۱	یہ کام ہرگز ہرگز نہ ہوگا کوشش فضول اور رائیگاں جائے گی۔
۲۲۱۲	دوسری جگہ چلے جانے سے کام اچھا بن جائے گا۔
۱۲۲۲	ایک ماہ کے اندر واپس آ جائے گا۔
۲۲۲۱	یہ چیز کسی زیر دست ہاتھ میں چلی گئی ہے اس کا خیال چھوڑ دینا چاہئے۔
۱۱۲۱	اس کی ایمانداری میں شبہ نہیں ہے۔
۲۱۲۱	سفر میں تم کو فائدہ نہیں، نقصان ہے۔
۱۱۲۲	یہ شخص ظاہر میں تمہارا دوست ہے، مگر باطن میں تم کو اچھا نہیں جانتا۔
۱۱۱۲	یہ شادی نیک اور مبارک ہے۔
۲۱۱۲	دونوں کا مزاج موافق نہ ہوگا۔

Marfat.com

۱۱۱۱	حمل لڑکی کا تصور کیا گیا ہے۔
۲۲۲۱	مریض صحت پائے گا اس کو پرہیز کی تاکید کرنی چاہیے۔
۱۲۱۲	قید سے رہائی مشکل ہے خواب کی تعبیر صحت کے ناقص ہے۔
۲۱۲۱	یہ دن نحوست اور پریشانی سے گزرے گا۔

س

۱۲۲۱	تمہارا طالع نحوست میں ہے' اس لیے کام بگڑ جانے کا خطرہ ہے۔
۱۲۲۲	یہ کام بڑی کوشش سے سرانجام ہوگا۔
۲۱۲۲	اس کام کے لیے دوسرے شہر میں جانے سے فائدہ ہوگا۔
۲۲۱۲	طالع ناقص ہے کام میں پریشانی ہوگی۔
۲۲۱۱	اس شخص کے آنے میں دیر ہے۔
۱۱۲۲	فکر مت کرو چیز تم کو مل جائے گی۔
۱۲۱۱	یہ شخص بڑا چال باز اور مطلب پرست ہے۔
۱۱۲۱	یہ سفر تم کو تکلیف اور نقصان پہنچائے گا۔
۱۱۱۲	وہ تمہاری محبت میں صادق ہے۔
۱۲۱۲	یہ شادی تمہارے لئے مضر ہوگی۔
۱۱۱۱	دونوں کی طبیعت متحمل و جان نثار ہوگی۔
۲۲۲۱	حاملہ کو لڑکا پیدا ہوگا۔
۱۲۱۲	مرض غالب ہے' مشکل سے صحت ہوگی۔
۲۱۲۱	کوشش کا ستارہ مدھم ہے' آرام بہت کم ملنے کی اُمید ہے۔
۱۲۱۱	تمہارا خواب اچھا ہے کسی دوست سے ملاقات ہونے والی ہے۔

Marfat.com

ص

۱۲۲۲	بڑی مشکل سے کچھ امید بہتری کی نظر آئے گی، کوشش کرنی چاہیے۔
۲۲۱۲	یہ کام سرانجام نہیں ہوگا۔
۲۱۱۲	تمہاری قسمت بلند ہے اس لیے تمہارا ساتھ دے گی۔
۱۱۲۲	اس کے آنے میں ابھی دیر ہے خط آئے گا۔
۲۱۱۱	چیز تم کو نہیں ملے گی، کوشش فضول ہے۔
۱۱۲۱	یہ آدمی خودغرض اور مطلب، پرست ہے۔
۱۱۱۲	یہ سفر تمہاری اُمیدوں کی بہتری کے لیے مفید ہے۔
۲۱۱۲	یہ شخص تم کو دوست سمجھتا ہے۔
۱۱۱۱	یہ عورت تمہارے لئے منحوس ہے۔
۲۲۲۱	دونوں کی زندگی با آرام گزرے گی۔
۱۱۱۲	لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
۲۱۲۱	مریض کو صحت ہو جائے گی صدقہ ضروری دینا چاہیے۔
۲۲۲۲	رہائی ہونی بہت دشوار ہے۔
۱۲۱۱	طبیعت کا میلان خوشی کے کاموں میں متوجہ ہوگا۔
۱۲۲۱	خواب کا نتیجہ اچھا ہے مشکل حل ہوگی۔

b

۲۲۱۲	تمہارا کام حسب منشا سرانجام ہوگا۔
۲۱۲۲	تمہارا ستارہ بلند ہے، اس کام سے ضرور فائدہ ہوگا۔
۲۲۱۱	قسمت پر شاکر رہو، کسی شہر میں ستارہ چمکنے والا ہے۔

Marfat.com

۱۱۲۲	اس کے آنے میں توقف ہے خبر پہنچے گی۔
۲۱۱۱	جس شخص نے یہ چیز لی' وہ دغا باز ہے۔
۱۱۱۲	نیک نیت ایماندار ہے فائدہ کم رہے گا۔
۲۱۱۲	سفر فائدہ مند ہے اپنے کار منصبی کو پورا کرنے کی ضرور کوشش کرنی چاہیے
۱۱۱۱	اس کی دوستی قابل اعتبار نہیں ہے۔
۲۲۲۱	یہ شادی تمہارے لئے مبارک ہے۔
۲۲۲۲	تمہارا طالع منحوس ہے' کام میں رُکاوٹ پیدا ہوگی۔
۱۲۱۲	دونوں کی زندگی جھگڑے میں گزرے گی۔
۲۱۲۱	حمل اگر ساقط نہ ہو جائے' تو لڑکا پیدا ہوگا۔
۲۲۲۲	مرض غالب ہے صحت نہ ہوگی۔
۱۲۱۱	کوشش کرنے سے بہتری کی صورت ہوگی۔
۱۲۲۱	فکر اور نقل و حرکت میں وقت زیادہ گزرے گا احتیاط لازم ہے۔
۱۲۲۲	خواب کا نتیجہ اچھا نہیں ہے اغلب ہے کہ طبیعت علیل ہو جائے۔

ع

۲۱۲۲	قسمت اچھی ہے' دل کی مراد بَر آئے گی کامیاب ہوگا۔
۲۲۱۱	یہ کام انجام کو پہنچے گا فکر مت کرو۔
۱۱۲۲	یہ کام تم کو اچھا فائدہ مند رہے گا۔
۲۱۱۱	تمہاری قسمت کا ستارہ دوسرے شہر میں چمکے گا۔
۱۱۲۲	طالع اچھا نہیں' مدت کے بعد آئے گا۔
۱۱۱۲	یہ چیز لینے والا تمہارا دوست ہے' مشکل سے ملے گا۔
۲۱۱۲	یہ شخص اچھا ایماندار ہے۔ دیانتداری سے کام کرے گا۔

Marfat.com

۱۱۱۱	یہ سفر آپ کے واسطے مبارک ہے۔
۲۲۲۱	وہ تم کو ظاہر میں دوست، باطن میں دشمن جانتا ہے۔
۱۲۱۲	عورت طالع مند ہے شادی مبارک ہے۔
۲۱۲۱	دونوں کی زندگی بدمزگی سے گزرے گی۔
۲۲۲۲	طالع مند لڑکی کا تصور کیا گیا ہے۔
۱۴۱۱	مرض کوئی نہیں، طبیعت جلد درست ہو جائے گی۔
۱۲۱۱	طالع اچھا نہیں، رہائی مشکل ہے۔
۱۲۲۲	یہ دن منحوس ہے فکر و تشویش سے گزرے گا۔
۲۲۱۱	خواب کی تعبیر اچھی نہیں، جسم میں چوٹ لگے گی۔

ق

۱۲۲۱	یہ شکل ظاہر کرتی ہے کہ آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔
۲۱۱۱	یہ کام ہرگز سرانجام نہ ہوگا کوشش مت کرو۔
۱۱۲۱	یہ تمہارا کام راستی پر نہیں آئے گا۔
۱۱۱۲	طالع اس جگہ کمزور ہے، دوسری جگہ فائدہ رہے گا۔
۲۱۱۲	اس کا واپس آنا اس مکان میں نہیں ہے۔
۱۱۱۱	یہ چیز کسی زبردست ہاتھ میں چلی گئی ہے مشکل سے ملے گی۔
۲۲۲۱	یہ شخص ایمان دار ہے اس کے کام سے تم کو فائدہ ہوگا۔
۱۲۱۲	سفر امیدوں کے مبارک ہے۔
۲۱۲۱	اس کی دوستی والفت پر اعتبار مت رکھو۔
۲۲۱۲	یہ شادی تمہارے لیے بہتری کا سامان ہے۔
۱۲۲۱	دونوں کی زندگی موافق و جان نثار رہے گی۔

Marfat.com

۲۱۱۲	طالع لڑکے کا تصور کیا گیا ہے۔
۱۲۲۲	صحت ہو جانی مشکل ہے مرض غالب رہے گا۔
۲۲۱۲	رہائی کی صورت مشکل ہے کوشش کارگر نہ ہوگی۔
۲۱۲۲	یہ دن مبارک ہے کسی عزیز سے ملاپ ہوگا۔
۲۲۱۱	خواب اچھا ہے' کوئی بگڑا ہوا کام راستی پر آئے گا۔

ل

۲۱۱۱	طالع منحوس' طبیعت مایوس الامید رہے گی۔
۱۱۲۱	یہ کام بجائے' فائدہ کے نقصان دہ ثابت ہوگا۔
۱۱۱۲	طالع نیک ہے' اس کام میں تم کو اچھا فائدہ رہے گا۔
۲۱۱۲	دوسرے شہر میں جانے سے فائدہ کی صورت نہ ہوگی۔
۱۱۱۱	واپسی کا خیال سردست ترک کر رہا ہے۔
۲۲۲۱	یہ چیز کسی زبردست ہاتھ میں چلی گئی ہے مشکل سے ملے گی۔
۱۲۱۲	ایمانداری میں شبہ نہیں' تند مزاج ضرور ہوگا۔
۲۱۲۱	تم کو سفر میں پریشانی و تکلیف ہوگی۔
۲۲۲۲	اس سے زیادہ ملاپ نہ رکھو' قابل اعتبار نہیں ہے۔
۱۲۱۱	یہ شادی نیک طالع اور فائدے مند ہے۔
۲۱۲۱	عورت مزاج کے موافق نہیں ہوگی۔
۱۲۲۲	طالع لڑکی کا تصور کیا گیا ہے۔
۲۲۱۲	مرض غالب رہے' مریض شفا مشکل سے پائے گا۔
۲۱۲۲	کوشش کرو بہتری کی صورت ہو جائے گی۔
۲۲۱۱	یہ دن مبارک اور فائدہ مند ہے۔

Marfat.com

۱۱۲۲	خواب کا نتیجہ بہتر اور فائدہ مند ہے۔

م

۱۱۱۱	اس کام میں ہاتھ نہ ڈالیں، بگڑ جائے گا۔
۱۲۱۲	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو سرانجام ہو جائے گا۔
۲۱۱۲	تمہاری قسمت بلند ہے اس کام سے نفع بہت اچھا ہوگا۔
۱۱۱۱	دوسری جگہ ستارہ بلندی پر رہے گا۔
۲۲۲۱	یہ شخص جلدی واپس آ جائیگا۔
۱۲۱۲	جو چیز تمہاری چلی گئی ہے مل جائے گی۔
۲۱۲۱	اس کی ایمانداری پر بھروسہ مت رکھو۔
۲۲۱۱	تمہارا خیال باطل ہے سفر سے فائدہ نہیں ہوگا۔
۱۲۱۱	وہ تم کو عزیز دوست جانتا ہے۔
۱۲۲۱	یہ عورت تمہارے لیے پر تشویش گزرے گی۔
۱۲۲۲	دونوں کی زندگی باہم موافقت سے گزرے گی۔
۲۲۱۲	طالع اچھا ہے وضع حمل سے لڑکا ہوگا۔
۲۲۱۱	رہائی کی صورت ہو جائے گی کوشش کرو۔
۱۱۲۲	یہ دن اچھا ہے مبارک گزرے گا۔
۲۱۲۲	طالع نیک ہے مریض صحت پائے گا۔
۲۱۱۱	خواب کی تعبیر ناقص ہے دشمن کا خوف ہے۔

ن

۱۱۱۲	یہ کام تمہارا راستی پر آ جائے گا فکر مت کرو۔

Marfat.com

۲۱۱۲	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو سرانجام ہوگا۔
۱۱۱۱	اسی پر قناعت رکھو دوسرے کام میں فائدہ نہ ہوگا۔
۲۲۲۱	دوسری جگہ طالع رہے۔
۱۲۱۱	اس کے جلد آنے کی اُمید نہ رکھو۔
۲۱۲۱	یہ چیز کسی زبردست ہاتھ میں چلی گئی ہے مشکل سے ملے گی۔
۲۲۲۲	اس کی ایمانداری پر بھروسہ مت رکھو۔
۱۲۱۱	یہ سفر آپ کے واسطے فائدہ مند ہے۔
۱۲۲۱	اس کی دوستی پر ہرگز اعتبار نہ کرو۔
۱۲۲۲	یہ عورت شادی کے لیے مبارک نہیں ہوگی۔
۱۱۲۱	دونوں کی زندگی پریشانی میں گزرے گی۔
۱۱۲۲	اس کے گھر لڑکی پیدا ہوگی۔
۲۱۲۲	مرض سے صحت ہونی مشکل ہے۔
۱۱۲۲	رہائی کی صورت مشکل ہے کوشش کارگر نہ ہوگی۔
۲۱۱۱	یہ دن بجائے خوشی کے پریشانی میں گزرے گا محتاط رہنا چاہیے
۱۱۲۲	خواب کی تعبیر ناقص ہے۔

و

۲۱۱۲	طالع وسعادت میں نیک ہے کوشش کرنے سے مراد بھر آئے گی۔
۱۱۱۱	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو پورا ہو جائے گا۔
۲۲۲۱	تمہاری قسمت بلند ہے اس کام سے نفع ہوگا۔
۱۱۲۲	تمہاری بہتری اس جگہ چند دن میں ہو جائے گی۔
۱۲۲۱	اس کا سر دست واپس آنا مشکل ہے۔

Marfat.com

۲۲۱۲	یہ چیز کسی زبردست قبضہ میں چلی گئی ہے۔
۱۱۱۱	یہ شخص بڑا چالاک ہے اس پر اعتبار نہ کرنا چاہیے۔
۲۲۲۱	سفر میں تکلیف ہوگی ارادہ مت رکھو۔
۲۲۲۲	اس کی دوستی قابل اعتبار نہیں۔
۲۲۱۲	یہ عورت ہمیشہ لڑائی جھگڑے سے تنگ رکھے گی۔
۲۱۲۲	دونوں کی زندگی با آرام گزرے گی۔
۲۲۱۱	طالع لڑکے کا تصور کیا گیا ہے۔
۱۱۲۲	مرض سے صحت ہونی مشکل ہے۔
۱۱۲۱	یہ دن منحوس حالت میں پریشانی سے گزرے گا۔
۱۱۱۲	خواب کی تعبیر نیک اور مبارک ہے۔

ی

۱۱۱۱	جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو دیر سے ہوگا۔
۲۲۲۱	یہ کام سرانجام ہو جائے گا۔
۱۲۱۲	جس کام سے فائدہ کی اُمید رکھتے ہو وہ کرو۔
۱۲۱۲	دوسری جگہ چلے جاؤ فائدہ ہوگا۔
۲۲۲۲	اس کے آنے کی اُمید ترک کر دو۔
۱۲۱۱	وہ چیز کسی عورت کے بھید میں چلی گئی ہے۔
۱۲۲۱	تم اس پر اعتبار مت رکھو یہ بڑا چالاک ہے۔
۱۲۲۲	یہ سفر آپ کے لیے مفید نہیں ہے۔
۲۲۱۲	وہ تم کو ظاہر میں دوست، باطن میں دشمن جانتا ہے۔
۲۱۲۲	یہ شادی نیک اور مبارک ہے۔

Marfat.com

۲۲۱۱	دونوں کی زندگی موافق اور جان نثار رہو گی۔
۱۲۲۲	طالع لڑکی کا تصور کیا گیا ہے۔
۲۱۱۱	صحت ہو جائے گی بیمار پرہیز کرے۔
۱۱۲۱	رہائی کی اُمید ہرگز نہ رکھو طالع اچھا نہیں ہے۔
۱۱۱۲	یہ دن آرام وخوشی سے گزرے گا۔
۲۱۱۲	خواب کی تعبیر اچھی اور مفید ہے۔

عمل مجرب

جب کوئی کام نہایتِ مشکل اور سخت واقعہ ہو تو اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اس احصار کو قبلہ رو ہو کر ایک مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے وہ یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ آیۃ الکرسیٰ دل قرآن، آپ چیلے تو رحمان۔ ہلکے ہلکے سات آسمان ساتوں کے لئے ایک دربان۔ پاؤں رکھے جبرئیل علیہ السلام۔ دھڑ رکھے رحمان۔ کمر رکھے محمد مصطفٰے ﷺ۔ سر رکھے رحمان۔ وجود بارگاہ، رسول بارگاہ، چلا کرے چھالوہ کرے، جادو کرے، جو جو کرے سو مرے، الٹ کر اس کا اسی پر پڑے، سب ملے، حضرت محمد مصطفٰے ﷺ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ط مگر جس کام کے واسطے وہ کام ایسا ہو کہ کسی سے نہ ہو سکتا ہو، اُس وقت غسل کرے اور یہ حصار پڑھنے بیٹھے۔ ہر کام کے واسطے نہایت مجرب ہے۔ لیکن ایک سو ایک بار پڑھے۔

انسانی جسم سے قیافہ تقدیر

بے شک قدرت نے انسان کی وضع قطع اور بناوٹ میں مختلف قسم کی کچھ ایسی نشانیاں اور علامتیں رکھی ہیں جنہیں گویا نوشتہ تقدیر سمجھنا چاہیے جسم کا ہر خط وخال، اور چھوٹائی، بڑائی، لمبائی اور ہر حرکات وسکنانات قدرت کا آئینہ ہیں جس میں ہمیں اپنی اپنی تقدیر کی صورت نظر آ سکتی ہے۔

Marfat.com

اعضاء کے پھڑکنے کا قیافہ

عضو کا نام	قیافہ یعنی اثر و نتیجہ
ماتھا پھڑکنا	نئی ملازمت ملے گی، یا تنخواہ میں ترقی ہوگی، یا سفر پیش آئے گا۔
سر پھڑکنا	مدعا حاصل ہوگا۔
داہنا ابرو پھڑکنا	نوکری ملے گی، یا نفع حاصل ہوگا۔
بایاں ابرو پھڑکنا	وراثت ملے گی، یا مال ہاتھ آئے گا۔
پشت پھڑکنا	دولت ملے گی یا سفر پیش آئے گا۔
داہنی آنکھ پھڑکنا	جھوٹا الزام لگے گا بدنامی ہوگی۔
بائیں آنکھ پھڑکنا	بیوی کا انتقال ہوگا یا اس سے جدائی ہوگی۔
داہناں کان پھڑکنا	خلاف اُمید فائدہ حاصل ہوگا۔
بایاں رخسار پھڑکنا	بیماری میں مبتلا ہوگا خوشخبری ملے گی۔
داہنا رخسار پھڑکنا	کوئی آفت آئے گی۔
داہنے ہاتھ کی انگلیاں	مخالف مغلوب ہو جائے گا۔
اوپر کا ہونٹ پھڑکنا	راحت اور کامرانی حاصل ہوگی۔
نیچے کا ہونٹ پھڑکنا	دوست سے ملاقات ہوگی۔
دونوں ہونٹ پھڑکنا	دشمن سے مقابلہ ہوگا، یا دوست یاد کرے گا۔
گلا و گردن پھڑکنا	نفع ہوگا نعمتیں ملیں گی اگر بائیں جانب سے پھڑکے، تو دوست سے ملاقات ہوگی۔
داہنا کندھا پھڑکنا	رنج اور تشویش ہوگی۔
بایاں کندھا پھڑکنا	دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

Marfat.com

داہنا بازو پھڑکنا	دوست سے ملاقات ہوگی۔
بایاں بازو پھڑکنا	کسی عزیز سے ملاقات ہوگی یا فرض سے سبکدوشی یا خوش نصیبی ہوگی۔
داہنی بغل پھڑکنا	دولت ہاتھ آئے گی۔
بائیں بغل پھڑکنا	مرتبے میں ترقی ہوگی۔
زانوں دران پھڑکنا	تشویش ہوگی مرتبہ بڑھے گا۔
بائیں ہاتھ کی انگلیاں	سفر سے فائدہ ہوگا۔
سینہ پھڑکنا	رنج اور پریشانی لاحق ہوگی۔
داہنا پستان پھڑکنا	غم تردد اور رنج ہوگا۔
بایاں پستان پھڑکنا	لڑکا پیدا ہوگا۔
دل پھڑکنا	غم اور تشویش لاحق ہوگی۔
داہنا پہلو پھڑکنا	مالی نقصان ہوگا۔
بایاں پہلو پھڑکنا	سفر پیش آئے گا۔
پیٹ پھڑکنا	آرام وراحت نصیب ہو۔
پنڈلی پھڑکنا	مخالف سے صلح ہوگی لڑکا پیدا ہوگا۔
تلوا پھڑکنا	کوئی نامراد خبر ملے گی' اور سفر سے تکلیف ہوگی۔
پاؤں کی پشت	مرتبے میں ترقی ہوگی۔
بائیں بغل	مرتبے میں ترقی ہوگی۔
پنجہ پھڑکنا	رزق میں اضافہ ہوگا۔
داہنی ہتھیلی پھڑکنا	دولت ملے گی۔
بائیں ہتھیلی پھڑکنا	پیسہ خرچ ہوگا۔

Marfat.com

مرد کے اعضاء پر خال! یعنی تل کا قیافہ

خال کا نام	قیافہ یعنی اثر و نتیجہ
سر	ہر دلعزیز ہوگا' اور عزت پائے گا۔
پیشانی	بلند اقبال' مالدار' اور معزز ہوگا۔
داہنی طرف	نیکی میں شہرت پائے گا' لیکن بھائیوں کی طرف سے آرام نصیب ہوگا
ابرو	ہمیشہ سفر پر رہے گا' یا ملازمت ایسی جگہ ملے گی' جہاں ہمیشہ سفر ہی کرنا پڑے گا۔
دونوں ابروؤں کے درمیان خال	مرد کو خوش جمال بیوی' اور عورت کو خوبصورت خاوند ملے گا' اور لڑکا پیدا ہوگا۔
داہنا رخسار	مالدار' بلند اقبال' نیک اطوار' اور خوش وضع ہوگا۔
بایاں رخسار	غریب' مفلس' ناکام' عیش پرست اور ذلیل وخوار ہوگا۔
اوپر کا ہونٹ	عیش پرست' نفاست پسند' اور ناقابل محبت ہوگا مگر مدعا حاصل ہوگا۔
نیچے کا ہونٹ	کنجوس' حسد کرنے والا' فریبی اور خود غرض ہوگا۔
لب کا گوشہ	مالدار' کامیاب' حیادار' عالم اور حلیم الطبع ہوگا۔
ٹھوڑی پر	سیانا' مالدار اور کفایت شعار ہوگا۔
گردن پر	تلوار وغیرہ سے قتل کیا جائے گا' یا پھانسی کی سزا ملے گی۔
سینہ کے درمیان	اولاد والا' بلند اقبال' عالم اور مالک جائیداد ہوگا۔
سینہ کی دائیں جانب	زندگی دکھ اور پریشانی میں کٹے گی بیوی کا فرمانبردار ہوگا۔
سینہ کی بائیں جانب	حسن پرست ہوگا بیوی سے جھگڑا کرے گا۔
کمر پر	دولت ملے گی' سفر درپیش آئے' فوج کی ملازمت میں زندگی بسر ہو۔

Marfat.com

گلے اور پیٹ پر	زمینداری سے فائدہ حاصل ہوگا۔
ہتھیلی پر	مالدار اور خوش وخرم رہے گا۔
ہتھیلی کی پشت پر	امیر ہوگا لیکن آمدنی زیادہ کرے گا۔

عورت کے جسم پر خال کا قیافہ!

خال کا مقام	قیافہ یعنی اثر اور نتیجہ
۱	عورت کے داہنے ابرو پر خال' ذی اقتدار امیر اور حسین مرد کے ساتھ شادی ہونے کی دلیل ہے۔
۲	ابروؤں کے درمیان خال' وفاداری اور دلدادگی کی علامت ہے۔
۳	داہنے رخسار پر خال! بلند اقبال شوہر ملنے کی دلیل ہے۔
۴	بائیں رخسار پر خال! چھوٹے مرد کے ساتھ شادی ہونے کی دلیل ہے ایسی عورت جب سسرال جاتی ہے تو ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔
۵	ٹھوڑی پر خال! نیک بخت اور خوش نصیب ہونے کی علامت ہے۔
۶	سینے پر خال! وفا شعاری' ذہانت اور مستقل مزاج ہونے کی علامت ہے۔
۷	کان پر خال کا نشان! فکر وغم میں زندگی گزرنے' اور اولاد بدعادت ہونے کی علامت ہے۔
۸	داہنے ہاتھ پر خال! صاحب اولاد' اور خوش نصیب ہونے کی دلیل ہے۔
۹	لب پر خال! کسی امیر مرد کے ساتھ شادی ہوگی' اور لڑکے زیادہ پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

باقی تمام حالات اور ساخت اعضاء کے افعال وحرکات مردوں اور عورتوں میں یکساں ہوتے ہیں اور جن امور کا علیحدہ علیحدہ ذکر کرنا ضروری ہے وہ درج ذیل کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مردانہ اعضاء سے قیافہ

جسم انسانی

سخت جسم:

استقلال طبع، عقلمندی، عالی ہمتی، متانت، جرأت اور شجاعت کی علامت ہے۔

نرم جسم:

پست ہمتی، ڈرپوک ہونے اور معمولی سی شکل سے مضطرب ہو جانے کی نشانی ہے جو جسم نہ زیادہ سخت ہو اور نہ زیادہ نرم وہ رحم دل، حسن خلق، محبت دل کی صفائی، اور نیک طبعی کی نشانی ہے ایسے شخص کا رجحان طبع نیک کاموں کی طرف زیادہ ہوتا ہے۔

قد:

سیدھا قد، لمبا اور لاغر جسم، بہادری، سنگ دلی، اور تکبر کی نشانی ہے، ایسا شخص فریب کار جزرس، اور مشکل سے خوش ہونے والا ہوتا ہے۔

قد چھوٹا اور جسم فربہ:

لوگوں کو دیکھ دیکھ کر جلنے، لغو باتیں کرنے، بدگمانی اور سریع الاعتقادی کی نشانی ہے۔ ایسا آدمی سخت کمینہ، مذبوط، احسان کو بھلا دینے والا، اور بیوقوف ہوتا ہے۔

قد چھوٹا، جسم لاغر اور راست:

دانشمند، دلیر، باوفا، مگر فریب کار بھی ہوتا ہے، جو آدمی جھک کر چلے، وہ راز دار اور محنتی ہوتا ہے اور معقول دلیل کے بغیر کسی بات کو تسلیم نہیں کرتا۔

قد کے لحاظ سے عمر:

جس شخص کا قد نوے انگشت ہو، اس کی عمر تیس سال ہوگی، اکیانوے ہو تو بتیس سال اور بانوے ہو، تو چالیس سال ہوگی۔ اسی طرح ایک سو دس انگشت تک پانچ سال فی انگشت اضافہ کرتے جاؤ یہاں تک کہ ایک سو دس انگشت لمبے قد والے کی عمر ایک سو تیس سال کی ہوگی۔

Marfat.com

اس کے بعد ایک سو گیارہ انگلی لمبے قد والے شخص کی عمر ایک سو پینتیس' اور ایک سو بارہ والے کی ایک سو چالیس سال ہوگی اسی طرح پر سات فی انگشت بڑھاتے جاؤ حتیٰ کہ ایک سو بیس انگلی لمبے قد والے شخص کی عمر دو سال ہوگی' اگر قد ایک سو بیس انگلی سے بھی لمبا ہو تو عمر و جاہ ذی کی علامت ہے۔ واللہ علم بالصواب۔

رفتار

۱	اگر رفتار تیز ہو' قدم چھوٹا پڑے' اور زود رنج ہو' تو سمجھنا چاہیے کہ ایسا آدمی کاروباری' نرم دل' عالی طبع اور بہادر ہوتا ہے۔
۲	اگر کوئی شخص لمبے لمبے قدم اٹھائے' تو جاننا چاہیے کہ اس کے اندر تحریک کا مادہ موجود ہے مگر قابل اعتبار نہیں ہوتا' کیونکہ اس کا میلان بد معاملگی کی طرف ہوتا ہے۔
۳	جو شخص آہستہ چلنے کا عادی ہو' وہ تیز دماغ' محرک اور غور و فکر کرنے والا ہوتا ہے' دنیا کے مشہور بدترین اور ہمدردی بنی نوح انسان حرام دیکھے گئے ہیں اور ان میں کاہلی اور توقف بھی ہوتا ہے۔
۴	جس شخص کے پاؤں چپٹے ہوں' وہ ہمدرد اور بامروت ہوتا ہے۔
۵	ناہموار رفتار' تردد اور تلون کی نشانی ہے ایسا شخص کمزور طبع اور جلد ارادہ بدل لینے والا ہوتا ہے' اس کی رفتار کی حالت بھی بدلتی رہتی ہے۔
۶	جو شخص پیٹ اور سینہ نکال کر چلے' وہ خوش طبع ملنسار مگر متکبر ہوتا ہے۔
۷	ٹیڑھی چال چلنے والا شخص بزرگوں کا خادم ہوتا ہے۔

بال

۱	جس شخص کے بال سیدھے اور لمبے ہوں وہ بامروت اور صحیح الفطرت ہوتا ہے۔
۲	چھوٹے موٹے اور گھنے بالوں والا شخص بہادر' قوی' احمق' عاشق مزاج اور شہوت پرست ہوتا ہے۔

Marfat.com

۳	اگر ابرو اور کنپٹی پر گھنے بال ہوں، تو بے عقلی، زود اعتقادی، لغو گوئی اور سستی کی دلیل ہے۔
۴	جس شخص کی چانڈ کے بال گر جائیں، وہ خوش نصیب ہوتا ہے۔
۵	اگر بالوں کا رنگ سرخی مائل ہو تو وہ مضبوطی، غصہ، تکبر اور مکر و فریب کی نشانی ہے۔
۶	جس شخص کے بال گھنگریالے ہوں وہ دلیر، خوش طبع، عاشق مزاج، قوی، اور بے شعور ہوتا ہے۔
۷	سیدھے، ملائم اور سیاہ بال زندہ دلی اور صلح پسندی کی علامت ہیں۔
۸	جس آدمی کے بال زیادہ باریک ہوں وہ نیک طبع اور نازک مزاج ہوتا ہے۔
۹	بالوں کا سخت اور جسم کا مضبوط ہونا دلاوری اور شجاعت کی دلیل ہے۔
۱۰	جس شخص کی چھاتی پر بال ہوں، وہ صادق سعید اور باوفا ہوتا ہے پیٹ پر بالوں کا نہ ہونا کم عقلی کی دلیل ہے، اگلے حصے سر کے بال گر کر صاف جلد نکل آنا بلند اقبالی، مالداری، حاکم مزاجی اور علم و فضل کی علامت ہے پچھلے سر کے حصہ کے بال گر جانا ضد، عزت خاندان کی تمنا اور حامل جنات کی علامت ہے اور سارے جسم پر گھنے بال ہونا عیش پسندی کی دلیل ہے۔

سر

۱	سر کا بڑا ہونا سرداری کی نشانی ہے۔
۲	جس شخص کا سر نہ بڑا ہو نہ چھوٹا وہ عقلمند ہوتا ہے۔
۳	چار کونا سر غریبی کی نشانی ہے۔
۴	جس آدمی کا سر ٹیڑھا ہو وہ گناہ گار اور بدکار ہوتا ہے
۵	چھوٹا سر چوری اور نڈر ہونے کی نشانی ہے۔

ماتھا

۱	جس آدمی کی گول پیشانی ہو، وہ خیرات کرنے والا متقی اور دانا ہوتا ہے۔

Marfat.com

۲	پچکی ہوئی چھوٹی پیشانی! کوتاہ اندیشی، فتنہ انگیزی، بدقسمتی غریبی، اور کم عمری کی نشانی ہے۔
۳	جس شخص کی پیشانی گوشت سے بھری ہوئی ہو، وہ کم فہم متکبر، اور عالی حوصلہ ہوتا ہے
۴	اگر پیشانی شکنوں والی ہو، اور درمیان میں لکیر ہو، جو اسے دو حصوں میں تقسیم کر دے تو وہ بلند ہمتی، ذہانت اور فریب سے نفرت کرنے کی دلیل ہے۔
۵	جس آدمی کی پیشانی کھلی لمبی اور ذرا باہر نکلی ہو تو وہ دیانتدار اور سادہ مزاج ہوتا ہے۔
۶	پیشانی فراخ ہونا، بخشش، دانائی اور حسن اخلاق کی نشانی ہے۔
۷	اگر کسی شخص کی پیشانی پر بالوں کے قریب حوض میں ایک سیدھی لکیر اور طویل لکیر ہو تو اس کی عمر بیس سال ہوگی۔
۸	دو لکیریں ہوں، تو تیس سال
۹	تین ہوں، تو ساٹھ سال
۱۰	چار ہوں تو اسی سال
۱۱	پانچ ہوں تو سو سال
۱۲	اگر یہ لکیریں صاف اور گہری نہ ہوں، تو زندگی کا نصف حصہ وسط درجے میں بسر ہوتا ہے۔

چہرہ

۱	جس شخص کا چہرہ صاف ہو، وہ بلند اقبال ہوتا ہے۔
۲	زرد چہرہ ذہن کی تیزی اور عقلمندی کی نشانی ہے۔
۳	سرخی مائل گندمی رنگ خوشی کی نشانی ہے۔
۴	سفید رنگ، سستی اور غریبی کی علامت ہے۔
۵	سیاہ رنگ، بدمزاجی، وہم پرستی اور سودا کی نشانی ہے۔
۶	جس آدمی کا چہرہ ہرن یا چوہے جیسا ہو وہ غریب ہوتا ہے۔

Marfat.com

۷	جس شخص کے چہرے کا رنگ سبزی مائل ہو وہ عورت سے زیادہ محبت کرتا ہے۔
۸	خوش چہرہ بلند اقبالی کی نشانی یا علامت ہے۔
۹	بیضوی چہرہ عقلمند کی نشانی ہے۔
۱۰	ترچھا چہرہ شرارت کی نشانی ہے۔
۱۱	جس شخص کا چہرہ چوڑا ہو وہ پرہیز گار ہوتا ہے۔

بھنویں یعنی اَبرو

۱	کشادہ ابرو نیک طبع ہونے کی علامت ہے۔
۲	بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرح خمیدہ ابرو عزت والا اور صاحب سخاوت ہونے کی نشانی ہے۔
۳	باریک ابرو زندہ دل ہونے کی نشانی ہے۔
۴	بلند اور سخت ابرو چور ہونے کی علامت ہے۔
۵	چھوٹے ابرو کم عمر اور غریبی کی دلیل ہے۔
۶	ابرو آنکھ کے پاس رحم دل اور دانا ہونے کی نشانی ہے
۷	اَبرو آنکھ سے وور بے رحم اور بے وقوفی کی دلیل ہے۔
۸	دونوں اَبروؤں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہونا' سنگدلی' زود رنجی' ذہانت اور تلون طبع کی علامت ہے۔
۹	اگر ابروؤں کے درمیان کم فاصلہ ہو تو خلوص فہم اور ادراک اور حسن نیت کی دلیل ہے۔
۱۰	اگر دونوں ابرو ملے ہوں' تو عیاشی' عاشق مزاجی' اور مروت کی علامت ہے۔

آنکھ

۱	آنکھوں کا سفید و سیاہ' اور اس میں سرخ دھاریوں کا نمودار ہونا' نظر بازی عاشق مزاجی اور عورتوں سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

۲	چمکیلی اور بڑی آنکھیں، فہم و ادراک، زندہ دلی، بے خوفی اور صاف دلی کی علامت ہے ایسا شخص غریبوں کو اپنا بنا لیتا ہے۔
۳	بڑی اور اندر کی طرف گھسی ہوئی آنکھیں، حسد اور تکبر، ضدی، عیاری تلخ مزاجی، دلیری اور عیش پرستی کی دلیل ہے، ایسا شخص حافظہ کا قوی ہوتا ہے، اور اس کا اٹھنا اکثر تماش بینوں کے ساتھ ہوتا ہے۔
۴	آنکھوں کا سیاہ ہونا، نیک طبعی، دانائی، پرہیز گاری اور سعادت کی دلیل ہے۔
۵	ترچھی آنکھیں، بدنصیبی، سیاہ دلی، بدنیتی اور دروغ گوئی کی دلیل ہے۔
۶	سرخ آنکھیں تکبر، تلخ مزاجی، مطلب پرستی عیاری، اور حسد کی علامات ہیں ایسا شخص قطعاً قابل اعتماد نہیں ہوتا۔
۷	ابھری ہوئی اور بڑی آنکھیں، شرافت پسندی اور سادگی کی نشانی ہیں نیلی آنکھیں، عیش پسندی، ذہن کی تیزی، اور دولت مندی کی دلیل ہیں۔
۸	بیل جیسی آنکھیں، کم عقلی کمزوری حافظہ، بدن کی موٹائی اور بدقسمتی کی دلیل ہیں۔
۹	بلی جیسی آنکھیں مسکینی مگر داؤ پیچ میں پورا ہونے کی دلیل ہیں۔
۱۰	چھوٹی آنکھیں مکر و ریا کاری دلیری معاملہ فہمی مزاجی کی نشانی ہے۔
۱۱	بادامی آنکھیں شہوت پرستی اور عیاشی کی علامت ہے۔
۱۲	گلابی ڈورے والی آنکھ، عیش پرستی اور عاشق مزاجی کی آنکھیں ہیں۔
۱۳	دُور دُور آنکھیں، ذہن اور دانائی کی دلیل ہے۔
۱۴	قریب قریب آنکھیں، دغا اور مکر دریا کی علامت ہیں۔
۱۵	جو آدمی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کرے، وہ حافظ اور مخلص ہوتا ہے۔
۱۶	آنکھیں بند کر کے بولنا، مذہب پسندی کی دلیل ہے۔
۱۷	تھوڑی سی آنکھیں بند کر کے بولنا، مکر و فریب، عیاری اور عیش پرستی کی نشانی ہے۔

Marfat.com

۱۸	چور آنکھ سے دوسرے کی طرف دیکھنا کم گوئی شرم، چالاکی، حسد اور تنگ دلی کی علامت ہوتی ہے۔
۱۹	باتیں کرتے وقت آنکھیں چھپانا، سخاوت، نیک دلی ملنساری اور مروت کی دلیل ہے
۲۰	کرنجی آنکھیں، بے مروتی، صاف گوئی اور بد خلقی کی دلیل ہے۔
۲۱	ہلکے رنگ کی آنکھیں، ہمت و ثبات، نازکی، نرمی اور متانت کی دلیل ہے۔
۲۲	گہرے رنگ کی آنکھیں تلخ طبعی اور جذبہ کی مظہر ہیں۔
۲۳	نیلے رنگ کی آنکھیں، میانہ روی کی نشانی ہیں۔

ناک

۱	اونچی اور بڑی ناک معمول سے زیادہ شہوت پرستی اور معمول سے زیادہ غیرت وحیا کی علامت ہے۔
۲	چھوٹی ناک شہوت پرستی اور غیرت وحیا کے کم ہونے کی دلیل ہے۔
۳	درمیانی ناک، ذہین ہونے کی علامت ہے۔
۴	نوک دار ناک، نیک بختی کی دلیل ہے۔
۵	ٹیڑھی اور پتلی نامک، غریبی کی علامت ہے۔
۶	فراخ نتھنے مفلسی کی علامت ہے۔

نتھنے

۱	باریک نتھنے، وفا شعاری، اور نزاکت طبع کی دلیل ہیں۔
۲	کھلے نتھنے! بالعموم جوش ولولہ اور دلیری کے مظہر ہیں۔
۳	کم نتھنے، کم ہمتی اور بزدلی کی علامت ہیں۔

Marfat.com

کان

۱	بڑے کان، عقل اور دانش کی دلیل ہیں۔
۲	چھوٹے کان، بے وقوف ہونے کی نشانی ہے۔

رُخسار

۱	گوشت سے بھرے ہوئے رخسار دولت مندی کی علامت ہے۔
۲	لچکے ہوئے رخسار عیاشی اور عقلمندی کی علامت ہے۔
۳	دونوں رخساروں کا خوبصورت ہونا، اور گفتگو کے وقت ان میں گڑھے پڑ جانا نیک بختی اور مالداری کی دلیل ہے۔

ہونٹ

۱	موٹے ہونٹ، ذہین اور حسن پرست ہونے کی علامت ہے نیز دولت مندی متوسط درجہ اور ذلالت کی دلیل ہے۔
۲	پتلے ہونٹ، ذہانت، عقلمندی اور شوقین مزاجی کی علامت ہے۔
۳	بڑے ہونٹ، زود رنجی محنت اور کشادہ دلی کی علامت ہے۔
۴	جس شخص کے ہونٹ ہر وقت کھلے رہتے ہوں، وہ بے رحم، غریب رذیل اور خون ریز ہوتا ہے۔
۵	جس شخص کے ہونٹ اچھی طرح ملے رہیں وہ کام کا خیال رکھنے والا اور خود غرض ہوتا ہے۔
۶	سرخ ہونٹ، حکومت کی نشانی ہے۔

Marfat.com

ہنسی

۱	جو شخص قہقہہ لگا کر زور سے ہنسے، وہ بے وقوف اور فتنہ انگیز ہوتا ہے۔
۲	جو آدمی صرف مسکرائے وہ متین، مدبر اور قوی الجذبات ہوتا ہے
۳	دبی ہوئی ہنسی، مکر و فریب، عیاری اور شر انگیزی کی علامت ہے۔
۴	ہنستے وقت جس کی آنکھوں سے ہنسی کا اظہار ہو وہ حلیم الطبع، باوفا شریف ہوتا ہے۔

مُنہ

۱	بڑا منہ محنت شعاری، سادگی پسند، زود رنجی کی علامت ہے۔
۲	چھوٹا منہ، عقل مندی، شوخی، ذہانت اور خوبصورتی کی نشانی ہے۔
۳	درمیانہ منہ، دیانت داری، اور عقلمندی کی دلیل ہے۔

دانت

۱	چمکیلے دانت، حکومت یا کسی بڑے عہدے پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔
۲	بلی، بندر، گیدڑ اور چوہے جیسے دانت غریبی کی نشانی ہے۔
۳	۳۰ دانت، محنت شعاری کی علامت ہیں، عمر بھر روزی محنت سے ملے گی۔
۴	۳۲ دانت، علم و فضل کی علامت ہیں، تمام عمر ہر قسم کی تکلیف بھی ہوگی اور خوشی بھی
۵	بے قاعدہ دانت، اطمینان قلب کی علامت ہیں۔

زبان

۱	زبان سرخ بلند اقبالی کی نشانی ہے۔
۲	زبان سفید سچ بولنے والا، اور عالم باعمل ہونے کی علامت ہے۔

Marfat.com

۳	زبان نوک دار، مصنف مقرر یا مفتی ہونے کی علامت ہے۔
۴	زبان سیاہ فحش گوئی، اور بدزبانی کی علامت ہے۔
۵	زبان پتلی، خوش اخلاق اور عقل مندی کی دلیل ہے۔
۶	زبان موٹی، بے شعوری اور احمقی کی نشانی ہے۔

آواز

۱	جس شخص کی آواز بھاری اور اونچی ہو، تو وہ دیانتداری، اور بلند حوصلہ و متکبر ہوتا ہے ایسی آواز جلال اور بہادری کی بھی دلیل ہے۔
۲	جس آدمی کی آواز اونچی اور باریک ہو، تو وہ دور بین متذبذت خوشامدی اور ذہین ہوتا ہے۔
۳	جس شخص کی آواز تھوڑی اونچی اور کمزور ہو، صاحب خیالات اور دانا ہوتا ہے۔
۴	جس شخص کی آواز کمزور اور کانپنے والی ہو، وہ خطرناک، کم طاقت، وہمی دوسرے کو دیکھ کر جلنے والا کاہل ہوتا ہے۔

گفتار

۱	جو آدمی جلد جلد گفتگو کرے، وہ تیز مزاج، اور خود عادت ہوتا ہے۔
۲	جو شخص رُک رُک کر بولے، وہ نرم مزاج اور عقلمند ہوتا ہے۔

مونچھیں

۱	بڑی اور گھنی مونچھیں قوت، حکومت، اور کثرت شہوت کی دلیل ہے۔
۲	چھوٹے اور کم بالوں والی مونچھیں شہوت کی کمی، اور کمزوری کی نشانی ہیں۔

Marfat.com

ڈاڑھی

۱	گھنی ڈاڑھی، محنت شعاری، اور دیانت داری کی دلیل ہے، ایسا شخص ہر ایک سے میل جول رکھتا ہے۔
۲	چھوٹی ڈاڑھی، تند مزاجی تکبر، اور تنہائی پسندی کی نشانی ہے۔
۳	ڈاڑھی کا نہ ہونا، نسوانیت، اور خلقی کمزوری کی دلیل ہے، ایسا آدمی بہادر نہیں ہوسکتا۔

ٹھوڑی

۱	ٹھوڑی گول، مہمان نوازی، عقل مندی، ملنساری، سخاوت اور ثابت استقلال کی دلیل ہے
۲	ٹھوڑی آگے کو نکلی ہوئی لمبی کم فہمی، اور بے وقوفی کی دلیل ہے۔
۳	جس شخص کی ٹھوڑی میں گڑھا پڑے، وہ شرم و حیا والا، اور محبت کرنے کا عادی ہوتا ہے۔
۴	ٹھوڑی کا نہ ہونا، ڈرپوک ہونے اور نفس پرستی کی علامت ہے۔

گردن

۱	اونچی گردن نیک بختی کی دلیل ہے۔
۲	چھوٹی گردن نحوست اور دولت مندی کی نشانی ہے۔
۳	صراحی دار گردن، سرداری اور حکومت کی دلیل ہے۔
۴	بھینس کی مانند گردن، سرداری کی دلیل ہے۔
۵	شیر جیسی گردن، پہلوانی کی نشانی ہے۔
۶	مچھلی سے مشابہ گردن، ناکامی کی علامت ہے۔

Marfat.com

گلا

۱	گلا گوشت سے بھرا ہوا' امیری کی نشانی ہے۔
۲	گلا کم گوشت والا' اور لمبا فارغ البالی کی دلیل ہے۔

کندھے

۱	کمزور کندھے' ضعف دل و دماغ اور بزدلی کی دلیل ہے۔
۲	موٹے اور بڑے کندھے' ایمان داری' کم فہمی' محنت شعاری' اور بد نصیبی کی دلیل ہے
۳	درمیانے کندھے فہم و ذکا اور مالداری کی علامت ہیں۔
۴	کندھوں پر زیادہ بال ہونا' غریبی اور محتاجی میں زندگی بسر کرنے کی دلیل ہے۔

بازو

۱	بازوؤں پر گھنے بال ہونا عیش پرستی اور حسد کی علامت ہے۔
۲	بازوؤں پر بال بالکل نہ ہونا' غیظ و غضب' بے فیضی' سریع الاعتقادی اور فریب میں جانے کی دلیل ہے۔
۳	بازو پتلے' غرور' بے وفائی' سخاوت' اور ملنجی باز ہونے کی علامت ہے بازوؤں پر گوشت سریع الاعتقادی' عاشق مزاجی اور افسانہ پسندی کی دلیل ہے۔

ہاتھ

۱	سخت ہاتھ اور ہتھیلی بد بختی کو رِ باطنی اور حاسد ہونے کی نشانی ہے۔
۲	ہاتھ' یعنی ہتھیلی نرم اور گداگری' شرم وحیا' بلند اقبالی اور شیریں زبان ہونے کی علامت ہے۔

Marfat.com

۳	نرم اور نازک ہاتھ بلند اقبالی' اور نیک دلی کی نشانی ہے۔
۴	گہرا ہاتھ' اور ہتھیلی امیری کی نشانی ہے۔
۵	سخت اور کھردرا ہاتھ' بدبختی کی دلیل ہے۔

اُنگلیاں

۱	لمبی انگلیاں! ہمیشہ قوی الصحت رہنے اور طویل عمر ہونے کی دلیل ہیں۔
۲	چھوٹی اور نرم انگلیاں' بلند اقبالی اور دانائی کی نشانی ہیں۔
۳	بڑی انگلیاں' چوری اور بدمعاشی وڈاکہ زنی کی علامت ہیں۔

ناخن

۱	جس آدمی کے ناخن گول اور سرخ ہوں' وہ خوش نصیب ہوتا ہے۔
۲	ہیرے کی طرح چمکنے والے' اور ہلال کی شکل کے ناخن' وزارت کی دلیل ہے۔
۳	زرد اور سفید ناخن' دائم المریض ہونے کی دلیل ہیں۔
۴	سیاہ رنگ کے ناخن اچھے نہیں ہوتے۔

سینہ

۱	سینہ کھلا اور پر گوشت بے باکی غیظ وغضب ومضبوطی' غرور اور مردم آزادی کی علامت ہے۔
۲	بالوں والا سینہ عام لوگوں سے ہمدردی اور خیر خواہی ہے' بے عملی اور بے عقلی اور عیش پرستی کی دلیل ہے۔
۳	سینے پر بال بالکل نہ ہونا صلح پسندی' نازک اندامی' آرام طلبی' زندگی کے قابل تعریف اور بات چیت کے عمدہ ہونے کی علامت ہے۔

Marfat.com

پستان

۱	دونوں پستانوں کا موٹا ہونا' مالداری کی علامت ہے۔
۲	جس آدمی کا بایاں پستان داہنے پستان سے موٹا ہو'اس کی شادی بلند اقبال عورت سے ہوگی۔

شکم

۱	چھوٹا اور نرم پیٹ' کمزوری جسم' بزدلی' زہد و تقویٰ اور بد نصیبی کی دلیل ہے۔
۲	بڑا اور چھوٹا سخت پیٹ زیادہ کھانے اور حسد کرنے کی علامت ہے۔

پہلو

۱	تعداد میں آٹھ پسلیاں حکومت کی دلیل ہیں۔
۲	نو پسلیاں مالداری اور بلند اقبالی کی علامت ہیں۔
۳	دس پسلیاں فقر و درویشی میں وقت گزارنے کی علامت ہیں۔
۴	گیارہ پسلیاں زہد و تقویٰ کی علامت ہیں۔
۵	بارہ پسلیاں محنت اور غریبی کی نشانی ہیں۔
۶	تیرہ پسلیاں مال و دولت کی نشانی ہیں۔
۷	چودہ پسلیاں اچھی نہیں ہوتیں۔

ناف

۱	گہری گوشت سے بھری بلند اقبالی کی دلیل ہے۔
۲	کم گوشت والی غریبی کی علامت ہے محنت و مشقت میں زندگی گزرے گی۔

Marfat.com

کمر

۱	باریک کمر، چیتے جیسی، سرداری کی دلیل ہے، اگر عورت کی ہو تو اس کی شادی کسی امیر گھر میں ہوگی۔
۲	موٹی کمر، اولاد کی زیادتی کی دلیل ہے عورت کی ہو تو غریبی کی علامت ہے۔
۳	گھوڑے جیسی کمر، محنت شعاری کی دلیل ہے۔

ٹانگیں

۱	لمبی اور پتلی ٹانگیں، غرور، بدنصیبی، خودستانی، لاف زنی، اور بے وفائی کی دلیل ہے
۲	چھوٹی اور گوشت سے بھری ہوئی ٹانگیں، پختہ طبعی، اور حوصلہ بلندی کی علامت ہیں۔
۳	درمیانی ٹانگیں، حسن اخلاق گوئی، اور نیک دلی کی نشانی ہے۔

ران

۱	ران پر بال بالکل نہ ہوں، تو یہ غریبی کی نشانی ہے۔
۲	کثرت سے بال ہونا، عورت سے صحبت کرنے اور عیش پرستی کی علامت ہے۔

پنڈلی

۱	بھری ہوئی اور بالوں والوں، پنڈلی، بہادری، مضبوطی، بے وقوفی اولاد سے محبت کرنے، اور بلند اقبالی کی دلیل ہے۔
۲	چھوٹی اور کم بالوں والی پنڈلی، بزدلی، کمزوری، اور میانہ روی کی دلیل ہے۔

پاؤں

۱	گوشت سے بھرے ہوئے اور لمبے چوڑے جسم کی مضبوطی، بے وقوفی اور زیادہ کھانے کی علامت ہے۔

Marfat.com

۲	دبلے اور نرم پاؤں کمزوری فہم وذ کا اور تیز خیالی کی دلیل ہے۔
۳	چھوٹے پاؤں' غریبی کی علامت ہیں۔
۴	چوڑے پاؤں' بیکاری اور غریبی کی دلیل ہے۔
۵	جس آدمی کے پاؤں کا انگوٹھا' اور چلتے وقت تلوازمین سے نہ چھوئے' اور ناخن چمکیلے ہوں' تو وہ آدمی والئے ریاست کا مصاحب اور درباری ہوگا۔
۶	جس آدمی کے پاؤں کا انگوٹھا' اور اس کے ساتھ والی انگلی دونوں ملے ہوں' تو وہ بدمزاج اور جھگڑالو' اور کور باطن ہوتا ہے۔
۷	جس شخص کے پاؤں کا انگوٹھا ٹیڑھا اور چھوٹا ہو' وہ سفر میں اور مبتلائے مصیبت رہے گا
۸	اگر انگوٹھا اور اس کے ساتھ والی انگلی چھوٹی ہو' تو غلامی کی دلیل ہے۔
۹	اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی اپنے پاس والی انگلی سے ذرا بڑی ہو تو امیری کی نشانی ہے۔
۱۰	اگر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی چھوٹی ہو' تو غلامی کی دلیل ہے۔
۱۱	اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی ساتھ والی انگلی سے زیادہ بڑی ہو تو نحوست کی علامت ہے۔
۱۲	جس شخص کے پاؤں کی چھوٹی انگلی سب سے چھوٹی ہو تو وہ شہوت پرست مگر بلند اقبال ہوتا ہے۔
۱۳	جس شخص کے پاؤں کی تقریباً سب انگلیاں یکساں لمبی ہوں' اور پاؤں میں پسینہ آئے تو وہ صاحب اولاد ہوگا۔

Marfat.com

زنانہ اعضاء سے قیافہ

جسم

۱	موٹا اور بھرا ہوا جسم' نیک بخت اور صاحب اولاد ہونے کی دلیل ہے۔
۲	درمیانہ جسم' دانا' اور باسلیقہ ہونے کی علامت ہے۔
۳	دبلا پتلا جسم' دانائی' معاملہ فہمی' اور زیادہ کمزوری کی نشانی ہے۔
۴	سرخ وسفید رنگ' قوی الصحت اور کثیر اولاد کی دلیل ہے۔
۵	موٹا جسم' سفید رنگ' بلغمی مزاج' عام امراض اور نسوانی بیماریوں میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

قد

۱	پست قد پُر خطا' منحوس' طالع' غرض پرست' زیور کی حریص
۲	درمیانہ قد سُگھڑ' نیک نصیب' امیر منتظم' خاوند کی پیاری
۳	دراز قد فیاض' نیک نصیب' دانا سلیقہ شعار

رفتار

۱	آنکھیں مٹکا کر اور تھرک کر چلنا منحوس ہے۔ جو عورت کو مشتبہ قرار دیتا ہے۔
۲	متوسط درجے کی شریفانہ رفتار قابل تعریف اور عورت کے نیک ہونے کی علامت ہے۔

رنگ

۱	سرخ رنگ نیک بختی کی علامت ہے سیاہ و چمکیلا مکر و فریب اور زرد بدکاری کی علامت ہے۔

Marfat.com

سر کے بال

۱	باریک، لمبے اور سیاہ بال، دانا اور باہنر ہونے کی علامت ہے ایسی عورت وفاداری کے معاملات میں دور اندیش ہوتی ہے۔
۲	سخت موٹے، کھردرے اور چھوٹے بال طمع، حسد، غرض پرستی کنجوس اور تند مزاجی کی علامت ہیں۔
۳	کالے اور گھنگھریالے بال، خوش نصیبی اور دولت مندی کی دلیل ہیں۔
۴	سرخ رنگ کے بال نیز طبع لڑائی اور زبان دراز ہونے کی دلیل ہیں۔

سر

۱	بڑا اور خوبصورت سر، ثابت قدمی اور دانائی کی دلیل ہے۔
۲	بڑا اور لمبا سر، جسم کی کمزوری، بیوقوفی، کاہلی اور حسد کرنے کی دلیل ہے اور جس عورت کا سر چھوٹا ہو وہ بدنصیب ہوتی ہے بڑا اور چھوٹا سر اچھا ہوتا ہے۔

پیشانی

۱	کشادہ اور چوڑی پیشانی، دیانتداری، دولتمندی اور سخاوت کی علامت ہے۔
۲	تنگ اور چھوٹی پیشانی غریبی بے شرمی اور بدنصیبی کی دلیل ہے۔
۳	پیشانی پر سرخ کھڑے بال غریبی کی علامت ہے۔
۴	ابھری ہوئی پیشانی بے ہودگی بیکاری اور لڑاکا ہونے کی دلیل ہے۔

آنکھیں

۱	سفید، سرخی مائل آنکھیں، فارغ البالی اور امیری کی علامت ہیں۔

Marfat.com

۲	سفیدی مائل بھوری آنکھیں، خوش قسمتی کی دلیل ہیں۔
۳	سرخ آنکھیں، عیاشی، عیاری، اور مکر و فریب کی علامت ہیں۔
۴	زرد آنکھیں، آفت اور دکھ کی نشانی ہیں۔
۵	آنکھوں کی پتلی بہت سیاہ ہونا، خوش نصیبی کی علامت ہے، ایسی عورت صاحب اولاد ہر دلعزیز، شوہر کی وفادار اور پیاری ہوتی ہے۔
۶	نیلگوں آنکھیں، بے وفائی اور عیاری کی علامت ہیں۔
۷	بلی جیسی آنکھیں، نا قابل اعتماد ہونے کی دلیل ہیں۔
۸	آنکھ میں تل ہونا، نحوست اور عیش پرستی کی علامت ہے۔
۹	سرخ و سیاہ آنکھیں، وفاداری، نرم مزاجی، اور شوہر سے محبت رکھنے کی علامت ہیں۔
۱۰	مست آنکھیں، مکر و دغا اور نا قابل اعتماد ہونے کی علامت ہیں۔
۱۱	ہرن جیسی آنکھیں، برکت کی علامت ہیں، ایسی عورت غریب گھر کو امیر کر دیتی ہے
۱۲	چھوٹی آنکھیں، بدبختی اور زبان درازی کی علامت ہیں۔

کان

۱	پتلے اور چھوٹے کان مبارک ہوتے ہیں۔
۲	جس کے کانوں کے کناروں پر بال ہوں، وہ غریب اور بد بخت ہوتی ہے۔
۳	بڑے اور موٹے کان بے وقوفی کی دلیل ہیں۔

رخسار

۱	درمیانے یعنی نہ زیادہ گوشت، اور نہ لچکے ہوئے، رخسار برکت و سعادت کی دلیل ہیں
۲	ہنستے یا بات کرتے وقت رخساروں میں گڑھے پڑنا، مکر و ریا، اور بے مروتی کی علامت ہے۔

Marfat.com

ہونٹ

۱	جس عورت کے دونوں ہونٹ درمیانے، پتلے، سرخ اور خوبصورت ہوں وہ نیک بخت ہے۔
۲	اگر سیاہ اور لمبے ہوں تو وہ جلد بیوہ ہو جائے گی۔

مُنہ

۱	تنگ غنچہ، گل کی مانند اور نہایت خوبصورت منہ، مالداری اور نیک بختی کی دلیل ہے۔
۲	جس عورت کا منہ لمبا اور فراخ ہو اور بالخصوص وہ جس کے سارے دانت ہنستے وقت نظر آئیں محنت کش، اور رنجیدہ اور غریب ہوتی ہے۔
۳	منہ کا کشادہ ہونا بالعموم تکبر اور نفس پرستی کی علامت ہے۔

دانت

۱	چھوٹے اور انار کے دانوں کی طرح چمکیلے اور خوبصورت دانت دولت مندی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔
۲	جس عورت کے دانت لمبے اور میلے ہوں، وہ تنگ دست اور بیہودہ ہوتی ہے۔
۳	ناہموار دانت بھی اچھے نہیں ہوتے۔

زبان

۱	نیلی اور سرخ زبان مالداری اور نیکی کی دلیل ہے۔
۲	سخت سفید اور خراب زبان بیہودگی و تباہ حالی کی علامت ہے ایسی عورت کی اولاد بچتی نہیں۔

Marfat.com

۳	کالی زبان سب سے بُری ہے ایسی عورت جھگڑا کرنے والی' بدمزاج' اور بدزبان ہوتی ہے اور بعض اوقات اس کی زبان سے نکلی ہوئی بات پوری ہو جاتی ہے۔

تالو

۱	سرخ اور درمیانہ تالُو اچھا ہوتا ہے۔
۲	سفید تالُو' ہمیشہ غلامی میں رہنے' اور زرد تالو' فتنہ انگیز' دروغ بیانی اور نزاع فساد کی دلیل ہے۔
۳	سیاہ تالُو' ہمیشہ فتنہ و تنازعہ اور مفلسی میں زندگی بسر ہونے کی علامت ہے۔
۴	گوشت سے بھرا ہوا تالُو' دولت سے خالی رہنے کی علامت ہے۔

ٹھوڑی

۱	ٹھوڑی کا گول درمیانہ اور خوبصورت ہونا' اور خصوصاً اس میں گڑھا پڑنا' مالداری اور نیک بختی کی دلیل ہے۔
۲	اگر طویل اور کم گوشت ہو' تو محنت اور غریبی میں زندگی بسر ہوگی۔
۳	ڈاڑھی پر بال ہونا جلد بیوہ ہونے کی دلیل ہے۔

مونچھیں

۱	اگر عورت کی مونچھیں ہوں' تو وہ بیوہ ہونے کی دلیل ہے۔

ڈاڑھی

۱	ٹھوڑی پر ڈاڑھی یا چند بال ہونا! بیوگی' نحوست اور ناچاری اور عصمت محفوظ نہ رہنے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

گردن اور گلا

۱	گردن اور گلے کا ہرن کی طرح خوبصورت ہونا' مالداری اور نیک بختی کی دلیل ہے
۲	جس عورت کی گردن چھوٹی باریک' یا بہت بے وضع ہو' وہ رنجیدہ محنت کش اور غریب ہوتی ہے۔

سینہ

۱	سینے پر سرخ رگوں کا ہونا' عقلمندی' بلند اقبالی' اور شوہر سے محبت کرنے کی دلیل ہے
۲	تنگ اونچا سینہ' محنت اور دکھ کی علامت ہے۔

پستان

۱	سکڑے ہوئے' کم گوشت والے پستان' غریبی' بدنصیبی' اور غرض پرستی کی دلیل ہیں۔
۲	لمبے اور گوشت سے بھرے ہوئے پستان' صاحب اولاد اور متین ہونے کی علامت ہیں۔
۳	چھوٹے گول اور پُر گوشت پستان شوہر سے انتہائی محبت رکھنے والی بلند اقبال اور اطمینان سے زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔
۴	سخت اور گول پستان' نیک طبعی اور امیری کی نشانی ہے۔

ہتھیلی

۱	اگر ہتھیلی پتلی' ملائم' سرخ اور خوبصورت ہو تو دولت مندی اور نیک نصیبی کی دلیل ہے
۲	ہتھیلی پر کوڑی یا کنول کے پھول کا نشان' بلند اقبال امیر شوہر ملنے بلکہ حکمران ہونے کی دلیل ہیں۔
۳	نرم اور گدگدی' ہتھیلی' بلند اقبال اور شرم وحیا کی علامت ہے۔

Marfat.com

۴	گہری اور سخت ہتھیلی مالدار ہونے کی دلیل ہے۔
۵	نرم اور نازک ہاتھ نیک بختی کی علامت ہے۔
۶	سخت اور کھردرے ہاتھ بدنصیبی کی دلیل ہیں۔
۷	انگلیوں سے لمبی ہتھیلی بہتر ہوتی ہے۔
۸	انگلیوں سے چھوٹی ہتھیلی، بیوقوف اور کند ذہن ہونے کی دلیل ہے۔
۹	دائیں ہاتھ کا بائیں ہاتھ سے لمبا ہونا بزدلی، غرض پرستی اور کم حوصلگی کی نشانی ہے۔
۱۰	بائیں ہاتھ کا لمبا ہونا، سخاوت اور حسن خلق کی دلیل ہے۔
۱۱	انگلی سیدھی کرنے میں اس کا ہتھیلی کی طرف جھکنا طمع اور مطلب پرستی کی نشانی ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

آپ ﷺ کے خصائص و شمائل پر ایک جامع مجموعہ
شمائل بغوی

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا فقہ حنفی میں احادیث کا ایک نادر نایاب مجموعہ
الجامع الکبیر مترجم

احادیث کا مجموعہ
مسند اسحاق بن راھویہ

جواہر البیان فی الخیرات الحسان
حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کی حیات پاک کا مجموعہ

تعظیم مصطفیٰ ﷺ

فیوض الشیخین

تذکرہ **خلفائے راشدین**

معمولات مظہریہ

فضائل حجر اسود و مقام ابراہیم

جدید تخریج شدہ
رکن دین

کشف المحجوب

سوانح کربلا

شرح الصدور

تذکرہ شیر ربانی شرقپوری
احوال مقدسہ

چشمۂ فیض شیر ربانی

اسوۂ حسنہ

قلائد الجواہر فی مناقب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بزرگوں کے عقیدے

اسلامی ناموں کا انسائیکلوپیڈیا

نورانی حکایات

علم الدین

احادیث کا مجموعہ

کنز العمال کسی تعارف کی محتاج نہیں۔
کنز العمال میں 46624 احادیث مبارکہ ہیں۔
شیخ احمد عبدالجواد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس نے کنز العمال کا مطالعہ کیا اُس نے احادیثِ مبارکہ کی ستر سے زائد کتب کا مطالعہ کیا۔

کنز العمال

مترجم
عابد عمران انجم مدنی
فاضل بھیرہ شریف

بہاراں مدینے دیاں نعتیہ مجموعہ

تجہیز و تکفین

تقسیم وراثت

تحقیق حلالہ تحقیق طلاق

مرشد کامل حضرت کرماں والے رحمۃ اللہ علیہ

میری سرکار حضرت کرماں والے رحمۃ اللہ علیہ

بقیع الغرقد المعروف **جنت البقیع**

درود و سلام بحضور سرور کونین سید خیر الانام ﷺ

سیرت سیدنا **ابوبکر صدیق** رضی اللہ عنہ

سیرت سیدنا **فاروق اعظم** رضی اللہ عنہ

سیرت سیدنا **عثمان غنی** رضی اللہ عنہ

سیرت سیدنا **علی المرتضیٰ** رضی اللہ عنہ

نجم الخطیب

اھوال القبور

وقار شریعت

فضائل علم و علماء

آئینۂ جمال مصطفیٰ ﷺ

مسلک حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

کلام حضرت بابا **بلھے شاہ** رحمۃ اللہ علیہ

کلام حضرت **سلطان باہو** رحمۃ اللہ علیہ

کلام حضرت **میاں محمد بخش** رحمۃ اللہ علیہ

دیوان ریاض رحمۃ اللہ علیہ

لگیاں نیں موجاں رحمۃ اللہ علیہ

کلام ریاض رحمۃ اللہ علیہ

بہار مدینہ رحمۃ اللہ علیہ

طلع البدر رحمۃ اللہ علیہ

مدینہ ساڈی جان اے رحمۃ اللہ علیہ

کرماں والا بک شاپ
دکان نمبر ۵۔ دربار مارکیٹ لاہور
Voice: 042-37249515

Marfat.com